بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
مجموعہ
صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم
جلد اول
۱ تا ۶ پارے
حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمٰن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبہ سرحد پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا
اللّٰھم صل علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آل سیدنا محمد وبارک وسلم
الحمد للہ ثم المنۃ
کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ
مسمّٰی بہ
مجموعہ صلوات الرسول
مقدمہ
از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانؒ
حضرت خواجہ خواجگان خواجہ عبدالرحمٰن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

روضۂ مبارک غوث الزّماں خلیفۂ شاہِ جیلاں حضرت خواجہ محمد عبد الرّحمان چھوہروی رحمۃ اللہ علیہ
دربارِ عالیہ قادریہ چھوہر شریف

روضۂ مبارک قلبِ زماں خواجہ احمد شاہ سریکوٹی رح خلیفۂ غوث الزماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمۃ اللہ علیہ (شتالو شریف سریکوٹ)

دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور ہزارہ

مدرسہ طیبیہ سنیہ چٹاگانگ (اندرونی منظر)

مدرسہ طیبیہ اسلامیہ سنیہ چٹاگانگ (بیرونی منظر)

نام کتاب ــــــــــــ مجموعہ صلوات الرسول

مولف ــــــــــــ غوث زماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم ــــــــــــ شیخ الحدیث مولانا محمد اشرف سیالوی مدظلہ

پروف ریڈنگ ــــــــــــ ممتاز احمد سدیدی

طبع ــــــــــــ چہارم (۱۴۱۶ھ / ۱۹۹۵ء)

باہتمام

۱) حضرت سید محمد طاہر شاہ صاحب مدظلہ العالی سجادہ نشین دربار عالیہ قادریہ سریکوٹ شریف ہزارہ

۲) الحاج صاحبزادہ پیر سید صابر شاہ صاحب مدظلہ العالی سابق وزیر اعلیٰ سرحد

مدرسہ طیبیہ ودودیہ سنیہ ۔ چندرگھونا ۔ چاٹگانگ

مدرسہ قدوسیہ طیبیہ محمدپور ۔ ڈھاکہ

فہرست مجموعہ صلوات الرسول

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حمد و ثناء

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ط **ترجمہ :** زمین و آسمان میں جتنی مخلوق ہے سب اللہ سبحانہٗ کی پاکی بیان کرتی ہے وہ زبردست حکمت والا ہے۔ "وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ" **ترجمہ :** جاندار و غیر جاندار موجودات سب کے سب اللہ کی پاکی حمد کے ساتھ بیان کرتے ہیں، مگر تم ان کے طریقہ عبادت و محبت کو نہیں سمجھتے ہو۔ وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ **ترجمہ :** اگر زمین کے تمام درخت قلم ہوں اور موجودہ دریا سیاہی ہوں جن و انس و ملک کاتب ہوں اور یہ سب لوگ خدا کی خوبیاں اور حمد و ثنا لکھیں پھر موجودہ دریا ختم ہو کر دوسرے ایسے سات دریا تحریر حسن و جمال محبوب کے لیے مدد کریں۔ غرض ان تمام قلموں اور ساری سیاہیوں سے اللہ کی باتیں لکھی جاویں پھر بھی خدا کی حمد و ثنا کی باتیں خلاص نہ ہوں۔ بلا شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ **ترجمہ :** اے نبی لوگوں سے کہہ دو کہ اگر میرے پروردگار کی ملاحتِ صفاتی و کمالِ ذاتی کی باتیں لکھنے کے لیے سمندر کا پانی سیاہی کی جگہ ہو تو بھی دریا سیاہی کا خلاص ہو جائے قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں خلاص ہوں اگرچہ ہم اس کے مثل دوسرا دریا اس کی مدد کے لیے لاویں۔ ذات واجب الوجود اعنی ہویّت مجتت معرّا عن الصفات وراء الوراء عن الادراک ہے۔ قوۃ عقلیہ انسانیہ ناسوتیہ و قوتِ عقلیہ ملکیہ نوریہ و قوتِ عقلیہ جنیۂ ناریہ اس کے کنہ کے ادراک سے عاجز ہے لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَقَدْ قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ فَهُوَ تَعَالٰی وَرَاءَ جَمِیْعِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ وَوَرَاءَ جَمِیْعِ الشُّیُوْنِ وَالْاِعْتِبَارَاتِ وَوَرَاءَ

الظُّهُوْرِ وَالْبُطُوْنِ وَوَرَاءَ الْبُرُوْزِ وَالْكُمُوْنِ وَوَرَاءَ التَّجَلِّيَاتِ وَالظُّهُوْرَاتِ وَوَرَاءَ الْمُشَاهَدَاتِ وَالْمُكَاشَفَاتِ وَوَرَاءَ كُلِّ مَحْسُوْسٍ وَّمَعْقُوْلٍ وَوَرَاءَ كُلِّ مَوْهُوْمٍ وَّمُتَخَيَّلٍ فَهُوَ سُبْحَانَهٗ وَرَاءَ الْوَرَاءِ ثُمَّ وَرَاءَ الْوَرَاءِ ؎

اے برادر بے نہایت درگہیست
ہرچہ بروے میرسی بروے مائیست

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔ ترجمہ: اور جب موسیٰ ہمارے وقت مقررہ پر کوہ طور پر آئے اور ان کے پروردگار نے ان سے باتیں کیں تو موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار تو اپنے کو دکھا کہ میں تیری طرف ایک نظر دیکھوں تو خداوند نے فرمایا تم ہم کو ہرگز نہ دیکھ سکو گے مگر ہاں اس قوی و سخت طور پہاڑ کو دیکھو اس پر اپنے حسن کا پرتو نمودار کرتا ہوں اگر وہ میری ملاحت کو دیکھ کر ہوش و قرار قائم رکھ سکا تو تم بھی میرے حسن و جمال کو عنقریب دیکھ لوگے۔ پھر جب موسیٰ کے رب نے پہاڑ کو اپنے جمال کا جلوہ دکھا دیا تو پہاڑ کو اس نے چکنا چور کر دیا پہاڑ کی بیقراری پہاڑ کا وجد و جذبۂ عشقیہ دیکھ کر موسےٰ بے قرار و مدہوش ہو کر گر پڑے ؎

جسم خاک از عشق بر افلاک شد — کوہ در رقص آمد و چالاک شد
عشق جانِ طور آمد عاشقا — طور مست و خرّ موسیٰ صاعقا
کوہِ طور از نورِ موسیٰ شد برقص — صوفیِ کامل شد و رست از نقص
یا آلہی چشمِ بینائے بدہ — در سرم از عشق سودائے بدہ
آتش افگن در دلم مانند طور
شعلہ برخیزد بگردد زنگ دور

نعتِ سرورِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ ترجمہ: اے لوگو خدا کا رسول تم نوعِ انسان میں سے ہو کر تمہارے پاس آیا جس بات سے تم تکلیف میں پڑ وہ

بات ان کو ناگوار ہے۔ تمہارے دارینی بھلائیوں کے آرزو مند ہیں۔ خاص کر ایمان والوں پر تو نہایت شفیق و مہربان ہیں ۞ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ ترجمہ: ہم نے تیری ذات بابرکات کو اے نبی تمام مخلوق کے لیے اپنی محبت و رحمت کا نمونہ بنا کر ان کی طرف بھیجا ہے ۞ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ ترجمہ: ہم نے تیرے قلب سے حُجُبِ ظلمانی نورانی اٹھا کر آپ کو ایسا انشراحِ صدر عطا کیا کہ جس سے علوم اولین و آخرین نصیب ہوئے جس ثقالت بشری و کثافت عنصری نے آپ کے کمرِ ہمّت کو قبل از نبوّت توڑ دیا تھا، بعد از نبوّت ان اوزار و حُجُب کو اٹھا کر ایسی نورانیت و ہمت عطا فرمائی کہ جملہ انبیاء و ملائکہ پر سبقت لے گئے یعنی معراج نصیب ہوئی اور ہم نے تیرے جمال ظاہری و کمالِ باطنی کو بآوازِ بلند تمام عالم میں شہرت دے دی ۞ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ ترجمہ: اے نبی ہم نے بذریعۂ نور و توحید کے ایسی قوت روحانی آپ کو عطا کی ہے کہ نری جسمانی طاقت کو اس نے صاف طور پر مفتوح و مغلوب کر دیا ہے حتّٰی کہ اسی جذبۂ توحیدیہ کے ذریعہ قبل از نبوت بشری و عنصری جتنی کمزوریاں آپ میں موجود تھیں اللہ نے سب دور کریں۔ اور اللہ نے اپنی نعمت کو یعنی علوم اولین و آخرین اجمالاً و تفصیلاً کامل طور پر آپ کو عطا کیے۔ صراطِ شریعت کاملہ جو قوت روحانی و قوتِ جسمانی ہر دو کا منبع و سرچشمہ ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھایا اور صراط مستقیم کے اتباع کے باعث اللہ پاک نے آپ کو زبردست نصرت و غلبہ عطا کیا ۞ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ ترجمہ: اللہ پاک اور اس کے فرشتے اظہار محبت کے لیے تحفۂ درود بھیجتے ہیں نبی پر اے ایمان والو تم بھی اِکمال ایمان و غفرانِ معاصی و اظہارِ محبت کے لیے تحفۂ درود سلام اس نبی پر ضرور بھیجا کرو ۞ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۝ ترجمہ: لوگو محمد صلی اللہ علیہ وسلم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں مگر اللہ پاک کے رسول ہیں اور تمام نبیوں کے نگینہ ہیں ۞ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ ترجمہ: اے نبی بیشک آپ کے لیے اس تبلیغِ رسالت پر ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں اور بلا شک آپ اخلاقِ حسنہ کے اعلیٰ سے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں ۞ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ ترجمہ: اور عنقریب اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا رب آپ کو ایسی نعمت عطا کرے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے ۞ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ ترجمہ: اے نبی نزدیک ہے وہ وقت کہ تیرا رب تجھ کو مقامِ محمود میں کھڑا کرے گا ۞ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ ترجمہ: اے نبی اللہ پاک نے آپ پر قرآن حکیم اتارا اور آپ کو وہ وہ علوم سکھائے جن کو آپ قبل از نبوت نہیں جانتے تھے اور اللہ کا فضل وکرم آپ پر بہت زیادہ ہے ۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ترجمہ: اے نبی سب لوگوں کو کہہ دو کہ اگر تم اللہ کے ساتھ رشتہ محبت کو جوڑنا چاہتے ہو تو میری تابعداری کرو پھر اللہ پاک بھی تم کو پیار کرے گا اور تمہارے گناہوں کو بخش دے گا ۔ قُلْ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ترجمہ: اے نبی تمام اولادِ آدم کو کہہ دو کہ مجھے اللہ پاک نے تم سب کی طرف ہدایت کے لیے بھیجا ہے ۔ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ترجمہ: جو لوگ ایسے رسول نبی امیّ کا اتباع کرتے ہیں جن کی تعریف کو یہ لوگ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں نیک باتوں کا انہیں حکم کرتے ہیں اور بُری باتوں سے انہیں روکتے ہیں اور پاک چیزوں کو ان کے لیے حلال خبیث چیزوں کو ان پر حرام کرتے ہیں اور اہلِ کتاب پر ان کی شریعت میں جو بوجھ اور تکالیفِ شاقہ لادے گئے تھے یہ نبی ان سے اٹھاتے ہیں تو ایسے موصوف بہمہ اوصافِ حمیدہ پیغمبر پر جو لوگ ایمان لائے اور ان کی حمایت ومدد کی اور جو نورِ ہدایت قرآن ان پر اتارا گیا اس کی اتباع کی ایسے خوش نصیب لوگ پوری فلاح پانے والے ہیں ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کسی نے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے اخلاق کیسے تھے آپنے فرمایا تم نے قرآن نہیں پڑھا ہے ۔ جو کچھ قرآن میں ہے وہی خُلق وعادتِ محمدی ہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ عالمِ اجسام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلّم صفتِ علیّہ الہیہ کا مجسم نمونہ ہیں اہل توحید ومعرفت کا بھی یہی مذہب ہے کہ ذاتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ظہور کنزِ مخفی وبطن بطون کے لیے من حیث العلم تعینِ اوّل ہیں ۔ آپ مرتبۂ امکان میں بشر ہیں آپ عبد ہیں ۔ آپ امّی ہیں آپ مسکین ہیں آپ صاحبِ حصیر وکارہ تخت وسریر ہیں آپ صاحبِ کلام اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ ہیں آپ دائرۂ انبیاء ورسل وملائکۂ مقربین کے مرکز وقطب ہیں آپ صاحبِ معراج ہیں آپ صاحبِ مقامِ محمود ہیں ۔ آپ صاحبِ شفاعت کبریٰ ہیں آپ صاحبِ کوثر ہیں آپ ہی رحمۃٌ للعلمین ہیں آپ قرآنِ ناطق ہیں آپ باعثِ اِرسال رُسل ہیں آپ باعثِ اِنزال قرآن توریت وزبور وصحف باقی ہیں ۔ آپ عرش کرسی

بیت المعمور، مسجد اقصےٰ، مسجد حرام سے افضل ہیں آپ کو باعتبار علم کے جبرائیل، میکائیل، عزرائیل، اسرافیل پر ایسی فضیلت و ترجیح ہے جیسے بحرِ محیط کو قطرہ پر آپ صاحبِ علومِ اوّلین وآخرین ہیں آپ مصاحبِ فقراء ومساکین ہیں آپ استادِ دنیا ودین ہیں آپ لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ کے مخاطَب ہیں آپ صاحبِ لیلۃ القدر ہیں آپ یوسف علیہ السلام سے زیادہ حسین ہیں آپ کنواری پردہ داروں سے زیادہ شرمگین ہیں آپ حورانِ جنان کے محبوبِ نازنین ہیں آپ وجوب و امکان کے برزخ ہیں آپ ہویتِ بحت کے صفتِ اولے ہیں آپ دائرۂ امکان کے ہیولے ہیں ؎

مرحبا اے فیض بخشِ کائنات — یافت ترکیب از وجودِ تو حیات
اے کہ بودی در حریمِ لامکان — چوں جدا گشتی بگو رازِ نہاں
مرحبا اے بُلبلِ باغِ کہن — از گُلِ رعنا بگو با ما سخن
غرق بودی در محیطِ ذات پاک — از تو روشن شد چرا این تیرہ خاک

در زماں ہفت آسماں راطے کنی
مرکبِ حرص وہوا راپے کنی

آپ تخمِ نخلِ مراد ہیں آپ ہی نخلِ مراد ومقصود کے پھل ہیں آپ معلولِ اول واجب تعالیٰ کے ہیں آپ علّتِ تامّہ ممکنات ہیں آپ حسنِ احد کے خال احمد ہیں آپ آئینہ جمالِ ذات کے محمّد ہیں ۔ آپ مرکزِ وجوب کے دائرۂ اولیٰ ہیں آپ دائرۂ امکان کے قطبِ اعلیٰ ہیں ؎

آفریدہ حق ترا از نورِ ذات — تا شناسم ذاتِ او را از صفات
يَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَا سَيِّدَ الْبَشَرْ — مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِيْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ
لَا يُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ — بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر!

فضائل درود شریف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی خُصُوۡصًا عَلٰی اَفۡضَلِ رُسُلِہٖ وَسَیِّدِ الۡاَنۡبِیَآءِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہِ الۡبَرَرَۃِ التُّقٰی وَالنُّقٰی وَالتَّابِعِیۡنَ لَھُمۡ بِالۡاِحۡسَانِ اِلٰی یَوۡمِ الۡجَزَاءِ۔ اَمَّا بَعۡدُ ! اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا ؕ

نبی اکرم رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر دُرود و سلام بھیجنا بہت بڑی عبادت بھی ہے اور سعادت بھی۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تقرب کا ذریعہ و وسیلہ ہے تو بارگاہِ رسالت میں حضور و شہود کا بھی۔ ربِ محمّد صلّی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے رفعتِ درجات، محوِ سیئات اور حصولِ حسنات کا موجب ہے تو محمّد کریم علیہ الصّلواۃ والتسلیم کی طرف سے حصولِ دیدار اور جوابی تسلیمات و دعوات کا اور روزِ محشر اللہ تعالیٰ کے سایۂ عرش میں راحت و سکون کے حصول کا باعث ہے تو رحمتِ مجسم کے قرب اور ظلِ عاطفت کے حصول کا بھی ہم سطور ذیل میں صلواۃ و سلام کی اہمیت۔ اس کے فضائل و فوائد اور ثمرات و برکات اور نہ پڑھنے کی نحوست اور محرومی۔ اس کے پڑھنے کے موزوں و مناسب مقامات نیز غیر موزوں اور نامناسب مقامات اور اس کے صیغوں کے خصوص و عموم اور تعین یا اذن عام کے متعلق مختصراً عرض کریں گے تاکہ اس عظیم عبادت و سعادت کے دلدادگان کے لیے مزید ترغیب و تحریص کا سامان مہیا ہو تو اہل غفلت و کسالت اور محروموں کے لیے توبہ و انابت کا موجب ہو وَمَا ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیۡزٍ وَمَا تَوۡفِیۡقِیۡۤ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَاِلَیۡہِ اُنِیۡبُ۔

صلواۃ وسلام کی اہمیّت وضرورت اور وجوہِ فضیلت

اوّل :

صلواۃ وسلام کی اہمیت وضرورت اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں واضح فرمادی ہے۔ پہلے اپنا عمل اور اپنے تمام

ملائکہ کا عمل انتہائی تاکیدی انداز میں بیان فرما کر اور اس پر مداومت اور مواظبت بیان فرما کر پھر اہل اسلام و ایمان کو خطاب کرکے فرمایا کہ میرے نبی پر صلوٰۃ بھیجو اور سلام جیسے کہ سلام بھیجنے کا حق ہے تو اس سے اس امر کی اہمیت اور قدر و قیمت روز روشن کی طرح نمایاں ہو جاتی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ جو ان کا خالق و مالک اور معبود و مسجود ہے اور نوری اور معصوم ملائکہ جو بلند و بالا مقامات و مناصب اور درجات و مراتب کے مالک اور آسمان آشیاں ہیں وہ درود بھیجتے رہتے ہیں تو تم جو ان سے ایمان و ایقان کی خیرات لینے والے ہو اور ان کی غلامی کے صدقے دنیوی اور اخروی فوز و فلاح حاصل کرنے والے ہو تمہارے لیے ان پر درود و سلام بھیجنا انتہائی اہم فریضہ ہے اور لازمی امر ہے۔

دوم:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے روحانی مربی ہیں اور حیاتِ قلب و روح عطا کرنے والے ہیں بلکہ حیاتِ ابد اور اخروی راحتوں اور نعمتوں کے حصول کے وسیلہ و ذریعہ اور شریعتِ مطہرہ میں جسمانی حیات اور بدنی تربیت کرنے والے والدین کے ساتھ احسان و مروت سے پیش آنا اور ان کی خدمت کرنا لازم ہے کَمَا قَالَ تَعَالٰی وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا اور ان کے لیے دعائیں کرنا کَمَا قَالَ تَعَالٰی حِکَایَۃً عَنْ نُوْحٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ الآیۃ وَقَالَ تَعَالٰی اَمْرًا قُلْ رَّبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا۔ تو اس عظیم محسن و مربی کی خدمت اور آپ کے لیے درود و سلام کی صورت میں دعا کرنا لازم و ضروری ہے تاکہ ان کے عظیم احسانات کا کچھ نہ کچھ شکریہ ادا ہو جائے۔

سوم:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ جب عوام الناس کے عام قسم کے احسانات پر ان کا شکر ادا کرنا لازم ہے تو سید الخلق علی الاطلاق کے عظیم ترین اور ان گنت احسانات کا شکریہ ادا کرنا بطریق اولیٰ لازم و ضروری ٹھہرا اور جب عوام الناس کے احسانات کا شکر ادا نہ کرنے والا رب تبارک و تعالیٰ کی ادائیگی شکر سے محروم ہے تو اس محسنِ خلائق اور محبوبِ خداوند تعالیٰ کا شکر ادا نہ کرنے والا یقیناً حرماں نصیب ہوگا اور آپ کے شکریہ کی بہترین صورتوں میں سے صلوٰۃ و سلام کا نذرانہ پیش کرنا بھی ہے لہٰذا آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیجنا لازمی اور ضروری ہے۔

چہارم:

درود و سلام اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہے کیونکہ اس میں اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ توسل ہے اور خود اس نے توسل کا حکم دیا کما قال "وَابْتَغُوْآ اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ" اور کوئی وسیلہ محبوب

کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے قریب تر اور اس کے ہاں عظیم تر نہیں ہے۔ مطالع المسرات میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی۔ یَا مُوْسٰی اَتُرِیْدُ اَنْ اَکُوْنَ اَقْرَبَ اِلَیْکَ مِنْ کَلَامِکَ اِلٰی لِسَانِکَ وَمِنْ وَسْوَاسِ قَلْبِکَ اِلٰی قَلْبِکَ وَمِنْ رُّوْحِکَ اِلٰی بَدَنِکَ وَمِنْ نُّوْرِ بَصَرِکَ اِلٰی عَیْنِکَ قَالَ نَعَمْ یَا رَبِّ قَالَ فَاَکْثِرِ الصَّلٰوۃَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ اے موسیٰ کیا تمہاری خواہش و آرزو ہے کہ میں تجھ سے زیادہ قریب ہوں بنسبت تمہارے کلام کے تمہاری زبان سے اور بنسبت تمہارے قلبی خیالات کے تمہارے قلب سے اور بنسبت تمہاری روح کے تمہارے بدن سے اور بنسبت تمہارے نورِ نگاہ کے تمہاری نگاہ و بصر سے تو انہوں نے عرض کیا ہاں اے میرے پروردگار تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ سے زیادہ درود و صلوٰۃ بھیجا کرو۔

نیز درود و سلام اللہ تعالیٰ کے ہاں اس قدر مقبول وسیلہ ہے کہ جس دعا کے اول و آخر درود شریف پڑھا جائے وہ وہ فوراً اس کی بارگاہ میں قبولیت پاتی ہے ورنہ زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اور اوپر جا ہی نہیں سکتی چہ جائیکہ شرفِ قبولیت پائے جیسے کہ حضرت عمر فاروق اور حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دُعَاءٍ اِلَّا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ السَّمَاءِ حِجَابٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فَاِذَا فُعِلَ ذٰلِکَ انْخَرَقَ الْحِجَابُ وَدَخَلَ الدُّعَاءُ وَاِنْ لَّمْ یُفْعَلْ ذٰلِکَ رَجَعَ الدُّعَاءُ اَخْرَجَہُ الْاَصْبَھَانِیُّ۔ (خصائص کبریٰ جلد ثانی ص۲۶۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر دعا اور آسمان کے درمیان حجاب حائل ہوتا ہے جب تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود و صلوٰۃ نہ بھیجی جائے اور جب درود بھیجا جائے تو وہ حجاب پھٹ جاتا ہے اور دعا مقامِ قبولیت میں داخل ہو جاتی ہے ورنہ واپس لوٹ آتی ہے۔

عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَلدُّعَاءُ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ فِیْہِ شَیْءٌ حَتّٰی تُصَلِّیْ عَلٰی نَبِیِّکَ اَخْرَجَہُ التِّرْمِذِیُّ خصائص کبریٰ جلد ثانی ص۲۶۵۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دعا زمین و آسمان کے درمیان روک دی جاتی ہے بالکل اوپر نہیں چڑھ سکتی۔ جب تک اے دعا مانگنے والے تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے اور یہی مضمون قاضی اسماعیل نے حضرت سعید بن مسیّب سے نقل کیا ہے۔

سوال: تقرب الی اللہ اس کے حق کے ساتھ ہونا چاہیئے نہ کہ حق غیر کے ساتھ جبکہ صلوٰۃ و سلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

کا حق ہے۔ لہٰذا اس میں مشغولیت سے تقرب الٰہی کا حصول کیونکر ہو سکتا ہے۔

جوابِ اوّل :

چونکہ صلوٰۃ وسلام کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور اسے ایمان پر معلق فرما کر تقاضائے ایمان قرار دے دیا اور صلوٰۃ بھیجنے اور ملائکہ کے صلوٰۃ بھیجنے کا ذکر کر کے اقتداء و اتباع کی ترغیب دی ہے لہٰذا اس میں مشغولیت اللہ تعالیٰ کے فرمان کی تعمیل و امتثال ہے اور موجبِ تقرب جیسے کہ ملائکہ کا آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنا حکم باری تعالیٰ کا امتثال تھا اور موجب تقرب اور ابلیس لعین کا اس سے اباء و امتناع موجبِ حرمان وخسران کذا فی مطالع المسرات

جوابِ ثانی :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم پر درود وسلام میں چونکہ اللہ تعالیٰ سے رحمت اور لُطف وکرم اور سلامتی وعافیت کی طلب و دُعا ہوتی ہے اور دُعا عین عبادت بلکہ روح اور جان عبادت ہے کَمَا قَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَلدُّعَاءُ ھُوَ الْعِبَادَۃُ وَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ۔ تو اس طرح صلوٰۃ وسلام میں مشغولیت گویا اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغولیت ہے لہٰذا یہ تقرب حق باری تعالیٰ میں مشغولیت کے ذریعے ہی پایا گیا۔

جوابِ ثالث :

درود وسلام میں جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کا ذکر ہوتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کا بھی ذکر ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ذکر وہی ہوتا ہے جس میں اس کے محبوب کا ذکر بھی اس کے ساتھ کیا جائے جیسے کہ ابن عساکر نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ اللہ تعالیٰ نے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا قَرَنْتُ اسْمَكَ مَعَ اسْمِیْ فَلَا اُذْكَرُ فِیْ مَوْضَعٍ حَتّٰی تُذْكَرَ مَعِیْ۔ خصائص کبریٰ جلد ثانی ص۱۹۳۔ میں نے تمہارے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملا دیا ہے لہٰذا میں کسی بھی مقام میں ذکر نہیں کیا جاؤں گا حتیٰ کہ تم میرے ساتھ ذکر کئے جاؤ گویا تمہارے ذکر کے بغیر اپنا ذکر قبول ہی نہیں کروں گا۔ اور ابن جریر۔ ابن ابی حاتم۔ ابویعلیٰ۔ ابن حبان اور ابونعیم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے جبرئیل امین نے "وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ" کی تفسیر وتوضیح میں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِیْ۔ جب مجھے یاد کیا جائے گا تو تمہیں میرے ساتھ یاد کیا جائیگا یعنی ہم دونوں کا ذکر اکٹھا ہوگا۔ اور ابونعیم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا لَا اُذْكَرُ اِلَّا ذُكِرْتَ مَعِیْ خصائص جلد ثانی ص۱۹۶ و ۱۹۷۔ میرا ذکر نہیں کیا جائے گا مگر تمہارا ذکر میرے ساتھ کیا جائے گا بلکہ اللہ تعالیٰ اپنا ذکر قبول ہی اس وقت کرے گا جب محبوب کا ذکر اس کے ساتھ ہوگا۔

تو اس صورت میں بھی درود وسلام کے ساتھ تقرب کا حصول یقینی ہے اور اسے حقِ غیر کے ساتھ اشتغال قرار دینا غلط ہے۔

جوابِ رابع :

نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم پر صلوٰۃ وسلام اللہ تعالیٰ کے ذکر وشکر پر بھی مشتمل ہے اور اس کے ارسال رسل اور بعثت انبیاء اور بالخصوص سیّد انبیاء کی بعثت وارسال کے انعام عمیم اور احسان عظیم کی معرفت پر مشتمل ہے اور اس کے شکریہ پر کہ ان کی بدولت رب تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوئی اور اس کے اسماء وصفات کی اور اس کی رضامندی کے اسباب کی اور اخروی اجور وانعامات کی تو اس طرح صلوٰۃ ودرود گویا کل ارکانِ ایمان کو محیط ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے وجوب وجود کا اقرار ہے جس سے دُعا کی جا رہی ہے اور اس کے جاننے۔ سُننے کا بھی اور اس کی قدرت اور ارادہ ومشیت کا بھی اور کلام ودیگر صفات کا بھی اور ارسال رُسل اور ان کی تصدیق کا بھی اور ان سے کمال محبت کا بھی اور یہ بھی اصول ایمان ہیں اور مدارِ اسلام تو اس طرح صلوٰۃ وسلام افضل ترین عبادت ہے۔" کَذَا قَالَ ابْنُ الْقَیِّمِ فِیْ جِلَاءِ الْاَفْھَامِ"۔ لہٰذا اس کے ساتھ تقرب حق باری تعالیٰ میں اشتغال ومصروفیت کے ذریعے ہی تقرب ہے۔

جوابِ خامس :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کا اور آپ کے لیے درود وسلام کا محرک وباعث اور سبب وموجب چونکہ آپ کا منصب نبوت ورسالت ہے اور اس جہت سے آپ کا ذکر اور آپ کی محبت اور تعظیم وتوقیر اور اکرام واحترام اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور اس کی محبت اور اسی کی تعظیم وتکریم اور اسی کی عبادت کما قال تعالیٰ: "وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰہِ فَاِنَّھَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ" جو شخص اللہ تعالیٰ کے شعائر کی تعظیم وتکریم کرے تو وہ دلوں کے تقویٰ اور توحید و ایمان میں سے ہے۔ اور اسی حیثیت میں آپ کا بولنا اللہ تعالیٰ کا بولنا ہے "وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی" اور آپ کی بیعت اللہ تعالیٰ کی بیعت ہے اور آپ کا ہاتھ گویا اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہے۔ قال تعالیٰ: "اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ" اور آپ کا مارنا اللہ تعالیٰ کا مارنا۔ کما قال تعالیٰ: "وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰہَ رَمٰی" اور آپ کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے۔ کما قال تعالیٰ: "وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ" اور آپ کی نافرمانبرداری اللہ تعالیٰ کی نافرمانبرداری کی طرح موجب ضلالت وگمرہی ہے "وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًا"۔ اور آپ کی اتباع اللہ کے ہاں محبوب بننے اور گناہوں کی میل کچیل سے پاک وصاف ہونے کی ضمانت ہے کما قال تعالیٰ: فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَغَیْرَ

ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ" تو اس لحاظ سے بھی صلوٰۃ وسلام کے ساتھ تقرب کا جواز اور اس کا حصول شک و شبہ اور ریب وتردد سے بالاتر ہے۔

پنجم :

صلوٰۃ وسلام میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے اور جب کسی ہستی کا ذکر کثرت کے ساتھ کیا جائے تو اس کے ساتھ مناسبت اور قلبی ربط وتعلق اور محبت والفت پیدا ہوتی ہے اور مناسبت کاملہ اور محبت والفت تامہ حاصل ہونے پر محبوب کے ساتھ روحانی قرب اور جمعیت حالی حاصل ہو جاتی ہے تو اس طرح درود وصلوات اور تسلیمات کی وجہ سے دنیا وآخرت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب خاص اور ان کی معیت خاصہ کا شرف حاصل ہو جائے گا اور یہ معیت اور قرب عظیم سعادت ہے جیسے کہ حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ کو نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مانگ جو مانگتا ہے تو انہوں نے عرض کیا "اَسْئَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ" میں آپ سے یہ طلب کرتا ہوں کہ مجھے جنت میں اپنی رفاقت کا شرف بخشیں تو آپ نے فرمایا اَوَغَيْرَ ذٰلِكَ قَالَ هُوَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اس سے افضل اور بہتر کوئی شئے معلوم ہوتی ہے تو وہ مانگ لو تو انہوں نے عرض کیا نہیں میرا مطلوب ومدعا وہی ہے کہ آپکی رفاقت ومعیت جنت میں بھی حاصل ہو جیسے کہ یہاں حاصل ہے ؎

تجھ سے مانگوں میں تجھی کو کہ سبھی کچھ مل جائے ۔ سو سوالوں سے یہی ایک سوال اچھا ہے

اور درحقیقت یہی مدعا ومطلوب تمام مطالب ومقاصد سے ارفع واعلیٰ ہے

کیونکہ اس طرح بندہ اللہ تعالیٰ کے ان انوار وتجلیات سے بھی بہرہ ور اور مشرف ہو جائے گا جن کی اہلیت وصلاحیت صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے اور براہ راست کوئی ان کا متحمل نہیں ہو سکتا مگر آپ کی معیت ورفاقت کے حصول سے یہ عظیم شرف اور فضیلت بھی حاصل ہو جائے گی جیسے کہ حضرت سعدی نے ناچیز مٹی کی زبانی جمال یار سے امتیازی مقام پر فائز ہونے کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا ؎

گلے خوشبوئے در حمام روزے ۔ رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری ۔ کہ از بوئے دل آویز تو مستم
بگفتا من گل ناچیز بودم ۔ ولیکن مدتے با گل نشستم!
جمال ہمنشیں در من اثر کرد ۔ وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

اسی بلند وبالا مقام ومرتبہ کا مژدہ سناتے ہوئے رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً" اخرجہ الترمذی وابن حبان عن ابن مسعود وایضاً اخرجہ احمد عنہ در منثور ج ۵ ص ۲۱۸ اور خصائص کبریٰ جلد ثانی ص ۲۵۹۔ بیشک سب لوگوں سے میرے قریب تر قیامت کے دن وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود وصلوٰۃ بھیجنے والا ہوگا۔

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر جمعہ کو مجھ پر بکثرت درود وصلوٰۃ پڑھا کرو "فَاِنَّ صَلٰوةَ اُمَّتِيْ تُعْرَضُ عَلَيَّ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ فَمَنْ كَانَ اَكْثَرَهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً كَانَ اَقْرَبَهُمْ مِنِّيْ مَنْزِلَةً" اخرجہ البیہقی بسند حسن۔ خصائص ص ۲۶۱ ج ۲۔ کیونکہ میری اُمت کے درود وصلوات مجھ پر ہر جمعہ کو پیش کئے جاتے ہیں تو جو شخص سب سے زیادہ صلوٰۃ پڑھنے والا ہوگا وہ ازروئے منزلت ومقام سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔

فائدہ جلیلہ :

پہلی روایت میں قیامت کے دن قریب تر ہونے کا ذکر ہے اور دوسری مطلق ہے جو دُنیا وآخرت دونوں میں قرب اور رفاقت ومعیت کی دلیل ہے اور پہلی روایت میں قرب کی روز قیامت سے تخصیص کی حکمت ظاہر ہے کہ اس دن یہ قرب اور رفاقت ومعیت ہر ایک پر ظاہر ہوگی اور کسی کے لیے شک وتردد کی گنجائش نہیں ہوگی جیسے کہ آپ نے فرمایا "اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" حالانکہ آپ اب بھی سب کے سردار اور آقا ہیں اور اللہ تعالیٰ نے بھی اسی لیے اپنے آپ کو "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" فرمایا۔ حالانکہ وہ روز اول سے ہر شئی کا مالک ہے۔ الغرض بکثرت صلوٰۃ پڑھنے والے کو دنیا وآخرت دونوں میں یہ معیت اور رفاقت اور قرب معنوی اور روحانی حاصل ہونا لازم ہے کیونکہ آپ تمام صفات الٰہیہ سے متصف ہیں اور ان کا مظہر اتم اور ان صفات وکمال میں سے یہ صفت بھی ہے "اَنَا جَلِيْسُ مَنْ ذَكَرَنِيْ"۔ جو مجھے یاد کرے میں اس کا ہمنشین ہوتا ہوں۔

شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوت کے تکملہ میں بعض عارفین (غوث کبیر شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہ العزیز) کی زبانی اس ربط وتعلق اور حضور وشہود کو بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ ص ۶۲۱ ج ۲ مدارج النبوت

ذکر کن اورا و درود بفرست بروے صلی اللہ علیہ وسلم وباش درحال ذکر گویا حاضر است پیش تو درحالت حیات و می بینی تو اورا متادب با جلال وتعظیم وہیبت وحیاء۔ بدانکہ وے صلی اللہ علیہ وسلم مے بیند وے شنود کلام ترا زیرا کہ وے متصف است بصفات اللہ تعالیٰ ویکے از صفات الٰہی آنست کہ انا جلیس من ذکرنی و پیغمبر را صلی اللہ علیہ وسلم نصیب وافر است ازیں صفت زیرا کہ عارف وصف او و وصف معروف اوست سبحانہ ودی صلی اللہ علیہ وسلم اعرف الناس باللہ تعالیٰ است۔

ترجمہ: رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرو اور ان پر درود بھیجو اور حالت ذکر وصلواۃ میں یوں سمجھو کہ آپ تمہارے سامنے اپنی حالت حیات میں موجود ہیں اور تم آپ کی زیارت کر رہے ہو باادب ہو کر کامل تعظیم و تکریم اور آپ کی ہیبت و جلالت کو ملحوظ رکھتے ہوئے شرم وحیا کے ساتھ یقین جانو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں دیکھ رہے ہیں اور تمہارا کلام سن رہے ہیں کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کمال کے ساتھ متصف ہیں اور ان صفات میں سے ایک صفت یہ ہے کہ میں اپنا ذکر کرنے والے کا ہمنشین ہوتا ہوں اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اس صفت سے وافر حصہ حاصل ہے کیونکہ آپ کی صفت ہے عارف اور وصف باری تعالیٰ آپ کا معروف و معلوم ہے اور آپ سب لوگوں سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا عرفان رکھتے ہیں۔

علاوہ ازیں بندۂ محبوب کے متعلق زبان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا "کُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ الحَدِیْث" کہ میں بندہ محبوب کے کان۔ آنکھ اور ہاتھ پاؤں اور زبان اور دل ودماغ بن جاتا ہوں اور محدثین کرام اور علماء اعلام نے اس کی تشریح و توضیح میں فرمایا کہ گویا اللہ تعالیٰ اپنے آپ کو بندے کے اعضاء وجوارح اور قوائے فاعلہ ومؤثرہ بنا دیتا ہے۔ فتح الباری ص۲۹۵ ج۱۱۔ اللہ تعالیٰ کا نور اس کے کان اور آنکھ اور ہاتھ بن جاتا ہے تو وہ قریب وبعید کو یکساں دیکھتا اور سنتا ہے اور قریب وبعید اور مشکل وآسان میں تصرف پر قادر ہوتا ہے۔ تفسیر کبیر ص۲۶ ج۵ اور نفلی قرب کے ثمرات سے یہ ہے کہ "صفات بشریہ سالک سے زائل ہو جاتے ہیں اور صفات حق وہاں پر جلوہ گر ہو جاتے ہیں۔ امداد السلوک حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ص۳

الغرض جب غلامی کی وجہ سے منصب محبوبیت حاصل کر کے بندے نورانی بھی ہو جائیں اور صفات الٰہیہ کا مظہر بھی تو جو ہستی پاک محبوب گر ہیں اور تمام محبوبین کے آقا ومولیٰ اور سب انبیاء ورسل اور اغواث واقطاب اور ابدال واوتاد وغیرہم کے واسطہ فیض تو ان کا مقام اس سے بھی ارفع واعلیٰ ہوگا اور کیوں نہ ہو جبکہ ان کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ" کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مومنین کے لیے ان کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں اور فرمایا "وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ" محبوب کریم علیہ السلام تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں اور فرمایا "رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ" میری رحمت ہر شئ کو محیط ہے۔ علی قاری شرح شفا میں فرماتے ہیں "اِنَّ رُوْحَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَاضِرَةٌ فِیْ بُیُوْتِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ شرح شفا ص۴۶۴ ج۳۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس اہل اسلام کے گھروں میں موجود ہوتی ہے لہٰذا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تو تمام اہل ایمان واسلام کے ساتھ قرب معنوی اور روحانی ونورانی ثابت ہے اور ہر لحہ وہر آن اور ہر زمان ومکان میں حاصل ہے، بُعد اور دوری بھی تو بندوں

کی طرف سے اور اس کے زائل کرنے کی موثر ترین اور زود اثر صورت یہی کثرت ذکر اور کثرت درود وسلام ہے شیخ محقق فرماتے ہیں۔

آیا نمی بینی تو او را صلی اللہ علیہ وسلم کہ میگوید و وے اصدق القائلین است "اَكْثَرُكُمْ عَلَیَّ صَلٰوةً اَقْرَبُكُمْ اِلَیَّ" (الخ) وایں بجہت آنست کہ مصلی تعلق میگیر د خاطر وے بجمال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پس عاشق میگردد دل وے برصورت روحانیۂ وے پس قریب میگردد بوے پس میباشد نزد وے وبا وے اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (مدارج ص۶۲۳ ج ۲)

ترجمہ: کیا دیکھتے نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اور وہ سب سے سچے ہیں کہ تم میں سب سے زیادہ درود پڑھنے والا سب سے زیادہ میرے قریب ہے۔ اور یہ اس وجہ سے ہے کہ درود بھیجنے والے کا قلبی تعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال باکمال سے ہو جاتا ہے پس اس کا دل آپ کی روحانی صورت پر عاشق ہو جاتا ہے اور بدیں وجہ آپ کے قریب ہو جاتا ہے پس آپ کے نزدیک ہوتا ہے اور آپ کے ساتھ (جیسے کہ حدیث شریف میں ہے) ہر شخص اپنے محبوب کے ساتھ ہوتا ہے۔

وصیت میکنم ترا اے برادر بدوام ملاحظۂ صورت ومعنیٰ او اگرچہ باشی تو متکلف ومستحضر پس نزدیک است کہ الفت گیرد روح تو بوے پس حاضر آید ترا وے صلی اللہ علیہ وسلم عیاناً و یابی او را وحدیث کنی با وے وجواب دہد ترا وچوں حدیث گوئی باو وخطاب کند ترا فائز شوی بدرجۂ صحابۂ عظام ولاحق شوی بایشاں ان شاء اللہ تعالیٰ۔ (مدارج ص۶۲۳ ج ۲۔)

ترجمہ: اے بھائی میں تجھے وصیت کرتا ہوں ہمیشہ کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت ومعنیٰ کے ملحوظ خاطر رکھنے کی اگرچہ تو اس ملاحظہ واستحضار میں کلفت وشدت سے ہی دوچار کیوں نہ ہو کیونکہ عنقریب تیری روح آپ کے ساتھ انس اور الفت حاصل کرے گی تو آپ بلا حجاب اور آشکارا طور پر تیرے سامنے حاضر وموجود ہوں گے اور تو آپ کو محسوس کرے گا اور چشم سر سے دیکھے گا اور آپ سے بات کرے گا اور آپ تجھے جواب مرحمت فرما دیں گے اور جب تو آپ سے بات کرے گا اور آپ تجھ سے خطاب فرمائیں گے تو معنوی طور پر تو صحابۂ عظام کے درجہ ومرتبہ پر فائز ہو جائے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ لاحق ہو جائے گا۔

شیخ ابو عبد اللہ ساحلی بغیۃ السالک میں فرماتے ہیں اور علامہ محمد مہدی فاسی مطالع المسرات ص۳ پر نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وصلواۃ کے عظیم وجلیل ثمرات وفوائد سے یہ فائدہ وثمرہ بھی ہے۔ اِنْطِبَاعُ صُوْرَتِهِ الْكَرِیْمَةِ فِی النَّفْسِ اِنْطِبَاعًا كَامِلًا مُّتَاَصِّلًا مُّتَّصِلًا وَذٰلِكَ بِالْمُدَاوَمَةِ عَلَی الصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاِخْلَاصِ الْقَصْدِ وَتَحْصِیْلِ الشُّرُوْطِ وَالْاٰدَابِ وَتَدَبُّرِ الْمَعَانِیْ حَتّٰی یَتَمَكَّنَ

حُبُّہٗ مِنَ الْبَاطِنِ تَمَکُّنًا خَالِصًا صَادِقًا یَصِلُ بَیْنَ نَفْسِ الذَّاکِرِ وَ نَفْسِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ یُؤَلِّفُ بَیْنَھُمَا فِیْ مَحَلِّ الْقُرْبِ وَالصَّفَا تَالِیْفًا بِحَیْثُ تُمَکِّنُ حُبَّہٗ مِنَ النَّفْسِ فَالْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَ یَجِبُ الْاِتِّبَاعُ لِلْمَحْبُوْبِ وَالْاِتِّبَاعُ یُؤْذِنُ بِالْوِصَالِ" قَالَ اللہُ تَعَالٰی "مَنْ یُّطِعِ اللہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللہُ عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا" وَالْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَۃٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْھَا اِیْتَلَفَ وَمَا تَنَاکَرَ مِنْھَا اِخْتَلَفَ۔

ترجمہ: کہ آپ کی صورت کریمہ درُود وصلواۃ پڑھنے والے کے نفس میں نقش کامل ودائم کی طرح منقش ہوجاتی ہے اور اس نعمت عظیمہ کا حصول درُود وصلواۃ پرخلوص نیّت کے ساتھ مداومت اور شرائط وآداب کے ملحوظ رکھنے اور معانی میں تدبر وتفکر کی بدولت ہوتا ہے حتّٰی کہ آپ کی محبّت اس بندے کے نفس وقلب میں پوری طرح جاگزین ہوجاتی ہے درانحالیکہ صاحب ذکر کے نفس وروح اور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نفس وروح کے درمیان وصل واتصال اور الفت ومناسبت پیدا ہوجاتی ہے مقام قرب واتصال اور صفاء واخلاص میں توجب محبّت دل وجان میں اس طرح متمکن ہوجائے تو محبوب سے معیت حاصل ہوجاتی ہے اور محبّت محبوب کی اتباع کی موجب بنتی ہے اور اتباعِ محبوب وصالِ محبوب والے مقصد سے بہرہ ور ہونے کا اعلان کر رہی ہے۔ اللہ تعالٰی کا فرمان ہے۔ جو اللہ تعالٰی اور رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اطاعت کرے تو وہ ان کی معیت میں ہوگا جن پر اللہ تعالٰی نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء وصدیقین اور شہداء وصالحین اور وہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں۔ اور (حدیث شریف میں ہے) روحیں الگ الگ جماعتوں اور گروہوں میں منقسم ہیں جن میں باہم تعارف ہوگیا ان میں الفت اور موانست پیدا ہوجاتی ہے اور جن میں اجنبیت قائم رہتی ہے ان میں باہم اختلاف رہتا ہے۔

اقول۔ یہی مقام فناء فی الرسول اور بقاء بالرسول کا ہے جس طرح ذکر خداوند تبارک وتعالٰی سے فنا فی اللہ اور بقاء باللہ کا مقام حاصل ہوجاتا ہے اسی طرح ذکر رسول صلّی اللہ علیہ وسلم سے فنا فی الرسول اور بقاء بالرسول کا مقام حاصل ہوگا بلکہ درُود وصلواۃ چونکہ دونوں ذکروں پر مشتمل ہے تو گویا یہ ان دونوں مقامات کی تکمیل کا سبب موجب اور ان عظیم ثمرات وفوائد کے حصول کا باعث ہے۔ لہٰذا یہ انتہائی اہم عبادت ہے۔

ششم:

نبی مکرم رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درُود وصلواۃ جب اللہ تعالٰی بھی بھیجتا ہے اور اس کے ملائکہ بھی تو بندوں کے درود وسلام کی آپ کو ضرورت نہیں ہوسکتی نیز ہماری صلواۃ کا مطلب طلب رحمت ہے اور انہیں اللہ تعالٰی نے تمام

جہانوں کے لیے سراپا رحمت بنایا ہے تو اس وجہ سے بھی ہماری صلوات کے آپ محتاج نہیں ہیں تو پھر تمام اہل ایمان کو درود وسلام کا پابند کرنے کا مرف اور صرف یہ مقصد ہے کہ وہ اس کے ثمرات وبرکات سے مستفیض ومستفید ہوں جس طرح اللہ تعالٰی کی تسبیح وتقدیس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ بندوں پر یہ انوار منعکس ہوں اور وہ خود منزہ ومقدس ہوجائیں تو اسی طرح یہاں بھی مقصود حقیقی یہی ہے کہ صلواۃ وسلام کی بدولت وہ رحمت وعنایت اور سلامتی اور عافیت کے حقدار ہوجائیں اور یہ بہت اہم اور عظیم مقصود ومطلوب بھی ہے۔ اور فائدہ وثمرہ بھی۔

(۱) اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ عَلَیَّ زَکٰوۃٌ لَّکُمْ اَخْرَجَہُ الْقَاضِیْ اِسْمٰعِیْلُ وَالْاَصْبَھَانِیُّ فِی التَّرْغِیْبِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ۔ مجھ پر درُود بھیجو کیونکہ تمہارا مجھ پر درُود بھیجنا تمہاری طہارت و پاکیزگی کا موجب ہے۔

(۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ عَلَیَّ کَفَّارَۃٌ لَّکُمْ (خصائص کبرٰی صنہ۲۶ ج ۲) مجھ پر صلواۃ بھیجو کیونکہ تمہاری صلواۃ تمہارے لیے کفارہ (ذنوب وآثام) ہے

(۳) اصبہانی نے ترغیب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ اَنْجَاکُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنْ اَھْوَالِھَا وَمَوَاطِنِھَا اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا صَلٰوۃً، اِنَّہٗ قَدْ کَانَ فِی اللہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ کِفَایَۃٌ وَّلٰکِنْ خَصَّ الْمُؤْمِنِیْنَ بِذٰلِکَ لِیُثِیْبَھُمْ عَلَیْہِ۔ (خصائص کبرٰی۔ تفسیر درمنثور صنہ۲۱۹ ج ۵) بیشک تم سب سے زیادہ قیامت کی ہولناکیوں اور ان کے مقامات سے نجات پانے والا وہ شخص ہوگا جو دار الدنیا میں مجھ پر تم سب سے زیادہ صلواۃ ودرُود بھیجا کرے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالٰی اور اس کے ملائکہ (کا صلواۃ بھیجنا ہی) کافی تھا لیکن مومنین کو خصوصی حکم اس لیے دیا تاکہ اس صلواۃ کی بدولت انہیں عظیم اجر وثواب عطا کرے۔

(۴) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مَّرْفُوْعًا اِذَا فَرَغَ اَحَدُکُمْ مِّنْ طُھُوْرِہٖ فَلْیَشْھَدْ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ثُمَّ لِیُصَلِّ عَلَیَّ فَاِذَا قَالَ ذٰلِکَ فُتِحَتْ لَہٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَۃِ اَخْرَجَہُ الْاَصْبَھَانِیُّ (خصائص کبرٰی) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ جو شخص وضو سے فارغ ہوکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کی شہادت دے اور محمّد صلّی اللہ علیہ وسلم کی عبدیتِ خاصہ اور رسالت کی شہادت دے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود وصلواۃ بھیجے تو اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیے جائیں گے۔

(۵) امام احمد نے مسند میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔ مَنْ صَلّٰی عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ بِھَا سَبْعِیْنَ صَلٰوۃً فَلْیُقِلَّ الْعَبْدُ مِنْ ذٰلِکَ اَوْ

لِیَکثُرَ۔ (خصائص کبریٰ)

جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اور اس کے تمام ملائکہ اس کے بدلے اس پر ستّر درُود و صلواۃ بھیجیں گے تو بندے کی مرضی تھوڑا دُرود پڑھے یا زیادہ۔

ف: یہ موقوف روایت حکم مرفوع میں ہے کیونکہ ایسی تقدیرات و تحدیدات اپنے قیاس اور گمان سے ممکن نہیں ہیں بلکہ یہ صرف رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کا ہی منصب ہے۔

(۶) عَنْ سَعْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَادِقًا مِنْ نَفْسِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَرَفَعَهٗ عَشَرَ دَرَجَاتٍ وَکَتَبَ لَهٗ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ۔

سعد بن عمیر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جس نے مجھ پر خلوص دل سے ایک مرتبہ درود بھیجا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجے گا اور اس کے دس درجے بلند کرے گا اور دس نیکیاں اس کے بدلے اس کے لیے ثبت فرمائے گا۔

(۷) اَخْرَجَہُ الْقَاضِیْ اِسْمَاعِیْل عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ کَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحٰی عَنْهُ عَشْرَ سَیِّئَاتٍ وَرَفَعَ لَهٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ (خصائص) اس روایت میں دس گناہ معاف کئے جانے کی تصریح ہے اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت میں اس کی تصریح ہے جسے عبدالرزاق نے ذکر کیا ہے۔ اور ابن ابی شیبہ۔ احمد۔ عبد بن حمید اور ترمذی نے بھی ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت نقل کی ہے جس میں صحابہ کرام کی طرف سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ ہم آپ کے چہرۂ انور میں بڑی فرحت و شادمانی کے اثرات دیکھ رہے ہیں (اس کی وجہ کیا ہے؟) تو آپ نے فرمایا میرے پاس رب تبارک و تعالیٰ کی طرف سے فرشتہ آیا ہے اور اس نے کہا ہے۔ جس اُمتی نے تم پر ایک مرتبہ درُود و صلواۃ بھیجی اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور دس گناہ معاف فرمائے گا اور دس درجے بلند فرمائے گا اور اس پر دس درُود بھیجے گا۔ (در منثور صفحہ ۲۱۹ ج ۵)

فائدہ جلیلہ:

جس بدبخت نے حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی طرف ایک عیب کی نسبت کی تھی اور آپ کو مجنون کہا تھا اللہ تعالیٰ نے اس کے دس عیب بیان کئے کما قال تعالیٰ "وَلَا تُطِعْ کُلَّ حَلَّافٍ (الی) بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِیْمٍ سَنَسِمُهٗ عَلَی الْخُرْطُوْمِ" تو جب اس بارگاہِ والاجاہ میں اساءت و بے ادبی کا بدلہ دس گنا ہے جبکہ عام قاعدہ کے مطابق "وَمَنْ جَاءَ بِالسَّیِّئَةِ

فَلَا یُجْزٰی اِلَّا مِثْلَهَا" برائی کی جزاء اس کی مانند ہے تو لامحالہ اس محبوب کے لیے کلمۂ خیر اور ادب و نیاز اور خلوص و وفا پر مشتمل کلمات کی جزاء بھی عام قاعدہ "مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا" یعنی ایک کے بدلے دس سے زائد ہوگی جیسے کہ روایاتِ عدیدہ کی رو سے ستّر مرتبہ درود و صلوۃ ستر مرتبوں دس نیکیوں کے حصول اور دس درجات کی بلندی اور دس گناہوں کی معافی سے واضح ہے گویا سو گنا اجر اور نیکی حاصل ہوگی۔ وَاللّٰهُ یُضَاعِفُ لِمَنْ یَّشَاءُ

الغرض درُود و سلام کے لزوم و وجوب کا بنیادی مقصد نبی رحمت کے طفیل ان کے غلاموں کو ان رحمتوں اور خیرات و برکات سے نوازنا ہے اور یہ امر صلواۃ و سلام کے اہم اور افضل ترین مقاصد سے ہونے کا روشن برہان ہے۔

ہفتم:

درود و سلام میں چونکہ اللہ تعالیٰ سے نبی رحمت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے شایان شان رحمت بھیجنے کی دُعا ہے اور آپ کے لیے گویا سفارش ہے اور ہر نیکی اور خیر خواہی کا بدلہ اس کی مانند ہوتا ہے "هَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ" تو اس کا لازمی ثمرہ و نتیجہ اور فائدہ یہ ہوگا کہ اس بندے کو محبوبِ کریم علیہ الصّلواۃ والتسلیم کی شفاعت نصیب ہوگی کیونکہ آپ سے بڑھ کر لجپال اور کریم کوئی نہیں تو لامحالہ آپ کی طرف سے عظیم شفاعت اور کمال شفقت و عنایت نصیبِ عید ہوگی اور سرورِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے درود و سلام پڑھنے والوں کو یہ مژدہ خود سنایا ہے۔

(۱) اَخْرَجَ الطَّبْرَانِیُّ بِسَنَدٍ جَیِّدٍ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ حِیْنَ یُصْبِحُ عَشْرًا وَحِیْنَ یُمْسِیْ عَشْرًا اَدْرَکَتْهُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھے اور شام کے وقت دس مرتبہ تو قیامت کے دن میری شفاعت اس کو حاصل ہوگی اور اس کا احاطہ کئے ہوئے ہوگی۔

(۲) اَخْرَجَہُ الْبَیْهَقِیُّ فِی الشُّعَبِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ اَکْثِرُوا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ وَلَیْلَةِ الْجُمُعَةِ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ کُنْتُ لَهٗ شَهِیْدًا اَوْ شَافِعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا مجھ پر جمعہ کے دن اور اس کی رات بکثرت درود بھیجا کرو اور جو شخص بکثرت درُود و صلواۃ بھیجے گا تو میں اس کے لیے قیامت کے دن گواہ ہوں گا اور شفاعت کروں گا۔

(۳) طبرانی نے عبدالرحمٰن بن سمرہ سے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپ نے خواب میں دیکھا اَنَّ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِیْ یَرْعَدُ عَلَی الصِّرَاطِ کَمَا تَرْعَدُ السَّعْفَةُ فَجَاءَتْهُ صَلٰوتُهٗ عَلَیَّ فَسَکَنَتْ رَعْدَتُهٗ۔ کہ میری

اُمّت سے ایک شخص پل صراط پر کھڑا لرز رہا ہے جیسے کھجور کی شاخ لرزتی ہے تو اس نے جو صلوٰۃ مجھ پر بھیجی تھی وہ اس کے پاس پہنچ گئی تو اس کا لرزہ ختم ہو گیا اور اسے سکون و قرار نصیب ہو گیا۔

(۴) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے قریب عرش کے ساتھ کشادہ مقام پر کھڑے ہوں گے اور سبز حلہ اور پوشاک زیب تن کئے ہوں گے۔ ان کی بلند ترین کھجور کی مانند بلند و بالا قامت ہو گی ان کی اولاد سے جو جنّت کی طرف لے جایا جائے گا اسے بھی دیکھ رہے ہوں گے اور جو دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا اسے بھی دیکھتے ہوں گے اسی دوران ان کی نظر اچانک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اُمتی پر پڑے گی جسے دوزخ کی طرف لے جایا جا رہا ہو گا تو آپ کو پکار کر کہیں گے اے احمد اے احمد آپ کہیں گے لبیک اے ابوالبشر تو وہ کہیں گے۔ یہ آپ کا اُمتی ہے جس کو دوزخ میں پھینکنے کے لیے لے جایا جا رہا ہے آپ فرماتے ہیں۔

فَاَشُدُّ الْمِیْزَرَ وَاَهْرَعُ فِیْ اَثَرِ الْمَلَائِکَةِ وَاَقُوْلُ یَارُسُلَ رَبِّیْ قِفُوْا فَیَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الْغِلَاظُ الشِّدَادُ الَّذِیْنَ لَا نَعْصِی اللّٰهَ مَا اَمَرَنَا وَنَفْعَلُ مَا نُؤْمَرُ۔ میں اپنی چادر مضبوطی سے باندھوں گا اور ملائکہ کے پیچھے دوڑوں گا اور کہوں گا اے میرے پروردگار کے بھیجے ہوئے ملائکہ ٹھہر جاؤ، تو وہ کہیں ہم وہ سخت طبع اور قوی و توانا ہیں جو امر الٰہی کی خلاف ورزی نہیں کرتے اور جو حکم ہوتا ہے پورا کرتے ہیں۔

جب آپ ان سے مایوس ہوں گے تو اپنا بایاں ہاتھ اپنی داڑھی مبارک پر رکھیں گے اور چہرہ انور عرش اعظم کی طرف کر کے اللہ تعالیٰ سے عرض کریں گے رَبِّ قَدْ وَعَدْتَنِیْ اَنْ لَّا تُخْزِیَنِیْ فِیْ اُمَّتِیْ اے میرے رب تو نے میرے ساتھ پختہ وعدہ کیا ہوا ہے کہ مجھے اُمّت کے معاملہ میں پریشان اور شرمندہ نہیں کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرمائے گا "اَطِیْعُوْا مُحَمَّدًا وَرُدُّوْا هٰذَا الْعَبْدَ اِلَی الْمَقَامِ" محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کرو اور اس بندے کو سابقہ قیامگاہ کی طرف لوٹا دو۔ فَاُخْرِجُ مِنْ حُجْزَتِیْ بِطَاقَةً بَیْضَاءَ کَالْاَنْمُلَةِ فَاُلْقِیْهَا فِیْ کَفَّةِ الْمِیْزَانِ الْیُمْنٰی وَاَنَا اَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ فَتَرْجِحُ الْحَسَنَاتُ عَلَی السَّیِّئَاتِ فَیُنَادٰی سَعِدَ جَدُّهٗ وَثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ اِنْطَلِقُوْا بِهٖ اِلَی الْجَنَّةِ۔ تو میں اپنے کمربند سے اُنگلی کے پورے کی مانند ایک سفید کاغذ نکالوں گا اور اسے میزان کے دائیں پلڑے میں بسم اللہ پڑھ کر رکھ دوں گا تو اس کی نیکیاں برائیوں پر بھاری ہو جائیں گی تو نداء دی جائے گی یہ بندہ نیک بخت ہو گیا اور اس کی محنت بارآور ہو گئی اور اس کا پلڑا نیکیوں والا وزنی ہو گیا ہے لہٰذا اسے جنّت کی طرف لے جاؤ۔

تو وہ بندہ کہے گا اے اللہ کے رسول ٹھہرو میں اللہ تعالیٰ کے ہاں مکرم و معظم ترین اس ہستی سے ایک سوال کروں تب وہ کہے گا بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ مَا اَحْسَنَ وَجْهَكَ وَاَحْسَنَ خُلُقَكَ مَنْ اَنْتَ فَقَدْ اَقَلْتَنِیْ عَثْرَتِیْ وَرَحِمْتَ عَبْرَتِیْ۔ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ کا چہرہ کتنا حسین ہے اور اخلاق کتنے حسین ہیں آپ کون ہیں؟ آپ نے میری لغزشوں سے درگزر کرائی ہے اور میرے بہتے آنسوؤں پر ترس کھایا ہے۔ تو آپ فرمائیں گے۔ اَنَا نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ وَهٰذِهٖ صَلَوَاتُكَ الَّتِیْ کُنْتَ تُصَلِّیْ عَلَیَّ وَافَتْكَ اَحْوَجَ مَا تَکُوْنُ اِلَیْهَا ــــــــ خصائص ص۲۶۱
میں تیرا نبی محمد ہوں اور سفید نورانی کاغذ کا پرزہ تیری صلوٰۃ تھی جو مجھ پر پڑھتا تھا اس نے تجھے پا لیا اور تیرے ساتھ وفا کی جبکہ تو اس کی امداد و اعانت کی طرف بہت محتاج تھا۔

(۵) حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مؤذن کو اذان دیتے سنو تو وہ کلمات دہراؤ جو وہ کہتا ہے۔ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا۔ پھر مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِی الْجَنَّةِ لَا یَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوْا اَنْ اَکُوْنَ اَنَا هُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ حَلَّتْ عَلَیْهِ الشَّفَاعَةُ۔ (رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ باب الاذان)
پھر میرے لیے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کرو کیونکہ وہ جنّت میں ایک منزل و مقام ہے جو بندگانِ خداوند تعالیٰ میں سے صرف ایک بندہ کے شایانِ شان ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ میں ہی وہ عبدِ خاص ہوں گا تو جو شخص میرے لیے وسیلہ والے مقام کا سوال کرے گا تو اس کے حق میں مجھ پر شفاعت لازم ہو گی۔

فائدہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام وسیلہ پر فائز ہونے کو بصورت رجاء اور اُمید ظاہر فرمایا ہے اور یہ محض بارگاہِ خداوندی میں ادب و نیاز اور تواضع کا اظہار ہے اور درحقیقت جزم اور یقین کے ساتھ اس کے حصول کا بیان ہے۔ چہ رجائے حبیب در حضرت مجیب ہرگز خیبت نپذیرد۔ اشعۃ اللمعات جلد اول ص۳۳۶۔ کیونکہ حبیب مکرم کی بارگاہِ مجیب الدعوات جل و علیٰ میں رجاء و امید ہرگز ناتمام اور تشنہ تکمیل نہیں رہ سکتی۔ اقول۔ اور اس جزم و یقین کی وجہ سے حدیث جابر رضی اللہ عنہ میں اس مقام کے حصول کو وعدہ سے تعبیر کیا اور فرمایا وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اور انہیں مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے انہیں وعدہ دیا ہے اور باری تعالیٰ کے وعدہ کا خلاف محال ہے۔

الغرض جب وعدہ ہو چکا اور اس کا خلاف بھی محال ہے تو پھر اُمّت کو اس کے متعلق دُعا کرنے اور اللہ تعالیٰ سے اس کا سوال کرنے کا حکم دینا صرف اور صرف اس لیے ہے کہ آپ کی طرف سے اظہار عبدیت ہو جائے اور اُمّت اس

دُعا اور سوال کی بدولت اور خیر خواہی و اخلاص کی بدولت اس مقام وسیلہ اور مقام محمود کے برکات اور فیوضات سے مشرف ہو جائے اور اگرچہ ہر اُمتی آپ کی شفاعت سے بہرہ ور ہوگا مگر ایسے مخلصین خصوصی شفاعت کے حقدار ہونگے اور اپنے لیے خصوصی استحقاق اور اہلیت ثابت کر لیں گے۔ اور اسی سے ہمارا مدعا و مقصود روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ جب آپ خود مجسم رحمت ہیں اور سب عالمین کو آپ کی رحمت محیط ہے اور اللہ تعالیٰ اور ملائکہ آپ پر صلواۃ بھیجتے رہتے ہوں اور بھیجتے رہیں گے تو پھر اُمّت کو اس کا حکم اور اس کی مختلف اسالیب اور عناوین سے ترغیب صرف اسی لیے ہے کہ وہ ان صلوات کے ثمرات اور فوائد اور ان کے انوار و برکات سے مستفید ہوں اور اس خلوص و خیر خواہی کے عوض شفاعت کے حق دار بن جائیں ؎ پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

ہشتم :

اللہ تعالیٰ نے زبانِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر فرمایا کَانَ اللّٰہُ فِیْ حَاجَۃِ الْعَبْدِ مَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ حَاجَۃِ اَخِیْہِ۔ (مشکوٰۃ شریف) اللہ تعالیٰ بندے کی امداد و اعانت میں رہے گا جب تک بندہ اپنے بھائی کی امداد و اعانت اور اس کے معاملات سدھارنے میں مصروف رہے گا۔ جب عام بندے کے ساتھ ہمدردی اور خیر خواہی کا نتیجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے کے معاملات کا کفیل و ضامن بن جائے اور اپنی قدرتِ قاہرہ سے اس کی امداد و اعانت کرے تو اس کا کوئی مدعا و مقصود اور غرض و مطلب تشنۂ تکمیل نہیں رہ سکتا تو اس پس منظر میں اس بندے کو اپنے معاملات اور مقاصد میں ناکامی اور نامرادی کیونکر ہو سکتی ہے جو اپنے تمام امور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درود و صلواۃ اور سلام نیاز کو ترجیح دے اور اپنے تمام اوقاتِ عزیز کو اس محبوب مکرم اور محمود خلائق اور محمود الٰہی کی خیر خواہی اور آپ کے لیے طلبِ رحمت اور دعائے رفعت میں صرف کر دے اور اسی حقیقت کو خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح کرتے ہوئے فرمایا جیسے کہ

(۱) قاضی اسماعیل نے فضل الصلواۃ میں یعقوب بن زید بن طلحہ تیمی سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتہ آیا اور اس نے کہا کہ جو شخص آپ پر درود بھیجے گا تو اس کے عوض اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجے گا تو ایک صحابی نے اُٹھ کر عرض کیا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَجْعَلُ نِصْفَ دُعَائِیْ لَکَ قَالَ اِنْ شِئْتَ قَالَ اَلَا اَجْعَلُ ثُلُثَیْ دُعَائِیْ لَکَ قَالَ اِنْ شِئْتَ قَالَ اَجْعَلُ دُعَائِیْ لَکَ کُلَّہٗ قَالَ اِذًا یَکْفِیْکَ اللّٰہُ ھَمَّ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ ——— خصائص کبریٰ ص ۲۵۹ ج ۲ درمنثور ص ۲۱۸ ج ۵ بروایۃ عبدالرزاق۔ یارسول اللہ کیا میں اپنی ذات کے لیے مختص اوقات دُعا میں سے نصف وقت آپ (پر صلواۃ) کے لیے نہ مختص کردوں آپ نے فرمایا اگر چاہے تو اس طرح کرلے۔ تو اس نے عرض کیا کہ دو تہائی وقت دُعا کے اوقات سے آپ کے لیے مختص کر دوں؟ آپ نے فرمایا تیری مرضی اگر اس سے زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا میں اپنے تمام اوقاتِ دُعا آپ کی صلوات کے لیے مختص نہ کر دوں؟ تو آپ نے فرمایا تب تو اللہ تعالیٰ تیری دنیاوی اور اخروی تمام مہمات میں کفایت فرمائے گا۔

(۲) ترمذی اور حاکم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں آپ پر بکثرت درود پڑھتا ہوں تو کتنا وقت آپ پر صلواۃ بھیجنے میں صرف کروں آپ نے فرمایا جتنا قدر تو چاہے میں نے عرض کیا چوتھائی حصہ اوقاتِ اوراد و وظائف سے؟ آپ نے فرمایا جتنا قدر تو مناسب سمجھے لیکن زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا آدھا وقت اس میں صرف کروں تو آپ نے فرمایا جتنا قدر تیری مرضی ہو اگر اس سے زیادہ وقت درود و صلواۃ میں صرف کرے تو تیرے لیے زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا دو تہائی وقت؟ تو آپ نے فرمایا تیری مرضی مگر زیادہ کرے تو بہتر ہے تو فرماتے ہیں میں نے عرض کیا اَجْعَلُ لَکَ صَلٰوتِیْ کُلَّھَا قَالَ اِذًا تَکْفِیْ ھَمَّکَ وَ یُغْفَرُ لَکَ ذَنْبُکَ۔ خصائص ص ۲۵۹ ج ۲۔ میں اپنے تمام اوقاتِ دُعا اور اوراد و وظائف کی ساعات آپ پر صلوات پڑھنے میں صرف کروں گا تو آپ نے فرمایا تب یہ صلوات تیری ہر ہمّ اور مشکل میں کفایت کریں گی اور تمہارا ہر گناہ بخش دیا جائے گا۔

(۳) اصبہانی نے حضرت خالد بن طہمان سے روایت نقل کی ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَّاحِدَۃً قُضِیَتْ لَہٗ مِائَۃُ حَاجَۃٍ۔ خصائص۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا تو اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی۔

(۴) بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابن عساکر اور ابن منذر نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ اَقْرَبَکُمْ مِنِّیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فِیْ کُلِّ مَوْطِنٍ اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً فِی الدُّنْیَا، مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ قَضَی اللّٰہُ لَہٗ مِائَۃَ حَاجَۃٍ سَبْعِیْنَ مِنْ حَوَائِجِ الْاٰخِرَۃِ وَثَلَاثِیْنَ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا ثُمَّ یُوَکِّلُ اللّٰہُ بِذٰلِکَ مَلَکًا یُّدْخِلُہٗ فِیْ قَبْرِیْ کَمَا یُدْخَلُ عَلَیْکُمُ الْھَدَایَا یُخْبِرُنِیْ بِمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ بِاسْمِہٖ وَنَسَبِہٖ اِلٰی عَشِیْرَتِہٖ فَاُثْبِتُہٗ عِنْدِیْ فِیْ صَحِیْفَۃٍ بَیْضَاءَ۔ (درمنثور ص ۲۱۹ ج ۵)

ترجمہ: بیشک تم میں سے میرے قریب تر قیامت کے دن ہر مقام میں وہی شخص ہوگا جو دُنیا میں مجھ پر بکثرت درود و صلواۃ بھیجتا رہا ہوگا جو شخص مجھ پر جمعہ کے دن اور اس کی رات سو مرتبہ درود و صلواۃ بھیجے گا اللہ تعالیٰ

اس کی سو حاجتیں برلائے گا ستّر اخروی حاجات اور تیس دنیوی پھر اللہ ربّ العزّت ان صلوات پر ایک فرشتہ مقرر فرماتا ہے جو انہیں میری قبر میں مجھ پر پیش کرتا ہے جیسے کہ تم پر ہدیے اور تحفے پیش کئے جاتے ہیں۔ جس نے مجھ پر وہ درُود پڑھا ہوتا ہے اس کا نام بتلاتا ہے اور دس پشتوں تک اس کا نسب بھی تو میں اس درُود و صلوٰۃ کو اور اس کے نام و نسب کی تفصیل اکو اپنے ہاں سفید اور نورانی صحیفہ اور کاغذ پر لکھ لیتا ہوں اور محفوظ کر لیتا ہوں۔

نہم :

درُود و صلوٰۃ بندہ کی طرف سے بہترین ہدیہ اور تحفہ ہے جو بارگاہِ رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وسلم میں پیش کیا جاتا ہے اور ہدیہ و تحفہ کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ فَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوْهَا جب تمہیں کوئی ہدیہ پیش کیا جائے تو اس سے بہتر تحفہ دو یا اسی کو واپس کر دو یعنی اگر بہتر دینے کی گنجائش نہیں ہے لیکن نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم جیسے رحمت مجسم اور رؤف و رحیم نبی کے متعلق اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے دنیا و آخرت کے خزائن پر تصرف میں مختار و ماذون محبوب کے متعلق یہ تصور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ بہتر بدلہ دینے سے قاصر ہوں یا بہتر بدلہ دینے پر قدرت کے باوجود اس سے اجتناب فرماویں تو لامحالہ وہ کریم و لجپال اور اُمّت کا ہمدرد و غمخوار نبی انہیں اپنی شان کے لائق بہترین تحفہ اور ہدیہ سے نوازے گا۔ جس کی ایک صورت یہ ہے کہ اس کے حق میں شفاعت فرما کر دوزخ کی دہکتی آگ سے بچا لیں اور دوزخ کے ملائکہ سے اسے واپس لے لیں گے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اسے اپنے ساتھ رکھیں گے اور اپنے ظلِ عاطفت میں جگہ دیں گے جیسے کہ اس مضمون کی روایات ذکر کی جا چکی ہیں۔ تیسری صورت یہ ہے کہ اس بندے نے چونکہ حکم خداوند تعالیٰ کی تعمیل میں درُود و سلام پیش کیا تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیوی و اخروی حاجات برلائے، اس پر درُود بھیجے، اس کے درجے بلند فرمائے اور گناہ معاف فرمائے جن کی تفصیل نظر نواز ہو چکی اور یہ سب عنایت و کرمنوازی محبوب کریم علیہ الصّلوٰۃ کے صدقہ میں ہوتی ہے تو یہ بھی گویا ان کی طرف سے ہی جوابی تحفہ اور ہدیہ ٹھہرا۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ جب بندہ بطور خطاب درود و سلام عرض کرے تو خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جواب عطا فرماتے ہیں جیسے کہ ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے " مَا مِنْ اَحَدٍ يُّسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى اَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ۔ جو مسلمان بھی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ مجھ پر میری روح کو لوٹاتا ہے حتّٰی کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں (مشکوٰۃ باب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم) محبِ مخلص اور نیاز کیش غلام کے لیے یہ کتنا بڑا مژدہ ہے اور عظیم بشارت ہے کہ محبوبِ خدا، سید انبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم اس کو زبان اقدس سے جواب مرحمت فرماویں اور وہ بھی ہر سلام کا اور اس زبانِ حقیقت ترجمان سے جس سے سرزد ہونے والا ہر لفظ کن کی کنجی اور

تیر قضا ہوتا ہے۔ اس لیے آپ کے پروانے تڑپ کر عرض کرتے ہیں ؎

بہر سلام مکن رنجہ در جواب آں لب ۔ کہ صد سلام مرا بس یکے جواب از تو

یا رسول اللہ ہر سلام کے جواب میں ہونٹوں کو جواب میں جنبش کی زحمت دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ہمارے سینکڑوں سلاموں کے جواب میں ایک مرتبہ ہی آپ کا وعلیک السلام فرما دینا کافی ہے۔

بلکہ ان سوختگانِ محبت کے لیے تو فقط یہ مژدہ ہی آبِ حیات ہے اور نئی زندگانی کا موجب کہ اس بارگاہ والا جاہ میں اس کا نام لیا جائے اور اس کا نسب بیان کیا جائے اور اس کے درُود و سلام پیش کرنے کا تذکرہ ہی ہو جائے جیسے کہ حدیث پاک میں ذکر ہو چکا ہے لَكَ الْبِشَارَةُ فَاَخَذَ مَا عَلَيْكَ فَقَدْ ذُكِرْتَ ثَمَّ عَلٰى مَا فِيْكَ مِنْ عِوَجٍ تیرے لیے بشارت اور مژدہ جانفزا ہے اپنے اُوپر سے ہر گرانی کو اتار پھینک کیونکہ تمامتر کجرویوں اور کوتاہیوں کے باوجود اس بارگاہ عرش آستاں میں تیرا ذکر کیا گیا ہے ؎

جاں میدہم در آرزوئے قاصد آخر باز گو ۔ در مجلس آں نازنین حرفے کہ از ما میرود

چہ جائیکہ جوابِ میں سلام بھی مرحمت ہو اور وہ بھی ہر سلام کے جواب میں جو یقیناً مقبول اور موجب فلاح ہے۔ از ینجا میتواں دانست کہ سلام بر آنحضرت چہ فضیلت دارد و سلام گوینده بر آنحضرت خصوصاً بسیار گوینده را چہ شرف است، اگر سلام تمام عمر را یک جواب آید سعادت است چہ جائے آنکہ ہر سلام را جواب شنود (اشعۃ اللمعات جلد اول ص۴۱۴ و ص۴۳۶)

بس بود جاہ و احترام مرا
یک علیک از تو صد سلام مرا (علامہ حقی۔ روح البیان)

فائدہ جلیلہ :

جب بندہ نماز میں دست بستہ قیام کرتا ہے پھر بارِ گناہ کے نیچے دوتا پشت ہونے کا رکوع کی صورت میں عملی اظہار کرتا ہے اور پھر تواضع اور انکساری کی انتہاء کرتے ہوئے اشرف الاعضاء کو ارذل الاشیاء پر رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے حریم ناز میں داخل ہونے کا اسے اذن بخشتا ہے اور وہ مسندِ کرامت پر بٹھائے جانے کے بعد ہدیہ پیش کرنے لگتا ہے۔ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ۔ اور مناجات و ہمکلامی سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں تو اسے متنبہ کیا جاتا ہے کہ اس مقام بالا اور منصب عالی تک رسائی نبی رحمت کی برکت متابعت اور ان کے طفیل حاصل ہوئی ہے تو وہ ادھر متوجہ ہوتا ہے اِذَالْحَبِيْبُ فِيْ حَرَمِ الْحَبِيْبِ حَاضِرٌ فَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِ قَائِلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ فتح الباری جلد ثانی ص۲۵۹، عمدۃ القاری ج۳ ص۱۱۱ وکذا فی مدارج النبوہ جلد اول

ناگاہ کیا دیکھتا ہے کہ حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حبیب جل وعلیٰ کے حریم قدس میں حاضر ہیں تو وہ ادھر متوجہ ہوتے ہیں اور بطور خطاب و بالمشافہہ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ. عرض کرتے ہیں

نیز اہل عرفان کی بیان کی ہوئی اس وجہِ خطاب سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں پیش کیا ہوا بندوں کا تحفہ بھی اس وقت تک قبول نہیں فرماتا جب تک وہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ہدیۂ اخلاص و نیاز پیش نہ کریں اسی لیے نماز کے درمیانی اور آخری تشہد میں اپنے تحیات کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام اور صلواۃ کو ملا دیا ہے۔ علاوہ ازیں یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز جس طرح اللہ تعالیٰ کے حریم ناز تک رسائی کا ذریعہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ عالیہ تک رسائی کا ذریعہ بھی ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دونوں کی بارگاہ دراصل ایک ہی ہے اور دونوں اکٹھے ہوتے ہیں فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ۔

دہم :

علامہ اسماعیل حقی نے روح البیان ص۲۲۶ پر فرمایا کہ نفس انسانی بدنی علائق اور طبعی موانع وعوائق میں ڈوبا رہتا ہے اوصاف ذمیمہ اور اخلاق ردیہ میں غرق رہتا ہے اور فیاض اقدس جل وعلیٰ انتہائی منزہ ومقدس ہے تو نفس انسانی اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی مناسبت نہ ہوئی رجبکہ فیض رسانی اور حصول فیض کے لیے عادت جاریہ اور قانون قدرت یہی ہے کہ باہم مناسبت وموافقت ہو) تو اللہ تعالیٰ سے فیض کا حصول انسانوں کے لیے صرف اسی واسطہ ووسیلہ کے ذریعے ممکن ہوگا جو دوہری صلاحیت واستعداد کا مالک وحامل ہو یعنی تجرد و نورانیت سے موصوف ہو اور اس میں مادیت اور بشریت بھی ہو جیسے آگ اور تر ایندھن کے درمیان خشک لکڑی اور ہڈی اور گوشت کے درمیان غضروف یعنی ہڈیوں کے سرے جو نرمی میں گوشت کے مناسب اور شکل میں ہڈی کے موافق ہوتے ہیں وَتِلْكَ الْوَاسِطَةُ حَضْرَةُ صَاحِبِ الرِّسَالَةِ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَيْثُ يَسْتَفِيْضُ مِنْ جِهَةِ تَجَرُّدِهٖ وَيُفِيْضُ مِنْ جِهَةِ تَعَلُّقِهٖ اور وہ واسطہ و وسیلہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ ہے جو اپنے تجرد و نورانیت کی رو سے اللہ تعالیٰ سے فیض حاصل کرتے ہیں اور تعلق یعنی بشریت کی رو سے ہمیں فیض پہنچاتے ہیں فَالصَّلٰوةُ عَلَيْهِ وَاجِبَةٌ عَقْلًا كَمَا اَنَّهَا وَاجِبَةٌ شَرْعًا اَیْ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ۔ لہٰذا آپ پر درود وصلواۃ بھیجنا از روئے عقل بھی واجب ولازم ہے جیسے کہ اس آیت کریمہ کی رو سے شرعاً واجب ولازم ہے یعنی درود وصلواۃ وسیلہ بن جاتا ہے اس ذات مقدسہ کے ساتھ رابط وتعلق کا اور وہ وسیلہ ہیں اللہ کے فیض کا تو اس طرح درود وصلواۃ اس فیض قدس کے حصول کا ذریعے ہونے کی وجہ سے واجب ولازم ٹھہرا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

درُود وسلام نہ پڑھنے کی مذمت

جتنا قدر درود وسلام پڑھنا اہم اور ضروری ہے اور فضائل وکمالات کا موجب ہے اتنا قدر ہی اس کا نہ پڑھنا محرومی اور بدنصیبی کا موجب ہوگا کیونکہ اتنی کریم ورحیم اور محسن ومہربان ہستی کے لیے صرف زبان ہلانا بھی گوارا نہ ہو تو اس سے زیادہ حرماں نصیبی اور سیاہ بختی کیا ہو سکتی ہے جبکہ اس میں سراسر اپنی بھلائی اور بہتری ہو اور فلاح وکامرانی اور سرخروئی اور فائز المرامی ہو۔ اسی لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غافلی وکاہلی اور ناسپاسی اور احسان ناشناسی سے دور رکھنے کے لیے مختلف اسالیب اور طرق سے ڈرایا اور متنبہ فرمایا۔

۱۔ مسند امام احمد اور ترمذی میں حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ بڑا بخیل ہے وہ شخص جس کے پاس میرا ذکر کیا گیا پس اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا۔

۲۔ ابن ماجہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
مَنْ نَسِيَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ اَخْطَأَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔ جو مجھ پر درود وصلواۃ کو بھول گیا (اور اس کا تارک ہوگیا) تو وہ راہِ جنت سے بھٹک گیا۔

۳۔ امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بسند حسن نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَّجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ۔ نہیں بیٹھتی کوئی قوم ایسی مجلس میں کہ جس میں وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کریں اور نہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں مگر ان کا وہاں بیٹھنا سراسر حسرت ہوگا (قیامت کے دن) پھر اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو بخش دے۔

۴۔ امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ ثُمَّ تَفَرَّقُوْا عَنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللهِ وَصَلٰوةٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَامُوْا عَنْ اَنْتَنِ جِيْفَةٍ۔ نہیں جمع ہوتی کوئی قوم اور پھر منتشر ہوتی بغیر اللہ کے ذکر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے مگر (گویا) وہ اُٹھتے ہیں انتہائی بدبودار مردار پر سے یعنی وہ اسلام وایمان بلکہ انسانیت کے تقاضوں سے

دُور رہے اور گدھوں کے ساتھ لاحق ہو گئے۔

۵ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا يَجْلِسُ قَوْمٌ مَّجْلِسًا لَا يُصَلُّوْنَ فِيْهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةٌ وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ لِمَا يَرَوْنَ مِنَ الثَّوَابِ۔ اَخْرَجَهُ النَّسَائِى وَابْنُ اَبِىْ عَاصِمٍ وَاَبُوْبَكْرٍ فِى الْغَيْلَانِيَاتِ وَالْبَيْهَقِى فِى الشُّعَبِ۔
جو قوم ایک جگہ مل بیٹھے اور اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلواۃ نہ بھیجے تو یہ امر ان کے لیے قیامت کے دن سراسر حسرت وارمان کا موجب ہو گا خواہ جنت میں داخل ہو بھی جائیں جبکہ وہ اس صلواۃ اجتماعیہ کے ثواب کو دیکھیں گے۔

۶۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
اَتَانِىْ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ رَغِمَ اَنْفُ امْرِئٍ ذُكِرْتَ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ۔ اَخْرَجَهُ الْبَيْهَقِىُّ فِى الشُّعَبِ
جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے تو کہا اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس تمہارا ذکر کیا گیا مگر اس نے آپ پر درود نہ بھیجا۔

۷۔ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
كَفٰى بِهٖ شُحًّا اَنْ يَّذْكُرَنِىْ قَوْمٌ فَلَا يُصَلُّوْنَ عَلَىَّ۔ اَخْرَجَهُ الْقَاضِىْ اِسْمَاعِيْلُ۔
بخیلی کی انتہا کو پہنچنے کے لیے یہی کافی ہے کہ ایک قوم میرا ذکر کرے مگر مجھ پر درود وصلواۃ نہ بھیجے۔

۸۔ امام بخاری نے الادب المفرد میں حضرت جابر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک ہی مضمون کی دو روایتیں نقل کی ہیں کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر شریف کی تین سیڑھیوں میں سے ہر ایک پر قدم مبارک رکھتے وقت آمین آمین آمین کہی جب اس کا سبب دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔ میں نے پہلے درجہ پر قدم رکھا تو جبرئیل نے کہا۔ بدبخت ونامراد ہو وہ شخص جس نے رمضان کو پایا مگر وہ گزر گیا اور اس کی مغفرت کا سامان نہ ہو سکا میں نے کہا آمین۔ پھر اس نے کہا بدبخت ونامراد ہو وہ شخص جس نے والدین کو یا ان میں سے ایک کو پایا مگر انہوں نے اس کو جنت میں داخل نہ کیا میں نے کہا آمین۔ پھر اس نے کہا "شَقِىَ عَبْدٌ ذُكِرْتَ عِنْدَهٗ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ" بدبخت ونامراد ہو وہ شخص جس کے پاس آپ کا ذکر کیا گیا اور اس نے آپ پر درود نہ بھیجا تو میں نے کہا آمین۔

(تفسیر در منثور ص ۲۱۷ وص ۲۱۸ ج ۵)

صلواۃ وسلام کا فقہی حکم

اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو خطاب فرما کر صلواۃ وسلام کا امر فرمایا اور از روئے اصولِ فقہ اور قواعدِ شرعیہ امر وجوب کے لیے ہوتا ہے اور جمہور علماء اسلام اور ائمۂ اسلام نے بھی وجوب کا قول کیا ہے، جیسے کہ علامہ آلوسی نے فرمایا۔ اَلْاَمْرُ فِى الْاٰيَةِ عِنْدَ الْاَكْثَرِيْنَ لِلْوُجُوْبِ بَلْ ذَكَرَ بَعْضُهُمْ اِجْمَاعَ الْاَئِمَّةِ وَالْعُلَمَاءِ عَلَيْهِ۔ کہ اکثرین نے اس امر وحکم کو وجوب وفرضیت پر محمول کیا ہے بلکہ بعض نے اس پر ائمہ وعلماء کا اجماع ذکر کیا ہے ماسوائے محمد بن جریر طبری کے جو اس کو استحباب پر محمول کرتے ہیں مگر ان کا قول مؤول ہے یا پھر مردود۔

لیکن اس میں پھر اختلاف ہے کہ عمر بھر میں صرف ایک مرتبہ فرض وواجب ہے کیونکہ مطلق امر تکرار کو نہیں چاہتا اور مامور بہ کی نفس ماہیت فرد واحد کے ضمن میں متحقق ہو جاتی ہے۔ جمہور علماء اُمت بمع امام ابوحنیفہ اور امام مالک اسی کے قائل ہیں اور بعض نے کہا تشہد میں واجب ہے خواہ فرائض وواجبات ہوں یا سنن ونوافل اور بعض نے بکثرت صلواۃ وسلام پڑھنے کو واجب کہا بغیر کسی عدد کی تعیین وتخصیص کے اور یہی قاضی ابوبکر بن بکیر کا مختار ہے اور بعض نے کہا کہ ہر مجلس میں ایک مرتبہ واجب ہے خواہ آپ کا ذکر مبارک بار بار ہوتا ہے اور بعض حضرات نے کہا کہ جب بھی آپ کا ذکر کیا جائے درود وسلام واجب ولازم ہے اور علماء احناف کی ایک جماعت اسی کی قائل ہے جن میں امام طحاوی بھی شامل ہیں جیسے کہ فرمایا تَجِبُ كُلَّمَا سَمِعَ ذِكْرَهٗ مِنْ غَيْرِهٖ اَوْذَكَرَهٗ بِنَفْسِهٖ اور علماء مالکیہ میں سے طرطوشی۔ ابن عربی اور فاکہانی وغیرہم اس کے قائل ہیں اور شوافع حضرات میں امام حلیمی۔ استاذ ابو اسحاق اسفرائنی اور شیخ ابوحامد اسفراینی وغیرہم اسی کے قائل ہیں اور اس قول کی تائید وتقویت کے لیے وہ احادیث مبارکہ کافی ہیں جن میں ذکرِ حبیب کے بعد درود وسلام ذکر نہ کرنے پر مختلف وعیدات ذکر کی گئی ہیں اور کسی فعل کے ترک پر وعید کا ذکر اس کے وجوب کی علامت ہے۔ کما ہو مختار اکثر العلماء والتفصیل فی روح المعانی ص ۸۵ و ۸۶ جلد ۲۲

اقول وجوب فرض کے معنی میں آتا ہے اور فرض وسنت کے درمیانی مرتبہ پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے یعنی جس کا انکار کفر تو نہ ہو لیکن ترکِ عمل پر عذاب ترکِ فرض کی مانند ہو۔ تو ایسی صورت میں عمر بھر میں ایک دفعہ اس کا پڑھنا فرض ہوگا مانند کلمۂ توحید کے اور تشہد صلوات میں اور مجالس میں ذکر پاک آنے پر واجب ہوگا نہ کہ فرض ہذا واللہ ورسولہ اعلم

افضل الصلوات و التسلیمات

علماء اسلام کا اس میں بھی اختلاف ہے کہ سب سے افضل درود کونسا ہے بعض نے نماز میں پڑھے جانے والے دُرود کو افضل قرار دیا کیونکہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس کی تعلیم دی اور ظاہر ہے کہ آپ نے افضل و اعلیٰ کیفیت ہی اپنے لیے اختیار فرمائی ہوگی۔ اسی لیے نووی علیہ الرحمہ نے کہا کہ اگر کوئی حلف اُٹھائے کہ میں نبی رحمت صلّی اللہ علیہ وسلم پر افضل ترین دُرود پڑھوں گا تو اس کی قسم صرف اسی درود کے پڑھنے سے پوری ہوگی لیکن دوسرے علماء اسلام نے ان سے اختلاف کیا ہے۔

۱۔ رافعی نے مروزی سے نقل کیا ہے کہ قسم اس درُود کے پڑھنے سے پوری ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمدّ کریم اور آل محمد پر ہر بار کہ اہل ذکر تیرا ذکر کریں اور ہر بار کہ ان سے اہلِ غفلت غفلت برتیں۔

۲۔ قاضی حسین فرماتے ہیں قسم پوری ہونے کی صورت یہ ہے کہ یہ دُرود پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ اے اللہ محمدّ کریم پر دُرود بھیج جیسے کہ وہ اس کے لائق اور مستحق ہیں

۳۔ علامہ بارزی نے کہا کہ افضل ترین درود یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ اے اللہ محمد و آل محمد پر افضل ترین درود بھیج اپنے (لامحدود) معلومات کے مطابق۔

۴۔ علامہ کمال بن الہمام حنفی نے فرمایا کہ درود شریف کے متعلق منقول تمام کیفیات اور صیغے اس درود میں آجاتے ہیں لہٰذا یہ سب سے افضل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَلٰی سَيِّدِنَا عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ تَسْلِيْمًا وَّزِدْهُ شَرَفًا وَّتَكْرِيْمًا وَّاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ اے اللہ ہمیشہ اپنا افضل ترین درود بھیج ہمارے سردار اپنے عبدِ خاص اور نبی و رسول محمد پر اور آپ کی آل پر اور سلام بھیج اور ان کے شرف و کرامت میں اضافہ فرما اور قیامت کے دن انھیں اپنے قریب ترین منزل میں جگہ عطا فرمانا۔

۵۔ صحابہ کرام اور تابعین بالاحسان کی عظیم جماعت سے یہی منقول ہے کہ نبی الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم پر صلواۃ بھیجنے میں

منصوص کیفیت پر انحصار و توقف نہیں ہے بلکہ جس کو اللہ تعالیٰ نے فصاحت و بلاغت سے نوازا ہوا ور وہ ان معانی و مطالب کو فصیح اور صریح عبارات سے ادا کر سکتا ہو جو آنحضور کے کمال شرف اور عظمت حرمت پر مشتمل ہوں تو اسے یہ حق حاصل ہے اور اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی وہ روایت ہے جسے عبدالرزاق۔ عبد بن حمید۔ ابن ماجہ اور ابن مردویہ نے آپ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا جب نبی مکرم صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود و صلواۃ بھیجو تو اچھی سے اچھی صلواۃ بھیجو کیونکہ تمھیں کیا معلوم کہ ہو سکتا ہے وہ آپ پر پیش کی جائے تو عرض کیا گیا کہ آپ ہی ہمیں ایسی عمدہ صلواۃ سکھلاؤ تو آپ نے فرمایا اس طرح عرض کیا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰی سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ، اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اے اللہ اپنی صلوات اور رحمت و برکات نازل فرما سیّد المرسلین۔ امام المتقین اور آخرالزمان نبی محمدّ پر جو تیرے عبد خاص ہیں اور خیر و بھلائی کی طرف رہبر و قائد ہیں اور سراپا رحمت رسول ہیں۔ اے اللہ ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کی وجہ سے اولین و آخرین ان کے ساتھ رشک کریں گے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمدّ و آل محمدّ پر جیسے تو نے صلواۃ نازل فرمائی ابراہیم و آل ابراہیم پر بیشک تو ہمیشہ کے لیے سراہا ہوا ہے اور بزرگ و برتر ہے

(روح المعانی ص[illegible] جلد ۲۲)

۶۔ دارقطنی نے افراد میں اور ابن نجار نے تاریخ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ میں بارگاہ نبوی علیٰ صاحبہا الصلواۃ والسلام میں حاضر تھا کہ ایک آدمی حاضر خدمت ہوا، اس نے سلام پیش کیا اور آپ نے اس کا جواب عنایت فرمایا بڑی خندہ پیشانی سے پیش آئے اور اپنے پہلو میں بٹھایا جب وہ اپنا مدعا پورا کر کے رخصت ہوا تو آپ نے فرمایا، اے ابوبکر یہ وہ شخص ہے کہ جس کا ہر روز تمام روئے زمین والوں کے برابر عمل اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا یہ کیسے اور کیونکر ہوتا ہے تو آپ نے فرمایا کہ جب بھی یہ صبح کرتا ہے تو دس مرتبہ تمام مخلوق کے برابر درود بھیجتا ہے میں نے عرض کیا وہ کیسے تو آپ نے ارشاد فرمایا یہ کہتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِيِّ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ۔ (در منثور ص۲۱۶ ج ۵)

اے اللہ صلواۃ و رحمت کاملہ نازل فرما نبی محمدّ پر مطابق تعداد اپنی مخلوق میں سے صلواۃ بھیجنے والوں کے اور

صلواۃ نازل فرما نبی محمد پر جیسے کہ ہمارے لیے مناسب ہے کہ ہم ان پر درود و صلواۃ بھیجیں اور اپنے نبی محمد پر درُود و صلواۃ بھیج جیسے کہ تو نے ہمیں ان پر صلواۃ کا حکم دیا۔

۷۔ ابن عدی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے اور ابوداؤد۔ ابن مردویہ اور بیہقی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسے یہ امر خوشی و مسرت عطا کرے کہ اسے کامل اکمل پیمانہ کے ساتھ پوری پوری جزاء دی جائے جبکہ وہ ہم اہل بیت پر درود و صلواۃ بھیجے تو چاہیئے کہ وہ یوں کہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَاُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

حضرت ابوہریرہ کی روایت میں یہ کلمات ہیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالنَّبِیِّ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ درمنثور ص۲۱۸ ج ۵ اور یہ امر واضح ہے کہ اگر یہ درود افضل ترین نہ ہوتا تو کامل و اکمل پیمانہ کے ساتھ پوری پوری جزاء کا موجب نہ ہوتا۔

۸۔ عبدالرزاق اور عبد بن حمید نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا کہ آپ جب درود و صلواۃ پڑھتے تو یوں کہتے۔ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدِ ۣالْكُبْرٰی وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَاءَ وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ وَ الْاُوْلٰی كَمَا اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰی۔ اے اللہ محمد کریم کی شفاعتِ کبریٰ قبول فرما اور ان کا درجہ عالیہ بلند فرما۔ اور ان کا مطلوب و مدعا دنیا و آخرت میں عطا فرما جیسے کہ تو نے حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کو ان کا مطلوب اور مدعا عطا فرمایا۔

۹۔ علامہ آلوسی نے فرمایا فِیْ عِدَّةِ طُرُقٍ عَنْ عِدَّةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ اَنَّهُمْ لَمَّا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالُوْا صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْكَ۔ متعدد اسانید سے مختلف صحابہ کرام علیہم الرضوان سے مروی ہے کہ وہ جب عرض کرتے یارسول اللہ تو ساتھ ہی عرض کرتے صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْكَ۔

اقول نیز تمام محدثین و مفسرین اور فقہاء و اصولیین اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں اور دوران تقریر و تکلم ہر مقرر اور متکلم کہتا ہے صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی اور اسم گرامی آئے اور صحابہ کرام علیہم الرضوان حاضر خدمت ہوتے وقت السلام علیک یارسول عرض کرتے تھے اور تشہد میں منقول و منصوص الفاظ استعمال نہیں کرتے تھے تو صرف درود ابراہیمی کو افضل ترین صلواۃ ماننے سے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے عہد سے لے کر آج تک تمام اُمّت کا ترکِ افضل پر اجماع لازم آئے گا اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف

سے افضل ترین صلواۃ کی قولی اور تقریری طور پر مخالفت بھی لازم آئے گی جس کا بطلان واضح ہے۔ لہٰذا یہ امر تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں کہ سلام کے وہ مخصوص الفاظ اور صلواۃ کی وہ مخصوص کیفیت صرف نماز سے متعلق ہے عام نہیں ہے اور روایات سے بھی یہی تخصیص ثابت ہے لہٰذا اس کی افضیلت نماز تک محدود ہے۔

۱۰۔ ابن خزیمہ۔ حاکم اور بیہقی نے حضرت ابومسعود عقبہ بن عمرو سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا اَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ نُصَلِّیْ عَلَيْكَ اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا عَلَيْكَ فِیْ صَلٰوتِنَا۔ لیکن سلام پیش کرنے کا طریقہ تو ہم نے جان لیا تو درود و صلواۃ کس طرح بھیجیں جب ہم آپ پر نماز میں صلواۃ بھیجیں یہ سوال سن کر آپ خاموش رہے پھر فرمایا جب صلواۃ بھیجو تو یوں کہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ (درمنثور ص۲۱۸ ج ۵)

علامہ ابن قیم نے جلاء الافہام میں ذکر کیا کہ ... اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا فِیْ صَلٰوتِنَا والے اضافہ کو امام احمد نے نقل کیا ہے اور اس کو ابن خزیمہ اور حاکم نے اپنی اپنی صحیح میں اسی اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کو علی شرط مسلم تسلیم کیا ہے۔ اور اس سند میں محمد بن اسحاق کی وجہ سے جو جرح کی جاتی ہے اس کا جواب دیتے ہوئے کہا اِنَّ ابْنَ اِسْحَاقَ ثِقَةٌ لَمْ يُجْرَحْ بِمَا يُوْجِبُ تَرْكَ الْاِحْتِجَاجِ بِهٖ وَقَدْ وَثَّقَهٗ كِبَارُ الْاَئِمَّةِ وَاَثْنَوْا عَلَيْهِ بِالْحِفْظِ وَالْعَدَالَةِ اللَّذَيْنِ هُمَا رُكْنَا الرِّوَايَةِ ص۳۰

ابن اسحاق ثقہ ہے اس پر ایسی جرح نہیں کی گئی جس سے اس کی روایت کے ساتھ استدلال کا ترک لازم ہو جائے جبکہ اکابر ائمہ نے اس کی توثیق کی ہے اور حفظ و عدالت کے ساتھ اس کی ثناء کی ہے جو روایت کے رکن ہیں نیز محمد بن اسحاق کی روایت میں تدلیس کا اندیشہ ہوتا ہے اور اس روایت میں اس کی طرف سے سماع کی تصریح موجود ہے لہٰذا یہ اندیشہ اور توہم بھی ختم ہو گیا۔

نیز علامہ موصوف نے ہی دوسرے مقام پر فرمایا "قَدْ صَحَّحَ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْحُفَّاظِ مِنْهُمْ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَالدَّارَقُطْنِیُّ وَالْبَيْهَقِیُّ ص۲۰۸" یعنی صحابی رسول حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ کے استفسار اور ابومسعود انصاری بدری صحابی کی روایت میں مذکور اس اضافہ کی "کہ جب ہم نماز میں آپ پر صلواۃ بھیجیں تو کس طرح بھیجیں" کی توثیق حفاظ حدیث کی جماعت نے فرمائی ہے جن میں ابن خزیمہ، ابن حبان، حاکم، دارقطنی اور بیہقی رحمہم اللہ تعالیٰ شامل ہیں۔ وکذا فی فتح الباری للعسقلانی ص۴۰۹ ج ۸

علاوہ ازیں صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا "ھٰذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ قَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكَ۔ یہ مامور بہ سلام تو ہم پیش کرنے کا طریقہ جان چکے فرمائیں صلوٰۃ پیش کرنے کی کیفیت کیا ہے وَمِنَ الْمَعْلُوْمِ اَنَّ السَّلَامَ الَّذِیْ عَلِمُوْهُ هُوَ قَوْلُهُمْ فِی الصَّلٰوةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَوَجَبَ اَنْ تَكُوْنَ الصَّلٰوةُ الْمَقْرُوْنَةُ هِیَ فِی الصَّلٰوة۔ جلاء الافہام صد ۱۹۹

اور یہ امر معلوم و مسلّم ہے کہ جو سلام انھیں معلوم تھا وہ یہی نماز میں ان کا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہنا ہی تھا لہٰذا ضروری ٹھہرا کہ اس استفسار پر جو صلوٰۃ کی کیفیت سکھلائی گئی اس کا تعلق بھی نماز سے ہی ہو۔

علامہ ابن القیم حنبلی نے ہی جلاء الافہام صد ۲۰۸ پر فرمایا

مزید وضاحت اس دعویٰ کی اس امر سے ہو جاتی ہے کہ اگر اس صلوٰۃ اور سلام سے مراد نماز سے باہر کی کیفیت کا بیان ہوتا تو ہر صحابی بوقت سلام ہی عرض کرتا۔ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ" وَمِنَ الْمَعْلُوْمِ اَنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا يَتَقَيَّدُوْنَ فِی السَّلَامِ عَلَيْهِ بِهٰذِهِ الْكَيْفِيَّةِ۔ اور یہ سبھی کو معلوم ہے کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سلام پیش کرتے وقت اس کیفیت خاصہ کی پابندی نہیں کرتے تھے بلکہ کوئی حاضر خدمت ہوتا تو السلام علیکم عرض کرتا اور بعض "اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ" کہتے اور کچھ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" عرض کرتے نیز صحابہ کرام ابتداء اسلام سے آپ کو سلام پیش کرتے چلے آرہے تھے جو اسلام میں ان کو سکھلایا گیا تھا اور بعد ازاں ان کو جو سکھلایا گیا وہ نماز کا سلام تھا۔

الغرض یہ حقیقت مہر نیمروز کی طرح روشن ہوگئی کہ یہ طریقہ صلوٰۃ بھیجنے کا نماز سے مخصوص ہے اور صلوٰۃ کو علی الاطلاق اس کیفیت مخصوصہ میں مقید ٹھہرانا نص قطعی کے اطلاق کو منسوخ کرنے کے مترادف ہے جبکہ ظنی روایت اور خبر واحد کے ساتھ قطعی کا نسخ بالکل جائز نہیں ہے۔

نیز اس خبر واحد میں کوئی حصر اور تخصیص کا کلمہ بھی نہیں کہ فقط یہی الفاظ ادا کئے جائیں دوسرے الفاظ سے صلوٰۃ کی ادائیگی درست نہیں۔ پھر تمام صحابہ کرام اور تابعین و تبع تابعین کے عہد سے آج تک اس درود و سلام پر بھی عمل چلا آرہا ہے "صلی اللہ علیہ وسلم" اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مختلف صیغے مروی و منقول ہیں اور صحابہ کرام نے اپنے طور پر بھی مختلف انداز سے درود و سلام پڑھے اور پڑھنے کا حکم دیا اور مشائخ کرام نے درود و سلام کے صیغوں پر مشتمل کتابیں تصنیف فرمائیں جو ہزاروں درودوں اور سلاموں پر مشتمل ہیں اور سلاسل اربعہ میں ان کا پڑھنا مروج اور معمول ہے اور مشائخ اپنے متعلقین کو بھی ان کے پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں اور مولوی حسین احمد مدنی دیوبندی نے بھی شہاب ثاقب

صد ۶۶ پر دلائل الخیرات شریف وغیرہ کے متعلق علماء دیوبند کے معمولات میں سے ہونے اور اپنے متعلقین کو بھی اس کے پڑھنے کی تلقین کی تصریح کی ہے چنانچہ لکھتے ہیں کہ "وہابیہ خبیثہ کثرت صلوٰۃ و سلام و درود بر خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام اور قراءت دلائل الخیرات و قصیدہ بردہ و قصیدہ ہمزیہ وغیرہ اور اس کے پڑھنے اور استعمال کرنے اور ورد بنانے کو سخت قبیح و مکروہ جانتے ہیں (تا) حالانکہ ہمارے مقدس بزرگانِ دین اپنے متعلقین کو دلائل الخیرات وغیرہ کی سند دیتے رہے ہیں اور ان کو کثرتِ درود و سلام و تحزیب و قراءت دلائل الخیرات وغیرہ کا امر فرماتے رہے ہیں۔ ہزاروں کو مولانا گنگوہی و مولانا نانوتوی نے اجازت فرمائی اور مدتوں خود بھی پڑھتے رہے۔ شہاب ثاقب صد ۶۶

علامہ اسماعیل حقی رحمہ اللہ نے روح البیان جلد سابع صد ۲۲۳ پر فرمایا۔

وَاعْلَمْ اَنَّ الصَّلٰوَاتِ مُتَنَوِّعَةٌ اِلٰی اَرْبَعَةِ اٰلَافٍ وَفِیْ رِوَايَةٍ اِلٰی اِثْنَیْ عَشَرَ اَلْفًا عَلٰی مَا نُقِلَ عَنِ الشَّيْخِ سَعْدِ الدِّيْنِ مُحَمَّدِ الْحَمَوِیِّ قُدِّسَ سِرُّهٗ كُلٌّ مِنْهَا مُخْتَارُ جَمَاعَةٍ مِنْ اَهْلِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ بِحَسْبِ مَا وَجَدُوْهُ رَابِطَةَ الْمُنَاسَبَةِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَهِمُوْا فِيْهِ الْخَوَاصَّ وَالْمَنَافِعَ۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ درود و صلوات چار ہزار انواع و اقسام ہیں اور ایک روایت کے مطابق بارہ ہزار اقسام جیسے کہ شیخ سعد الدین محمد حموی قدس سرہ سے منقول ہے جن میں سے ہر ایک درود شرق و غرب کے اخیار و اصفیاء اور کاملین کی ایک جماعت کا مختار ہے جس کی بنائے اختیار اس درود و صلوٰۃ کی بدولت ان کے اور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان قائم ہونے والے ربط اور روحانی تعلق پر ہے اور ان خواص اور منفعتوں پر جو انہیں ان درودوں اور صلوات میں معلوم ہوئیں (اپنے نور فراست اور کشف کے ذریعے اور اپنے تجربات و مشاہدات کی بدولت)

منها قوله "اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْلَ اللّٰهِ (الی) اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَحَمَلَةِ عَرْشِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلَيْكَ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

ایں صلوات را صلوات فتح گویند چہل کلمہ است صلوائے مبارکست و نزد علماء معروف و مشہور و بہر مرادے کہ خوانند حاصل گردد، ہر کہ چہل بامداد بعد از ادائے فرض بگوید کار بستہ او بکشاید و بر دشمن ظفر یابد و اگر در حبس بود حق تعالیٰ سبحانہ او را رہائی بخشد و خواص او بسیار است صد ۲۳۶ ج ۷۔ ان درودوں اور صلوات میں سے یہ درود و صلوٰۃ بھی ہے۔ اس کو صلوات فتح کہتے ہیں جو چالیس کلمات (ندائیہ) پر مشتمل ہے۔ بہت بابرکت درود ہے اور علماء کرام کے نزدیک مشہور و معروف اور جس مرام و مقصد کے لیے اسے پڑھیں وہ ضرور حاصل ہوگا جو شخص چالیس روز صبح کی نماز فرض ادا کرنے کے بعد یہ درود

پڑھے تو اس کی مشکل حل ہو جائے گی اور اسے دشمن پر ظفر و کامیابی حاصل ہو گی اور اگر قید و حبس میں ہو تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کو رہائی اور خلاصی بخشے گا اور علاوہ ازیں بھی بہت خواص ہیں۔ منہا قولہ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْحَرَمَيْنِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْخَافِقَيْنِ (الی) عَلَيْكَ وَعَلٰى عِتْرَتِكَ وَاُسْرَتِكَ وَاَوْلَادِكَ وَاَحْفَادِكَ وَاَزْوَاجِكَ وَاَفْوَاجِكَ وَخُلَفَائِكَ وَنُقَبَائِكَ وَنُجَبَائِكَ وَاَصْحَابِكَ وَاَحْزَابِكَ وَاَتْبَاعِكَ وَاَشْيَاعِكَ سَلَامُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ ایں را تسلیمات سبعہ گویند کہ ہفت سلام است ہر کہ بکارے درماند و مہمات او فرو بستہ باشد ہفت روزے بعد از ادائے نمازے یازدہ بار صلوات فرستد پس ایں تسلیمات را ہفت بار بخواند مہم کفایت شود و حاجت روا گردد ص۲۳۶

انہیں تسلیمات سبعہ کہتے ہیں کیونکہ سات (صیغے) سلام کے ہیں، جو شخص کسی کام میں عاجز آجائے اور اس کے اہم معاملات میں رکاوٹ پیدا ہو جائے تو سات دن نماز ادا کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ دُرود پڑھے پھر یہ سات سلام سات مرتبہ پڑھے تو اس کی مشکل دور ہو جائے گی اور حاجت روا ہو جائے گی۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکّی چشتی صابری قدس سرہ العزیز نے سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی زیارت کا شرف حاصل کرنے کے لیے جو درود و صلوات تلقین فرمائی ہیں وہ بھی صیغۂ ندا پر ہی مشتمل ہیں۔ فرماتے ہیں

"طریق زیارت صلی اللہ علیہ وسلم"

بعد نمازِ عشا با طہارت کامل و جامۂ نو و استعمال خوشبو باادب تمام روبسوئے مدینہ منوّرہ بنشیند و ملتجی از جناب اقدس حقیقت محمدی برائے حصول زیارت جمال مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شود و دل را از جمیع خطرات خالی کردہ صورت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلباس بسیار سفید و عمامۂ سبز و چہرۂ منور مثل بدر بر کرسی تصور کند و الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ راست۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ چپ، الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ در دل خود ضرب کند ایں درُود شریف را ہر قدر کہ تواند پے در پے تکرار کند بعد ازاں ایں ہر سہ درود۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَاهُ۔ ہر قدر کہ تواند بعدد طاق بخواند و بوقت خفتن بست و یکبار سورۂ اذا جاء نصر اللہ خواندہ بتصور جمال مبارک درود گویاں سر بسوئے قطب و رو بقبلہ و بر دست راست بخسپد الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ خواندہ بر کف راست دمیدہ و زیر سر نہادہ بخسپد ایں عمل شب جمعہ یا شب دوشنبہ بکند، چند بار بعمل آرد ان شاء اللہ تعالیٰ بمطلوب خواہد رسید (ضیاء القلوب ص۸۱)

نمازِ عشاء کے بعد کامل طہارت کے بعد نئے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر کامل ادب کے ساتھ منہ مدینہ منوّرہ کی طرف کرکے بیٹھے اور حقیقت محمّدیہ کی بارگاہ اقدس میں جمال مبارک کی زیارت کی التجاء کرے اور دل کو تمام خیالات و وساوس سے خالی کرکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت مبارک کا تصور اس طرح کرے کہ آپ بہت سفید لباس زیب تن فرمائے، سبز عمامہ سرانور پر باندھے چودھویں کے چاند جیسے چمکتے چہرہ انور کے ساتھ میرے سامنے کرسی پر جلوہ افروز ہیں اور پھر الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ دائیں جانب متوجہ ہو کر۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ بائیں جانب متوجہ ہو کر اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ دل کی طرف متوجہ ہو کر پڑھے اور اس دُرود کو پے در پے جس قدر بھی استطاعت وقدرت ہو بار بار پڑھے۔ اس کے بعد یہ تین دُرود جتنا قدر ممکن ہو اس قدر زیادہ تعداد میں طاق مرتبہ پڑھے اور سوتے وقت اکیس مرتبہ سورۂ اذا جاء نصر اللہ پڑھے اور جمال مبارک کا تصور کرتے ہوئے دُرود پڑھتے پڑھتے سر قطب شمال کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف کرکے لیٹے اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کرکے اسے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے اور یہ عمل جمعہ کی رات یا سوموار کی رات کرے اگر کئی مرتبہ اس پر عمل پیرا ہو گا تو انشاء مطلوب حاصل ہو جائے گا۔

اور دوسرے مقام پر اسی سعادت کے حصول کا طریقہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"ذکر کشف روح مبارک صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم"

صورت مثالیہ آنحضرت را تصور نمودہ درُود خواند و بطرف راست یا احمد و چپ یا محمد و در دل یا رسول اللہ ضرب کند ہزار بار بگوید علانیہ یا در خواب از دولت دیدار مبارک مشرف شود (ضیاء القلوب ص۵۸)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مثالیہ کا تصور کرتے ہوئے دُرود پڑھے اور دائیں جانب یا احمد (الصلوٰۃ والسلام علیک یا احمد) اور بائیں جانب (الصلوٰۃ والسلام علیک) یا محمد اور دل پر ضرب لگاتے ہوئے (الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ) ہزار مرتبہ کہے۔ بیداری میں یا خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہو جائے گا۔

علامہ ابن القیم نے جلاء الافہام ص۲۵۸ اور علامہ حافظ شمس الدین سخاوی نے القول البدیع ص۱۷۳ پر حضرت شبلی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مقبولیت اور آپ کی ان پر نظر التفات اور نگاہ لطف وکرم کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھتے تھے "لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ اور پھر تین مرتبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ پڑھتے تھے۔

چنانچہ جب حضرت شبلی حضرت ابوبکر بن مجاہد کے پاس ان کی مسجد میں تشریف لائے تو وہ ان کے استقبال کو اُٹھے اور انھیں گلے لگایا اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا تو ابوبکر محمد بن عمر نے ان سے عرض کیا "یَا سَیِّدِیْ تَفْعَلُ هٰذَا بِالشِّبْلِیِ اَنْتَ وَجَمِیْعُ مَنْ بِبَغْدَادَ یَتَصَوَّرَ اِنَّهٗ مَجْنُوْنًا؟ فَقَالَ فَعَلْتُ بِهٖ كَمَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ بِهٖ۔ اے میرے مخدوم ومولیٰ تم شبلی کے ساتھ اس طرح تعظیم وتکریم سے پیش آرہے ہو حالانکہ تم خود اور تمام اہلِ بغداد ان کو مجنون سمجھتے ہیں تو انھوں نے فرمایا میں نے ان کے ساتھ ویسے ہی سلوک کیا ہے جیسے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ان کے ساتھ کرتے دیکھا ہے۔

پھر اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ میں خواب میں دیدار مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مشرف ہوا اور دیکھا کہ شبلی آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہے ہیں تو آپ ان کے لیے اُٹھے اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ جب میں نے عرض کیا کہ آپ ان سے یہ مہربانی کیوں فرما رہے ہو تو فرمایا یہ ہر نماز کے بعد یہ آیت پڑھتا ہے اور اس کے بعد یہ تین مرتبہ "صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدُ" پڑھتا ہے چنانچہ جب شبلی میرے پاس تشریف لائے تو میں نے ان کے نماز کے بعد والے ورد و وظیفہ کے متعلق دریافت کیا تو انھوں نے اس وقت بھی وہی کیفیت بیان کی۔

اور علامہ سخاوی نے مزید کہا کہ امام ابوبکر بن مجاہد نے کہا "اَلَا اَقُوْمُ لِمَنْ یُعَظِّمُهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ" کیا میں اس کے لیے قیام کیوں نہ کروں جس کی رسول پاک تعظیم کریں پھر فرمایا کہ مجھے رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلّم نے خواب میں دیدار سے مشرف فرمانے کے بعد کہا کہ کل تیرے پاس ایک جنتی شخص آئے گا لہٰذا اس کے آنے پر اس کی تعظیم وتکریم کرنا۔ جب میں نے تعمیل ارشاد میں حضرت شبلی کی تعظیم وتکریم کی تو دو تین رات بعد پھر آپ نے دولت دیدار سے مشرف فرمایا "اَكْرَمَكَ اللّٰهُ كَمَا اَكْرَمْتَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ۔ اللہ تعالیٰ تجھے بزرگی وبرتری بخشے جیسے کہ تو نے ایک جنتی آدمی کی تعظیم وتکریم کی ہے۔ جب میں نے اس کرمنوازی اور بندہ پروری کا سبب دریافت کیا تو فرمایا یہ وہ شخص ہے جو اسّی سال سے ہر نماز کے بعد یہ عمل کرتا چلا آرہا ہے۔ "اَفَلَا اُكْرِمُ مَنْ یَّفْعَلُ هٰذَا"۔ تو کیا ایسے پاکیزہ عمل والے شخص کی میں تعظیم نہ کروں۔

اگر یہ دُرود کسی فضیلت و برتری کا حامل نہ ہوتا تو اس کا پڑھنے والا اس قدر تعظیم وتکریم اور جنّت کی بشارات کا مستحق کیونکر ہوتا، گویا یہ دُرود اس قدر مقبول بارگاہِ رسالت اور مقبول بارگاہِ خداوند تعالیٰ ہے کہ ہر مراد بر آتی ہے ہر مشکل حل ہوتی ہے اور دولتِ دیدار جیسی عظیم نعمت بھی اس کی بدولت حاصل ہوتی ہے اور چشم بخت وا ہو جاتی ہے اور دل کی میل دھل جاتی ہے اور آئینہ قلب اس قدر صاف اور اجلا ہو جاتا ہے کہ آفتاب حقیقت محمدیہ کے جلوے اس میں جھلکنے

لگتے ہیں اور دیدۂ بصیرت اور دیدۂ بصر حبیب کریم علیہ الصلواۃ والتسلیم کے دیدار والی نعمت عظمیٰ سے مشرف ہو جاتے ہیں اور نبی الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم ایسے دُرود پڑھنے والوں کی خود بھی تعظیم وتکریم فرماتے ہیں اور دوسروں کو بھی اس کا حکم دیتے ہیں۔ اگر یہ درود اور صلواۃ ہی نہ ہوتے اور ان کا پڑھنا بدعت اور ناجائز ہوتا تو یہ فوائد عظیمہ کیونکر ان کی بدولت حاصل ہوتے۔ جب اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کریم کو یہ سب دُرود وسلام پسند ہیں تو پھر کسی دوسرے سے اس کے جواز کی سند حاصل کرنے کی ضرورت ہی کیا ہو سکتی ہے۔

"کیا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سپیکری دُرود ہے"

آج کل بعض بے باک اور گستاخ لوگ الصلواۃ والسلام علیک یارسول اللہ کو سپیکری دُرود اور بریلی کے دُرود سے تعبیر کر کے اس کی اہمیت کو کم کرنے بلکہ اس کو ناجائز ثابت کرنے کی سعی ناپاک کرتے ہیں تو ان کی توجہ کے لیے عرض ہے کہ ان اقوال کو غور سے پڑھیں تاکہ حقیقتِ حال واضح ہو جائے اور اس درود وسلام کے فوائد عظیمہ اور اس کی شان قبولیت کھل کر سامنے آجائے اور یہ توہم بیخ و بن سے اکھڑ جائے۔ نیز مزید توضیح بھی پیش خدمت ہے ہو سکتا ہے باعث ہدایت اور موجب انابت ہو۔

علامہ حافظ شمس الدین سخاوی فرماتے ہیں "ذَهَبَ الْجُمْهُوْرُ اِلَى الْاِجْزَاءِ بِكُلِّ لَفْظٍ اَدَّى الْمُرَادَ مِنَ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَالَ بَعْضُهُمْ لَوْ قَالَ فِیْ اَثْنَاءِ التَّشَهُّدِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ اَجْزَاَهٗ" —— جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ ہر وہ لفظ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلواۃ کے مقصد کو پورا کر دے وہ کافی ہے حتّٰی کہ بعض نے کہا کہ اگر تشہد کے دوران "اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ" کہہ دے تو یہ نمازی کے لیے کافی ہے یعنی صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا پر اس صورت میں عمل ہو گیا اور تعمیل فرمان ہو گئی۔

اور علامہ حسین احمد دیوبندی شہاب ثاقب میں تصریح کرتے ہیں کہ دُرود کے ضمن میں ندائے یارسول اللہ جائز ہے یعنی الصلواۃ والسّلام علیک یارسول اللہ چنانچہ فرماتے ہیں۔ وہابیہ خبیثہ یہ صورت نہیں نکالتے اور جملہ انواع کو منع کرتے ہیں چنانچہ وہابیہ عرب کی زبان سے بارہا سُنا گیا کہ وہ "الصّلواۃ والسّلام علیک یارسول اللہ" کو سخت منع کرتے ہیں اور اہلِ حرمین پر سخت نفریں اس نداء اور خطاب پر کرتے ہیں اور ان کا استہزاء اڑاتے ہیں اور کلمات ناشائستہ استعمال کرتے ہیں حالانکہ ہمارے مقدس بزرگانِ دین اس صورت اور جملہ صورت دُرود شریف کو اگرچہ بصیغۂ نداء وخطاب کیوں نہ ہوں مستحب اور مستحسن جانتے ہیں اور اپنے متعلقین کو اس کا امر کرتے ہیں۔ شہاب ثاقب ص۶۵

اس اقتباس سے واضح ہوگیا کہ یہ صرف بریلی کا درود نہیں بلکہ دراصل اہلِ حرمین کا ہے اور صدیوں پہلے کے اکابر نے اس کو جائز بھی کہا اور اس پر عمل پیرا بھی رہے اور علمائے دیوبند بھی کل تک ان اہلِ حرمین سے متفق تھے اور اس درود کے منکروں کو خبیث اور پلید سمجھتے تھے مگر اب وہی خبیث اسی روش و کردار اور نظریہ و عقیدہ پر ہوتے ہوئے طیب اور پاک ہوگئے ہیں تو اس کا سبب موجب اور باعث بیان کرنا اخلافِ دیوبند کی ذمہ داری ہے ؟ اَلَیْسَ مِنْکُمْ رَجُلٌ رَّشِیْدٌ۔

نیز اس فرق کا بطلان بھی واضح ہوگیا کہ روضۂ اقدس پر تو الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ جائز ہے مگر دور سے جائز نہیں کیونکہ حسین احمد مدنی صاحب نے خود بھی دور سے پڑھنے کو جائز رکھا اور اہلِ مکہ کا پڑھنا بھی تسلیم کیا اور ظاہر ہے کہ وہ دوری اور نداءِ غائبانہ کی صورت ہی ہے اور اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ یا بقول بعض علماء "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ" جو تشہد میں پڑھتے ہیں وہ بعید سے بھی پڑھا جاتا ہے لہٰذا یہ تفرقہ بھی غلط ہے۔

"مقاماتِ کراہتِ صلواۃ وسلام"

اگرچہ صلواۃ وسلام کا حکم مطلق ہے اور از روئے قواعد و اصول مطلق کو اپنے اطلاق پر رکھا جانا لازم ہے تاوقتیکہ تقیید و تخصیص پر کوئی دلیل اسی پائے کی موجود نہ ہو مگر اللہ تعالیٰ نے نبی کریم علیہ الصلواۃ والتسلیم کی تعظیم و توقیر اور اجلال و تکریم کا حکم دیتے ہوئے فرمایا "لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا" تاکہ تم ایمان لاؤ اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور اس رسول کی تکریم و توقیر کرو اور صبح و شام ان کی طہارت و تقدیس بیان کرو اور فرمایا وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ۔ اور جو اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرے تو وہ دلوں کے تقویٰ و طہارت سے ہیں اور اس آیت کریمہ کے انداز بیان سے واضح ہے کہ ان کی تعظیم و تکریم کا خلاف تقویٰ و ایمانداری کے منافی ہے لہٰذا کسی ایسے مقام پر درود و سلام پڑھنا جو عظمت رسالت اور آدابِ نبوت کے مطابق اور شایانِ شان نہ ہو تو وہ درست نہیں ہوگا علمائے اسلام نے ایسے مقامات کی تصریح کرتے ہوئے فرمایا :

(۱) اِنَّمَا يُصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنِيَّةِ الْقُرْبَةِ وَالْاِحْتِسَابِ وَقَصْدِ التَّعْظِيْمِ وَرَجَاءِ الثَّوَابِ وَلِهٰذَا اَكْرَهَ الْعُلَمَاءُ الصَّلٰوةَ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَبْعَةِ مَوَاضِعَ وَهِيَ الْجِمَاعُ وَحَاجَةُ الْاِنْسَانِ وَشُهْرَةُ الْمَبِيْعِ وَالْعَثْرَةُ وَالتَّعَجُّبُ وَالذَّبْحُ وَالْعِطَاسُ عَلٰى خِلَافٍ فِي الثَّلَاثَةِ الْاَخِيْرَةِ وَذَكَرَ

الشَّيْخُ يُوْسُفُ بْنُ عُمَرَ الْاَكْلَ بَدَلَ شُهْرَةِ الْمَبِيْعِ وَزَادَ الرَّصَّاعُ مَا يَصْدُرُ مِنَ الْعَوَامِ فِي الْاَعْرَاسِ وَ غَيْرِهَا مِنْ اشْتِهَارِهِمْ اَفْعَالَهُمْ لِلنَّظْرِ اِلَيْهَا بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ زِيَادَةِ عَدَمِ الْوَقَارِ وَالْاِحْتِرَامِ بَلْ بِضِحْكٍ وَلَعِبٍ ثُمَّ ذَكَرَ مِنَ الْمَوَاضِعِ الَّتِيْ نُهِيَ عَنِ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ فِيْهَا الْاَمَاكِنَ الْقَذِرَةَ وَاَمَاكِنَ النَّجَاسَةِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔ (مطالع المسرات ص۲۶)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام عبادت اور رضا الٰہی کے حصول، تعظیم و تکریم کے ارادہ اور حصول ثواب کی امید و رجاء پر بھیجا جائے اور اسی لیے علماء کرام نے نبی کریم علیہ الصلواۃ والتسلیم پر سات مقامات میں دُرود و صلواۃ کو مکروہ قرار دیا ہے۔ جماع کے وقت۔ قضاءِ حاجت کے دوران قابل فروخت شئی کی تشہیر کے لیے اور لغزش کھانے پر اور بوقت تعجب اور ذبح اور چھینک کے اگرچہ ان آخری تین کی کراہت میں علماء کا باہم اختلاف ہے اور شیخ یوسف بن عمر نے قابل فروخت چیز کی تشہیر کی جگہ کھانے کا ذکر کیا ہے اور رصاع نے ان پر اضافہ کرتے ہوئے اس صلواۃ کا بھی ذکر کیا ہے جو عوام شادی بیاہ وغیرہ کے موقعہ پر اپنے افعال لہو ولعب کی تشہیر اور لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے کہتے ہیں جس میں بہت بے توقیری اور ترک احترام ہوتا ہے بلکہ ہنسی مزاح اور کھیل کود کی صورت ہوتی ہے۔ پھر مزید برآں ان مقامات میں سے جن میں دُرود و صلواۃ مکروہ و ممنوع ہے ان مقامات کو بھی شمار کیا جن میں پلیدی اور نجاست موجود ہو واللہ اعلم۔

(۲) علامہ اسماعیل حقی روح البیان میں فرماتے ہیں اور چھینک آنے پر بعض کے نزدیک درود شریف پڑھے اور اکثر علماء نے اس کو مکروہ کہا ہے جیسے کہ شرعۃ اور اس کی شرح میں مذکور ہے کہ چھینک کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نہ کرے بلکہ الحمد للہ کہے اور نہ ذبح کے وقت حتّٰی کہ اگر بوقت ذبح بسم اللہ واسم محمدؐ کہے گا تو وہ جانور حلال نہیں ہوگا کیونکہ یہ ذبح خالص اللہ تعالیٰ کے لیے نہیں رہے گی اور اگر بسم اللہ وصلی اللہ علی محمدؐ کہے تو یہ مکروہ ہے اور نہ تعجب کے وقت دُرود بھیجے کیونکہ تعجب کے وقت سبحان اللہ کہنا چاہیئے۔ ص۲۳۲ ج ۷۔

دُرود و سلام کے جائز مقامات

قبل ازیں عرض کیا جا چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا" مطلق ہے اور وہ اپنے اطلاق کے لحاظ سے تمام اوقات اور احوال کو شامل ہے جس طرح کہ صلواۃ وسلام کے معنیٰ پر مشتمل ہر صیغہ کو لہٰذا کسی مقام میں اس کی ممنوعیت اور عدم جواز محتاج ثبوت ہے نہ کہ اس کا جواز اور اباحت یا استحباب لہٰذا جس جگہ علماءِ اسلام

نے عدم جواز کی تصریح کی ہو اور اس کا دار و مدار بھی کسی قطعی دلیل پر ہو تو وہ قول قابل قبول ہوگا اور حجت و سند جس طرح قبل ازیں عرض کیا گیا ہے کہ جو مقامات آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر اور اجلال و تکریم کے منافی ہیں وہاں مکروہ ہے اور جہاں یہ امر مانع متحقق نہ ہوگا وہاں پر جائز ہوگا جن میں بعض میں واجب، بعض میں سنت اور بعض میں مستحب و مستحسن ہوگا علامہ ابن القیم نے چالیس سے زیادہ مقامات کا ذکر کیا ہے جن میں صلوٰۃ وسلام واجب ہے یا تاکیدی مستحب و مستحسن اور علامہ سخاوی نے اٹھاسی سے زیادہ ایسے مقامات کی تصریح کی ہے لیکن حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے صحابہ کرام کے حق میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مژدہ سنایا اور بشارت دی کہ پھر تو تمہاری تمام مشکلات حل ہو جائیں گی اور سب حاجات پوری ہو جائیں گی جب انہوں نے عرض کیا تھا کہ ہم اپنا تمام وقت دیگر اوراد و وظائف کی بجائے صرف آپ پر درود و صلوٰۃ پڑھنے میں ہی صرف کریں گے تو اس سے روز روشن کی طرح واضح ہوگیا کہ صلوٰۃ وسلام کا حکم اپنے اطلاق اور عموم پر ہے اور فرائض و واجبات کے بعد تمام اوقات عزیز ان میں صرف کرنا بہت بڑی عبادت اور سعادت ہے۔ لہٰذا ان حضرات نے جو مقامات ذکر کئے ہیں وہ وجوب یا استحباب مؤکد کے مقامات ہیں نہ یہ کہ جواز و اباحت ان میں ہی منحصر ہے اور ان کے علاوہ مقامات میں جائز ہی نہیں۔

اذان سے پہلے اور اس کے بعد درُود و صلوٰۃ کا حکم

بدقسمتی سے آج کل یہ مسئلہ انتہائی اختلافی بن چکا ہے اور ایک فریق شب و روز اس کی حرمت اور عدم جواز کو بیان کرنا اور اس سے لوگوں کو دور رکھنا اپنا فرض اولین سمجھنے لگا ہے اور پڑھنے والوں پر بڑے سخت الفاظ میں تنقید کرنے لگے ہیں۔ حالانکہ مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے مروی حدیث جو قبل ازیں ذکر ہو چکی ہے اس میں اذان کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود درُود و صلوٰۃ پڑھنے کا حکم دیا ہے اور ساتھ ہی یہ مژدہ بھی سُنایا کہ تمہارے ایک درُود کے بدلے اللہ تعالیٰ تم پر دس درُود بھیجے گا اور یہی حدیث بروایت مسلم مشکوٰۃ شریف میں بھی مذکور ہے لہٰذا اذان کے بعد درُود و صلوٰۃ سے منع کرنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو رد کرنے کے مترادف ہے اور امت کو اللہ تعالیٰ کی صلوات سے محروم کرنے کا موجب بھی جو کسی مسلمان کے بھی شایان شان نہیں چہ جائیکہ علماء اعلام وارثان انبیاء کے۔

سوال۔ وہ حکم تو صرف سامعین کے لیے ہے نہ کہ اذان کہنے والے کے لیے جبکہ کلام مؤذنوں کے صلوٰۃ پڑھنے میں ہے؛

جواب۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مؤذن ہم سے اجر و ثواب میں بڑھ گئے اور ہم اس ثواب اور فضیلت سے محروم رہ گئے جو مؤذن کو حاصل ہوتی ہے تو اس کے تدارک اور اسی قدر اجر و ثواب حاصل کرنے کا طریقہ بیان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ مؤذن کے ساتھ ساتھ اذان کے کلمات دہراتے چلے جاؤ ما سوائے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے کیونکہ یہاں پر "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کہنے کا حکم ہے تو تمہیں بھی وہ اجر و ثواب حاصل ہو جائے گا لیکن درُود اور دعائے وسیلہ کا حکم یہ سب کو شامل ہے۔ ورنہ یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ مؤذن کے لیے دعائے وسیلہ مانگنا بھی منع ہے حالانکہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے کیونکہ اس دُعا پر استحقاق شفاعت کا مژدہ ہے اور اسے مؤذن کے حق میں ممنوع ٹھہرا کر اسے استحقاق شفاعت سے محروم کرنا لازم آئے گا اور اسی طرح درود و صلوٰۃ پڑھنے سے روکنا بھی اللہ تعالیٰ کے دس گنا درود و صلوٰۃ سے محروم کرنے کو مستلزم ہے اور علمی اصطلاح میں اس انداز بیان کو صنعت استخدام سے تعبیر کیا جاتا ہے یعنی قُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ کی ضمیر سے سامعین مراد ہیں اور دوبارہ اعادہ کی صورت میں مؤذن اور سامع سبھی مراد لیتے ہوئے ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ اور ثُمَّ سَلُوا اللّٰہَ لِیَ الْوَسِیْلَۃَ فرمادیا نیز درود و صلوٰۃ دُعا سے قبل مسنون ہے اور دُعا مؤذن کے لیے مسنون تو درُود بھی مسنون۔

اسی طرح اذان سے قبل درُود و صلوٰۃ کہنے کا حکم مخصوص اگرچہ وارد نہیں لیکن عمومات و اطلاقات نصوص اس کو بھی شامل ہیں اور اس میں کوئی بے ادبی اور بے توقیری بھی نہیں بلکہ مؤذن پاک جگہ میں بدن پاک اور لباس پاک کے ساتھ درُود پڑھتا ہے لہٰذا اس کو ناجائز اور ممنوع ٹھہرانے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی۔

سوال۔ اس طرح اذان میں اضافہ لازم آتا ہے اور وہ جائز نہیں ہے۔

جواب۔ اضافہ تو آخر میں پڑھنے سے بھی لازم آجاتا ہے لیکن وہ سنت ہے لہٰذا اضافہ کا بہانہ مشترک ہے مگر آخر میں اس دلیل کا مدلول اور نتیجہ متخلف ہے اور اس حکم یعنی عدم جواز کا دعویٰ باطل ہے لہٰذا اس شبہ کا قطعاً کوئی اعتبار نہیں ہے علی الخصوص جبکہ اذان کا لب و لہجہ اور انداز الگ ہوتا ہے اور درُود شریف کا اس سے بالکل مختلف۔

نیز حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے متعلق ابوداؤد شریف "باب الاذان فوق المنارہ" کے تحت حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے بنو النجار کی صحابی انصاری عورت سے مروی و منقول ہے کہ میرا مکان مسجد نبوی کے اطراف میں سب مکانوں سے بلند تر تھا لہٰذا حضرت بلال فجر کی اذان اس پر دیتے تھے چنانچہ آپ پچھلی رات آکر مکان کی چھت پر بیٹھ جاتے اور طلوع فجر کا انتظار کرنے لگتے۔ جونہی فجر طلوع ہوتی تو اُٹھ کھڑے ہوتے پھر کہتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَحْمَدُكَ وَاَسْتَعِیْنُكَ عَلٰی قُرَیْشٍ اَنْ یُّقِیْمُوْا دِیْنَكَ۔ قَالَتْ ثُمَّ یُؤَذِّنُ قَالَتْ وَاللّٰہِ مَا عَلِمْتُہٗ کَانَ تَرَکَھَا لَیْلَۃً وَّاحِدَۃً ھٰذِہِ الْکَلِمَاتِ۔ (ابوداؤد شریف جلد اول ص۷۷)

اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں اور تجھ سے قریش پر مدد طلب کرتا ہوں کہ وہ تیرے دین کو قائم کریں۔ انصاریہ

فرماتی ہیں کہ پھر اذان کہتے اور بخدا ان کا ان کلمات کو کسی بھی رات میں ترک کرنا میرے علم میں نہیں ہے یعنی ہمیشہ یہ کلمات فجر کی اذان سے پہلے کہا کرتے تھے ...

فائدہ عظیمہ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا یہ روزمرہ کا معمول تھا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام صحابہ کرام جو مدینہ منورہ میں موجود تھے ان کے علم میں تھا لیکن نہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اذان میں اضافہ معلوم ہوا اور نہ صحابہ کرام کو اور نہ خود حضرت بلال کو اور نہ ہی کسی نے ان کو منع فرمایا تو گویا ان کا یہ عمل حدیث تقریری اور اجماع صحابہ اور اجماع اہل مدینہ اور اجماع عترت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیل سے ٹھہرا جس کے بعد کسی مسلمان کے لیے اس قسم کے کلمات حمد اور دُعا کے جواز میں شک وشبہ اور تردد و تذبذب کی گنجائش نہیں ہو سکتی تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر حمد خداوند تعالےٰ اور قریش کی ہدایت اور ان کے لیے خدمتِ اسلام کی توفیق کی دُعا جائز ہے اور یقیناً جائز ہے تو درُود مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کیونکر ناجائز اور ممنوع ہو سکتا ہے؟ اور اسے اذان میں اضافے کے بہانے ناجائز کیونکر کہا جا سکتا ہے۔

اذان کے درمیان درُود وصلواۃ

فقہائے کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ جب موذن "اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ" پہلی مرتبہ کہے تو سامعین کہیں "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" اور دوسری دفعہ کہے تو "قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" کہے علّامہ اسماعیل حقی نے روح البیان میں فرمایا "ثُمَّ اِنَّ لِلصَّلٰوٰتِ وَالتَّسْلِيْمَاتِ مَوَاطِنَ. مِنْهَا اَنْ يُّصَلّٰى عِنْدَ سَمَاعِ اسْمِهِ الشَّرِيْفِ فِي الْاَذَانِ" قَالَ الْقُهُسْتَانِيُّ فِيْ شَرْحِهِ الْكَبِيْرِ نَقْلًا عَنْ كَنْزِ الْعِبَادِ اِعْلَمْ اَنَّهُ يُسْتَحَبُّ اَنْ يُّقَالَ عِنْدَ سَمَاعِ الْاُوْلٰى مِنَ الشَّهَادَةِ .. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَعِنْدَ سَمَاعِ الثَّانِيَةِ. قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ثُمَّ يُقَالُ ـ اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ، بَعْدَ وَضْعِ ظُفْرِ الْاِبْهَامَيْنِ عَلَى الْعَيْنَيْنِ فَاِنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ قَائِدًا لَّهُ اِلَى الْجَنَّةِ انتهى۔ (رُوحُ البَیان جلد ۷ ص ۲۲۹)

خلاصہ مفہوم یہ کہ صلوات وتسلیمات کے بہت سے مقام ہیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اذان میں آپ کا نام مبارک سننے پر صلواۃ پڑھے علامہ قہستانی نے شرح کبیر میں کنز العباد سے نقل کیا ہے کہ جان لو کہ مستحب یہ ہے کہ شہادت رسالت کا کلمہ پہلی مرتبہ سننے پر "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" کہے اور دوسری مرتبہ سننے پر دونوں ہاتھ کے انگوٹھوں کے ناخنوں کو آنکھوں پر رکھ کر کہے "قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" یعنی میری آنکھوں کی ٹھنڈک آپ کی بدولت ہے اے رسول باری تعالیٰ کیونکہ اس طرح کہنے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنت تک رسائی کے لیے اس کی قیادت اور

دستگیری فرما دیں گے۔ اور یہی مضمون طحطاوی علیٰ مراقی الفلاح میں موجود ہے۔ ملاحظہ ہو ص ۱۲۲
علامہ شامی نے ردالمحتار حاشیہ درمختار میں ذکر فرمایا ہے ملاحظہ ہو جلد اوّل ص ۳۷

اذان اور اقامت کے درمیان صلواۃ وسلام

جماعت کے قیام کا قرب بیان کرنے کے لیے جو کلمات استعمال کئے جاتے ہیں انھیں تثویب کہتے ہیں اور اس میں کسی خاص علامات کو معین کر لینا جائز ہے مثلاً تنحنح (گھنگھورنا) قامت قامت (نماز شروع ہو رہی ہے) اَلصَّلٰوةُ اَلصَّلٰوةُ (نماز کی طرف آؤ) وَلَوْ اَحْدَثُوْا اَعْلَامًا مُّخَالِفًا لِّذٰلِكَ جَازَ (اور اس کے علاوہ علامات مقرر کریں تو بھی جائز ہے۔ کذا فی النهر عن المجتبى شامی جلد اوّل ص ۳۶۲ لہٰذا اگر صلواۃ وسلام کو بطور تثویب اور اطلاع کی نیت سے پڑھا جائے تو بھی جائز ہوگا۔

سلطان صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دورِ حکومت میں امراء وسلاطین پر مروج سلام کو ترک کرا کر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کا حکم دیا اور علماء کرام نے اسی کو اختیار کیا درمختار میں فرمایا "اَلتَّسْلِيْمُ بَعْدَ الْاَذَانِ حَدَثَ فِيْ رَبِيْعِ الْاٰخِرِ سَنَةَ سَبْعِ مِائَةٍ وَّاِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ فِيْ عِشَاءِ لَيْلَةِ الْاِثْنَيْنِ ثُمَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ بَعْدَ عَشْرِ سِنِيْنَ حَدَثَ فِي الْكُلِّ اِلَّا فِي الْمَغْرِبِ ثُمَّ فِيْهَا مَرَّتَيْنِ وَهُوَ بِدْعَةٌ حَسَنَةٌ" ——— یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اذان کے بعد سلام پیش کرنے کا طریقہ ۷۸۱ھ ربیع الثانی میں شروع ہوا پہلے پہل صرف سوموار کی عشاء کو سلام پیش کیا جاتا تھا پھر جمعہ کے دن بھی یہ سلام مروج ہو گیا اور دس سال بعد ۷۹۱ھ میں مغرب کے علاوہ تمام نمازوں میں اذان کے بعد (اور جماعت سے قبل) رواج پذیر ہو گیا پھر نماز مغرب میں بھی دو دفعہ کہا جانے لگا اور یہ بدعت حسنہ ہے۔ اور علامہ شامی نے فرمایا کہ جو تاریخ صاحب درمختار نے ذکر کی ہے وہی نہر فائق میں سیوطیؒ کی کتاب حسن المحاضرہ سے منقول ہے ثُمَّ نَقَلَ عَنِ الْقَوْلِ الْبَدِيْعِ لِلسَّخَاوِيْ اَنَّهُ فِيْ سَنَةِ ۷۹۱ھ وَاَنَّ اِبْتِدَاءَهُ كَانَ فِيْ اَيَّامِ السُّلْطَانِ النَّاصِرِ صَلَاحِ الدِّيْنِ بِاَمْرِهِ. پھر علامہ سخاوی کی کتاب القول البدیع سے نقل فرمایا کہ اس کا آغاز ۷۹۱ھ میں ہوا اور اس کی ابتداء سلطان ناصر صلاح الدین کے حکم سے ہوئی۔ اگرچہ سو سال سے زائد عرصہ کے علماء اعلام شوافع اور احناف کے نزدیک وہ بدعت حسنہ ہے اور کار ثواب اور ممنوع و مکروہ نہیں ہے تو اب اس کے خلاف شور و شر اور نزاع و خلاف قطعاً زیبا نہیں ہے اور اس کو روکنے کی کوشش کرنا دین میں مداخلت کے مترادف ہے کیونکہ بدعت شرعیہ صرف بدعت سیئہ ہے یعنی جو قرآن وحدیث کے خلاف ہو اور اس کے عموم واطلاق اور دلالت النص یا اشارۃ النص اور

اقتضاء النص سے ثابت نہ ہو وہ ناجائز ہے اور جو عموم واطلاق میں داخل ہو یا دلالت واشارت اور اقتضاء کے طور پر ثابت ہو تو اس پر عمل قرآن وحدیث پر عمل ہے اور اسے بدعت کہنا محض لغوی لحاظ سے ہے جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تراویح کی نماز با جماعت ایک امام کے پیچھے بدعت حسنہ قرار دیتے ہوئے فرمایا "نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ" یہ اچھی اور بہترین بدعت ہے۔ علامہ سخاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "قَدْ اَحْدَثَ الْمُؤَذِّنُوْنَ الصَّلٰوةَ وَالسَّلَامَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" القول البدیع ص۱۹۲ یعنی موذنوں نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام کو اذان کے بعد جاری کر دیا۔ پانچوں فرائض کی اذانوں میں ماسوائے فجر اور جمعہ کے کہ ان میں اذان سے پہلے صلوٰۃ وسلام کہتے ہیں اور ماسوائے مغرب کے کہ اس کو وقت کی تنگی کی وجہ سے ترک کر دیتے ہیں (تا) وَقَدِ اخْتُلِفَ فِیْ ذٰلِكَ هَلْ هُوَ مُسْتَحَبٌّ اَوْ مَكْرُوْهٌ اَوْ بِدْعَةٌ اَوْ مَشْرُوْعٌ وَاسْتَدَلَّ لِلْاَوَّلِ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَافْعَلُوا الْخَيْرَ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّ الصَّلٰوةَ وَالسَّلَامَ مِنْ اَجَلِّ الْقُرَبِ لَاسِيَّمَا وَقَدْ تَوَارَدَتِ الْاَخْبَارُ عَلَى الْحَثِّ عَلٰى ذٰلِكَ (الی) وَالصَّوَابُ اَنَّهٗ بِدْعَةٌ حَسَنَةٌ يُؤْجَرُ فَاعِلُهٗ بِحُسْنِ نِيَّتِهٖ ص۱۹۳ اور اس میں اختلاف کیا گیا ہے کہ آیا وہ مستحب ہے یا مکروہ یا بدعت یا جائز اور مستحب ہونے پر اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے استدلال کیا گیا ہے کہ نیکی اور بھلائی کے کام کرو اور یہ ہر ایک کو معلوم ہے کہ صلوٰۃ وسلام عظیم وجلیل عبادات کے قبیل سے ہے خصوصاً جبکہ روایات کثیرہ میں اس کی طرف ترغیب دلائی گئی ہے (تا) اور صواب وصحیح یہی ہے کہ وہ بدعت حسنہ مستحبہ ہے اس پر کاربند شخص کو اس کے حسن نیت کی وجہ سے اجر وثواب عطا کیا جائے گا۔ وکذا فی النہر الفائق ورد المحتار ص۳۶۲ جلد ۱

تنبیہ: اگرچہ صلوٰۃ وسلام بعض مقامات میں مباح بلکہ مستحب ہوتا ہے مگر جب اس کی اباحت اور استحباب کا انکار کیا جائے اور حرمت وکراہت کا قول کیا جائے تو اس کی اباحت اور استحباب کو برقرار رکھنے کے لیے وہ مؤکد ہو جاتا ہے جیسے وضو حوض سے کرنا مباح ہے لیکن معتزلہ نے جب اسے ناجائز قرار دیا تو علمائے اہل سنّت نے اس کو مستحب مؤکد قرار دے دیا تاکہ ترک عمل کی وجہ سے لوگوں کے ذہن میں عدم جواز اور ممنوعیت راسخ نہ ہو جائے۔ وَالتَّوَضِّیْ مِنَ الْحَوْضِ اَفْضَلُ مِنَ النَّهْرِ رَغْمًا لِلْمُعْتَزِلَةِ اَیْ لِاَنَّ الْمُعْتَزِلَةَ لَا يُجِيْزُوْنَهٗ مِنَ الْحِيَاضِ فَتَرْغَمُهُمْ بِالْوُضُوْءِ مِنْهَا قَالَ فِی الْفَتْحِ وَهٰذَا اِنَّمَا يُفِيْدُ الْاَفْضَلِيَّةَ لِهٰذَا الْعَارِضِ فَفِیْ مَكَانٍ لَا يَتَحَقَّقُ يَكُوْنُ النَّهْرُ اَفْضَلُ (درّ مختار مع شامی ص۱۷۲ ج۱)

ترجمہ: اور وضو حوض سے کرنا نہر کی نسبت افضل ہے معتزلہ کی تذلیل کے لیے یعنی اس لیے کہ معتزلہ اس کو حوضوں سے جائز نہیں رکھتے لہٰذا تم حوض سے وضو کے ذریعے ان کی تذلیل اور مقصد میں ناکامی کا سامان کیا کرو۔ علامہ ابن ہمام نے فتح القدیر میں فرمایا کہ حوض کو نہر پر افضلیت اس امر عارض کی وجہ سے ہے لہٰذا جہاں پر یہ امر عارض موجود نہیں ہوگا تو وہاں پر نہر سے

وضو کرنا بنسبت حوض کے افضل ہوگا۔

اور اس قاعدہ کو علمائے دیوبند نے اس طرح بے دریغ استعمال کیا کہ زاغ معروفہ کا کھانا جہاں برا سمجھا جاتا ہو وہاں اس کے کھانے کو مستحب اور کار ثواب بنا دیا ملاحظہ ہو فتاوی رشیدیہ از شیخ رشید احمد گنگوہی ص۱۶۲ جلد ۲۔ لہٰذا اس ضابطہ اور قاعدہ کے تحت جہاں اذان کے بعد اور دعائے وسیلہ سے قبل اسے ناجائز کہا جائے تو اس کی سنیت زیادہ مؤکد ہو کر درجہ وجوب تک پہنچ جائے گی کیونکہ وہ صریح حدیث کا انکار ہے اور بطور تثویب پڑھنے یا اذان سے پہلے پڑھنے سے مطلقاً منع کیا جاتا ہو تو وہاں بھی اس کا پڑھنا مستحب مؤکد ہو جائے گا کیونکہ کالا کوا کھانا اگر بذات خود علمائے دیوبند کے نزدیک مباح تھا مگر اہل سنّت کی مخالفت میں کار ثواب بن گیا تو صلوٰۃ وسلام تو پہلے ہی اہم عبادت اور قربت تھا اور موجب سعادت اور باعث ترقی درجات اور حصول شفاعت تو اس کا استحباب مزید مؤکد ہو جائے گا اور یہ مقدر کی بات کہ کوئی صلوٰۃ وسلام بارگاہِ رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وسلم میں پیش کر کے ثواب ودرجات حاصل کرتا ہے اور کوئی کالے کوّے کھا کھا کر ؎

گلیم بخت کسے کہ بافند سیاہ — بآب زمزم وکوثر سفید نتواں کرد

هٰذَا مَا تَيَسَّرَ لِهٰذَا الْعَبْدِ الضَّعِيْفِ عَلٰى سَبِيْلِ الْاِرْتِجَالِ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْكُرَمَاءِ وَاَصْحَابِهِ الْبَرَرَةِ التُّقٰى وَالنُّقٰى وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِالْاِحْسَانِ اِلٰى يَوْمِ الْجَزَاءِ۔

ابو الحسنات محمد اشرف سیالوی

۱۹۹۲—۱—۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت خواجہ محمد عبدالرحمٰن صاحب چھوہروی قدس سرہ العزیز کی صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل عظیم ترین کتاب کے پڑھنے اور مطالعہ کرنے کا شرف حاصل ہوا اور ساتھ ہی ترجمہ کرنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔

یہ مقدس کتاب درود و صلوات پر مشتمل تمام تر کتابوں کا نسخۂ جامعہ ہے اور ہر کتاب میں متفرق طور پر مذکور صلوات کو محیط ہے اور مؤلف موصوف نے صرف صلوات کے جمع کرنے پر ہی اکتفاء نہیں فرمایا بلکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوّل المخلوقات ہونے اور وجود نورانی کے لحاظ سے اوّل الموجودات ہونے کو انوکھے انداز میں بیان فرمایا، ولادت باسعادت کے روح پرور کیفیات اور حالات، اخلاق عالیہ اور صفحات کاملہ، اختصاصات و امتیازات، معجزات اور خوارق عادات، معراج شریف اور دیگر مدارج عالیہ کے بیانات سے بھی مزین فرما کر اس کو کُتب سیرت اور کُتب خصائص کا مجموعہ بنا دیا ہے۔

سیّد عالم و عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام شرع سے متعلق ارشادات کو اس میں درج کر کے اسے کُتب کلامیہ اور کتب فقہ کا خلاصہ بنا دیا ہے۔ زہد اور فقر اختیاری پر مشتمل فرمودات کو اس میں شامل فرما کر اسے کُتب تصوف خلاصہ بنا دیا ہے۔ انتہائی مشکل اور پیچیدہ عبارات اور عجیب و غریب تشبیہات اور استعارات درج فرما کر عربی ادب کا گرانقدر خزانہ بنا دیا ہے۔ مسائل تصوف کی باریکیوں اور اصطلاحی پیچیدگیوں کو دیکھ کر حضرت ابن عربی کا رنگ ڈھنگ نظر آتا ہے اور فلسفہ و منطق اور ریاضی کی اصطلاحات کے بے تکلفانہ استعمال سے حکماء و فلاسفہ کا عقل دنگ معلوم ہوتا ہے۔

بایں ہمہ یہ معلوم کر کے کہ حضرت خواجہ محمد عبدالرحمٰن قدس سرہ العزیز اُمی تھے اور ایک دن بھی مدرسہ گئے نہ کسی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا زبان سے بیساختہ اس حقیقت کا اظہار ہوتا ہے ؎

دل چوں روشن شد کتاب و دفترے درکار نیست

آپ کی ذات اقدس میں عطاء اعلام اور ارباب حقیقت کے اس دعویٰ کی صداقت و حقانیت کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ تحصیل علم کے محتاج صرف وہ لوگ ہیں جو قوۃ قدسیہ سے محروم ہیں۔ جنہیں فیاض اقدس جل و علیٰ نے قدسی نفوس اور قویٰ سے بہرہ ور فرما دیا ہو اور اس نعمت سے مالا مال کر دیا ہو علوم اکتسابی ان کے سامنے دست بستہ حاضر رہتے ہیں اور معارف و حقائق ان کے سامنے محسوسات و مشاہدات کی صورت میں آ موجود ہوتے ہیں اور معانی و مطالب اور اسرار و رموز جسمانی شکل و صورت میں ان کے پیش نظر ہوتے ہیں۔

حضرت علامہ محمد عبدالحکیم سیالکوٹی المعروف فاضل لاہوری نے اسی لیے فرمایا :

فان ما عرفه علماء الظواهر منها با فكارهم قليل بالنسبة الى ما عرفه الاولياء ۔ حاشیہ بیضاوی صـ۱۱ یعنی علمائے ظاہر کے علوم کی علمائے باطن اور ارباب روحانیت کے علوم کے مقابل کوئی حیثیت نہیں بلکہ وہ اقل قلیل ہیں۔

شبہ کا ازالہ

بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ رسمی علوم میں کامل دسترس حاصل کئے بغیر ولایت حاصل نہیں ہو سکتی، ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلِيًّا جَاهِلًا" "اللہ تعالیٰ نے کسی جاہل کو اپنا ولی نہیں بنایا اور غالباً اسی لیے حضرت سعدیؒ نے فرمایا ہے ؎

پئے علم چوں شمع باید گداخت
کہ بے علم نتواں خدا را شناخت

یعنی علم کو حاصل کرنے میں اپنے آپ کو شمع کی طرح پگھلانا چاہیئے کیونکہ بے علم شخص اللہ تعالیٰ کو پہچان نہیں سکتا۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ محض رسمی علوم پر اللہ تعالیٰ کا عرفان اور ولایت کا حصولِ موقوف ہے اور اس کے بعد ہی روح کی جلاء اور آئینۂ قلب کی صفائی حاصل ہوتی ہے بلکہ جب عنایت ازلی شامل حال ہوتی ہے۔ اور مبدء فیاض کا بحر جود و کرم جوش پر آتا ہے تو خوش بخت اور سعادتمند بندوں کے دل و دماغ اور قلوب و ارواح انوار الٰہیہ سے منور کر دئے جاتے ہیں اور انہیں خدائی علوم و ادراکات کا مظہر بنا دیا جاتا ہے، حضرت آدم علیہ السلام کو اپنے تصرّف الوہیت سے مجمع العلوم والمعارف بنا کر جنات و ملائکہ پر علم میں فائق بنا دیا اور امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمّی ہونے کے باوجود ولی گر بنایا بلکہ انبیاء و رسل کا استاد اور مربی اور مرشد و رہبر بنایا اور ان کی شریعتوں پر خطِ نسخ کھینچنے والا اور ان کی کتابوں کو منسوخ فرمانے والا ؎

یتیمے کہ ناکردہ قرآں درست
کتب خانۂ چند ملت بشست

آپ صرف اپنی اُمّت کے لیے کتاب و حکمت کے معلّم نہ بنے بلکہ تمام انبیاء و رسل کے لیے بھی معلم حقائق و معارف بنے اور استاذ الاساتذہ اور استاذ الکل قرار پائے ؎

نگارِ من کہ بمکتب نرفت و خط ننوشت
بغمزہ مسئلہ آموزِ صد مدرس شد

لہٰذا اس میں تعجّب اور اچنبھے کی کیا بات ہو سکتی ہے کہ عالم اسباب اور معمول و عادتِ جاریہ سے ہٹ کر کرشمۂ قدرت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ رب العزّت نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل رسمی علوم کی تحصیل کے بغیر ہی بعض ازلی سعادتمندوں اور جواں بختوں کو علم و حکمت اور عرفان کے خزائن عطا فرما دئے اور انہیں حقائق آگاہ اور معارف پناہ اولیاء بنا دے۔ یعنی ولایت کا حصول ان علوم رسمیہ کے حصول کے بعد ہو لیکن طریقۂ حصول رسمی نہ ہو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری فیض صحبت سے جس طرح صحابہ کرام علیہم الرضوان نے فیوض و برکات اور معارف و حقائق کے خزائن حاصل کئے اور امی ہونے کے باوجود خلائق کے امام اور ہادی و رہبر بن گئے اور ولایت کے اعلیٰ مدارج پر فائز ہو گئے اسی طرح آپ کے باطنی اور روحانی فیض صحبت سے ابتک اور قیام قیامت تک فیوض و برکات اور معارف و حقائق کے خزائن تقسیم ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے اور کئی خوش نصیب اور جواں بخت آپ کی صفت اُمیت کے مظہر بن کر مخزن علوم و معارف اور مصدر فیوض و برکات بنے اور بنتے رہیں گے۔

حضرت خواجہ محمد عبدالرحمان صاحب قدس سرہ العزیز بھی انہیں مقدس طینت، منزہ فطرت اور ارباب قوائے قدسیہ میں سے ہیں اور آپ کی یہ عظیم کتاب آپ کے فیضان قدسی کا مظہر اتم ہے اور اُمّت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسلام کے لیے عظیم خزانۂ فیض ہے اور سامان رشد و ہدایت۔ بلاشبہ یہ کتاب جہاں ہزاروں درودوں اور صلوات کا ذخیرہ و خزانہ ہے وہیں عقائد و اعمال اور اخلاق و عادات کی اصلاح کے لیے کتاب رشد و ہدایت بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی بارگاہ عالیہ اور رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب مقدسہ میں شرف قبولیت بخشے، مسترشدین و مستفیدین کو بالخصوص اور جملہ اہل اسلام کو بالعموم اس سے استفادہ و استفاضہ کی سعادت بخشے ؎ ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

وصلى الله على خير خلقه محمد واله وصحبه وذريته واولياء امته اجمعين ؕ

احقر الخلائق

ابوالحسنات **محمد اشرف سیالوی** کان اللہ لہٗ

مختصر حالات وکمالات

شہسوارِ عاشقاں وسالارِ قافلۂ محبوباں خواجۂ خواجگاں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن
صاحب چھوہروی قدس اللہ سرہ العزیز

مُصنّف ومؤلفِ کتاب مجیرّ العقول فی بیانِ اوصافِ عقل العقول المسمّٰی بہ

مجموعہ صلوٰۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

من چہ گویم وصفِ آں عالی جناب — نیست پیغمبر ولے دارد کتاب
من چہ گویم شرحِ وصفِ آں جناب — آفتاب است آفتاب است آفتاب

منبعِ معارفِ لدُنیّہ مخزنِ علوم الہیّہ واقفِ علوم شریعت مرشدِ طریقت کاشفِ اسرارِ حقیقت استاذِ علوم تفصیلیہ امکانیہ ومعلمِ حقائقِ وجوبیہ قدیمیہ ازلیہ اجمالیہ ومفسرِ معارفِ توحیدیہ ومبیّنِ رموزِ حروفِ مقطعاتِ قرآنیہ صاحبِ قوتِ روحانی عالمِ ربانی عارفِ لاثانی صاحبِ حکمتِ لقمان آصف ہذاالزمان خلیفہ شاہ جیلان فخرِ متاخرین بقیۂ سلف صالحین متخلق باخلاق اللہ متصف باوصافِ رسولِ اللہ نمونہ اصحابِ رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم غوثِ اعظم مرکزِ عالم مولٰنا ومرشدنا ووسیلتنا فی الدّارین خواجہ خواجگان جناب حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب چھوہروی قدس اللہ سرّہ العزیز۔ آپ علوی ہیں نسبًا حنفی ہیں مذہبًا قادری ہیں مشربًا جائے ولادت موضع چھوہر شریف ہے جو شہر ہری پور کے قریب ضلع ہزارہ صوبہ سرحد میں واقع ہے آپ کی عمر شریف تقریبًا اسّی سال کی تھی. حضور پُرنور کا وصال یکم ذی الحج ۱۳۴۲ھ میں بروز شنبہ بعد نماز مغرب ہوا۔ حضور پُرنور کے والد بزرگوار عالی تبار اپنے زمانہ کے فقرائے اخیار واولیائے کبار میں سے تھے نوجوانی کی عمر میں رات کے وقت تنہائی میں کچھ گا رہے تھے کہ یکایک ایک نہایت خوبصورت شخص عمدہ لباس پہنے ہوئے آپ کے پاس موجود ہوئے اور فرمانے لگے گانا سُناؤ جب آپ گانا سنا چکے تو وہ شخص کہنے لگے مجھے پہچانتے ہو

میں کون ہوں آپ نے عرض کیا میں آپ کو نہیں پہچانتا ہوں وہ فرمانے لگے میں خضرؑ ہوں تمہاری خوش آوازی کے سبب تمہارے پاس آیا ہوں۔ آئندہ بھی آیا کروں گا اس کے بعد حضرت خضر علیہ السلام کے خاص توجہ و محبت کے سبب آپ مدارجِ فقر کو طے کرکے مقامِ غوثیتِ کبریٰ و ولایتِ عظمٰے کے عالی مقام پر متمکن ہوئے حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو حکم فرمایا کہ میں نے آپ کی تکمیل کردی ہے مگر بیعت سنت ہے کسی بزرگ سے جاکر بیعت ہو جاؤ جب آپ اپنے ہادیِ طریقت سے بیعت ہوگئے تو وہیں قیام پذیر ہوئے اپنے مرشد کے ساتھ جب کبھی آپ تفریح کے واسطے بوقتِ عصر یا بوقت صبح نکلتے تو دونوں برابر ہو کر چلتے ایک دن کسی نے پیرو مرشد قدس اللہ سرّہ العزیز سے پوچھا کہ حضرت ضلع ہزارہ کے درویش کے ساتھ جب آپ سیر کو نکلتے ہیں تو دونوں برابر چلتے ہیں نہ وہ آگے ہوتے ہیں نہ آپ آگے ہوتے ہیں حضور والا نے فرمایا کہ یہ درویش اس وقت کا غوثِ اعظم ہے اس واسطے ادبًا میں ان کے آگے نہیں چل سکتا ہوں اور یہ اس واسطے آگے نہیں ہوتے ہیں کہ خوش قسمتی سے میں ان کا پیر بن گیا ہوں اس لیے آپ کا لقب خضری تھا۔ آپ کے درد عشق کا یہ حال تھا کہ سینہ بے کینہ میں سات زخم ہوگئے تھے روزانہ ہلدی کو گھی میں تل کر ان زخموں پر پھایا لگایا جاتا برف باری کے ایام میں عشاء کی نماز پڑھ کر اپنے نہایت نرم و گرم بستر ے میں آپ آرام فرماتے اور ہمیشہ عشاء کے وضو سے صبح کی نماز ادا فرماتے خدا جانے کیا چیز تھی جو نیند سے مانع تھی ؎

اے مرغِ سحر عشق ز پروانہ بیاموز کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد
ایں مدعیاں در طلبش بیخبر انند کاں راکہ خبر شد خبرش باز نیامد

آپ اُمّی تھے جب آپ سے کوئی مسئلہ پوچھا اگر معلوم ہوتا بتا دیتے اگر نہ معلوم ہوتا فرماتے تھوڑا صبر کرو میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرکے جواب دوں گا آنکھیں بند نہ کرتے مراقب نہ ہوتے تھوڑی دیر کے بعد فرماتے میں نے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کر لیا ہے ایسا نہیں ایسا ہے جب حضور کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب قدس اللہ سرّہ العزیز کی عمر شریف آٹھ سال کی ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ ایک میان میں دو تلواریں نہیں آسکتیں اب اپنا وقت قریب آگیا۔ آپ کے کمالات ظاہری و باطنی اور کرامات و خرق عادات لاتعداد و حدِ شمار سے باہر ہیں مشتے نمونہ از خروار اس تھوڑے سے بیانِ حال شیریں مقال پر اکتفا کرکے اصل مقصد کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ جب حضور پُرنور حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب قدس اللہ سرّہ العزیز کی عمر شریف تقریبًا آٹھ سال کی ہوئی آپ کے والد بزرگوار عالی مقدار حضرت خواجہ خضری قدس اللہ سرّہ العزیز دارِ فانی سے تشریف فرمائے عالم جاودانی ہوئے تو اسی خرد سالی و نابالغی کی حالت میں آپ نے چلہ کا ارادہ فرمایا آپ نے مکان میں دریافت فرمایا

کہ میری خدمت کون کرے گا قریبی رشتہ داروں میں سے کسی نے وعدہ کیا کہ آپ کی خدمت میں کروں گا آپ نے فرمایا میرے پاس ایک برتن رکھ دو چنانچہ روزانہ وقتِ مقررہ پر آپ اپنے منہ مبارک کو اس برتن کی طرف جھکا کر خون قے کر لیتے کھانا پینا بند تھا ہر روز آلائشات عناصر اربعہ و تکدرات قوائے بہیمیہ اور ثقالت و کثافت جسمانی کا اخراج بذریعہ خونی قے کے فرماتے کچھ ایام تک خون آتا رہا جب بدن مبارک میں خون خلاص ہوگیا تو قے میں پانی آنا شروع ہوگیا یہاں تک کہ چالیس دن پورے ہوگئے یوں بھی آپ گناہوں سے پاک نابالغ و معصوم بچے تھے اس پر اس غضب کا چلہ کہ اولیاء اللہ میں نہ کسی نے ایسا چلہ کیا نہ سنا اس ریاضتِ شاقہ کے ذریعہ سے جسمِ عنصری کی ثقالت و کثافت و اخلاق بہیمیہ کے ظلمات من کل الوجوہ مستہلک و محو ہو کر لطافتِ کلی و روحانیت تامہ نصیب ہوئی ؛

اس چلّہ کے بعد جب بدن مبارک میں قوت آئی تو آپ حضرت اخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس سوات تشریف لے گئے حضرت اخون صاحب قدس اللہ سرّہ العزیز اپنے زمانہ میں خاندانِ قادریہ کے اولیائے کبار میں سے تھے۔ جب آپ بمعیت چند رفقا سیدو شریف حضرت اخون صاحب کے دربار گہربار میں پہنچے خلق اللہ کا ہجوم و ازدحام دیکھ کر آپ کے رفقائے طریق کہنے لگے کہ اس محبوب کی ملاقات غیر ممکن ہے پٹھان لوگ اندر جانے کی کوشش کرتے ہیں مگر مار کھا کھا کر محروم واپس کئے جاتے ہیں جب یہ لوگ اس محبوب کے دیدار سے محروم ہیں تو ہم لوگ کس گنتی میں ہیں بہتر یہ ہے کہ صبح سویرے بلا ملاقات و دیدار محروم واپس مکان چلے جاویں حضور پرنور نے اپنے ہمراہیوں کے مشورہ کو قبول فرمایا رات گذرگئی بوقت صبح ان سب نے تقاضا شروع کیا کہ صاحب زادہ صاحب اپنے وعدہ کو پورا فرمایئے اور چلئے واپس مکان چلیں ؎

دور سے آئے تھے ساقی سن کے میخانے کو ہم
بس ترستے ہی چلے افسوس پیمانے کو ہم

حضور پُرنور نے اپنے ہمراہیوں سے فرمایا کہ تھوڑا صبر کرو حضرت اخون صاحب چاشت کے وقت اپنی مسجد کی اونچی سیڑھی پر بیٹھ کر دور سے اپنا دیدار خلق اللہ کو دکھائیں گے ہم لوگ بھی دُور سے اس محبوب کو ایک نظر دیکھ کر چلے جائیں گے بوقت چاشت حضرت اخون صاحب کے خادم نے آپ کے خلوت خانہ کا دروازہ کھولا آپ نے اس کو حکم فرمایا کہ باہر جا کر ان مسافروں میں ضلع ہزارہ کا ایک شخص ہوگا تلاش کرکے اس کو میرے پاس لے آؤ اس خادم نے باہر جا کر بآواز بلند پکارا کہ ضلع ہزارہ کا کوئی شخص ہے صاحب نے یاد فرمایا ہے چونکہ خلق اللہ کا ہجوم تھا۔ خادمانِ اخون صاحب ہر چہار طرف شور مچانے لگے اس دُرِّ یتیم کے ہمراہیوں نے آپ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ آپ فرما دیں کہ میں

ہوں ضلع ہزارہ کا باشندہ حضور پُرنور نے فرمایا ضلع ہزارہ کے بہت لوگ یہاں ہوں گے ہم کس گنتی میں ہیں جس کو حضرت اخون صاحب طلب کرتے ہیں آپ ڈھونڈلیں گے ہم اپنے مُنہ سے کچھ نہ کہیں گے ...... تلاش کرتے کرتے خادمانِ اخون صاحب قدس اللہ سرہ العزیز غصہ ہونے لگے کہ جس شخص کو صاحب نے یاد فرمایا ہے وہ اپنے کو ظاہر کیوں نہیں کرتے حضور پرنور کے رفقاء میں سے ایک نے اشارہ سے بتایا کہ یہ بچہ ضلع ہزارہ کا باشندہ ہے خادمان اخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضور پُرنور قدس اللہ سرہ العزیز کو گود میں اُٹھا کر حضرت اخون صاحب کے خلوت خانہ میں لے گئے حضرت آخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جب اس آفتابِ ولایت کو دیکھا تو جوش میں آکر فرمانے لگے دغہ دی دغہ دی دغہ دی اپنی پشتو زبان میں تین بار فرمایا یہی ہے یہی ہے یہی ہے جس کو میں تلاش کرتا ہوں جب ہمارا دریکتا غوث ہر دوسرا یتیم بچہ حضرت اخون صاحب کے روبرو رونق افروز ہوئے تو حضرت اخون صاحب نے فرمایا کہ اے درِ یتیم دعا کرو حضور فرماتے ہیں کہ جب اخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دست مبارک دُعا کے لیے اٹھائے تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ ساتوں آسمان کا بوجھ میرے اُوپر آگیا ہے اور جب دُعا سے فارغ ہوئے تو وہ بوجھ وسعت وفرحت انبساط کے ساتھ بدل دیا گیا ؎

یک زمانہ صحبتے با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا
گر تو خواہی ہمنشینی با خدا گو نشین اندر حضورِ اولیاء
چشم روشن کن ز خاکِ اولیاء تا بہ بینی ز ابتداء تا انتہا

حضرت آخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آپ سے فرمایا کہ رات کو خواب میں کچھ دیکھا ہے آپ نے فرمایا جس مقام پر چلہ کیا کرتا ہوں وہ جگہ دیکھی ہے حضرت اخون صاحب نے فرمایا کہ اسی جگہ میں جاکر قیام پذیر ہو جئے کہیں مت جایئے آپ کے پیر صاحب آپ کے مکان پر آکر مرید فرمالیں گے پھر آپ حضرت اخون صاحب سے رخصت ہوکر اپنے مکان پر تشریف لائے اور اپنے خلوت خانہ میں بیٹھ کر یادِ خدا میں مشغول ہوئے۔ کچھ ایام کے بعد حضور پُرنور شہنشاہِ ولایت مرشد برحق نور مطلق جناب مولانا ووسیلتنا فی الدارین حضرت یعقوب شاہ صاحب گن چھتری قدس اللہ سرہ العزیز ملک کشمیر سے ضلع ہزارہ رونق افروز ہوئے خاص مقام چھوہر میں تشریف لاکر وہاں کے باشندے سے دریافت فرمایا کہ تمہارے گاؤں میں کوئی کم سن بچہ عبدالرحمٰن نام ہے لوگ آپ کو آپ کے فرزند ارجمند کے عبادت خانہ میں لے گئے آپ کو جب خبر ہوئی اپنے ہادی اپنے مرشد کے استقبال کے لیے آگے بڑھے بعد اس کے حضرت شاہ صاحب قدس اللہ سرّہ العزیز آپ کو آپ کے خلوت خانہ میں لے جاکر بیعت فرمائی اور حضور نے بے حد مہربانیاں

اپنے دریکتا وگوہر بے بہا فرزند ارجمند کے حال پر مبذول فرمائیں۔ حضور پُرنور حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ العزیز اُمّی تھے فقط قرآن پاک آپ نے اُستاد سے پڑھا تھا باقی علوم مروجہ علم حدیث تفسیر فقہ اصول منطق وغیرہ علوم آپ نے کسی استاد سے نہیں سیکھے نہ خط آپ نے کسی سے سیکھا تھا آپ نابالغ کم عمر تھے کہ اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ خضری صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے جانشین ہوکر مقام غوثیت کبریٰ وقطبیت علیا پر متمکن ہوئے حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے آپ کے مرض الموت میں کسی شخص نے دریافت کیا کہ قطب عالم یعنی غوث اعظم اس وقت کا کون شخص ہے آپ نے فرمایا حضور پُرنور شاہ جیلاں رضی اللہ عنہ کے بعد کوئی شخص اس مرتبۂ علیا کا دنیا میں نہیں آیا آپ کی جگہ خالی رہی زمانۂ دراز کے بعد ایک لڑکا پیدا ہوا کم سنی میں وہ لڑکا یتیم ہوگیا وہ اسی حالت یتیمی وکم سنی میں شاہنشاہ اکوان شاہِ جیلان سیدنا وسید کل حضرت عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا حقیقی جانشین ہوا اور ابھی تک وہی شخص مدبر ومتصرف وغوثِ عالم ہے۔ حضور پُرنور نے ایک مرتبہ مجھے فرمایا کہ غوثیت کبریٰ خاندان قادریہ کے ساتھ مخصوص ہے اگر خاندان قادریہ میں کوئی شخص اس لائق نہ نکلا تب دوسرے خاندان میں سے غوثِ اعظم لیا جاتا ہے حضور پرنور نے یہ بھی فرمایا کہ بڑے شرم کی بات ہے کہ ہماری نالائقی کے سبب ہمارے گھر کی چیز دوسروں کو دی جائے۔

ایک مجلس پاک میں حضور پُرنور نے فرمایا کہ میں نے اللہ پاک سے دُعا مانگی ہے کہ جب تک میں دنیا میں رہوں مجھے کوئی نہ پہچانے نیز جو لوگ میرے پاس آویں مساکین، فقراء وعلمائے دین ہوں امراء واغنیاء پر میرے یہاں کا دروازہ بند ہو پھر حضور پرنور نے فرمایا کہ اللہ پاک نے میری دُعا کو قبول فرمالیا ہے ایک صاحب طریقت نے ایک مرتبہ حضور پُرنور کو فرمایا کہ آپ کے مہمان زیادہ آتے ہیں اور آمدنی کم ہے میں آپ کو فلاں وظیفہ کی اجازت دیتا ہوں اس کے پڑھنے سے آمدنی زیادہ ہوگی آپ چپ رہے حضرت پیر صاحب نے مکرر سہ کرر اپنے خیال کا اظہار فرمایا تو حضور پرنور نے فرمایا کہ پیر صاحب خدا سے شرم آتی ہے کہ باہر سے لوگ پیر خیال کرکے آویں اور اندر پیسوں کے لیے وظیفہ پڑھا جاوے حضور پرنور کم سخن تھے لاف زنی و اظہار مشیخت اور کثرت کلام سے متنفر تھے مگر جب کچھ کلام فرماتے مخاطب کا خیال کرکے نہایت شیریں ولذیذ پیرایہ میں سلسلۂ کلام کو جاری رکھتے۔ اثنائے کلام میں تصنع ومبالغہ نہ فرماتے مدعیانِ فقر کی طرح جوش وخروش کے کلمات زبانِ پاک پر کبھی نہ لاتے منطق وفلسفہ کے پیچیدہ مسائل میں ایک عالم پریشان تھے آپ کی خدمت میں عرض کی کہ ان مسائل کا حل فرمایا جاوے حضور پُرنور نے نہایت سادہ وسہل طریقہ سے ان کے شکوک کو رفع فرمایا اور مولوی صاحب کو کہہ دیا کہ میری تقریر کا حال کسی کو نہ کہنا۔ میں نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ

مرید جب خواب میں اپنے مرشد کو اس طور پر دیکھے کہ وہ مجھے کچھ ہدایت فرما رہے ہیں تو پیر کو بھی اس خواب کی خبر ہوتی ہے یا نہیں ہوتی حضور نے فرمایا ہر پیر کو نہیں ہوتی بلکہ اس پیر کو خبر ہوتی ہے جس کو اللہ پاک علوم اولین و آخرین عطا کر دیتا ہے حضور پر نور نمونہ اصحاب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مجلس پاک میں ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ مشہور ہے اولیاء اللہ قدس اللہ اسرارہم ہمیشہ بیت اللہ میں نماز ادا کرتے ہیں یہ بات صحیح ہے آپ نے فرمایا جسمانی حاضری کمال ہے نہ کہ روحانی۔ حضور آپ کی مراد یہ تھی کہ جسم عنصری کا حضور بوقت صلوٰۃ خمسہ اماکن مقدسہ میں قابل اعتبار ہے صرف روحانی حاضری معمولی بات ہے۔ حضور پُرنور متصرف و مدبر عالم تھے کتاب "مُحَيِّرُ الْعُقُوْلِ فِيْ بَيَانِ كَمَالَاتِ عَقْلِ الْعُقُوْلِ الْمُسَمّٰى بہ مَجْمُوعَہ صَلٰوۃُ الرَّسُوْلْ" میں آپ نے اپنے تصرفات و تدابیر عالم اجسام و عالم ارواح کو مختلف طرق سے نہایت وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے علمائے حقانی و فقرائے ربانی جب اس کتاب کو نظر غور سے مطالعہ فرمائیں تو حضور والا کے کمالات خود ان پر ظاہر ہو جائیں گے آپ کے تصرفات میں بڑی خوبی یہ ہے کہ فطرتُ اللہ و سنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے موافق ہیں جذبات و جلالیت سے محفوظ ہیں ربوبیت و رحمانیت کے رنگ میں آپ کے تصرفات مصبوغ ہیں "صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً" آپ کے تصرفات میں قیومیتِ تامہ کارفرما ہے میں نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ ولی کا آخری درجہ "تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ" ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں ولی کا آخری مقام قدرت کاملہ ہے رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ؕ ؎

اے برادر بے نہایت در گہیست
ہر چہ بروے می رسی بروے مایست

یہ بات میں سابق ہی عرض کر چکا حضور پُرنور شاہنشاہ چھوروی اپنے کمالات کو چھپاتے تھے اس بارہ میں اللہ پاک نے آپ کو ایسا ملکہ عطا کیا تھا کہ آپ کا ورد آپ کا عشق آپ کا عرفان آپ کے کمالاتِ ظاہری و باطنی میں من کل الوجوہ پردۂ اخفا میں رہے اپنی زبان مبارک سے کبھی نہیں فرمایا کہ میں کچھ جانتا ہوں اولیاء اللہ کی عادت ہوتی ہے کہ احیاناً جذبہ میں آ کر کچھ نہ کچھ زبان سے کہہ دیتے ہیں دُعا یا بددُعا کر دیتے ہیں جس سے ان کے جذبات و کمالات ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اور مخلوق ان کی معتقد ہو جاتی ہے۔ مگر حضور پُرنور اپنے افعال اپنے صفات اپنے جذبات اور اپنے تمام کمالات کے اظہار و عدم اظہار پر قدرتِ تامہ رکھتے تھے ؎

تو مباش اصلا کمال این است و بس | تو در و گم شو وصال این است و بس
تا توئی کے یار گردد یارِ تو | چون نباشی یار باشد یارِ تو

گشت واصل چوں بدریا آب جو | آب جو را باز از دریا مجوے

اکثر اوقات آپ فرماتے میں اُمّی ہوں جب ہر کوئی شخص آپ سے مسئلہ دریافت کرتا آپ مسکراتے ہوئے فرماتے میں نے کتابیں نہیں پڑھی ہیں کسی عالم سے دریافت کر لو۔ یہ کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول برسوں سے تیار ہو چکی تھی مگر حضور نے اپنی زندگی میں اس کو چھپائے رکھا ایام وصال آپ کے جب قریب پہنچے تو مجھے بذریعہ خط کے حکم فرمایا کہ میں نے ایک کتاب مجموعۂ صلوات الرسول تالیف کی ہے جو بخاری کے طرز پر تیس پاروں پر مشتمل ہے ہر پارہ قرآن شریف کے پاروں سے کچھ بڑا ہے اگر ممکن ہو تو تم وہاں کے لوگوں سے چندہ کرکے اس کتاب کو چھپوا دو تاکہ خلق اللہ کو اس سے فائدہ ہو خلاصہ یہ کہ آپ نے اپنے کمالات کو تاحین حیات پوشیدہ رکھا اور اس اخفائے راز میں کمال فراست سے کام لیا لوگ اظہار کمالات کے لیے طرح طرح کے مکر و فن کرتے ہیں اور میرے محبوب نے اپنے حسن و جمال اور اپنے کمالات کے اِخفا کے لیے طرح طرح کے مکر و حیلے ایجاد فرمائے وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ ؕ ؎

من چہ گویم یک رگم ہشیار نیست | شرحِ آں یارے کہ اورا یار نیست
شرحِ ایں ہجراں ایں خونِ جگر | ایں زماں بگذار تا وقتِ دگر

آپ کے اخلاق نمونۂ اخلاق رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم تھے نشست و برخاست اکل و شرب لباس وغیرہ تمام امور میں پوری اتباعِ سنّت ملحوظ رہتی حدیث کی کتابیں زیر مطالعہ ہوتیں جو جو کام حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کئے ہیں وہ تمام مستحبات آپ نے ادا کئے ہیں ایک مرتبہ آپ کتاب دیکھ رہے تھے کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلّم نے مسجد کی چٹائی سیکر درست فرمائی ہے آپ بھی کتاب چھوڑ کر اپنی مسجد کی چٹائی سی رہے تھے کہ اُوپر سے ایک بزرگ شاہ ولی بابا تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ اُٹھو ہمیں اندر سے مکھن لا دو حضور نے چٹائی سینے میں کچھ دیر لگائی تو شاہ ولی بابا برجستہ فرمانے لگے کہ تمام چٹائی کا سینا سنت نہیں ہے سنت ادا ہو گئی اُٹھو مکھن لا دو مجھے دیر ہوتی ہے حضور نے فرمایا مجھے شاہ ولی بابا کی صفائی پر ہنسی آ گئی اور اندر جا کر ان کے لیے مکھن لے آیا حضور پُرنور شاہنشاہ ولایت کے رہنے کا مکان کچا تھا جس کی دیواریں جا بجا گری ہوئی تھیں چھت کا یہ حال تھا کہ ایام بارش میں باہر پانی کم ہوتا اور اندر مکان پانی سے بھر جاتا رات کو گھر کے لوگ سوئے رہتے اور آپ اندر کا پانی برتن میں بھر بھر کر باہر پھینکتے۔

علماء فقراء اور اپنے مہمانوں کی خدمت اپنے دستِ مبارک سے کیا کرتے تھے جب گھر میں روٹی تیار ہو جاتی

مسجد سے گھر میں جاکر مہمانوں کے لیے ایک دستِ مبارک میں ترکاری کا برتن اور دوسرے میں روٹی اُٹھا کر لے آتے اور جو ترکاری روٹی مسافر کھاتے خود بھی تناول فرماتے رات کی بچی ہوئی روٹی اگر مل جاتی تو نہایت خوشی کے ساتھ تناول فرمالیتے اور تازہ روٹی کی طرف التفات نہ فرماتے اور جو کچھ تیار ہوتا مہمانوں کے سامنے رکھ دیتے جیسا اس وقت کے پیر لوگ اپنے لنگر کو نہایت دھوم دھام اور تکلیف کے ساتھ دیا کرتے ہیں حضور پرنور کے یہاں ان باتوں کا نام و نشان بھی نہ تھا شہرت طلبی سے آپ بیزار تھے۔ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ کا پورا پورا نمونہ تھے رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا وَّبِمُرْشِدِیْ هَادِیًا مَّهْدِیًّا طالب علموں کے ساتھ آپ کو دلی محبت تھی حضور پرنور قدس اللہ سرّہ العزیز کے مدرسہ اسلامیہ ہری پور کے طلباء کے لیے لنگر سے روٹی جایا کرتی تھی ایک مرتبہ عشاء کے وقت ایسی زور کی بارش برسنے لگی کہ گھر سے باہر نکلنا دشوار تھا خانقاہ شریف میں جو لوگ موجود تھے آپ نے ان کو فرمایا کہ مدرسہ میں روٹی لے جاؤ مگر کسی کو ہمت نہیں ہوئی آپ نے جب دیکھا کہ مدرسہ میں طلباء بھوکے ہوں گے یہ لوگ بھی نہیں جاتے ہیں تو خود روٹی ترکاری لے کر مدرسہ تشریف لے چلے مدرسہ اسلامیہ خانقاہ شریف سے ایک میل سے زیادہ فاصلہ پر ہے رات اندھیری بارش نہایت زوروں پر تھی راستہ میں ایک گہرا نالہ پانی کا آتا ہے جو نہایت دشوار گزار جگہ ہے جب حضور پرنور وہاں پر پہنچے اُوپر سے نالے کے اندر گر پڑے تمام کپڑے پانی اور کیچڑ میں خراب ہوگئے روٹی ترکاری پانی میں بہہ گئی آپ اس حالت میں واپس تشریف لائے اس زمانہ کے پیروں مریدوں میں جو بدعات وخرافات مروج ہوگئی ہیں حضور پرنور کے یہاں ان مخترعاتِ خلافِ شرع کا نام ونشان تک نہ تھا وہاں کے غیر مقلدین امتحاناً حضور کے یہاں ہفتہ ہفتہ تک اس خیال سے مقیم رہتے کہ دیکھیں یہ شخص سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کوئی کام کرتے ہیں یا نہیں کرتے آپ کا پاجامہ نصف ساق تک ہوتا کرتا لمبا بٹن کھلا ہوتا عموماً موٹا کھدر پہنتے

حضور پُرنور نے دو چیزوں سے توبہ کرلی تھی ایک کشف سے دوسری اپنی ضروریات زندگی کے خیال سے ایک مرتبہ حضور پرنور مُتَوَکِّلْ بِاللّٰہِ نے گھر میں کہہ دیا کہ میرے واسطے دوہری چادر سیاہ رنگ کی بنادو یہ فرماکر گھر سے باہر تشریف لے گئے تھوڑی دیر بعد پھر گھر میں تشریف لائے اور گھر میں منع فرمادیا کہ میرے واسطے چادر مت بناؤ دوسرے دن ایک شخص آیا اُس نے سوت لاکر دیا رنگائی اور بنوائی کے پیسے بھی حضور کو دیئے اور عرض کرنے لگا کہ میں کہیں باہر جاتا ہوں آپ اپنے لیے دوہری چادر تیار کروا لیجئے کہ سردی کے دن قریب آگئے ہیں حضور فرماتے ہیں میں نے توبہ کرلی ہے کہ اپنے لیے کسی چیز کا خیال بھی نہ کروں گا اس روز سے

اللہ پاک سرما کے کپڑے موسم سرد میں اور گرما کے کپڑے موسم گرم میں بلا خیال وطلب عنایت کردیتا ہے حضور فرماتے ہیں ایک جگہ بیٹھا ہوا تھا ایک شخص آیا اور غسل کیا جب فارغ ہوا تو میں نے اس کو کہا تم نے زنا کیا ہے اول تو منکر ہوا جب میں نے اس کو پکڑا تو زنا کا اقرار کیا اور معافی مانگنے لگا میں نے دل میں خیال کیا کہ اللہ پاک اپنے بندوں کے گناہ دیکھ کر پردہ پوشی فرماتا ہے اور میں صاحب کشف ہوا تو خلق اللہ کی پردہ دری کرتا ہوں اس روز سے کشف سے بھی توبہ کرلی ہے

آپ متواضع تھے نہایت خلیق وحلیم اور غایت درجہ کے بردبار وخاکسار تھے محب وجلیسِ فقراء تھے علماء و فقراء جب آپ کے مجلس پاک میں حاضر ہوتے تعظیماً کھڑے ہو جاتے آپ کی نشست گاہ میں کوئی فرش فروش کا سامان نہ تھا نہ آپ کے ملاقات کے لیے کوئی وقت مقرر تھا نہ آپ کے یہاں کوئی پر تکلف مکان تھا اکثر آپ کا قیام مسجد میں ہوتا ضرورت کے وقت مکان میں بھی تشریف لے جاتے خلق اللہ کے ہجوم سے یا خلاف طبع کوئی بات ہوجاتی خفا نہ ہوتے مگر ایک مرتبہ بہت خفا ہوئے حضرت صاحبزادۂ ذی شان جناب حاجی محمد فضل سبحان صاحب نے کسی کے سکھانے سے حضور پُرنور کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ آپ کے بعد آپ کا گدی نشین کون ہو گا حضور پُرنور نہایت غضب ناک ہوکر فرمانے لگے گدی پر تو گدھے بیٹھتے ہیں ہم چٹائی پر بیٹھنے والے ہیں۔ آپ کا قد مبارک قدرے چھوٹا تھا دست وقدم مبارک اور ان پر انگلیاں چھوٹی چھوٹی تھیں سینہ پاک از کینہ وسیع ومضبوط تھا چہرہ مبارک خوبصورت تھا نہ بالکل بے نمک سفید اور نہ سانولا تھا بلکہ گندم گوں وملاحت آمیز تھا آنکھیں بہت خوبصورت تھیں ہر وقت مست اور خمار بھری ہوئی لال ڈوریوں سے مزین رہا کرتی تھیں داڑھی مبارک نہایت گھنی وگنجان اور گول تھی سفید اور نہایت خوبصورت تھی ؎

قامت است ایں یا الف یا سرو یا نخل مراد — یا مگر گلدستۂ باغ جناں آراست ایں
چشم تو جادوست یا آہوست یا صیاد خلق — یا دو با دام سیہ یا نرگس شہلاست ایں

اگر کسی کو شوق ہو کہ حضور پُرنور کے جسم الطف واطہر کو بعد وصال دُنیا میں پھر ملاحظہ کرے تو اس کو چاہیئے کہ شاہزادۂ ذی شان حضرت مولانا ومرشدنا فضل الرحمان صاحب عرف چن پیر مدظلہ العالی کو دیکھ لے گویا ہو بہو حضور پرنور مرکز عالم غوثِ اعظم کو دیکھ لیا۔ اللہ پاک اس مکمل شبیہ اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ کو عمرِ دراز عطا فرماوے آمین گذشتہ سال جب میں وطن کو گیا حضور پُرنور کے وصال کو ایک مہینہ ہوچکا تھا دربار گہربار میں مریدین ومخلصین جمع تھے ایک شخص میرے قریب رو رہا تھا انہوں نے مجھ سے دریافت کیا تم کہاں سے آئے ہو میں نے کہا رنگون سے آیا ہوں

وہ اشارہ کرکے فرمانے لگے کہ اس درخت کو جب دیکھتا ہوں مجھے رونا آجاتا ہے میں نے سبب دریافت کیا تو وہ ذیل کا قصّہ فرمانے لگے کہ حضور پُرنور منصرفِ عالم قدس اللہ سرہ العزیز نے ایک مرتبہ مجھ کو بلا کر حکم فرمایا کہ تم میری طرف سے تحائف وہدایا لے کر حج بیت اللہ وزیارتِ روضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جاؤ اور یہ اشیاء وہاں پر فلاں فلاں لوگوں کو دے دو میں حیران ہوا کہ خداوندا یہ کام مجھ سے کیوں کر سرانجام ہوگا میں تو بہت سوتا ہوں مجھے کوئی ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے جب بھی بیدار نہیں ہوتا ہوں یہ تو دور دراز کا سفر ہے مگر آپ کے سامنے انکار نہ کرسکا حضور پرنور نے سفر کا سامان تیار کرکے مجھے رخصت کرنے کے لیے چند قدم رنجہ فرمائے جب اس توت کے درخت کے پاس حضور پہنچے تو اس کو مخاطب کرکے فرمانے لگے کہ اے توت تو اس شخص کی نیند کو اپنے پاس امانت رکھ لو پھر آپ نے میرے لیے دُعا فرمائی میں آپ سے رخصت ہوکر حسن ابدال ریلوے اسٹیشن پر پہنچا وہاں سے بمبئی کا ٹکٹ لیا ریل پر سوار ہوکر بمبئی پہنچا سفر ریل میں اونگھ آجاتی جس سے میری طبیعت آسودہ ہوجاتی مگر یہ اونگھ دو تین منٹ سے زیادہ نہ ہوتی بمبئی سے جہاز پر سوار ہوکر جدہ مکرمہ پہنچا جدہ سے مکہ معظمہ بیت اللہ شریف میں تمام ضروریات سے فارغ ہوکر مدینہ منورہ پہنچا روضہ اقدس میں چند ایام قیام کرکے آپ کے تحائف لوگوں کو دے کر واپس بیت اللہ شریف سے جدہ پہنچا ان چند مہینوں کے سفر میں میری نیند مفقود تھی خلاصہ یہ کہ جدہ سے بمبئی بمبئی سے آستانہ پاک چھور شریف پہنچا جب حضور سے ملاقات ہوئی آپ نے فرمایا تم نے اپنی امانت لے لی اتنا فرمانا تھا کہ مجھے نیند نے پکڑا مسجد میں جاکر سو گیا نیند کے غلبہ سے چند وقت کی نماز قضا ہوگئی آدھی رات کو حضور نے آن کر جگایا کہ اُٹھو روٹی کھاکر پھر سو جاؤ اس سے معلوم ہوا کہ غیر ذوی العقول اور نباتات وغیرہ مخلوقات بھی آپ کے تصرف میں منسلک تھے

احمد الدین برادر یوسف مرحوم ترکھان سکنہ چھچھ نے ایک مرتبہ حضور پُرنور کے سفرِ حج کا عجیب وغریب قصّہ میرے سامنے بیان کیا وہ کہتے ہیں حضور نے فرمایا کہ میں اور ایک پیر صاحب سفرِ حج میں ایک ساتھ ہوگئے عرب شریف جب پہنچے تو ایک درویش نے ہم دونوں کے پاس آکر فریاد کی کہ میں فلاں گاؤں میں رہتا ہوں اور میری عادت ستار بجانے کی ہے میرے گاؤں میں ایک عالم رہتے ہیں انہوں نے مجھ پر کفر کا فتویٰ دے دیا ہے آپ دونوں مہربانی کرکے میرے ساتھ تشریف لے چلیں اور اس عالم کو سمجھادیں کہ مجھے کافر نہ کہیں میں ان کے اس فتویٰ سے بہت تنگ ہوں میں اور پیر صاحب دونوں درویش صاحب کے ساتھ ہوکر ان کے گاؤں میں عالم صاحب کے مکان پر پہنچے عالم صاحب سے پیر صاحب نے دریافت کیا کہ آپ نے اس درویش پر کفر کا فتویٰ کیوں دیا ہے عالم نے فرمایا یہ ستار بجاتے ہیں اس واسطے میں نے ان پر کفر کا فتویٰ دیا ہے پیر صاحب نے چاہا کہ درویش صاحب کو ستار بجانے سے روک دیں اور عالم صاحب اپنا

فتویٰ واپس لے لیں حضور فرماتے ہیں میں نے پیر صاحب سے کہہ دیا کہ آپ فی الحال ان کے درمیان فیصلہ نہ کریں جب ہم لوگ واپس آجائیں گے تب ان کا فیصلہ کیا جائے گا حضور فرماتے ہیں جب ہم دونوں واپس آگئے تو میں نے پیر صاحب کو یاد دلایا کہ عالم اور درویش کا فیصلہ دونوں کو سنانا باقی ہے ان کے گاؤں میں چلیے ہم دونوں درویش کے گاؤں میں مولوی صاحب مفتی کے درس گاہ میں جاکر کیا دیکھتے ہیں کہ گرداگرد طلباء ہیں درمیان میں مولوی صاحب تشریف فرما ہیں گود میں ستار ہے نہایت ذوق شوق سے ستار بجا رہے ہیں۔ ہم دونوں کو دور سے دیکھ کر ستار بجاتے ہوئے تعظیماً کھڑے ہوگئے میں خاموش تھا پیر صاحب نے مولوی صاحب سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا حال ہے آپ کا آپ تو ستار بجانے کو کفر کہتے ہیں اور آج خود اس کفر میں مبتلا ہوگئے عالم صاحب نے فرمایا آپ دونوں میں سے کسی کی برکت سے یہ نعمت مجھے نصیب ہوئی دُعا کرو جب تک زندہ رہوں ستّار بجاتا رہوں جب مروں ستار بجاتے مروں قیامت کے دن جب اللہ پاک کے سامنے جاؤں ستّار بجاتے جاؤں پیر صاحب نے حضور سے فرمایا کہ فقیر صاحب آپ نے یہ کیا کھیل بنایا حضور نے فرمایا آپ نے کچھ کیا ہوگا پیر صاحب نے فرمایا میں جو کچھ ہوں خوب جانتا ہوں بتایئے اصلی قصّہ کیا ہے تب حضور نے فرمایا کہ جب آپ نے ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرنا چاہا کہ درویش صاحب ستار بجانا چھوڑ دیں اور عالم صاحب اپنا فتویٰ کفریہ واپس لے لیں تو درویش صاحب جب آپ کے ساتھ وعدہ کر لیتے کہ میں ستار نہ بجاؤں گا وہ تو وعدہ خلافی کبھی نہ کرتے مگر ستار کا بجانا ان کے لیے بمنزلہ حیات وغذائے روح کے بن گیا ہے اس لیے وقتِ مقررہ پر اگر ان کو اپنی غذا نہ ملتی اسی وقت مرجاتے اور ان کا خون آپ کی گردن پر ہوتا تو میں نے چاہا کہ آپ خون سے بچ جائیں اور مولوی صاحب جو اپنے علم پر نازاں وفرحاں ہوکر دردمندوں کو کافر کہتے ہیں ان کو بھی درد سے آشنا کردیا جاوے مصرعہ چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار ؎

ب۔ بے دردی جانن ہیرے دردمنداں دیاں آہیں بھڑکن بھائیں
باجوں درد دیدار نہ حاصل بن درداں کجھ ناہیں سمجھ کدائیں
اَلْعِشْقُ نَارٌ یُحْرِقُ مَا سِوَی اللّٰہِ عشق چنگیرا تائیں ہر دم چاہیں
لگا نیہوں نہ توڑیں باہل جو ہر حال بنا ہیں عشق تداہیں

؎ بہار آئی ہے بھر دے بادۂ گلگوں سے پیمانہ
رہے لاکھوں برس ساقی تیرا آباد میخانہ

اس قصّہ سے معلوم ہوا کہ آپ میں جذبات وتصرفات خضر علیہ السلام جلوہ گر تھے جس شخص میں جو کیفیت پیدا

کرنا چاہتے ادنیٰ توجہ سے پیدا کر دیتے کیفیاتِ عشقیہ وجذباتِ صدریہ پر آپ بوجہ اتم متصرف تھے ؎

آناں کہ خاک را بنظر کیمیا کنند
سگ را ولی کنند و مگس را ہما کنند

میں جب رنگون آیا اور یہاں کے بعض لوگوں سے محبت ہوئی تو کبھی کبھی حضور پُرنور کے کمالات کا تذکرہ ان کے سامنے کر لیا کرتا رفتہ رفتہ یہاں کے لوگوں کو حضور پُرنور کے ساتھ غائبانہ محبت ہوگئی یہاں تک کہ بعض نے بیعت کی خواہش ظاہر کی میں نے آپ کی خدمت اقدس میں ایک خط لکھا کہ یہاں کے لوگ آپ سے بیعت ہونا چاہتے ہیں مگر دور و دراز ملک کا معاملہ ہے اگر بذریعہ خط ان کو بیعت فرمایا جاوے تو ؎

بر کریماں کارہا دشوار نیست

کچھ ایّام بعد حضور نے بذریعہ ایک صحیفہ مکرمۂ مطہرہ مجھے تسلّی فرمائی کہ گھبراؤ مت میں ایک رومال بعینیہ عنقریب تمہاری طرف روانہ کروں گا جو شخص تہجّد کی نماز پڑھ کر اسی مصلّے پر رو بہ قبلہ ہو کر رومال پر ہاتھ رکھ دے اور خدا اور رسول کو اپنے پاس حاضر جان کر اپنے تمام گناہوں سے توبہ کرلے تو اس کی بیعت اللہ پاک منظور فرمالے گا چنانچہ حضور پُرنور قدس اللہ سرّہ العزیز نے ململ سفید کا ایک رومال میرے نام پر ارسال فرمایا جس وقت رومال مبارک پہنچا لوگ حضور سے مرید ہونے لگے رفتہ رفتہ لوگوں میں اس بات کا چرچا ہونے لگا کہ پیر صاحب تو ملک پنجاب ضلع ہزارہ مقام چھوہر شریف میں تشریف فرما ہیں اور لوگوں کو بذریعہ رومال کے رنگون میں مرید کرتے ہیں تعجب کی بات ہے مقام حیرت ہے کہ شراب خوار بدکار فاسق فاجر جب رومال پر ہاتھ رکھ کر مرید ہو جاتا ہے نماز گذار نیکو کار تہجّد گزار بن جاتا ہے۔ اور اس کے چہرہ پر نورِ ایمان کی ملاحت وخوبصورتی دیکھ کر اوروں کو رغبت پیدا ہو جاتی ہے سلسلہ ہدایت دن بدن ترقی کرنے لگا دیگر پیرانِ طریقت اپنے حضور میں اپنے مریدوں کو اتنا نفع نہیں پہنچا سکتے جتنا کہ قطبِ عالم غوث اعظم شہنشاہِ چھوہروی نے اپنے فرزندانِ رنگون کو دو ہزار میل سے مرید فرما کر فائدہ پہنچایا ؎

چشم روشن کن زخاکِ اولیا
تا بہ بینی ز ابتدا تا انتہا

ایک مرتبہ مجلس پاک میں حضور شاہنشاہِ چھوہروی قدس اللہ سرّہ العزیز نے مجھے مخاطب کرکے فرمایا قربِ جانی را بعدِ مکانی نیست میں حیران ہوا کہ یہ بے ربط جملہ حضور والا نے کیوں فرمایا لیکن رنگون میں آکر اس مختصر جملہ کے مطالب ومعانی اور قربِ جانی کی شرح اور بعدِ مکانی ارضی کا انقطاع کلی یہ ایسے رموز ہیں کہ بحرِ محیط کو کوزہ میں آپ نے بند کر

دیا ہے ؎

من چہ گویم شرح وصفِ آں جناب
آفتاب است آفتاب است آفتاب

آپ کے کمالات ذاتی وصفاتی اجمالی وتفصیلی ظاہری وباطنی جسمانی وروحانی ہمارے بیانِ ناقص البیان سے مستغنی ہیں آپ نے اپنے علوم ومعارف اپنے جذباتِ عشقیہ اور تصرفاتِ عالم ملکوت وناسوت اور علوم حقائق وجوبیّہ قدمیہ ازلیہ اجمالیّہ اور علوم مراتب صفاتیّہ امکانیّہ تفصیلیہ واقسامِ مراتب توحید یہ وجودیہ اور شہودیہ وغیرہ کمالات کو اپنی کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول میں اجمالاً وتفصیلاً اشارۃً وکنایۃً بیان فرما دیا ہے

یہ کتاب آپ کے کمالات پر شاہدِ عال ہے یہ کتاب آپ کے حسن وجمال کا مظہرِ اتم ہے اس کتاب کے علوم کا ماخذ ومنبع قرآنِ حکیم واحادیثِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلّم ہے اس کے اوراد و وظائف سو سے زائد کتبِ معتبرہ سے نقل کئے گئے ہیں اس کتاب میں ایسے مضامین بھی ہیں جو عقلاء اور عرفاء کو حیرت میں ڈالتے ہیں اس کتاب کی ترتیب اور نقوش والفاظ میں کچھ اس قسم کی تاثیر ہے کہ اس کی تلاوت سے تعلق رکھتی ہے اس کتاب کی تلاوت سے کتب منطق فلسفہ نقہ اصول فقہ تفسیر حدیث وغیرہ ادق علوم میں قوتِ مطالعہ پیدا ہوتی ہے۔ یہ کتاب برزخِ وجوب وامکان کی معیت میں پایہ تکمیل کو پہنچی ہے دائرۂ اولیۂ امکانیہ کے مرکزِ اعلیٰ سے اس کتاب کے علوم لیے گئے ہیں۔ اس کتاب میں ایسے مضامین بھی ہیں جو مخصوص ہیں آپ کے ساتھ یہ طرز وطریقہ جو آپ نے اپنی کتاب میں ایجاد فرمایا ہے متقدمین و متاخرین کی تصانیف میں نہیں پایا جاتا ہے چونکہ ذاتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم صفتِ علمیہ واجب الوجود ہے۔ اس واسطے قرآنِ حکیم نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالاتِ ذاتیہ اجمالیہ کا اظہار فرمایا اور کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف الرسول حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالاتِ صفاتیہ تفصیلیّہ کو طرقِ متعددہ کے ساتھ بیان کرتی ہے چونکہ ذات محمدی ذاتِ واجب الوجود کے لیے صفت اُولیٰ اور ممکنات کے لیے ہیولےٰ ہے۔ اجمالاً اور صفات و کمالاتِ محمدی واجب الوجود کے صفت ظاہر کے لیے مظہر اتم ہیں تفصیلاً تو شہنشاہ زمان خواجہ خواجگان حضرت خواجہ عبد الرحمان صاحب قدس اللہ سرہ العزیز نے اپنی کتابِ لاجواب میں عقلِ اوّل یعنی صفتِ حقیقیہ ذاتیہ اولیہ محمدیّہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسنِ ذاتی وکمالاتِ صفاتی کو اجمالاً وتفصیلاً بطرزِ عجیب وترتیبِ غریب اس طور پر بیان فرمایا ہے کہ بڑے بڑے علمائے کاملین وعرفائے راسخین حیرت درحیرت ہیں علاوہ بریں حضور پُرنور قدس اللہ سرہ العزیز اُمّی تھے۔ علوم مروجہ سے آپ بظاہر ناواقف تھے یعنی آپ نے کسی اُستاد سے علم ظاہری نہیں سیکھا تھا جو شخص آپ کے کمالات

ناواقف اوران کا طالب ہو اس کو چاہیئے کہ آپ کی کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول المسمّٰی بہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول کو غور سے مطالعہ کرے ؎

آفتاب آمد دلیلِ آفتاب
گر دلیلت باید از وے رومتاب

اس کتاب کو حضور پُر نور نے بارہؔ سال آٹھ مہینہ بیسؔ دن میں تالیف و تصنیف فرمایا ہے ۔ باوجود اُمّی ہونے کے آپ نے اپنے خیالات و جذبات و علوم کو نہایت سہل و سلیس عربی زبان میں ظاہر فرمایا۔ یہ کتاب آپ کے علوم و معارف کے دریا کا ایک قطرہ ہے جو اہلِ دُنیا پر بعد از انتقالِ پُر ملال آپ نے بطور تحدیثِ نعمتِ منعم جلّ وعلیٰ ظاہر فرمایا۔ ؎

من چہ گویم شرح وصفِ آں جناب
آفتاب است آفتاب است آفتاب

حضور پُر نور نے مجھے ایک خط کے ذریعہ فرمایا تھا کہ مجموعہ صلواۃ الرسول کے لیے ایک مقدمہ بنایا جاوے جس میں درود شریف کے فضائل اور تلاوت و قراءتِ کتابِ ہٰذا کے طرق کا بیان ہو چنانچہ حضور پُر نور قدس اللہ سرہ العزیز نے اپنی حیات پاک میں اس امر کا شرف برادر مکرم و اخی معظم مولانا اولٰنا حضرتِ مولوی عصمت اللہ صاحب سری کوٹی کو بخشا مولوی صاحب نے بامر حضور والا مقدمہ تیار کرکے حضرت اقدس میں پیش کیا آپ نے فرمایا مقدمہ اچھا ہے مگر قدرے ترمیم کی ضرورت ہوگی اس واسطے مولانا صاحب نے ثانیاً مقدمہ تیار کرکے میری طرف شہر رنگون میں ارسال فرمایا قدرے ترمیم کے ساتھ مولانا کا مقدمہ اور حضور پرنور کے مختصر حالات نیز شجرۂ قادریہ مبارکہ ان تینوں کو ترتیب دے کر ایک مختصر رسالہ کی شکل میں طبع کرایا گیا تاکہ خلق اللہ کو عموماً اور غوث الوریٰ کے متبعین کو خصوصاً نفع ہو ۔ آمین

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ؕ

خوشتر آں باشد کہ سرِّ دلبراں
گفتہ آید درمیانِ عاشقاں

اب مولانا عصمت اللہ صاحب سری کوٹی کا مقدمہ جو بامر حضور پُر نور مرشد برحق نور مطلق خواجہ خواجگاں حضرت خواجہ عبد الرحمان صاحب قدس اللہ سرہ العزیز تیار کیا گیا ذیل میں درج کیا جاتا ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ الَّذِیْ اَرْسَلَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَاَنْزَلَ عَلَیْہِ الْقُرْاٰنَ الْحَکِیْمَ وَجَعَلَہٗ اٰیَۃً وَّمُعْجِزَۃً اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ فَھَدَانَا بِہٖ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَفَضَّلَ حَبِیْبَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ بِسِتٍّ اَعْطٰی لَہٗ جَوَامِعَ الْکَلِمِ وَنَصَرَہٗ بِالرُّعْبِ وَاَحَلَّ لَہُ الْغَنَائِمَ وَجَعَلَ لَہُ الْاَرْضَ مَسْجِدًا وَّطَھُوْرًا وَّاَرْسَلَہٗ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّۃً وَّخَتَمَ بِہِ النَّبِیِّیْنَ ثُمَّ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّہٖ وَحَبِیْبِہٖ وَمَظْھَرِہِ الْاَتَمِّ مِنْ خَلِیْقَتِہِ الَّذِیْ جَآءَ الْحَقُّ بِمَجِیْئِہٖ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ بِظُھُوْرِہٖ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِہٖ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الرَّاشِدِیْنَ الْفَائِزِیْنَ۔

امابعد اے عزیزانِ ملّت جس ذات بابرکات نے مجھ ہیچمدان عصمت اللہ سری کوٹی کو اس کتابِ لاجواب کے مقدمہ کے لیے مامور فرمایا ہے اور جس کو میں اپنے لیے فخر سمجھتا ہوں اوّل تو اس کتاب کی تالیفی نسبت ہی ایسی مبارک ہستی کی طرف ہے جو ہمیں مقدمہ کی تسوید سے بے نیاز کرتی ہے دوم یہ کتاب ایسے مسلّم راس الامر پر مشتمل ہے کہ خود خداوند بے نیاز اور اس کے فرشتے اس کام میں مشغول ہیں اور اس کی طرف ہر وقت تمام مومنین و مؤمنات کو دعوت دے رہے ہیں اور وہ صلواۃ علی النبی المختار ہے لہٰذا آفتاب آمد دلیل آفتاب کی مصداق مجھ جیسے کم علم کے مقدمہ سے یہ کتاب کلیتہً مستغنی ہے حاجتِ مشاطہ نیست روے دل آرام را ۔ لیکن باوصف اس کے فرمانِ مقدمہ کو بندہ نوازی تصور کرتا ہوں از شاہاں چہ عجب گر نوازند گدارا ۔ تزکیۂ نفس و تکمیل انسان کے لیے دو چیزیں ضروری ہیں۔ علمؔ و عملؔ اس کتاب کے علوم و معارف توحیدیہ اور جذباتِ عشقیہ ایسے عالی پایہ کے ہیں جو بذاتہٖ موصل ہیں ذات بطن البطون و ھویت بحت کے بارگاہِ اقدس کی طرف اور عمل کے لیے جو مقدس روش اس کتاب میں اختیار کی گئی ہے وہ اعلیٰ واحسن طریقہ ہے جو خود خداوند جل وعلےٰ اور اس کے فرشتے اس میں شریک عمل ہیں یعنی ارسالِ درود و سلام بہترینِ انام پر کما قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ : اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ؕ ترجمہ : بیشک اللہ اور اس کے فرشتے تحفۂ درود بھیجتے ہیں نبی پر اے ایمان والو تم بھی تحفۂ درود و سلام ان کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا کرو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہ وہ نسخۂ جامعہ علم و عمل طبع ہو کر آپ کے سامنے موجود ہے یعنی کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول المسمّٰی بہ

مَجْمُوْعَۂ صَلوٰۃُ الرَّسُوْل

اس نسخہ عجیبۂ دافع امراض جسمانی و روحانی کے موجد و مرتب حکیم اُمّت استاذِ علوم لدنیہ و معلم معارفِ الٰہیہ

قامع بدعت وقاطع ضلالت ہادیٔ راہِ شریعت مرشد طریقت واقف اسرارِ حقیقت حضرت مولنا الشیخ الکامل جناب خواجہ عبدالرحمٰن صاحب چھوروی قدس اللہ سرہ العزیز ہیں شَکَرَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ سَعْیَہٗ۔

حضور والا ان برگزیدہ مشائخ عظام واولیائے کرام میں سے ہیں جن کے فیوضات سے اہل ہزارہ وکوہستان وکشمیر وسرحد وافغانستان وپنجاب وہندوستان وبنگال وملک برما وعرب وعجم کامیاب وفیضیاب ہوئے ہیں آپ صاحب حالات سنی ومظہر اتم شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِہٖ اِلَیْکَ۔

یہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول جس جامعیت وحسن ترتیب سے حضور پُرنور نے مرتب فرمایا ہے۔ آپ ہی اپنی نظیر ہے یہ اپنے قاری کے لیے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور اور آپ کے کمالات نورًا وظہورًا علمًا وعملًا واخلاقًا دینًا ودنیاویًا ان تمام امور کا ایک عمدہ ومقدس معنوی مجسمہ قائم کرتی ہے جس سے کسب تجلیات اور اسوۂ حسنہ نبویہ کی رہبری یقینی ہے اس کے قاری کے شوق وطاقتِ علمی میں روزافزوں اضافہ ہوتا جاتا ہے اس کا ہرایک جملہ ترغیب الصلوٰۃ کا کام دیتا ہے اکثر مواقع میں مناسب ادعیہ واسمائے الٰہی سے استعانت لی گئی ہے اس کتاب کے قاری کو سرور انبیاء علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی کامل سوانح عمری پر عبور اور جملہ قسم کے درود شریف سے فوائد اور سرور حاصل ہوتا ہے

ضروری اطلاع

اس میں کچھ شک نہیں کہ نفوس کاملہ کی خاص ترتیب وتعداد واجازت میں ایک کیمیائی تاثیر ہوا کرتی ہے آپ نے اس کتاب کی ترتیب تیس ۳۰ پاروں پر رکھی ہے اور وصیت فرمائی ہے کہ روزانہ ایک پارہ یا نصف پارہ تلاوت کیا جاوے فرصت کم ہو تو رُبع پارہ روزانہ ورد کیا جاوے اگر بلا ومصیبت اور قحط وبا وطاعون وشر ظالم میں خلق اللہ مبتلا ہو تو ایک مجلس میں اس کا ختم کیا جاوے تمام آفات وبلیات سے نجات نصیب ہوگی ایصال ثواب رسانی کے لیے بھی اس کا ختم از حد مفید ہے فَیَا فَرْحًا کہ اس مبارک کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول المسمی بہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول کی تحریک طباعت ونشر کا شرف اخی المکرم جناب مولوی حافظ سید احمد صاحب کو میسّر ہوا اور مصارف طباعت کا فخر وباقیات الصالحات کی توفیق جناب سیٹھ احمد اللہ صاحب کباؤ بالقابہ ودیگر اخوان رنگون کو حاصل ہوا شَکَرَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ سَعْیَہُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

حَاشَا اَنْ یَّحْرُمَ الرَّاجِیْ مَکَارِمَہٗ   اَوْ یَرْجِعَ الْجَارُ مِنْہُ غَیْرَ مُحْتَرَمٖ

فضائل درُود شریف

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ؕ

ترجمہ: اللہ پاک اور اس کے فرشتے درود پڑھتے ہیں نبی پر اے ایمان والو تم بھی درود وسلام پڑھو اس محبوب خدا پر۔

۱ وعن ابی ھریرۃ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا (رواہ مسلم)

ترجمہ: ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جو شخص ایک درود میرے اُوپر پڑھتا ہے اللہ پاک دس مرتبہ درُود اس پر پڑھتا ہے۔

۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوٰتٍ وَّحُطَّتْ عَنْہُ عَشْرُ خَطِیْئٰتٍ وَّرُفِعَتْ لَہٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ۔ (رواہ النسائی)

ترجمہ: انس سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جو شخص ایک مرتبہ میرے اُوپر درُود پڑھتا ہے اللہ پاک دس مرتبہ درود اس پر پڑھتا ہے اور دس گناہ اس کے مٹا دیتا ہے اور دس درجے اس کے بلند کر دیتا ہے۔

۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ سَبْعِیْنَ صَلٰوۃً۔ (رواہ احمد)

ترجمہ: عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص درُود پڑھے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ایک مرتبہ اللہ پاک اور اس کے فرشتے ستر ۷۰ مرتبہ اس پر درُود پڑھتے ہیں۔

۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ مِنْھَا شَیْءٌ حَتّٰی تُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّکَ۔ (رواہ الترمذی)

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بلاشک دُعا زمین اور آسمان کے درمیان موقوف رہتی ہے اللہ پاک کے حضور میں قبول نہیں ہوتی جب تک کہ تو درُود نہ پڑھے اپنے نبی پر صلی اللہ علیہ وسلم

۵ وَعَنْ اَبِیْ طَلْحَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّالْبِشْرُ فِیْ وَجْھِہٖ فَقَالَ اِنَّہٗ جَاءَنِیْ جِبْرَئِیْلُ فَقَالَ اِنَّ رَبَّکَ یَقُوْلُ اَمَا یُرْضِیْکَ یَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا یُصَلِّیَ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا

صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا رواہ النسائی والدارمی۔

ترجمہ : ابی طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے اس حالت میں کہ خوشی کے آثار آپ کے چہرہ مبارک میں نمودار تھے پھر فرمانے لگے تحقیق حضرت جبرائیل نے میرے پاس آکر خبر دی کہ آپ کا پروردگار فرماتا ہے کہ اے محمدؐ کیا آپ اس بات سے خوش نہیں کہ آپ کی اُمّت میں سے کوئی شخص آپ پر درُود نہیں پڑھتا، مگر میں اس پر دس مرتبہ درُود پڑھتا ہوں اور آپ کی اُمت میں سے کوئی شخص آپ پر سلام نہیں بھیجتا مگر میں اس پر دسؔ مرتبہ سلام بھیجتا ہوں یعنی آپ کا اُمتی جب ایک مرتبہ درُود بھیجتا ہے تو اللہ پاک اس پر دس مرتبہ درُود بھیجتا ہے اور جب ایک مرتبہ سلام پڑھتا ہے تو اللہ پاک دس مرتبہ اسپر سلام پڑھتا ہے۔

درُود شریف کے فضائل و فوائد حد حصر و احصا سے متجاوز ہیں ان کا ضبط قلم و زبان سے ایک متعسر امر ہے سب سے پہلی فضیلت اور فائدہ درُود شریف کا امتثال امر فضل الٰہی عز اسمہٗ ہے (۲) موافقت و مشارکت درود پڑھنے والے کی ہے اللہ جل و علیٰ اور اس کے ملائکہ کے ساتھ جو درُود شریف بھیجتے ہیں (۳) ایک دفعہ درُود پڑھنے سے اللہ تبارک وتعالیٰ سے دس صلواۃ کا حصول (۴) دس درجوں کا عروج (۵) دس حسنات کا اعمال نامہ میں درج ہونا (۶) دس گناہوں کا محو ہونا (۷) بعض احادیث میں دس غلام آزاد کرنا اور بیسؔ غزوات کے مساوی واقع ہوا ہے (۸) بعد از درُود بر نبی المختار دُعا کا قبول ہونا (۹) درُود پڑھنے والے کے لیے آپ کی شفاعت کا واجب ہونا (۱۰) درُود پڑھنے والے کے حق میں آں سرورِ انبیاء کا گواہی دینا (۱۱) روزِ قیامت میں سب سے پہلے سرورِ انبیاء علیہ الصلواۃ والسلام کے ساتھ لاحق ہونا (۱۲) درُود پڑھنے والے کے تمام امور کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا متولی ہونا (۱۳) سب مشکلات کی آسانی (۱۴) سب حوائج کی قضا (۱۵) گناہوں کی مغفرت (۱۶) سب سیئات کی کفارت ولقولے فوت شدہ نمازوں کی کفارت (۱۷) صدقہ کا قائم مقام ہونا (۱۸) تفریج کرب (۱۹) شفائے بیماراں (۲۰) دافع خوف (۲۱) موجب اظہار برائت متہم (۲۲) ذریعہ فتح (۲۳) باعث حصولِ رضائے الٰہی (۲۴) قاریٔ صلواۃ کا لوگوں میں محبوب ہونا (۲۵) سبب زکا و تنمیۂ عمل و مال (۲۶) صفائیٔ دل (۲۷) حصول برکت سب امور میں حتّٰی کہ اولاد و اولاد الاولاد تا طبقۂ رابعہ (۲۸) اہوالِ قیامت سے نجات (۲۹) آسانی سکرات الموت (۳۰) مہالک دنیا سے خلاصی (۳۱) روزگار کی تنگی مضائق سے رستگاری (۳۲) بددعا و جفا سے خلاصی (۳۳) تطییب مجلس (۳۴) غشیانِ رحمت اہل مجلس کو (۳۵) مرور صراط پر زیادتیٔ نور ثابت رہنا قدم کا طرفۃ العین میں اس سے نجات (۳۶) قاریٔ صلوٰۃ کا نام آنحضرت کی خدمت اقدس میں پیش ہونا (۳۷) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت پیدا ہونا (۳۸) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کرنا (۳۹) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا (۴۰) محبوب ملائکہ ہونا

(۴۱) حصول دعائے ملائکہ درُود پڑھنے والے کے لیے (۴۲) ملائکہ سیاحین کا حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اس طور پر عرض کرنا کہ فلاں ابن فلاں نے آپ پر درُود پڑھا (۴۳) حصول جواب سلام خیر الانام کہ صد سلام مرا بس یکے جواب از تو ۔ وَكَانَ يُبَادِئُ بِالسَّلَامِ ۔۔۔۔۔ آپ کی عادت مبارک تھی کہ سلام میں سبقت فرماتے تو جو شخص آپ پر درُود وسلام بھیجے گا۔ آپ ضرور جواب دیتے ہیں کیونکہ آپ حیات النبی ہیں بلکہ دنیوی حیات سے برزخ کی حیات افضل و اعلیٰ تر ہے يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ بِعَدَدِ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ۔ (۴۴) درود شریف پڑھنے والے کے گناہ تین دن تک نہیں لکھے جاتے (۴۵) قاری صلواۃ کا قیامت میں عرش کے نیچے ہونا (۴۶) ترازوئے اعمال کی گرانی (۴۷) قیامت کی پیاس سے امن (۴۸) جنّت میں کثرت ازواج (۴۹) دُنیا و آخرت کے مصالح میں رشد و ہدایت (۵۰) درود شریف کا ذکر الٰہی پر مشتمل ہونا (۵۱) شکریہ پر متضمن ہونا (۵۲) حق سبحانہ و تعالیٰ کی حق نعمت کی معرفت و اقرار

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جس نے حضرت عزت عزّ اسمہٗ کو اَللّٰهُمَّ سے یاد کیا اس نے سب اسماء میں سے شریف ترین اسم کے ساتھ یاد کیا لفظ اَللّٰهُمَّ سب اسماء و صفات باری تعالےٰ کے لیے مرأت ہے

مَقالات المشائخ رحمہم اللہ تعالیٰ

بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ شیخ کامل نہ ملنے کے وقت طالب مولیٰ کے لیے یہی درُود شریف طریقہ موصل الی اللہ ہے۔ توجہ بلفظ اَللّٰهُمَّ سے وصول بدرگاہ الٰہی و قرب حضرت رسالت پناہی نصیب ہوگا بعض مشائخ قدس اللہ اسرارہم قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اور کثرت درُود شریف کی وصیت فرماتے ہیں اس لیے کہ اول الذکر سے واحد احد اور ثانی الذکر سے سرور انبیاء علی نبینا وعلیہم الصلوت والتسلیمات کے ساتھ محبت و ہم صحبتی حاصل ہوتی ہے۔

مشائخ متاخرین قدس اللہ اسرارہم فرماتے ہیں کہ مرشد کی عدم موجودگی یا نہ ملنے کے وقت طریق سلوک وتحصیل معرفت الٰہی کے لیے متابعت شریعت و دوام ذکر اور کثرت صلواۃ علی خیر البریات کا التزام باطن میں نور عظیم اور بواسطہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فیض پہنچاتی ہے

مُحدِّثین رحمہُمُ اللہ تعالیٰ کے مَقالات

سخاوی ودیگر مُحدّثین رحمہم اللہ سے منقول ہے کہ محمّد بن سعید بن مطرب رات کو سُونے سے پہلے ایک تعداد معین دُرُود شریف کا درد پڑھا کرتے تھے ایک رات کو رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اپنے گھر میں تشریف لاتے دیکھا کہ نورِ نبوی سے میرے گھر کا ہر کونہ منوّر ہو گیا آپ نے ارشاد فرمایا۔ اے محمّد بن سعید اپنا مُنہ جس سے تو مجھ پر کثرت سے دُرود پڑھا کرتا ہے۔ میرے پاس لے آ تاکہ اس پر بوسہ دوں محمّد بن سعید کہتے ہیں مجھے شرم معلوم ہوئی کہ اپنا منہ حضرت کے سامنے کروں میں لے اپنا رخسارہ حضور کے سامنے کیا حضور پرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے میرے رخسار پر بوسہ دیا جب بیدار ہوا تو اپنا گھر کستوری کی خوشبو سے بھرا ہوا پایا اور آٹھ روز تک میرے رخسار سے مشک کی خوشبو آتی تھی

شیخ احمد بن ابی بکر رواد صوفی محدث اپنی کتاب میں باسانید شیخ مجد الدین فیروز آبادی رحمتہ اللہ علیہم روایت کرتے ہیں۔ کہ اقفی نے کہا ایک دن حضرت شبلی قدس اللہ سرہ العزیز حضرت ابو بکر مجاہد قدس اللہ سرہ العزیز کے پاس تشریف لائے حضرت ابو بکر نے انکے اکرام کے لیے کھڑے ہو کر حضرت شبلی کے ساتھ معانقہ کیا اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا میں نے کہا یا سیّدی یہ اکرام و اعزاز اُس شبلی کے ساتھ جس کو آپ اور اہل بغداد دیوانہ کہتے ہیں ابو بکر قدس اللہ سرہ العزیز نے فرمایا کہ میں نے یہ اکرام از خود نہیں کیا بلکہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے خواب میں دیکھا کہ شبلی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلّم کے مجلس پاک میں آئے حضرت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم شبلی کے لیے کھڑے ہو کر ان کے ساتھ بغل گیر ہوئے اور ان کی آنکھوں کے درمیان حضور پُر نُور صلی اللہ علیہ وسلّم نے بوسہ دیا میں نے کہا یا رسول اللہ یہ اعزاز و محبت شبلی کے ساتھ حضور پُر نُور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا شبلی نماز کے بعد یہ آیت پڑھ کر کثرت سے میرے اُوپر درُود بھیجا کرتا ہے ۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

شیخ احمد اسی کتاب میں حضرت شبلی قدس اللہ سرہ العزیز سے نَاقل ہیں کہ میرا ایک پڑوسی فوت ہوا میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا اس نے کہا مصائب و ہول ہائے عظیم دیکھے منکر و نکیر کے سوالات نے مجھے مشکل میں ڈالا میں نے دل میں کہا کہ شاید دین اسلام پر نہیں مرا عذاب کے فرشتے حملہ آور ہوئے یکایک ایک جمیل شخص طیب الرائحہ میرے اور ان کے درمیان حائل ہوا اس نے مجھے دلائل توحید اور ایمان کی حجت یاد دلائی میں نے کہا تم پر خدا کی رحمت ہو آپ کون ہو کہ ایسی مُصیبت کے وقت آپ نے میری

مدد فرمائی اس خوبصورت شخص نے فرمایا کہ میں ایک مرد ہوں جو کہ تمہارے کثرت دُرُود شریف پڑھنے سے پیدا ہوا ہوں مجھے اللہ پاک نے مامور فرمایا ہے۔ کہ ہر شدّت و مُصیبت کے وقت تمہاری اعانت و مدد کروں یہی حکایت کتاب مصباح الظلام میں بلا ذکر شبلی قدس اللہ سرہ العزیز مذکور ہے

شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب جمع الجوامع میں ابنِ عساکر سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عساکر اپنی تاریخ میں حفص بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابو ذراعہ کو خواب میں دیکھتا ہوں کہ آسمان اوّل پر فرشتوں کے امام ہو کر نماز پڑھتے ہیں ۔ میں نے پوچھا یہ مرتبہ آپ نے کس وجہ سے پایا انہوں نے فرمایا کہ ہزارہا حدیثیں اپنے ہاتھ سے لکھا کرتا تھا جب حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا اسم مبارک آجاتا تو میں اپنی طرف سے صلی اللہ علیہ وسلم لکھ لیا کرتا تھا اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

ترجمہ : جو شخص میرے اُوپر ایک مرتبہ دُرُود پڑھے گا۔ اللہ پاک اس پر دس مرتبہ پڑھے گا

حکایت عجیب

مروی ہے کہ ایک شخص صلحاء میں سے ۳۰۰۰ تین ہزار دینار کا مقروض تھا کوئی صورت خلاصی کی نہ تھی صاحب دین نے قاضی کے پاس جا کر دعوٰی کیا قاضی صاحب نے مدیون کو ایک ماہ کی مہلت دی مدیون قاضی سے رخصت ہو کر محراب مسجد میں تضرع و زاری کے ساتھ توجہ الی اللہ کر کے دُرُود شریف میں مشغول ہوا اسی ماہ کی ۲۷ تاریخ کو خواب میں کسی نے آواز دی کہ حق تعالیٰ تمہارا قرضہ ادا کر دے گا تم علی بن موسیٰ وزیر کے پاس جا کر کہو کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں کہ تین ہزار دینار میرے قرضہ کے لیے دے دو میں جب خواب سے بیدار ہوا تو دل میں خوشی کے آثار معلوم ہونے لگے پھر دل میں یہ خیال آیا کہ اگر وزیر مذکور اس واقعہ کے صدق کی دلیل طلب کرے تو کیا جواب دوں گا۔ الغرض یہ خیال اس روز وزیر کے پاس جانے سے مانع ہوا دوسری رات پھر سرور کائنات صلّی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا وہی فرمایا جو پہلی رات آپ نے فرمایا تھا صبح کو خوشی کا اثر اوّل سے زیادہ تھا لیکن بمقتضائے بشریت سابقہ خیال پھر دامنگیر ہوا اور وزیر کے پاس نہ گیا تیسری رات میں نے پھر رسول خدا صلّی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے وزیر کے پاس نہ جانے کی وجہ دریافت فرمائی میں نے عرض کیا کہ اس واقعہ کی صداقت کی دلیل اگر وزیر پوچھے تو کیا جواب دوں گا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے اس سوال پر خوش ہوئے اور فرمایا کہ وزیر کو

کہو اس واقعہ کی تصدیق یہ ہے کہ تم ہر صبح بعد از نمازِ فجر مجھ پر پانچ ہزار بار دُرود بھیجا کرتے ہو اور تیرے درُود پڑھنے پر بجز اللہ جل شانہ و کراماً کاتبین اور تیرے سوا اور کسی کو خبر نہیں پھر وزیر کے پاس گیا سب ماجرا بیان کیا صدق واقعہ کی دلیل سے وزیر نہایت خوش ہوا اور مجھ کو کہا مَرْحَبًا بِرَسُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَقًّا۔ وزیر خوش نصیب نے اسی وقت تین ہزار دینار دیئے اور کہا اس سے اپنا قرضہ ادا کرو۔ تین ہزار دینار اور دیئے اور کہا اس کو نفقۂ عیال میں خرچ کرو تین ہزار دینار اور عنایت فرمائے اور کہا اس سے تجارت کرو اور تاکید فرمائی کہ مجھ سے رابطہ مودت منقطع نہ کرو جو حاجت تمہاری ہو اطلاع دیا کرو وزیر سے جب رُخصت ہوا تو تاریخ مقررہ پر عدالت میں جاکر قاضی صاحب کے پاس حاضر ہوا تین ہزار دینار گن کر پیش قاضی رکھ دیا کہ صاحبِ دین کو دیوے قرض خواہ دیکھ کر تحیّر میں مبہوت و ملہوف ہوا کہ یہ رقم کہاں سے اس کو مل گئی میں نے قاضی صاحب کو سب قصّہ سُنا دیا قاضی صاحب نے کہا یہ سب کرامت وزیر کو کیوں نصیب ہو میں خود تمہارے سب قرض کا متولی ہوں قرض خواہ نے کہا یہ درجۂ بلند تنہا آپ کو کیوں نصیب ہو میں زیادہ مستحق ہوں کہ اللہ جلّ جلالہٗ و عمّ نوالہٗ اور رسول اللہ علیہ وسلّم کی رضا و خوشنودی کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول اور قاصد کو بریّ الذمہ کر دوں میں سب اشرفیاں وزیر و قاضی سے لے کر اپنے گھر آیا۔ اور خداوند جلّ و علیٰ کا شکر بجالایا۔ درُود شریف کے فضائل و ثمرات بے انتہا ہیں اس تھوڑے سے بیان پر بخوف تطویل مقدمہ اکتفا کرتا ہوں۔

اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلَوَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ۔

ترجمہ: تمہارے ایام میں سے افضل دن جمعہ کا دن ہے اس میں سیّدنا آدم علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا کئے گئے اور جمعہ کے دن وفات پائی اسی دن میں نفخۂ صور اور صاعقہ ہو گا پس زیادہ پڑھو مجھ پر درُود اس دن میں کیونکہ تمہارا درُود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

فِيْ مَفَاخِرِ الْاِسْلَامِ۔ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ مِائَةَ صَلٰوةٍ قَضَى اللّٰهُ لَهٗ مِائَةَ حَاجَةٍ سَبْعِيْنَ حَاجَةً مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَثَلٰثِيْنَ مِنْ اُمُوْرِ الْاٰخِرَةِ۔

ترجمہ: کتاب مفاخر الاسلام میں ہے کہ جس نے مجھ پر شبِ جمعہ کو ایک سو دفعہ درود پڑھا اللہ پاک اس کی سو حاجتیں پوری فرماتا ہے ستّر دنیا میں اور تیس آخرت میں۔

وَاَيْضًا فِيْهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ ثَمَانِيْنَ مَرَّةً يَوْمَ الْجُمُعَةِ غُفِرَتْ

ذُنُوْبُهٗ ثَمَانِيْنَ سَنَةً كَذَا نَقَلَهُ الدَّمِيْرِيُّ فِيْ شَرْحِ الْمِنْهَاجِ

ترجمہ: فرمایا نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جس نے مجھ پر اسّی دفعہ جمعہ کے دن درُود پڑھا اُس کے اسّی برس کے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ شبِ دوشنبہ بھی یہی فضیلت رکھتا ہے اس میں بندوں کے اعمال بحضور رب العزّت پیش ہوتے ہیں اسی لیے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم دوشنبہ میں روزہ رکھتے ہیں اور یہی فضیلت پنج شنبہ کو حاصل ہے۔

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْخَمِيْسِ مِائَةَ مَرَّةٍ لَمْ يَفْتَقِرْ اَبَدًا۔

ترجمہ: جس نے پنج شنبہ کے دن سو دفعہ مجھ پر درُود پڑھا ہرگز محتاج نہ ہو گا۔

درُود شریف کے ذریعہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خواب میں دیکھنا۔ مفاخر الاسلام میں ہے۔ اگر کوئی شخص بروز جمعہ ہزار دفعہ درُود شریف بصیغہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ پڑھے تو حضرت سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں اور اپنی منزل جنّت میں دیکھے گا۔ اگر نہ دیکھے تو یہ عمل مکرر تا پانچ جمعہ کرے۔ ایضاً اگر کوئی شخص جمعرات کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد از فاتحہ گیارہ دفعہ سورہ اخلاص اور بعد از سلام سو دفعہ درُود پڑھے بصیغہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔ حضرت سرور کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خواب میں دیکھے گا۔ تین جمعوں سے متجاوز نہ ہو گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں نے خود تجربہ کیا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ لیکن باوصفِ طہارت پاک بستر پر سوئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِبَقَآئِكَ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًا وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً صَلٰوةً مَّقْبُوْلَةً لَّدَيْكَ مَعْرُوْضَةً عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ

الف

بسم الله الرحمن الرحیم
نحمده و نصلي على رسوله الكريم

وصلى الله على نور کزو شد نورها پیدا :. زمین از حب او ساکن فلک درعشق او شیدا.

العتبة القادرية العالية بسيد آباد شريف (شتالو) سريكوت ايبت آباد من مضافات باكستان. الحياة الطيبة المختصرة لشيخ المشائخ غوث الزمان مرشد الطريقة مجاهد الدين والملة مقتدى اهل السنة واقف اسرار المعرفة الحضور العلامة الحاج الحافظ القارى السيد احمد الشاه القادرى عليه رحمة البارئ

ان زبدة الاصفياء سند الاتقياء الحضرة العلامة مولانا و اولٰينا و ماوى ناوملجأنا الحافظ القارى مرشدنا السيد احمد الشاه السريكوتى رحمة الله عليه قد طبع مصنف شيخه مجموعة صلوات الرسول صلى الله عليه وسلم مرة اولى فى سنة ۱۹۳۳عيسوية فى رنغون من برهما وهو حينئذٍ كان مقيما فيه وقد طبعها مرة ثانية فى سنة ۱۳۷۲ هجرية تطابق سنة ۱۹۵۳ عيسوية تحت اهتمام مولانا امير شاه البشاورى واذا نفد النسخ الاولى فطبعها اخوان الطريقة من اهل جاتجام و داكا خمسة آلاف نسخة مرة ثالثة تحت المجلس الرحمانية الاحمدية السنية فى سنة ۱۹۸۲ء بامر ابن شيخ المشائخ الحضرة العلامة المزين سجادة الراشد الحقيق المرشد الكامل على التحقيق مولانا الحافظ القارى السيد محمد طيب الشاه القادرى اطال الله ظله البارى وقد صرف فيها خمس مائة الف روبية تخميناً. اللهم تقبل بجاه حبيبه الكريم صلى الله عليه وسلم.

واذ كان شيخ المشائخ السيد احمد القادري السريكوتي موجودا فى رنغون فارسل اليه شيخه قطب الزمان صاحب الفضيلة الحضور الخواجة عبدالرحمن الجهوروى عليه

رحمة البارى مرسلة وكتب فيها ان المدرسة الرحمانية الهريبورية على ذمتك ايضاً بعد طبع مجموعة صلوات الرسول صلى الله عليه وسلم واذا فرغ عن الطبع والاشاعة لهذا الكتاب العظيم فاقام شورى رحمانية برنغون فى سنة ١٩٢٥عيسوية وعَمَّرَ ستة مكانات عظيمة ومعها لوازماتها ايضاً لامداد المدرسة على نحو شمال من ارض المدرسة الرحمانية الهريبورية متصلة بشارع عام. وعَمَّرَ ايضاً مكانا عليا بجانب الجنوب مشتملا على منزلتين.

وكانت تاتى الشهرية من رنغون مع صرفات المدرسة وكان يمد مجلس شورى جاتجامية (فى الحال المجلس الرحمانية الاحمدية السنية) وقتاً فوقتاً ربنا تقبل من خدمات ساكنى جاتجام ورنغون . آمين ثم آمين.

فالآن المجلس الانتظامية المنظمة قائمة للمدرسة تحت مزين السجادة مولانا الحاج محمد محمود الرحمن مدظله العالى والمدرسة تفوز يوماً فيوماً ويمدها اهل باكستان كافيا مكافيا تقبل الله تبارك وتعالى امدادهم آمين ثم آمين.

وآخر الامرأنَّ شيخ المشائخ المجاهد الاعظم يعنى السيد احمد الشاه القادرى عليه رحمة البارى صار عازماً الى الفردوس الاعلى بتاريخ اثنى عشر ذى قعدة بيوم الخميس فى سنة ١٣٨١ هجرية تطابق سنة ١٩٦١ عيسوية وسعى سعيا بليغاً علي تكميل ماعطاه شيخة الجهوروى من ذمة المدرسة الرحمانية بالمحبة والخلوص والاحترام الى آخر العمر الشريف.

وان غوث الزمان الحضور السيد احمد الشاه القادرى رحمة الله عليه قد اسس بنيان الجامعة الاحمدية السنية العالية بسوله شهر جاتجام بنغلاديش فى سنة ١٩٥٤عيسوية وهى حصين لاستيصالالفرق الباطلة ومركز لاهل السنة والجماعة واسس بنيان دارالعلوم

الاسلامية الرحمانية ايضاً.

وبعده خلفه الرشيد الراشد المرشد خليفته الاعظم قبلة العالم حضرة العلامة مزين السجادة الحاج الحافظ القارى السيد محمد طيب الشاه مدظله العالى للعتبة القادرية العالية قد اسس بنيان الجامعة القادرية الطيبية بداكا فى سنة ١٩٦٨ عيسوية ثم المدرسة الطيبية الودودية السنية بسند رغونة والمدرسة الطيبية الاسلامية السنية بحالى شهر والمدرسة الطيبية الحافظية السنية بكالورغات ايضاً.

وقد اشتغل بخدمة الدين فى بلاد مختلفة من الممالك المختلفة كثير من العلماء والحفاظ والقراء بعد الفراغ عن هذه الادارات المذكورة.

وان شيخ المشائخ غوث الزمان شبيه الغوث الاعظم السيد احمد الشاه القادرى رحمة الله عليه قد اهتم امور الدين وامور الشرع والسلوك فى افريقة وبرهما والهند وباكستان والبنغلاديش باحسن طريق.

انه كان شيخ المشائخ من بين الاقوامى بلاشك ولاريب وامثالخدماة الدينية قليلاً مايُراه فى تواريخ اولياء الله عليهم الرحمة لانه قد انتظم امور الشريعة والطريقة باحسن طريق وباحسن اسلوب ومريدوه قدكانوا موجودين الوفاً الوفاً فى البنغال ومن بعدهمريدو خلفه الرشيد الراشد المرشد الشيخ الحقيق خليفته الاعظم قبلة العالم مزين السجادة الحضرة العلامة الحافظ القارى السيد محمد طيب الشاه القادرى اطال الله ظله البارى قد يزيدون فى اكناف العالم يوماً فيوماً وهذا العروج قد يحصحص ويدل على ان هذه السلسلة الحقة حق و مقبول عند الله و رسوله.

واعلموا ان اخوان الطريقة يسعون لفوز هذه الادارات الدينية بالخصوص وبطريق منظم ولهم اللجنة الانتظامية المستحكمة وتحتها ينعقد جلوس عيد ميلاد النبى صلى الله

عليه وسلم وعرس الغوث الاعظم عبدالقادر الجيلانى ومعين الدين الاجميرى رحمهما الله تعالى وعرس الخواجة الحضور عبدالرحمن الجهوروى وعرس شيخ المشائخ غوث الزمان السيد احمد الشاه القادرى رضى الله عنهم ورضو عنه وينعقد عرس غوث الزمان السيد احمدالشاه القادرى رحمة الله عليه مهتما على سريكوت الشريف وجاتجام وداكا وعلى بلاد مختلفة ايضاً.

وشهرية معلمى المدارس و ملازميها وسكنا هم وغيرها من الامور الضرورية قد ينتظم كلها من اللجنة الانتظامية بلا اجرة رضا لله تعالي ولحبيبه صلى الله عليه وسلم ربنا تقبل آمين ثم آمين .

ولايخفى على اولى الالباب ان شيخ المشائخ السيد احمد الشاه عليه الرحمة وان كان سرحديا ولكن قد اسس الادارات الدينية السنية العظيمة الشان فى بلاد مختلفة لاستيصال الفرق الباطلة و لاعلاء كلمة الحق.وهذا درس عملي كما قال الله تعالى "انما المؤمنون اخوة" وهذا الامر تدل على ان الرابطة الروحانية اشد واقوى ولاتقطعها اية قوة كما قال النبى صلى الله عليه وسلم "معناه المسلمون كلهم كنفس واحدة "

واثبت اولياء الله رحمهم الله هذا القول فى معارج الوجود والخارج عملياً وفعلياً وحياتهمْ الطيبة حضرة الطريق والهادى المسلمى العالم ايضاً. وفق الله تبارك و تعالى للمسلمين ان يعملوا . ولله در للعلامة اقبال ومعناه لقوم المسلمين نفع واحد ونقصان واحد وللجميع نبى واحد و ايمان واحد الحرم واحد والله واحد والقرآن ايضاً ليت المسلمين ان اتفقوا لكان خيرا.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلى الله على نور كزوشدنورهاپيدا ؛ زمیں از حب او ساکن فلک درعشق او شیدا.

دربارِ عالیہ قادریہ سید آباد شریف (ستالو شریف) سریکوٹ ایبٹ آباد پاکستان

شیخ المشائخ، پیرِ طریقت، مجاہدِ دین وملت، پیشوائے اہلِ سنت، واقفِ اسرارِ معرفت

حضرۃ العلاّمہ الحافظ قاری سید احمد شاہ صاحب قادری رحمۃ اللہ علیہ کی پاکیزہ زندگی کے مختصر حالات

زبدۃ الاصفیاء حضرت مولانا سید احمد شاہ صاحب قادری سریکوٹی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے شیخ طریقت غوث زمان حضرت خواجہ خواجگان عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہ العزیز کی تصنیف کردہ مجموعہ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے مرشد برحق کے فرمان پر ۱۹۳۳ء میں جب آپ رنگون (برما) میں رونق افروز تھے پہلی بار اس عظیم ولاثانی کتاب کو چھپوایا۔ ۱۳۷۲ھ مطابق ۱۹۵۳ء میں حضرت مولانا محمد امیر شاہ صاحب پشاوری مدظلہ العالی کے زیر نگرانی دوبارہ چھپوایا۔ چونکہ پہلے نسخے ختم ہو چکے تھے۔

غوث زمان حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے خلیفہ اعظم حضرت شیخ المشائخ علامہ حافظ سید احمد شاہ صاحب قادری رحمتہ اللہ علیہ کو ایک خط تحریر فرمایا کہ مجموعہ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چھپ جانے کے بعد مدرسہ رحمانیہ ہری پور بھی آپ کے ذمہ ہے مجموعہ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طباعت اور اشاعت سے جب آپ کو فرصت ملی تو ۱۹۲۵ء رنگون شہر (برما) میں انجمن شورائے رحمانیہ رنگون کے نام سے ایک انجمن قائم فرمائی۔ مدرسہ کی آمدنی کیلئے چھ عظیم الشان مکانات بمعہ تمام لوازمات مدرسہ رحمانیہ ہری پور کی زمین پر شمالی جانب برلب سڑک تعمیر فرمائے۔ اور جانب جنوب عظیم الشان دو منزلہ بلڈنگ تعمیر فرمائی۔ تعمیری خرچ کے علاوہ مدرسین و ملازمین مدرسہ کی تنخواہیں وغیرہ باضابطہ رنگون سے آتی تھیں۔ انجمن شورائے رحمانیہ چاٹگام (فی الحال انجمن رحمانیہ احمدیہ سنیہ سولہ شہر چاٹگام) نے وقتاً فوقتاً مدرسہ کی کافی امداد فرمائی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ساکنان چاٹگام ورنگون کی خدمات قبول فرمائے آمین ثم آمین۔

حضرت باباجی غوثِ زمان خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ کے صاحبزادے سجادہ نشین الحاج مولانا محمد محمود الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی کے زیر صدارت منظم کمیٹی قائم ہے۔ مدرسہ دن بدن ترقی پر ہے۔

اہالیانِ پاکستان دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ کی کافی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان کی خدمات قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

آخر دین کا یہ جانباز مجاہدِ اعظم اپنی تمام عمر خدمتِ دین اور اشاعتِ اسلام میں صرف کر کے ۱۲ ذیقعد ۱۳۸۱ھ مطابق ۱۹۶۱ء کو بروز جمعرات عازم فردوس ہوئے۔ مگر آخری وقت تک مدرسہ رحمانیہ کی خدمات اور اپنے مرشد برحق کی دی ہوئی ذمہ داریوں کو نہایت خلوص و محبت اور احترام سے پورا کرنے میں کوشاں رہے۔ شیخ زمان حضرت سید احمد شاہ صاحب قادری رحمتہ اللہ علیہ دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ کے اہتمام کے علاوہ چاٹگام سولہ شہر میں ۱۹۵۴ء کو باطل فرقوں کی سرکوبی کیلئے جامعہ احمدیہ سنّیہ عالیہ کی بنیاد رکھی جو تمام بنگلہ دیش میں اہلِ سُنّت والجماعت کا مضبوط قلعہ ہے جسے تمام ملک میں اہلسنّت والجماعت کا مرکزی مقام حاصل ہے۔

اس کے بعد حضور قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کے خلف الرشید خلیفہ اعظم قبلہ عالم زیب سجادہ دربار عالیہ قادریہ سریکوٹ شریف نے ڈھاکہ میں جامعہ قادریہ طیبیہ کی بنیاد رکھی پھر چندر گھونہ میں مدرسہ طیبیہ وددیہ سنّیہ اور حالی شہر میں اسلامیہ طیبیہ سنّیہ اور کالور گھاٹ میں طیبیہ حافظیہ سنّیہ عظیم الشان دینی سنی ادارے تعمیر فرمائے ہیں جن سے سالہا سال سے کافی تعداد میں عالم دین، حافظ و قاری فارغ التحصیل ہوکر ملک کے گوشے گوشے میں دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ حضرت شیخ الزمان حافظ مولانا سید احمد شاہ صاحب قادری سریکوٹی رحمتہ اللہ علیہ نے افریقہ، برما، انڈیا اور بنگلہ دیش میں عظیم الشان دینی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں۔ آپ بے شک بین الاقوامی شیخ المشائخ ہیں۔ آپ نے جس انداز اور منظم طریقے سے دینی خدمات انجام دی ہیں اس کی مثال اولیاء اللہ علیہم الرحمتہ کی تواریخ میں بہت کم منظرِ عام پر آئی ہے۔ انہوں نے شریعت اور طریقت دونوں خدمات کو نہایت احسن اسلوب اور منظم طریقے سے سرانجام فرمایا۔

آپ کے مریدین (روحانی اولاد) صرف بنگلہ دیش میں لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں۔ حضرت قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کے خلف الرشید خلیفہ اعظم مرشد برحق حضرت علاّمہ حافظ قاری سید محمد طیب شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی کے مریدین کی تعداد میں بھی کثرت سے اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ یہ عروج و ترقی اس سلسلہ حقہ کی حقانیت اور مقبولیت کی بین دلیل ہے۔ برادرانِ طریقت ان اداروں کو اور سلسلہ برحق کو منظم طریقے اور نہایت پر خلوص اور بے لوث محبت سے خدمات کرنے اور ترقی دینے میں از حد کوشاں ہیں۔ برادرانِ طریقت اور روحانی اولاد کی ایک مستحکم اور منظّم کمیٹی ہے جس کی زیرِ نگرانی ان تمام مدارس کی خدمات "جشن جلوس عید میلاد النبی" صلی اللہ علیہ وسلم نیز شہنشاہ بغداد حضرت غوث الاعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اور خواجہ غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ اور غوث زمان حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت شیخ المشائخ پیر طریقت علامہ سید احمد شاہ صاحب قادری سریکوٹی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے اہتمام سریکوٹ شریف،

چاٹگام، ڈھاکہ اور دوسری جگہوں میں بھی نہایت شان و شوکت سے منائے جاتے ہیں۔ اور ان دینی اداروں کے اساتذہ کرام و ملازمین کی تنخواہیں اور ان کی رہائش اور تمام سہولتیں کمیٹی کی طرف سے اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی کے لئے مفت ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔

واضح رہے کہ حضرت شیخ الزمان علامہ، حافظ سید احمد شاہ صاحب قبلہ و کعبہ گرچہ سرحدی اور سریکوٹی ہیں لیکن عالم اسلام کو فرقِ باطلہ کی دام فریب سے بچاکر اعلاء کلمہ الحق کے لئے چاٹگام، ڈھاکہ، مختلف ملکوں میں عظیم الشان دینی ادارے قائم کئے ہیں یہ "انما المومنون اخوة" کا عملی سبق ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مسلمانوں کے روحانی رشتے اتنے مضبوط ہیں کہ دنیا کی کوئی طاقت ان روحانی رشتوں کو نہیں توڑ سکتی اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے موافق تمام دنیا کے مسلمان ایک جان کی طرح ہیں اس فرمان کو اولیاء اللہ رحمتہ اللہ علیہم اجمعین نے عملی طور پر ثابت کر دیا ہے اور ان ہی حضرات کی پاکیزہ زندگی مسلمانان عالم کے لئے نشان راہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ مسلمانوں کو عمل کی توفیق نصیب فرمائے آمین۔

اس سلسلہ میں علامہ اقبال علیہ الرحمتہ کا کلام قابل ذکر ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:۔

منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک — ایک ہی سب کا نبی دین بھی ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی اللہ بھی قرآن بھی ایک — کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

مجموعہ صلواۃ الرسول کے اردو ترجمہ میں فخر المشائخ زینت گلشن قادریہ مشعل طریقت منبع فیوض و برکات حضرت الحاج الحافظ پیر سید محمد طیب شاہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی سعی جمیلہ کا مختصر جائزہ!

مرشد برحق حضرت پیر طریقت سید احمد شاہ صاحبؒ سریکوٹی کے فرزند ارجمند زیب سجادہ دربار عالیہ قادریہ سریکوٹ شریف شیخ المشائخ پیر کامل مرشد برحق حضرت العلامہ الحاج حافظ قاری سید محمد طیب شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی کے حکم پر چاٹگام اور ڈھاکہ کے برادران طریقت نے انجمن رحمانیہ احمدیہ سنیہ نے زیر اہتمام ۱۴۰۲ھ بمطابق ۱۹۷۲ء میں چاٹگام میں پانچ ہزار نسخوں پر مشتمل یہ عظیم کتاب تیسری مرتبہ چھپوائی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

مجموعہ صلواۃ الرسول اپنی ضخامت، عربی کے دقیق الفاظ تسکین دل و جان و فیوضات کریمانہ کی فقید المثال اور بینظیر تصنیف ہے۔ اگرچہ مریدین میں اس کے پڑھنے اور ورد کرنے کا شوق کم نہیں ہوا۔ لیکن چونکہ عربی زبان اور بغیر اعراب کے ہونے کی وجہ سے عام قاری اس کے مطالب و مفاہیم اور درست تلفظ سے محروم رہ جاتا تھا اس بات کا اظہار حضرت صاحب قبلہ نے ایک نجی محفل میں حاجی عبدالجبار المعروف یونس کمپنی چاٹگام والے سے فرمایا تو حاجی صاحب نے فوراً" عرض کیا کہ حضرت یہ تو میرے دل کی آواز ہے۔ اس لیے اس کے اعراب لگوانے

اور ترجمہ کروانے کی سعادت اپنی خصوصی شفقت و سرپرستی میں مجھ حقیر و فقیر کے سپرد کر دیں۔ لہٰذا اس کے اردو ترجمہ میں حضرت قبلہ پیر سید محمد طیب شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ کی خصوصی توجہ اور کرم نمایاں ہے۔ آپ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کی خدمات اظہر من الشمس ہیں۔ جہاں آپ دنیائے اسلام میں اہلسنّت والجماعت کی سب سے بڑی تنظیم انجمن رحمانیہ احمدیہ سنیہ چاٹگام بنگلہ دیش کے سرپرست اعلیٰ تھے۔ تو دوسری طرف مختلف ایشیائی ممالک میں مختلف دینی تنظیموں اور مذہبی یونیورسٹیوں کے سرپرست اعلیٰ بھی تھے۔ یہی نہیں بلکہ تیس چالیس لاکھ مریدین کے روحانی پیشوا بھی تھے۔

حضرت قبلہ پیر صاحب اپنے حلقہ مریدین میں اکثر و بیشتر صلواۃ الرسول کی فضیلت اور اسے پڑھنے کی تلقین و تاکید فرماتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت باباجی نے فرمایا کہ جب مجموعہ صلوات الرسول الازہر یونیورسٹی کے پروفیسرز صاحبان کو بطور تحفہ پیش کیا گیا تو انہوں نے پڑھ کر بڑا تعجب کیا اور بے ساختہ بول اٹھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ایسے لوگ بھی آئے ہیں کہ جنھوں نے اس قدر گراں قدر کارنامے سرانجام دیئے اور اپنے آپ کو پوشیدہ رکھا یقیناً یہ بہت بڑی کرامت ہے۔

حضرت قبلہ پیر سید محمد طیب شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے بہ نفس نفیس اس عظیم مجموعہ کے ترجمے و اعراب کا کام اپنی خصوصی نگاہ کرم سے اپنی حیات اقدس میں ہی شروع کروا دیا۔ صلوات الرسول کے جب بائیس پارے اردو ترجمہ کے ساتھ مکمل ہوئے تو مرشد کامل آفتاب ولایت حضرت الحاج الحافظ سید محمد طیب شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ اس دار فانی سے پردہ فرما گئے۔ اور ترجمے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی بھاری ذمہ داری آپ کے صاحبزادگان حضرت الحاج پیر سید محمد طاہر شاہ سجادہ نشین دربار عالیہ قادریہ سید آباد سریکوٹ شریف ہزارہ اور الحاج صاحبزادہ سید محمد صابر شاہ سابق وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کے سر آن پڑی۔ جس میں انہوں نے انتہائی دلچسپی لی اور آج بفضل خدا مجموعہ صلوات الرسول کا مکمل اردو ترجمہ پایہ تکمیل تک پہنچا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کے فیوض و برکات سے تمام مریدین اور امت محمدیہ کو فیضیاب کرے۔ یاد رہے کہ اس کار خیر کی تکمیل میں حضرت خواجہ پیر محمد طیب الرحمٰن صاحب سجادہ نشین چھوہر شریف ہری پور کی سعی جمیلہ اور خصوصی دعائیں شامل حال رہیں۔ دارلعلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور اور دربار عالیہ قادریہ چھوہر شریف کے حوالے سے آپ کی خدمات روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں۔ اس عظیم تصنیف کا اردو ترجمہ کرنے کا اعزاز جناب مناظر اہل سنت حضرت علامہ شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد اشرف سیالوی مدظلہ کو حاصل ہوا۔

حضرت قبلہ حافظ پیر سید محمد طیب شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے جملہ مریدین و عقیدت مند آپ سے بڑی محبت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ لیکن مجموعہ صلوات الرسول مع ترجمہ چھپوانے کے لئے حضرت کی کرم نوازی نے جناب مجاہد ملت الحاج غازی محمد عبدالجبار القادری المعروف یونس کمپنی آف چاٹگام بنگلہ دیش کا انتخاب کیا۔ خوش نصیب ہیں

جناب حاجی عبدالجبار صاحب صد آفرین و خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے اس نیک جذبے کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ (آمین)

اس مجموعہ صلوات الرسول کو پانچ مکمل خوبصورت جلدوں میں شائع کیا جا رہا ہے۔ ہر جلد چھ پاروں پر مشتمل ہے۔

شجرۂ عالیۂ قادریہ

کو بھی مقدمۂ کتاب محیر العقول فی بیان کمالات عقل العقول المسمّٰی بہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول کے ساتھ بطور جزو مقدمہ کے شامل کرکے چھپوا دیا گیا تاکہ حضور پُرنور خواجۂ خواجگان جناب حضرت عبدالرحمٰن صاحب قدس اللہ سرّہ العزیز کے مریدین و متعلقین و عامۂ مسلمین کو فوائد ظاہری و باطنی جسمانی و روحانی اسمائے مشائخ طریقہ کی برکت سے نصیب ہوں

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ

سِلْسِلَۂ قَادِرِيَّہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَوَّرَ قُلُوْبَ الْعَارِفِيْنَ بِنُوْرِ الْمَعْرِفَةِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَهٰذِهٖ سِلْسِلَتِىْ مِنْ مَّشَآئِخِىْ فِى الطَّرِيْقَةِ الْقَادِرِيَّةِ الْمَحْبُوْبِيَّةِ الْاَعْظَمِيَّةِ الْعَالِيَّةِ الشَّرِيْفَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اِلٰهِىْ بِحُرْمَتِ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيّٖنَ خَلِيْفَةِ اللّٰهِ حَضْرَتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰہی بِحُرْمَتِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامِ الْاَشْجَعِیْنَ
اَسَدِ اللّٰہِ الْغَالِبِ مَظْہَرِ الْعَجَآئِبِ وَالْغَرَآئِبِ حَضْرَتِ عَلِیِّ ابْنِ

اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
اِلٰہی بِحُرْمَتِ اِمَامِ الشُّہَدَآءِ وَ
سَنَدِ الْاَتْقِیَآءِ سَیِّدِ شَبَابِ اَہْلِ
الْجَنَّۃِ قُرَّۃِ الْعَیْنَیْنِ سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ
حَضْرَتِ خَوَاجَہْ اِمَامِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ
الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی
بِحُرْمَۃِ شَہِیْدِ الْعِشْقِ اِمَامِ الْمُوَحِّدِیْنَ
حَضْرَتِ خَوَاجَہْ اِمَامِ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ
عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی
بِحُرْمَۃِ الْاِمَامِ الْاَکْبَرِ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ
اِمَامِ مُحَمَّدِنِ الْبَاقِرِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ
اِلٰہی بِحُرْمَتِ حَرِیْقِ الْمَحَبَّۃِ اِمَامِ

اِلٰہی بِحُرْمَتِ قُدْوَۃِ الْمُحَقِّقِیْنَ
زُبْدَۃِ الْمُدَقِّقِیْنَ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ
حَضْرَتِ خَوَاجَہْ اَبِی النَّصْرِ الْحَسَنِ
الْبَصْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی
بِحُرْمَتِ مُحِبِّ الْعَرَبِیِّ مَحْبُوْبِ
الْعَجَمِیِّ صَاحِبِ عِلْمِ الْیَقِیْنِ شَیْخِ
الْمَشَآئِخِ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ شَیْخِ الْعَجَمِیِّ
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَتِ
اِمَامِ الْاَوْلِیَآءِ سَیِّدِ الْاَصْفِیَآءِ شَیْخِ
الْمَشَآئِخِ حَضْرَتِ خَوَاجَہْ دَاؤدِ طَآئِی
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَتِ شَیْخِ
الْمَشَآئِخِ عَارِفِ رُمُوْزِ السَّرْمَدِیِّ

[1] ترتیب سلسلہ تو یوں ہے کہ سیّدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد حسن بصری ان کے بعد حبیب عجمی ان کے بعد داؤد طائیؒ ان کے بعد معروف کرخی ان کے بعد سری سقطی الی آخرہٖ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین مگر حضور پُرنور قدس اللہ سرّہ العزیز نے سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ وحضرت امام زین العابدین وحضرت امام باقر وحضرت امام جعفر صادق وحضرت امام موسیٰ کاظم و حضرت امام موسیٰ رضی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بھی تبرّکاً وتشرّفاً داخل سلسلۂ قادریہ فرمایا جن کے اسمائے پاک کے ساتھ توسّل باعث خیرات وبرکات کثیرہ ہے۔ شجرۂ ہٰذا کے قاری کے لیے۔ منہ

الصَّادِقِیْنَ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ اِمَامِ
جَعْفَرِ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی
عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَتِ غِیَاثِ الْوَرٰی
الْاِمَامِ الْاَعْظَمِ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ
اِمَامِ مُوْسٰی کَاظِمْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی
عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَۃِ قِبْلَۃِ الظَّاہِرِ
وَالْبَاطِنِ اِمَامِ الْہُدٰی حَضْرَتُ خَوَاجَہْ
اِمَامِ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی
الرِّضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

الصَّمَدِیِّ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ شَیْخِ
مَعْرُوْفِ الْکَرْخِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی
عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَتِ شَیْخِ
الْمَشَآئِخِ مَظْہَرِ اَسْرَارِ الْخَفِیِّ
وَالْجَلِیِّ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ
اَبِی الْحَسَنِ السَّرِیِّ السَّقْطِیِّ
الْبَغْدَادِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی
عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَتِ شَیْخِ
الْمَشَآئِخِ سُلْطَانِ الْعَارِفِیْنَ

سَیِّدِ الطَّآئِفَۃِ رَہْنُمَائے الشَّرِیْعَۃِ وَالطَّرِیْقَۃِ مُقْتَدَآءِ اَہْلِ
الْحَقِیْقَۃِ وَالْمَعْرِفَۃِ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ شَیْخِ اَبِی الْقَاسِمِ جُنَیْدِ
الْبَغْدَادِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَۃِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ
تَاجِ الْاَوْلِیَآءِ حُجَّۃِ اللّٰہِ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ اَبِیْ بَکْرِ جَعْفَرِ بْنِ
یُوْنُسَ الشِّبْلِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَۃِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ
فَیَّاضِ الْفَضْلِ حَضْرَتُ خَوَاجَہْ شَیْخِ اَبِی الْفَضْلِ عَبْدِ الْوَاحِدِ
التَّمِیْمِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَۃِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ مَنْبَعِ
فُیُوْضِ الرَّحْمَانِیِّ حَضْرَتِ خَوَاجَہْ شَیْخِ اَبِی الْفَرَحِ الطَّرْطُوْسِیِّ
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِلٰہی بِحُرْمَتِ شَیْخِ الْمَشَآئِخِ مَظْہَرِ سِرِّ الْجُوْدِ

الجزئی والکلی حضرت خواجہ شیخ ابی الحسن علی الھنکاری
القرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ سلطان
العاشقین مصدر شہود محبوب الربانی حضرت خواجہ شیخ ابی
سعید علی المبارک المخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت
شیخ المشائخ محب النبی محبوب سبحانی قطب الاقطاب وفرد
الاحباب غوث الثقلین وسلالۃ الحسنین المرءۃ المشاھدۃ
رب العلمین حضرت خواجہ شیخ محی الدین ابی محمد سلطان
سید عبد القادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ
المشائخ قبلۃ العشاق وکعبۃ الآفاق حضرت خواجہ سید
عبد الرزاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃ شیخ المشائخ
موصل الصالحین حضرت خواجہ سید ابی صالح نصر رضی
اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ مظہر اللہ التام الصمد
حضرت خواجہ سید شہاب الدین احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمت شیخ المشائخ شرف التارکین وفخر العاشقین حضرت
خواجہ سید شرف الدین یحییٰ قطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمت شیخ المشائخ سراج الواصلین وروح العارفین حضرت
خواجہ سید شمس الدین محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت
شیخ المشائخ سید السالکین وسید الراسخین حضرت خواجہ

سید علاء الدین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ
المشائخ بدر العارفین حضرت خواجہ سید بدر الدین حسین
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ شرف الواصلین و
تاج العارفین حضرت خواجہ سید شرف الدین یحییٰ ثانی رضی
اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ قاسم المحبۃ للاشرفین
حضرت خواجہ سید شرف الدین قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمت شیخ المشائخ مظہر اسرار الاحد حضرت خواجہ سید
احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ ضیاء
الخافقین حضرت خواجہ سید حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمۃ شیخ المشائخ غریق المحبۃ حضرت خواجہ سید عبد الباسط
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃ شیخ المشائخ وارث الولایۃ
القادریۃ حضرت خواجہ سید عبد القادر قادری رضی اللہ تعالیٰ
عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ مستغرق بحر الشہود حضرت
خواجہ سید محمود رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ
فانی فی اللہ باقی باللہ حضرت خواجہ سید عبد اللہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃ شیخ المشائخ المتخلق باخلاق اللہ و
المتصف باوصاف اللہ حضرت خواجہ شیخ عنایت اللہ شاہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمت شیخ المشائخ مظہر کنوز اسرار

اَحدٍ حضرتِ خواجہ شیخ حافظ احمد البارہ مولیؒ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃِ شیخ المشآئخ منبعِ النور وشرحِ الصدور حضرت خواجہ شیخ عبد الصبور رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشآئخ مظہرِ اسرارِ حقی وحقیقۃِ محمدیؐ حضرت خواجہ سلطانِ گل محمدِ المعروف بخواجہ کنگالِ المعظم بعظمۃِ جلالِ ذی الجلال والمتجمّل بتجمّل جمالِ ذی الجمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشآئخ حریق المحبۃ حضرت خواجہ شیخ محمدِ الرفیقؒ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃِ شیخ المشآئخ مظہرِ فیوضاتِ الٰہ حضرتِ خواجہ شیخ عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃِ شیخ المشآئخ فریدِ عصرؒ سراسر منورِ مجذوبِ الاکبر حضرت خواجہ شیخ محمدِ انور شاہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشآئخ محبوبِ المعبودِ المعلّم باسرارِ الغیوب حضرت خواجہ شیخ محمدِ یعقوب شاہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشآئخ سلطانِ العارفین محبوبِ الواصلین محبّ الاصفیاءِ والمرسلین ملجاءِ الغرباءِ والمساکین والمستفیض بفیضِ تعلیمِ الطریق عن سلطانِ المعظم سقاھم اللہ رحیقَ العفوِ والغفرانِ ابی الفضلانِ حضرت خواجہ محمد عبد الرحمٰن الچھوروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشآئخ وارثِ ولایتِ قادریہ الحاجّ حافظ مولانا سیّد احمد شاہ صاحب مدّ فیوضہٗ

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَحُبَّ عَمَلٍ تُحِبُّنِیْ اَنْتَ وَاَوْصِلْنَا اِلٰی مَقَاصِدِنَا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَحْیِنَا عَلَی الْاِسْلَامِ وَاَمِتْنَا مَعَ الْاِیْمَانِ وَاَصْبِغْنَا مِنْ بَرَکَاتِ مَشَآئِخِنَا وَارْزُقْنَا جَوَارَھُمْ فِیْ بُحْبُوحَۃِ الْفِرْدَوْسِ بِلَاحِسَابٍ وَّلَاعَذَابٍ اٰمِیْنَ ط ثُمَّ اٰمِیْنَ ط یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط

اما بعد کہ این وظیفۂ شریفہ موسومہ باصل اصول شریف ازولریش دلولہ کیش احقر الانسان فقیر محمد عبد الرحمٰن بن وارث النبی الامی سید العاشقین وسند المعشوقین شیخ الکل والجزوذی العلو والمجد حضرت خواجہ شیخ فقیر محمد عفی اللہ عنہما محض از عطیات الٰہی نامتناہی ظاہر گشت وَالشُّکْرُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ وَعَلٰی کُلِّ نعمائہٖ تعالیٰ ومیگوید بدان فَرَّحَکَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِفَوْزِ اَصْلِ اُصُوْلِکَ کہ زکوٰۃ اصل اصول شریف اینکہ بسحر وقت صبح صادق دوشنبہ غسل کردہ جامہ نو یا نوشستہ پوشیدہ دو رکعت نفل صلوٰۃ اعتکاف خواندہ بہر رکعت بعد الحمد بیست وہشت۲۸ بار سورۃ اخلاص وبعدہٗ ہر روز اول وآخر درود شریف یک صد وبیست وہشت بار میانش بیست وہشت ختم تمام کند ہر ختم یکصد وبیست وپنج ہزار اصل اصول شریف خواندہ باشد ہر مدتے کہ میسّر بود ادا کردہ آید بقیودات ذیل بلباس وخوراک پاک وطیّب وطاہر وصائم الدہر باحسن ارادت وصلوٰۃ با جماعت ونان پز باطہارت ومعہ ترک جلالی وجمالی با تلذذ کمالی اصل وصالی لایزالی وسوخت بخورات وقت سحر از مشک ولوبان وعنبر بہر نماز استعمال عطر ودائم باوضو وغسل جمعہ وآخرش باز دو رکعت صلوٰۃ الوداع بقرأۃ صلوٰۃ اعتکاف مذکورہ خواندہ فارغ شدہ حتی المقدور صدقہ بفقیران الی الحق ومعصومان مطلق خرج نماید افادات وفیوضاتِ آن ظاہر وباہر است از طوالت عمر وترقی علم متبحر ومزید عمل متاثر وزیادتی تلذذ عشق ومحبت ووسعت رزق وروزی روزانہ واجرائے صدقات جاودانہ حاصل کہ لایزال ولا زالت شموس عاملہ ولا الغایت بوح کاملہ الیٰ یوم الدین آمین یارب العٰلمین ؎

زہے وحدت بکثرت بس قبولست — زمیم احمد احد اصل اصول است
بلوح اول تغیر حرف قرآن — نہ بنیاد تہجی ہم نزول است
مقطعات رمز با محبّان — بشارات بمحبوبان حلول است
لہٰذا فیض ثقلینی بہ کونین — حصول است وحصول است وحصول است

هٰذا اصلُ اُصولُ شریف

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اِلٰهی بِحُرمَتِ اَصلِ اُصولِ وُصولِ حصولِ ا با تا ثا ج
حا خا د ذ را زا س ش ص ض طا ظا ع غ فا ق
لِکُل م ن و ا ھا یا وبِحقِّ رمزِ رموزِ راموزِ بروزِ
کنُوزِ الٓمٓ ۝ الٓمٓ ۝ الٓمٓصٓ ۝ الٓرٰ ۝ الٓرٰ قف الٓرٰ قف الٓرٰ قف الٓمٓرٰ قف
الٓرٰ قف الٓرٰ قف کٓهٰیٰعٓصٓ قف طٰهٰ ۝ طٰسٓمٓ ۝ طٰسٓ ۝ طٰسٓمٓ ۝
الٓمٓ ۝ الٓمٓ ۝ الٓمٓ ۝ الٓمٓ ۝ یٰسٓ ۝ صٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝
حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ قٓ ۝ نٓ ۝
وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝
وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَحۡدَهٗ ۝

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ

الحمد للّٰہ والمنّۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منّان تحفۂ عجائب و ہدیۂ غرائب الی اللّٰہ
مقبول بارگاہ شاہِ کونین حضرت محمد رسول اللّٰہ
مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء الاوّل

فی نورہٖ وظہورہٖ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی
حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ عبدالرحمٰن صاحب
ساکن چھوھر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ خَیۡرِ الۡاَسۡمَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ رَبِّ الۡاَرۡضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ
اللہ کے نام کی برکت سے جو سب ناموں سے بہتر اور افضل ہے۔ اللہ زمین کے مالک اور آسمان کے مالک کے نام کی برکت سے

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی
اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام کی بدولت ضرر نہیں دیتی زمین کی کوئی شئ اور نہ کوئی

السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ تَوَاضَعَتۡ لَہٗ
شئ آسمان کی۔ اور وہی سننے جاننے والا ہے۔ اللہ کے نام کی برکت سے جس کے لیے جھکی ہیں

الرِّقَابُ وَبِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ خَافَتۡ مِنۡہُ الۡقُلُوۡبُ وَبِسۡمِ اللّٰہِ
سب گردنیں۔ اور اللہ کے نام کی برکت سے کہ خوف زدہ ہیں اس سے سب کے دل۔ اللہ کے نام کی برکت سے

الَّذِیۡ نَفَّسَ عَنۡ دَاوٗدَ کُرۡبَتَہٗ وَبِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ قَالَ لِلنَّارِ
جس نے دور فرمائی داؤد علیہ السلام سے ان کی تنگی۔ اور اللہ کے نام برکت سے جس نے فرمایا آگ کو

کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلَامًا عَلٰۤی اِبۡرٰھِیۡمَ وَبِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ مَلَأَ الۡاَرۡکَانَ
ہو جا سراسر ٹھنڈک اور سلامتی ابراہیم علیہ السلام پر۔ اور اللہ کے نام کی برکت سے جس نے (برکات سے) بھرپور فرمائے ارکان

کُلَّھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبِحُرۡمَۃِ
اور اجزائے عالم تمام اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ساتھ حق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور ساتھ حرمت وعزت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبِفَضۡلِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور ساتھ فضیلت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے

وَبِعَظۡمَۃِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبِجَلَالِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ
اور ساتھ عظمت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور بدولت جلال بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِیۡمِ وَبِجَمَالِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَبِھَیۡبَۃِ بِسۡمِ
الرحیم کے۔ اور بطفیل جمال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بوسیلہ ہیبت بسم

اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِمَنْزِلَةِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ برکت منزلت اور مرتبۂ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے

وَبِمَلَكُوْتِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ

اور بطفیل پادشاہی اور مملکت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ اعانت جبروت وتسلط بسم

اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِكِبْرِيَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ

اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ برکت بڑائی اور بزرگی بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِیْمِ وَبِثَنَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِبَهَآءِ

الرحیم کے۔ اور بدولت ثناء وتعریف کے جو بسم اللہ الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ برکت اس رونق وبہار کے جو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِكَرَامَةِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ برکت اور وسیلہ اس بزرگی وبرتری کے جو بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِیْمِ وَبِسُلْطَانِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِبَرَكَةِ بِسْمِ اللّٰہِ

الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ اعانت تسلط اور غلبۂ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بوسیلہ برکت کے جو بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِعِزَّةِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِقُوَّةِ

الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور بوسیلہ عزت وغلبہ کے جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے اور بطفیل قوت کے جو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور باعانت اس قدرت کے جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے

اِرْفَعْ قَدْرِیْ وَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَارْزُقْنِیْ مِنْ

بلند فرما میری قدر ومنزلت اور کشادہ فرما میرے لیے میرے قلب اور سینہ کو اور آسان فرما میرے لیے میرے امور اور مجھے عطا فرما

حَيْثُ لَآ اَحْتَسِبُ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ

جہاں سے وہم وگمان بھی (رزق آنے کا) نہ کیا جاسکتا ہو بطفیل اپنے فضل اور کرم کے اے وہ ذات جس کی شان ہے کھٰیٰعٓصٓ

حٰمٓ عٓسٓقٓ وَاَسْئَلُكَ بِجَمَالِ الْعِزَّةِ وَجَلَالِ الْهَيْبَةِ وَجَبَرُوْتِ

حٰمٓ عٓسٓقٓ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ تیرے جمال عزت کے اور جلال ہیبت کے اور غلبہ وسطوت

الْعَظَمَةِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ

عظمت کے کہ تو بنا دے مجھے اپنے بندگان نیک سے کسی قسم کا خوف نہیں ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَاَنْ

ان پر۔ اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے بطفیل اپنی رحمت کے اے سب رحمت کرنے والوں سے زیادہ رحمت والے اور یہ کہ

تُصَلِّیَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ لِیْ كَذَا

رحمت نازل فرمائے ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل پر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور بنا میرے لیے بھی ایسی

وَّكَذَا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

رحمت اور ایسی ہی برکت۔ اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے جو بہت رحم کرنے والا مہربان ہے۔ سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پرورش کرنے والا سب

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ

جہانوں کا ہے۔ بہت رحم کرنے والا مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے ان صفات کمال کے مالک تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے

نَسْتَعِیْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ

استطاعت وقوت طلب کرتے ہیں۔ تو ہمیں چلا راہ راست پر ان لوگوں کے راستہ پر جنہیں تو نے مخصوص انعامات سے نوازا

عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○ سُبْحَانَكَ

جو نہ تیرے غضب میں گھرے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہیں۔ پاکیزہ اور منزہ ہے تو

لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ بِاِخْلَادِ الْحَمْدِ حَمْدًا كَثِيْرًا

نہیں علم ہمارے لیے مگر وہ جو تو نے ہمیں جتلایا اے اللہ اور ہم تیری حمد کے ساتھ (مشغول ہیں) اسے دائم اور برقرار رکھنے کے لیے کہ بہت زیادہ

طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ بِاَمْرِكَ وَتَكُوْنُ بِوُجُوْدِكَ وَبَرَكَةً مِّنْكَ وَتَبَارَكَ

ہو اور پاکیزہ وبابرکت بھی ہو تیرے امر سے اور تیرے ابدی اور سرمدی وجود سے متعلق ہو اور تیری عطا کردہ برکت کی بدولت ہو اور بابرکت ہے

اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ بِجَدٍّ جَدٍّ وَّلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ بِكَ اٰمَنَّا وَلَكَ

نام تیرا اور بلند مرتبت ہے تیری بزرگی جو بڑائی کی انتہا پر ہے۔ اور عبادت کے لائق نہیں سوا تیرے۔ تیرے ساتھ ہی ہم ایمان لائے اور تیرے

اَسْلَمْنَا وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا حَقِّقْنَا اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ يَا مَالِكَ يَوْمِ

لیے ہی طاعت گزار ہوئے اور تجھ پر ہی اعتماد اور بھروسہ کیا ہم نے۔ اے اللہ ہمیں اپنے نور کے ساتھ منور کرکے برقرار رکھ اے روز قیامت کے

الدِّيْنِ وَنَوِّرْ بَصَائِرَنَا بِنُوْرِكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ

مالک۔ اور ہماری قلبی نگاہوں کو منوّر فرما اپنے نور خاص کے ساتھ۔ اے انوار کو منور کرنیوالے اے گمراہوں اور گمراہ کرنے والوں کے ہادی و رہنما

لَا هَادِيَ غَيْرُكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَغْنِنَا عَنْ غَيْرِكَ يَا غَنِيُّ الرَّحْمٰنِ

نہیں کوئی ہدایت دینے والا سوا تیرے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار سب جہانوں کا ہے مجھے اپنی ذات کے طفیل ماسوا سے بے نیاز کر اے بے نیاز

الرَّحِيْمِ شُهُوْدُ ذَاتِكَ يَا قَرِيْبُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ

رحمٰن رحیم۔ تیرا شہود ذات (مطلوب ہمارا ہے) اے (ہماری جانوں سے) اقریب۔ سلام ہے رب رحیم کی طرف سے کہا ہوا جو مالک ہے روز قیامت کا

الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ

اے صفات کمال والے تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی ہر قسم کی مدد طلب کرتے ہیں۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

فِيْ حَقَائِقِ مَحْضِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مِّنْ اَحْوَالِ

تیری اس شان کے صدقے سے کہ تو ہی اللہ ہے جس کا ظہور تشخصات مخصوصہ کے حقائق میں ہے۔ اور اس شان کے طفیل کہ تو مخلوق کے تمام احوال

الْجِدِّ وَالتَّعْدِيْلِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ

حقیقی اور عزم کامل اور ان میں موزونیت وتناسب (پیدا کرنے) پر غالب وقادر ہے اور بوسیلہ اس امر کے کہ تو احدیت وصمدیت کے خصائص

عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ وَالنَّظِيْرِ وَالظَّهِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ الَّذِيْ

کے ساتھ متصف ہو کر مقدس و پاکیزہ ہے مدمقابل اور مخالف سے معاند اور مماثل سے اور مناسب و مددگار سے اور اس شان کے طفیل کہ تو ہی وہ ذات ہے

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ بِحَقِّ

جس کی مثل کوئی نہیں ہے اور اسی شان امتیازی والا ہی سننے جاننے والا ہے کہ تو میری حاجت کو پورا کرے صدقے میں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ لَا

اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم کے اے اللہ نہ

تَجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاجْعَلْنَا مِنَ

بنا ہمیں ان لوگوں سے جو رسوا ہیں حیات دنیا اور آخرت میں اور بنا ہمیں

الَّذِيْنَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا

ان لوگوں سے جن پر غضب نہیں کیا گیا اور نہ وہ گم گشتگان راہ ہدیٰ ہیں۔ آمین۔ اے اللہ نہ بنا ہمیں

ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضَآلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَلَا مِنْ وَجْهِكَ اٰئِسِيْنَ

بذاتِ خود گمراہ ہونے والے اور نہ گمراہ کئے ہوئے۔ اور نہ اپنے در سے ہانکے ہوئے اور نہ اپنے دیدار ذات سے ناامید

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

الٓمّٓ۔ وہ عظیم الشان کتاب جو شک کے لائق نہیں ہے سراسر ہدایت ہے تقویٰ کی طرف مائل لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں غیب کے ساتھ

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

اور قائم کرتے ہیں نماز کو اور ہمارے دیئے سے بعض کو ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں ساتھ اس کے جو نازل کیا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى

آپ کی طرف اور جو اُتارا گیا آپ سے پہلے، اور آخرت کے ساتھ وہی یقین رکھنے والے ہیں۔ وہی لوگ ثابت قدم ہیں اس ہدایت

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ

پر جو ان کے رب کی طرف سے ہے اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ کے نام کی برکت سے جو بہت مہربان رحم فرمانے والا ہے

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

وہی اللہ ہے کہ کوئی معبود برحق نہیں مگر وہی جو رحمٰن رحیم ہے بادشاہ۔ پاکیزہ ومنزہ۔ سراسر سلامتی۔ ایمان دینے والا

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

نگہبان۔ غالب۔ جبار۔ بڑائی کا ظاہر کرنے والا۔ وجود بخشنے والا۔ متناسب انداز میں پیدا کرنے والا مختلف صور و اشکال میں ڈھالنے والا

الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ

بخشنے والا۔ قہر و جلال والا۔ گوناگوں نعمتیں بلاعوض دینے والا ہے۔ بہت زیادہ روزی رساں۔ مشکلات حل کرنے والا۔ ظاہر و باطن کا جاننے والا (رزق میں) اکی کرنیوالا۔ کشادگی

الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ

اور فراخی کا مالک۔ پستی میں گرانے والا۔ بلندی پر لیجانے والا۔ عزت دینے والا۔ قعر مذلت میں گرانے والا۔ ہر ایک کی سننے والا۔ سب کو دیکھنے والا۔ حکم نافذ کرنے والا۔

الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ

عدل فرمانے والا۔ مخلوق کی نگاہوں سے بالاتر اور سب کی خبر رکھنے والا۔ حلم والا۔ عظمت کا مالک۔ بہت زیادہ بخشش فرمانے والا۔ شکر کی جزا دینے والا۔

الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ

بلند شان۔ کبریائی والا۔ بہت حفاظت فرمانے والا۔ روزی مہیا کرنے والا۔ حساب لینے والا۔ جلالت و بزرگی کا مالک۔ صاحب جود و کرم

الرَّقِیْبُ الْمُجِیْبُ الْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ الْبَاعِثُ

نگہبانی کرنے والا۔ دُعائیں قبول کرنے والا۔ ہر شئی کا احاطہ کرنے والا۔ حکمت و دانائی والا۔ محبّت رکھنے والا۔ بزرگ۔ مردوں کو اٹھانے والا۔

الشَّھِیْدُ الْحَقُّ الْوَکِیْلُ الْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الْمُحْصِی

مشاہدہ کرنے والا۔ موجودِ حقیقی۔ کارسازِ حقیقی قوّت کا مالک۔ شدید قوت والا۔ ناصر و مددگار۔ لائقِ حمد و ثناء شمار کرنے والا۔

الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ الْمُحْیِی الْمُمِیْتُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ

آغاز کرنے والا۔ لوٹانے والا۔ حیات بخشنے والا۔ مارنے والا۔ بذاتِ خود زندہ دوسروں کو قائم و برپا رکھنے والا۔ ذاتی وجود والا۔ صاحبِ مجد۔

الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ

اکیلا۔ یکتا۔ بے نیاز۔ صاحبِ قدرت۔ مالکِ اقتدار۔ آگے بڑھانے والا۔ پیچھے ہٹانے والا۔ سب سے پہلے موجود

الْاٰخِرُ الظَّاھِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِی الْمُتَعَالِی الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْعِمُ

سب کے بعد بھی موجود۔ بے حجاب و بے پردہ آثارِ قدرت کے لحاظ سے۔ نگاہائے خلق سے بالاتر کنہ ذات کے لحاظ سے۔ مالک۔ بلند مرتبت۔ نکوکار۔ توبہ کی بہت توفیق دینے

الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

والا۔ نعمتیں عطا کرنیوالا۔ انتقام اور بدلہ لینے والا۔ عفو و درگزر کرنے والا۔ رأفت و رحمت فرمانے والا۔ ملکِ کائنات کا مالک۔ جلالت و عزّت والا۔

الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِیُّ الْمُغْنِی الْمُعْطِی الْمَانِعُ الضَّآرُّ النَّافِعُ

اور تیرے قلم قدرت کے وسیلے سے جو سراسر نور ہے۔ اور تیرے مخصوص روح کے طفیل جو کہ سراسر نور ہے۔ اور نورانی صورِ اسرافیل کے صدقے۔ اور تیری کرسی

النُّوْرِ وَاَسْئَلُكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ وَيَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ وَّيَا مُنَوِّرَ كُلِّ نُوْرٍ وَّ

کے توسل سے جو نور محض ہے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے نور کی نورانیت اور سب انوار کے نور اور انوار کو منور کرنے والے اور

اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ عِظَامِيْ

میں طلب کرتا ہوں تجھ سے کہ تو پیدا کرے میرے دل میں نور کو۔ اور میری آنکھ میں نور۔ اور میری ہڈیوں میں

نُوْرًا وَّفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ

نور کو اور میرے گوشت میں نور۔ اور میرے چمڑے میں نور پیدا فرمادے۔ اور میرے بالوں میں نور کو تخلیق کرے ۔اور میری دائیں جانب

نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَّمِنْ خَلْفِيْ نُوْرًا وَّمِنْ فَوْقِيْ

نور۔ بائیں طرف نور۔ اور میرے آگے نور۔ اور میرے پیچھے نور۔ اور میرے اوپر

نُوْرًا وَّاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحَقُّقٍ وَّاَنْ تَغْشَانِيْ فِي النُّوْرِ اِنَّكَ

نور پیدا فرمادے۔ اور میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری ذات کی اس سے کہ میں غارت کیا جاؤں دولت یقین سے اور مطالبہ کرتا ہوں کہ مجھے چھپالے نور میں

اَنْتَ نُوْرُ الْاَنْوَارِ مُنَوِّرُ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالْاَبْرَارِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ

بیشک تو ہی سب انوار کا نور ہے۔ اور نور بخشنے والا ہے مقربین اور محسنین کو۔ بہت ہی پاکیزہ و مقدس ہے۔ رب ہے

الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ تَعَالٰى رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ حَضْرَةِ الْقُدُسِ

تمام ملائکہ کا بالعموم اور روح امین کا بالخصوص۔ بلند مرتبت ہے رب ان ملائکہ کا جو کہ اس کی بارگاہ مقدس میں

حَاضِرُوْنَ تَعَالٰى رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ الَّذِيْنَ هُمْ فَاعِلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ

حاضر ہیں۔ بلند شان ہے رب ان ملائکہ کا جو کہ وہی کرتے جس کا حکم دئے جاتے ہیں

تَعَالٰى رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ الَّذِيْنَ هُمْ فِي الْاَرْضِ سَاعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

عالی مرتبت ہے اب ان ملائکہ کا جو زمین میں سعی اور جد وجہد کرنے والے ہیں۔ اے اللہ بے شک میں ہوں

اَسْئَلُكَ بِالْاَرْوَاحِ الْمُفَضَّلَةِ وَبِلَيَالٍ عَشْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سائل تیری بارگاہ کا بوسیلہ ان ارواح کے جو فضیلت اور برتری دے گئے ہیں اور بطفیل دس مقدس راتوں کے۔ اے اللہ صلاۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ شَجَرَةً لَّهَا اَرْبَعَةُ اَغْصَانٍ

ہمارے سرور محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے ابتداء میں پیدا فرمایا ایک درخت کو جس کی چار ٹہنیاں

وَسَمَّاهَا شَجَرَةَ الْيَقِيْنِ بِالْاِبْتِدَآءِ ثُمَّ خَلَقَ نُوْرَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہیں اور اس کو شجرۃ الیقین کے نام سے موسوم فرمایا۔ پھر پیدا فرمایا آپ کے نور کو صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ كَمِثْلِ طَاوٗسٍ فِيْ حِجَابٍ مِّنَ الدُّرَّةِ الْبَيْضَآءِ ثُمَّ وَضَعَهٗ

مانند طاؤس کے سفید و براق موتی کے حجاب میں پھر اسے رکھا

عَلٰى تِلْكَ الشَّجَرَةِ وَسَبَّحَ عَلَيْهَا سَبْعِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ثُمَّ خَلَقَ مِرْاٰةَ

اس درخت پر۔ اور اس پر صلوات نازل فرمائیں ستر ہزار سال تک پھر پیدا فرمایا حیاء کا آئینہ

الْحَيَآءِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَنْظُرُوْنَ اِلٰى نُوْرِهٖ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرِيْمِ هُوَ

اور آپ کی آل اور اصحاب پر صلواۃ و سلام بھیج (جو آپ کے انوار کو دیکھا کرتے تھے آپ کے چہرہ مکرم میں درآنحالیکہ آپ

اَشَدُّ حَيَآءً مِّنَ الْعَذْرَآءِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَآ اَشْرَقْتَ بِالنُّوْرِ الَّذِيْ

بہت زیادہ شرمیلے تھے کنواری عورتوں سے (جو پردہ میں ہوں) اور آپ کی ذات پر برکت اور سلامتی نازل فرما ان اشیاء کی گنتی و شمار کے مطابق جو

خَلَقْتَ مِنْ نُّوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَشْيَآءِ اَللّٰهُمَّ

تو نے روشن فرمائیں ساتھ اس نور کے جو تو نے پیدا کیا محمّد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

رحمت نازل فرما ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ اور تیرے رسول محتشم اور حبیب مکرم ہیں جو ایسے

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ فَوَضَعَ اللّٰهُ مِنْكَ الدُّرَّةَ بِاسْتِقْبَالِهٖ فَلَمَّا نَظَرَ

نبی امّی ہیں کہ انہوں نے (کان و ما یکون کی) خبر دی ہے تب اللہ تعالیٰ نے رکھا تمہارے (نور پر محیط) موتی کو اپنے روبرو جب نظر کی

الطَّاوٗسُ فِيْهَا رَاٰى صُوْرَةً اَحْسَنَ فَاسْتَحْيٰى مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَسَجَدَ

تمہارے طاؤس نور نے اس سفید موتی پر تو بہت ہی حسین صورت کو دیکھا۔ پس اللہ تعالیٰ سے حیا دامنگیر ہو گئی تب سجدہ کیا

خَمْسَ مَرَّاتٍ فَصَارَتْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اُمَّتِهٖ فَرْضًا بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ

پانچ مرتبہ تو فرض ہو گئے آپ پر اور آپ کی اُمت پر وہ سجدے پانچ نمازوں کی صورت میں

بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَنَظَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى ذٰلِكَ النُّوْرِ نَظَرَ الْمَحَبَّةِ

اللہ تعالیٰ کے امر سے ۔ اور نظر فرمائی اللہ عزّوجل نے طرف اس نور کے نظر محبّت والی

فَتَعَرَّقَ حَيَاءً مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ اَمَرَ اللّٰهُ مَحْبُوْبَهٗ

تو وہ پسینہ پسینہ ہو گیا اللہ تعالیٰ سے شرم وحیاء کی وجہ سے ۔ اور صلوات نازل فرما آپ کے اہل بیت اور صحابہ کرام پر جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اپنے

بِتَعْلِيْمِ مَحَبَّتِهِمْ اِيَّاهُ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

محبوب کو حکم دیا انھیں اپنی محبّت کی تعلیم دینے (اور اس کے وجوب ولزوم کو ان کے سامنے بیان کرنے) کا فرما دیجئے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا لَا نِهَايَةَ لِاَفْرَادِهٖ وَلَا يَقْدِرُ عَلٰى اِحْصَائِهٖ اَحَدٌ

کرو اللہ تمہیں اپنا محبوب بنا لیگا۔ اور برکات وتعلیمات نازل فرما اپنے محبوب اور انکے اہل بیت واصحاب پر اتنی کثیر مقدار میں کہ جس کے افراد کی انتہا نہ ہو۔ اور نہ

غَيْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَ

قادر ہو سکے اس کے احاطہ اور شمار پر کوئی بھی۔ سوائے اللہ تعالیٰ کے۔ اے اللہ درود وصلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو تیرے عبد خاص، رسول محتشم ہیں اور

حَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ خُلِقَ مِنْ نُّوْرِهٖ فَمِنْ عَرَقِ رَاْسِهٖ خُلِقَ الْمَلٰٓئِكَةُ

تیرے حبیب نبی اُمّی جو (سر تا پا) نور سے پیدا کئے گئے۔ پس ان کے سر اقدس کے پسینہ سے پیدا کیا گیا ملائکہ کو

وَمِنْ عَرَقِ وَجْهِهٖ خُلِقَ الْعَرْشُ وَالْكُرْسِيُّ وَاللَّوْحُ وَالْقَلَمُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

اور ان کے چہرہ اقدس کے پسینہ سے پیدا کئے گئے عرش وکرسی اور لوح وقلم اور شمس وقمر

وَمَا كَانَ فِي السَّمَآءِ مِنَ الْحِجَابِ وَالْكَوْكَبِ الْمُضِيْءِ وَمِنْ عَرَقِ صَدْرِهٖ

اور جو کچھ آسمانوں میں ہے یعنی حجابات نور اور روشن ستارے۔ اور ان کے سینہ مبارک کے پسینہ سے

خُلِقَ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمُرْسَلُوْنَ وَالشُّهَدَآءُ وَالصَّالِحُوْنَ وَكُلُّ وَلِيٍّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ

پیدا کئے گئے انبیاء ومرسلین اور شہداء وصالحین اور تمام اولیاء اور

صَحْبِهِ الَّذِيْنَ اَفْضَلُهُمُ الصِّدِّيْقُ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ ثُمَّ عَلِيٌّ مَّنْ قَالَ لَهٗ

(درود وصلوٰۃ نازل فرما) آپکے اہل بیت اور صحابہ کرام پر جن میں سے سب سے افضل ابوبکر ہیں۔ ان کے بعد عمر۔ پھر عثمان اور ان کے بعد علی مرتضیٰ جن کے متعلق

جِبْرَائِيْلُ لَا فَتٰى اِلَّا عَلِيٌّ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جبرئیل علیہ السلام نے کہا نہیں کوئی صاحب فتوت اور جواںمرد مگر علی۔ اور برکتیں اور سلامتی عطا فرما۔ اے اللہ صلوات نازل فرما ہمارے آقا محمد

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ خُلِقَ مِنْ عَرَقِ

پر جو تیرے عبد خاص ۔ رسول و حبیب نبی امّی ہیں کہ پیدا کیا گیا

حَاجِبَيْهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ

ان کے ہر دو ابروں کے پسینہ سے مومنین و مومنات اور مسلمین ومسلمات کو۔

وَمِنْ عَرَقِ اُذُنَيْهِ اَرْوَاحُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَالْمَجُوْسِ وَمَا اَشْبَهَ

اور آپ کے دونوں کانوں کے پسینہ سے یہودیوں۔ نصرانیوں۔ مجوسیوں اور ان جیسے دیگر

ذٰلِكَ مِنْ اَهْلِ الضَّلَالَاتِ وَمِنْ عَرَقِ رِجْلَيْهِ خُلِقَ الْاَرْضُ مِنَ الْمَغْرِبِ

گمراہوں کی روحوں کو (پیدا کیا) اور آپ کے دونوں پاؤں کے پسینہ سے پیدا کی گئی ساری زمین مغرب سے

وَالْمَشْرِقِ وَمَا فِيْهَا مِنْ اَنْوَاعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا

مشرق تک اور وہ تمام انواع واقسام کی مخلوقات جو اس زمین میں ہے۔ اور (درود وسلام بھیج) آپکے آل واصحاب پر جو کہ تھے

عَاشِقِيْنَ بِنُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُقَدَّمِيْنَ بِرُؤْيَةِ جَمَالِهٖ

عاشق ان کے نور جمال پر صلی اللہ علیہ وسلم اور سب اُمت پر شرف پانے والے تھے آپ کے دیدار جمال کی بدولت

فَبِذٰلِكَ النُّوْرِ صَارُوْا كَالنُّجُوْمِ فِي السَّمٰوٰتِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ

پس ہو گئے اس نور مقدس (کے عکس اور پرتو) کی بدولت آسمان کے ستاروں کی مانند اور برکت وسلامتی عطا فرما مطابق تعداد

كُلِّ مَا تَعَلَّقَ بِهٖ اِيْجَادُكَ مِنَ الْجَوَاهِرِ وَالْاَعْرَاضِ فِي الْاَرْضِ وَ

ان تمام اشیاء کے جن کے ساتھ تیری ایجاد وتخلیق کا تعلق ہوا خواہ وہ جواہر ہیں یا اعراض ۔ زمین میں ہیں یا

السَّمَآءِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ الْمَادِيَّاتِ مِنْهَا وَالْمُجَرَّدَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آسمان میں۔ جنت میں ہیں یا دوزخ میں۔ مادیات ہیں یا مجردات ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

نازل فرما ہمارے آقا ومولیٰ محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرم نبی امّی ہیں

الَّذِیْ اَمَرَ اللہُ نُوْرَہٗ اَنْ اُنْظُرْ فَرَاٰی عَنْ اَمَامِہٖ نُوْرًا وَّعَنْ وَّرَآئِہٖ نُوْرًا

جن کے نور مقدس کو اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ نظر اٹھایئے تو اس نور انور نے اپنے آگے ایک نور دیکھا اور اپنے پیچھے بھی نور دیکھا

وَّعَنْ یَّمِیْنِہٖ نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِہٖ نُوْرًا ۝ وَھُوَ نُوْرُ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ

اور اپنی دایئں جانب ایک نور اور بایئں جانب بھی نور دیکھا اور وہ چاروں نور ابوبکر و عمر اور عثمان

وَحَیْدَرٍ رَضِیَ اللہُ عَنْھُمْ وَسَقٰھُمْ رَبُّھُمْ شَرَابًا طَھُوْرًا ۝ ثُمَّ سَبَّحَ

وحیدر (کے) تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور انھیں جنت کی پاکیزہ شراب پلائے۔ پھر تسبیح کہی

سَبْعِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ ثُمَّ خَلَقَ نُوْرَ الْاَنْبِیَآءِ مِنْ نُّوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ

ستّر ہزار سال۔ پھر پیدا کیا گیا انبیاء کے نور کو نور محمدی سے صلّی اللہ علیہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرْوُرًا ۝ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الَّذِیْنَ کَانَ کُلٌّ مِّنْھُمْ عِنْدَ

وسلم سلسلہ وار۔ اور صلوٰۃ وسلام نازل ہو آپ کے آل و اصحاب پر جن میں سے ہر ایک مؤمنین

الْمُؤْمِنِیْنَ لَیِّنًا وَّعَلَی الصِّغَارِ رَحِیْمًا وَّعَلَی الْفُقَرَآءِ مُحْسِنًا وَّعَلَی

کے لیے نرم اور گداز تھا اور برخورداروں پر رحم فرمانے والا۔ فقراء پر احسان فرمانے والا (اللہ ورسول کے)

الْاَعْدَآءِ قَھُوْرًا ۝ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ مَا فِیْ دَرَجَاتِ الْجِنَانِ وَالْحُوْرِ

دشمنوں پر قہر اور غضب الٰہی کا نمونہ۔ اور برکات وسلامتی نازل فرما مطابق تعداد ان تمام اشیاء کے جو جنتوں کے مختلف درجات میں ہیں اور

وَالْقُصُوْرِ وَالْفَوَاکِہِ وَالْاَطْعِمَۃِ طَیِّبًا لِّاَھْلِھَا وَرَاحَۃً وَّسُرُوْرًا اَللّٰھُمَّ

شمار حوروں کے اور محلات کے اور جنتی میوہ جات اور طعاموں کے جو اہل جنت کے لیے طیب وپاکیزہ ہیں اور موجب راحت وسرور۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَحَبِیْبِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ

صلوات نازل فرما ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرم نبی امیّ ہیں جن کے

نَظَرَ اللہُ اِلٰی نُوْرِہٖ فَخَلَقَ مِنْھَا اَرْوَاحَ الْاَنْبِیَآءِ فَقَالُوْا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ

نور مقدس کی طرف اللہ تعالیٰ نے نظر خاص فرمائی پس اس سے انبیاء علیہم السلام کی روحوں کو پیدا فرمایا تو وہ سب کہنے لگے لا الٰہ الا اللہ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ثُمَّ خَلَقَ قِنْدِیْلًا مِّنَ الْعَقِیْقِ الْاَحْمَرِ یُرٰی

محمد رسول اللہ پھر اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائی ایک قندیل سرخ عقیق سے کہ دیکھا جا سکتا تھا (اس کی شفافیت کی وجہ سے)

ظَاھِرُہٗ مِنْ بَاطِنِہٖ ثُمَّ خَلَقَ صُوْرَۃَ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللہِ کَصُوْرَتِہٖ فِی

اس کا بیرونی حصّہ اندرونی حصّہ سے۔ پھر پیدا فرمایا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانی صورت کو مانند آپ کی دنیوی جسمانی

الدُّنْیَا ثُمَّ وَضَعَھَا فِیْ ذٰلِکَ الْقِنْدِیْلِ قِیَامُہٗ فِیْہِ کَقِیَامِہٖ فِی الصَّلٰوۃِ

صورت کے بعد ازاں اس کو ودیعت فرمایا اس قندیل میں اس انداز سے کہ آپ کے وجود نورانی کا قیام اس میں مثل آپ کے قیام صلوٰۃ

اِلٰی وَجْہِ اللہِ ۝ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الَّذِیْنَ کَانُوْا یَنْظُرُوْنَ اِلٰی نُوْرِ اللہِ کَاَنَّ عَلٰی

کے تھا ذات باری تعالیٰ کی طرف انابت ورجوع کی حالت میں۔ اور صلوٰۃ وسلام نازل فرما آپ کی آل اور اصحاب پر جو کہ دیکھا کرتے تھے نور خداوند

رُءُوْسِھِمُ الطُّیُوْرَ وَیَقُوْمُوْنَ فِی الصَّلٰوۃِ خَاشِعِیْنَ مُتَضَرِّعِیْنَ

کی طرف (ادب ونیاز اور تعظیم وتکریم سے) گویا کہ ان کے سروں پر پرندے ہیں (جو ذراسی جنبش پر اڑ جائیں گے) اور نماز میں قیام کرتے تھے خضوع وخشوع کی حالت میں

لِخَشْیَۃِ اللہِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ مَوْجُوْدٍ مِّنْ فَوْقِ الْعَرْشِ اِلٰی

بسبب اللہ تعالیٰ کے خوف کے۔ اور برکات وتسلیمات نازل فرما مطابق تعداد جمیع موجودات کے بالائے عرش سے لے کر

اَسْفَلِ الْفَرْشِ مِمَّا لَا یَقْدِرُ اَحَدٌ اَنْ یَّحْضُرَہٗ وَیُحِیْطَ بِہٖ وَمَا لَا یَعْلَمُ

نشیب فرش تک کہ کسی کو قدرت نہیں کہ سب کے پاس حاضر ہو اور ان کا احاطہ کرے اور ایسی مخلوق کہ نہیں جانتا

جُنُوْدَہٗ اِلَّا اللہُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَ

اس کے انواع واصناف کو مگر اللہ تعالیٰ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول مکرم اور

حَبِیْبِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ طَافَ الْاَرْوَاحُ نُوْرَہٗ بِالتَّسْبِیْحِ وَالتَّھْلِیْلِ مِائَۃً

حبیب معظم نبی امّی ہیں جن کے نور انور کا طواف کیا تمام روحوں نے تسبیح وتہلیل کہتے ہوئے

وَّسَبْعِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ ۝ ثُمَّ اُمِرُوْا لِیَنْظُرُوْا اِلَیْھَا فَمِنْھُمْ مَّنْ رَّاٰی

ایک لاکھ ستّر ہزار سال تک۔ پھر انہیں حکم دیا گیا کہ اس صورت نورانی کی طرف دیکھیں تو ان میں سے بعض نے دیکھا

رَاْسَہٗ صَارَ لِلْخَلْقِ سُلْطَانًا وَّخَلِیْفَۃً ۝ وَمَنْ رَّاٰی جَبْھَتَہٗ صَارَ اَمِیْرًا

اس کے سر ناز کو تو وہ مخلوق کا بادشاہ اور حکمران ہوا۔ اور جس نے اس کی پیشانی کو دیکھا تو وہ فرماں روائے

عَادِلًا وَّمَنْ رَّاٰی عَیْنَیْہِ صَارَ حَافِظًا لِّکَلَامِ اللہِ وَاٰیَاتِہِ الْبَیِّنَۃِ ۝

عادل ہوا اور جس نے اس نورانی صورت کی آنکھوں کو دیکھا تو وہ کلام اللہ اور اس کی آیات بیّنہ کا حافظ ہوا

وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَطُوْفُوْنَ رُوْحَهٗ فِيْ جِسْمِهِ الْمُطَهَّرِ صَلَّى

اور (درود وسلام نازل فرما) آپ کی آل اور اصحاب پر کہ جو آپ کے روح مقدس کا طواف کرتے رہتے تھے جسم مطہر میں ہونے کی حالت

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَيِّفًا وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً ؀ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ مَا

میں بیس سال سے زائد عرصہ تک (صلی اللہ علیہ وسلم) اور برکت وسلامتی عطا فرما مطابق تعداد اور شمار ان تمام امور کے جو عزت

فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ؀ اَللّٰهُمَّ

والے بلند مرتبت اور پاکیزہ صحائف میں (مرقوم ہیں) ان کاتبوں کے ہاتھوں سے جو بزرگ اور محسن ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ

رحمت نازل فرما ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص، رسول مکرم اور حبیب معظم نبی اُمّی ہیں کہ جس

مَنْ رَّاٰى حَاجِبَيْهِ صَارَ نَقَّاشًا وَّمَنْ رَّاٰى اُذُنَيْهِ صَارَ مُسْتَمِعًا وَّمُقْبِلًا

نے دیکھا ان کے دونوں ابروؤں کو تو وہ نقاش ہوا اور جس نے آپ کے ہر دو گوش مبارک کو دیکھا تو وہ کان لگا کر سننے والا اور غور کرنے والا ہوا۔

وَمَنْ رَّاٰى اَنْفَهٗ صَارَ حَكِيْمًا وَّعَطَّارًا وَّمَنْ رَّاٰى شَفَتَيْهِ صَارَ وَزِيْرًا وَّ

اور جس نے آپ کی بینی مبارک کو دیکھا تو وہ صاحب حکمت اور عطار ہو گیا۔ اور جس نے آپ کے ہونٹوں کی زیارت کی تو وہ وزیر اور

جَمِيْلًا ؀ وَمَنْ رَّاٰى اَسْنَانَهٗ صَارَ حَسَنَ الْوَجْهِ وَمَنْ رَّاٰى لِسَانَهٗ صَارَ

صاحب جمال ہو گیا۔ اور جس نے آپ کے دندان مبارک کی زیارت کی تو وہ خوبرو ہو گیا اور جس نے آپ کی زبان مبارک دیکھی تو

بَيْنَ السَّلَاطِيْنِ رَسُوْلًا ؀ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَقْتَبِسُوْنَ

وہ سلاطین وامراء کے درمیان سفیر بن گیا۔ اور (درود بھیج) آپ کی آل اور اصحاب پر جو کہ حاصل کرتے رہتے تھے فیضان

مِنْ نُّوْرِهٖ بِرُؤْيَةِ وَجْهِهٖ لَيْلًا وَّنَهَارًا وَّبُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ؀ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

آپ کے نور اقدس کا آپ کے چہرہ انور کے دیدار سے شب وروز اور صبح وشام۔ اور برکت وسلامتی نازل فرما

بِعَدَدِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَوْهَرًا كَانَ اَوْ عَرَضًا مَّادِيًّا كَانَ اَوْ

آسمانوں اور زمینوں میں موجود تمام اشیاء کی تعداد کے مطابق خواہ وہ جوہر ہیں یا عرض مادی وکثیف ہیں یا

مُجَرَّدًا كَثِيْرًا كَانَ اَوْ قَلِيْلًا ؀ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

مجرد اور لطیف کثیر ہیں یا قلیل۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص

وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ مَنْ رَّاٰى حَلْقَهٗ صَارَ وَاعِظًا

اور رسول معظم اور حبیب مکرم نبی اُمّی ہیں کہ جس نے بھی ان کے حلقوم مبارک پر نگاہ ڈالی تو وہ واعظ بن گیا

وَّمُؤَذِّنًا وَّنَاصِحًا وَمَنْ رَّاٰى لِحْيَتَهٗ صَارَ مُجَاهِدًا وَمَنْ رَّاٰى عَضُدَيْهِ

اور مؤذن اور مخلص وہمدرد بن گیا۔ اور جس نے آپ کی ریش مبارک کی زیارت کی تو وہ مجاہد بن گیا اور جس نے آپ کے دونوں بازوؤں

صَارَ شُجَاعًا وَمَنْ رَّاٰى عَضُدَهُ الْاَيْمَنَ صَارَ حَجَّامًا وَّفَصَّادًا ؀

کی زیارت کی تو وہ مجسمہ شجاعت بن گیا۔ اور جس نے آپ کے صرف دائیں بازو کو دیکھا تو وہ جراح اور رگزن بن گیا۔

وَمَنْ رَّاٰى عُنُقَهٗ صَارَ تَاجِرًا وَمَنْ رَّاٰى عَضُدَهُ الْاَيْسَرَ صَارَ

اور جس نے آپ کی گردن مبارک کا دیدار کیا تو وہ تاجر ہو گیا۔ اور جس نے آپ کا صرف بایاں بازو دیکھا تو وہ

غَلِيْظَ الْقَلْبِ جَلَّادًا ؀ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانَ كُلٌّ مِّنْهُمْ قَاهِرًا

سخت دل جلاد بن گیا۔ اور (درود بھیج) آپ کی آل اور اصحاب پر کہ جن میں سے ہر ایک قاہر اور غالب تھا

عَلَى الْاِمَارَةِ وَصَارِفًا عِنَانَ الْهِمَّةِ عَنِ الدَّنَاءَةِ وَصَابِرًا وَّحَامِدًا ؀

امارت وحکومت پر۔ اور اپنے عزم وہمت کی باگ کو پھیرنے والا تھا خساست اور کمینگی سے اور مجسمہ صبر تھا اور اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے والا

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ فَرْدٍ مِّنَ الْمَوْجُوْدِ عِلْوِيًّا كَانَ اَوْ سِفْلِيًّا قَائِمًا

اور برکت وسلامتی عطا فرما (اے اللہ) تمام افراد موجودات کی تعداد کے مطابق عالم بالا سے تعلق رکھنے والے ہوں یا اسفل سے خود بخود

بِنَفْسِهٖ اَوْ غَيْرِهٖ حَيًّا اَوْ مَيِّتًا نَامِيًا اَوْ جَامِدًا ؀ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

قائم اور موجود ہوں یا دوسروں کے سہارے قائم ہوں، زندہ ہوں یا فوت شدہ، نباتات کے قبیل سے ہوں یا جمادات سے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ مَنْ رَّاٰى

ہمارے مخدوم محمد پر جو تیرے عبد خاص، رسول معظم اور حبیب مکرم نبی اُمّی ہیں کہ جس نے زیارت کی

كَفَّهُ الْاَيْمَنَ صَارَ صَرَّافًا ؀ وَمَنْ رَّاٰى كَفَّهُ الْاَيْسَرَ صَارَ كَيَّالًا ؀

ان کے دائیں کف دست کی تو وہ صراف بن گیا اور جس نے ان کے بائیں کف دست کی زیارت کی تو وہ ناپنے میں ماہر بن گیا

وَمَنْ رَّاٰى يَدَيْهِ صَارَ سَخِيًّا وَّكَيِّسًا ؀ وَمَنْ رَّاٰى ظَهْرَ كَفِّهِ الْاَيْسَرِ

اور جس نے آپ کے ہر دو دست مبارک کی زیارت کی تو وہ سخی بن گیا اور صاحب عقل وخرد۔ اور جس نے آپ کی بائیں ہتھیلی کی پشت دیکھی

صَارَ صَبَّاغًا وَمَنْ رَّاٰى اَنَامِلَهٗ صَارَ كَاتِبًا وَّمُسَبِّحًا ۝ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ

وہ رنگریز ہوگیا۔ اور جس نے آپ کی انگلیوں کے پورے دیکھے تو وہ فن کتابت میں ماہر ہوا اور تسبیح خوان بنا اور رحمت نازل

الَّذِيْنَ كَانُوْا مَعْدِنَ الْعِلْمِ وَالْكَرَمِ وَمَنْبَعَ النُّوْرِ الْمُعَظَّمِ ۝

فرما۔ آپ کی آل اور اصحاب پر جو کہ علم و سخا کی کان تھے اور نور معظم کا سرچشمہ

فَصَارَ كُلُّ وَاحِدٍ نَّجْمًا ۝ مَنِ اقْتَدٰى بِهٖ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝

پس ان میں سے ہر ایک نجم ہدایت بن گیا۔ جس نے ان کی اقتداء کی تو بس وہی راہ راست کی کامل ہدایت پانے والا ہے۔

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَنْ هَدَيْتَهٗ بِفَضْلِكَ فَصَارَ عَزِيْزًا اَوْ مَنْ

اور برکت و سلامتی عطا فرما ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جنہیں تو نے ہدایت عطا کی اپنے فضل سے پس وہ عزت والے ہوگئے یا جنہیں

ضَلَّ فِيْ تِيْهِ الْغَوٰى فَصَارَ مُهَانًا وَّذَلِيْلًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

(تو نے ہدایت نہ بخشی) وہ گمگشتگان بادیۂ ضلالت ہوئے پس حقیر اور ذلیل ہوگئے۔ اے اللہ صلوات نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ مَنْ رَّاٰى

محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرم نبی امی ہیں کہ جس نے ان کے بائیں ہاتھ کی انگلیوں کی بیرونی جانب دیکھی

ظَهْرَ اَصَابِعِهِ الْيُسْرٰى صَارَ خَيَّاطًا وَمَنْ رَّاٰى ظَهْرَ اَصَابِعِهِ الْيُمْنٰى

تو وہ درزی بن گیا اور جس نے بائیں ہاتھ کی انگلیوں کا بیرونی حصہ دیکھا تو وہ

صَارَ حَدَّادًا اَوْ صَائِغًا وَمَنْ رَّاٰى صَدْرَهٗ صَارَ عَالِمًا وَّمُجْتَهِدًا ۝ وَمَنْ

آہنگر بن گیا اور سنار و زرگر بنا۔ اور جس نے آپ کے سینہ مبارک کی زیارت کی وہ عالم اور مجتہد بن گیا۔ اور جس نے

رَّاٰى ظَهْرَهٗ صَارَ مُطِيْعًا لِّاَمْرِ الشَّرْعِ مُتَوَاضِعًا وَمَنْ رَّاٰى جَنْبَهٗ صَارَ

آپ کی پشت مبارک پر نگاہ ڈالی وہ امور شرعیہ کا اطاعت گزار اور سراپا تواضع بن گیا۔ اور جس نے آپ کے پہلو مبارک کو دیکھ لیا

غَازِيًا وَمَنْ رَّاٰى بَطْنَهٗ صَارَ زَاهِدًا اَوْ قَانِعًا وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانَ

وہ غازی بن گیا۔ اور جس نے آپ کے بطن اقدس کی زیارت کی وہ سراپا زہد و قناعت بن گیا۔ اور (صلوٰۃ نازل فرما) آپ کی آل اور اصحاب پر

كُلٌّ مِّنْهُمْ رَاغِبًا عَنِ الدُّنْيَا وَطَالِبًا لِّلْمَوْلٰى وَعَنِ السَّيِّئَاتِ مُعْرِضًا

کہ جن میں سے ہر ایک دنیا سے منہ موڑنے والا تھا اور اپنے مولیٰ کا طلب گار۔ برائیوں سے اعراض کرنے والا

وَفِي الْحَسَنَاتِ طَائِعًا ۝ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَنْ شَبِعَ فِيْ وَقْتٍ اَوْ

اور نیکیوں میں سراپا اطاعت۔ اور برکت و سلامتی عطا فرما ان تمام لوگوں کی گنتی کے مطابق جو کسی وقت سیر ہوئے یا

شَرِبَ فِيْ زَمَانٍ وَّمَنْ عَطِشَ فِيْ حِيْنٍ اَوْ صَارَ فِيْ اٰنٍ جَائِعًا اَللّٰهُمَّ

کسی زمانہ میں پیا۔ اور جو کسی لمحے پیاس سے دو چار ہوئے یا کسی آن میں بھوکے رہے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ

صلوٰۃ نازل فرما محمد کریم پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرّم نبی اُمّی ہیں کہ جس نے

مَنْ رَّاٰى رُكْبَتَيْهِ صَارَ سَاجِدًا اَوْ رَاكِعًا وَمَنْ رَّاٰى رِجْلَيْهِ صَارَ صَيَّادًا

آپ کے دونوں زانوں مبارک کی زیارت کی تو وہ سجود و رکوع کرنے والا بن گیا اور جس نے آپ کے دونوں قدموں کی زیارت کی تو صیاد بن گیا

وَمَنْ رَّاٰى تَحْتَ قَدَمَيْهِ صَارَ مَاشِيًا وَمَنْ رَّاٰى ظُفْرَهٗ صَارَ صَاحِبَ

اور جس نے آپ کے دونوں تلووں کو دیکھا تو وہ پیدل چلنے والا ہوا۔ اور جس نے آپ کے ناخن مبارک کو دیکھا تو وہ

الطَّنْبُوْرِ وَمُغَنِّيًا وَّمَنْ لَّمْ يَنْظُرْ اِلَيْهِ صَارَ كَافِرًا وَّمُدَّعِيًا لِّلرُّبُوْبِيَّةِ

طنبور نواز اور گوّیا بن گیا۔ اور جس نے آپ کی زیارت ہی نہ کی تو وہ کافر ٹھہرا اور ربوبیت کا دعوے دار

كَالْفَرَاعِنَةِ اَوْ نَصْرَانِيًّا وَّيَهُوْدِيًّا ۝ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانَ كُلٌّ مِّنْهُمْ

مانند فرعونوں کے یا نصرانی اور یہودی ہو گیا۔ اور (درود بھیج) آپ کی آل و اصحاب پر کہ جن میں سے ہر ایک

رَحِيْمًا عَلَى الضُّعَفَآءِ وَمُوَقِّرًا لِّلْكُبَرَآءِ وَمُحْسِنًا عَلَى الْفُقَرَآءِ وَعَلَى الْاَعْدَآءِ

کمزوروں پر مہربان تھا اور بڑوں کی توقیر و تعظیم کرنے والا۔ اور فقراء پر احسان فرمانے والا تھا۔ اور دشمنان خدا و رسول کے لیے

غَلِيْظًا وَّجَرِيْئًا ۝ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ حَيَوَانٍ كَانَ اَوْ يَكُوْنُ فِي

سخت طبع اور دلیر تھا اور برکت و سلامتی عطا فرما ان تمام جانداروں کی تعداد کے مطابق جو پیدا ہو چکے ہیں یا ہوں گے

الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَوْ هُوَ الْاٰنَ بَحْرِيًّا كَانَ اَوْ بَرِّيًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

زمین میں خواہ آسمان میں یا اب موجود ہیں بحر میں ہوں یا بر میں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ سَبَقَ

سردار محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم۔ حبیب مکرم اور نبی امی ہیں کہ سبقت لے گیا

نُوْرُهٗ عَلٰى خَلْقِ الْخَلْقِ طُرًّا جَمِيْعًا وَّخَلَقَ مِنْهُ مَا خَلَقَ خَالِقُ الْاَرْضِ وَ

ان کا نور (ایجاد وتخلیق میں) تمام خلائق کی ایجاد وتخلیق پر اور اسی نور سے پیدا فرمایا جو بھی پیدا کیا خالق ارض و

السَّمَآءِ بَدِيْعًا فَوَيْلٌ لِّمَنْ لَّمْ يَنْظُرْ اِلَيْهِ وَطُوْبٰى لِمَنْ صَارَ بِيُمْنِ ذٰلِكَ

سما نے انوکھے انداز میں پس ہلاکت ہے اس شخص کے لیے جس نے ان کی طرف نہ دیکھا اور مبارکبادی ہے اس شخص کیلئے جو ہوگیا ان کے

النَّظْرِ لِاَمْرِهٖ مُطِيْعًا ۝ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانَ كُلٌّ مِّنْهُمْ فِيْ اَمْرِ

دیکھ لینے کی برکت سے ان کا مطیع فرمان۔ اور (درود بھیج) آل واصحاب پر کہ جن میں سے ہرایک امور دنیویہ (کی طرف رغبت) میں

الدُّنْيَا بَطِيْئًا وَّفِيْ اُمُوْرِ الدِّيْنِ جَلْدًا وَّسَرِيْعًا ۝ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ

سست گام تھا۔ اور امور دین میں مضبوط اور سریع السیر (تیز رفتار) تھا اور برکت وسلامتی نازل فرما (ان مقدس ہستیوں پر) مطابق تعداد

مَا نَطَقَ بِهٖ كُلُّ نَاطِقٍ بِكُلِّ لُغَةٍ وَّكُنْتَ لَهٗ سَمِيْعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان تمام حروف وکلمات کے کہ نطق کیا ساتھ ان کے کسی بھی ناطق نے کسی بھی لغت میں اور تو ہی اس کے نطق کو سننے والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ خُلِقَ نُوْرُهٗ قَبْلَ

آقا محمد پر جو کہ تیرے عبد خاص۔ رسول معظم۔ حبیب مکرم نبی اُمّی ہیں کہ جن کا نور پیدا کیا گیا تمام

الْخَلْقِ بِاَلْفِ اَلْفٍ وَّسِتِّمِائَةٍ وَّسَبْعِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝ فَسَبَّحَ اللّٰهَ

مخلوق سے سولہ لاکھ ستّر ہزار سال قبل تو اس نور نے اللہ تعالےٰ کی تسبیح کہی

مِنْ اِثْنَيْ عَشَرَ حِجَابًا بِتَسْبِيْحٍ خَاصٍ اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفَ سَنَةٍ وَهِيَ حِجَابُ

بارہ حجابات سے تسبیح مخصوص کے ساتھ بارہ ہزار سال تک اور وہ حجابات یہ ہیں

الْقُدْرَةِ وَالْمِنَّةِ وَالرَّحْمَةِ وَالسَّعَادَةِ وَالْكَرَامَةِ وَالنُّبُوَّةِ ۝ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

قدرت اور فضل واحسان۔ رحمت اور سعادت اور کرامت ونبوت۔ اور صلواۃ نازل ہو آپکے آل واصحاب پر

الَّذِيْنَ اَخْبَرَهُمْ بِهَا وَبِالْهِدَايَةِ وَالْمَنْزِلَةِ الرَّفِيْعَةِ وَالْهَيْبَةِ وَ

کہ جنہیں آپ نے ان (چھ حجابات) کی خبر دی اور (ان کے علاوہ) ہدایت و منزلتِ رفعت۔ ہیبت۔ اور

الشَّفَاعَةِ وَالْعَظَمَةِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ تَسْبِيْحَاتٍ وَّاَذْكَارٍ صَدَرَ مِنْ

شفاعت وعظمت (والے چھ حجابات) کی خبر دی۔ اور برکت وسلامتی عطا فرما مطابق اعداد ان تسبیحات واذکار کے جو

نُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْحُجُبِ وَالْاَزْمِنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سرزد ہوئے آپ کے نور الانور سے ان حجابات (صفات) میں اور ان ازمنہ میں۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْٓ اَخْرَجْتَ

آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرم نبی امی ہیں کہ باہر نکالا تو نے

نُوْرَهٗ مِنَ الْحُجُبِ ثُمَّ اَغْمَسْتَهٗ فِي الْبِحَارِ الْعَشَرَةِ وَهِيَ بَحْرُ الشَّفَاعَةِ وَ

ان کے نور اقدس کو ان حجابات سے پھر تو نے اسے غوطہ دیا دس سمندروں میں جو یہ ہیں۔ بحر شفاعت۔

النَّصِيْحَةِ وَالشُّكْرِ وَالصَّبْرِ وَالسَّخَاوَةِ وَالْاِنَابَةِ وَالْيَقِيْنِ وَالْحِلْمِ وَ

بحر اخلاص ونصیحت۔ بحر شکر۔ بحر صبر۔ بحر سخاوت۔ بحر انابت ورجوع الی اللہ۔ بحر یقین۔ بحر حلم وحوصلہ مندی اور

الْقَنَاعَةِ يَغُوْصُ فِيْهَا وَالْمَحَبَّةِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ اَخْبَرَهُمْ اَنَّهٗ سَبَّحَ

بحر قناعت کہ وہ نور ان (نو سمندروں) میں غوطہ زن تھا اور بحر محبت میں اور آپ کے اہل واصحاب پر درود ہو جنہیں آپ نے خبر دی کہ

وَغَاصَ فِيْ بَحْرِ الشَّفَاعَةِ بِمِقْدَارِ اَلْفِ سَنَةٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ

آپ نے تسبیح کہی ہے اور غوطے لگائے ہیں بحر شفاعت میں ہزار سال کا عرصہ اور برکت وسلامتی عطا فرما ان سمندروں کے

قَطَرَاتِ تِلْكَ الْاَبْحُرِ كُلُّ قَطْرَةٍ مِّنْهَا بِمِثْلِ ذَرَّةٍ فِي الْعَقْلِ وَالْمُدْرِكَةِ

قطروں کی تعداد کے مطابق کہ جن قطروں میں سے ہر قطرہ نگاہ عقل وخرد میں ایک ذرہ کی مانند ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو کہ تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرم نبی امیّ ہیں کہ

الَّذِيْ سَبَّحَ وَغَاصَ فِي الثَّانِيْ بِاَلْفَيْنِ وَالثَّالِثِ بِثَلَاثٍ وَهٰكَذَا اِلٰهَلُمَّ

جنہوں نے تسبیح وتقدیس کی اور غوطے لگائے دوسرے سمندر میں دو ہزار سال تک اور تیسرے سمندر میں تین ہزار سال تک اور اسی ترتیب

فِيْ تِلْكَ الْاَبْحُرِ الْعَشَرَةِ وَتَسْبِيْحُهٗ فِي الْاٰخِرِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ

کے ساتھ ان دس سمندروں میں۔ اور آپ کی تسبیح آخری سمندر میں یہ تھی۔ سبوحٌ قدوسٌ

يَا اَللّٰهُ يَا كَرِيْمُ ثُمَّ اُخْرِجَ مِنْهُ بَعْدَ تِلْكَ الْاَزْمِنَةِ وَاُجْلِسَ عَلٰى بِسَاطِ

یا اللہ یا کریم۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپ (کے نور اقدس) کو ان سمندروں سے نکالا بعد ہزاروں سال کے طویل تر زمانوں کے اور بٹھایا گیا آپکے نور کو ایسی

كَانَ اَوْسَعَ مِنَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ بِسَبْعِيْنَ مَرَّةً وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

مسند پر کہ جو آسمانوں اور زمین سے ستر گنا زیادہ وسیع و عریض تھی اور آپ کے آل و اصحاب پر (درود بھیج)

الَّذِيْنَ اَخْبَرَهُمْ اَنَّهٗ كَانَ فِيْهِ دَرَجَاتٌ كَثِيْرَةٌ وَّمَقَامَاتٌ عَلِيَّةٌ وَّ

جنہیں آپ نے تبلایا کہ اس سند عالی میں بہت سے درجات اور بلند مقامات تھے اور برکت و سلامتی عطا فرما

بَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ الْاَمَاكِنِ وَالْاَزْمَانِ الَّتِيْ كَانَتْ فِيْ تِلْكَ الْحُجُبِ

ان مکانوں اور زمانوں کی تعداد کے مطابق جو ان حجابات اور سمندروں

وَالْبِحَارِ وَالْمَقَامَاتِ الْمُعَظَّمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

اور عظمت والے مقامات میں تھے۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم

وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ اُمِرَ نُوْرُهٗ بِالْقِيَامِ وَالسُّجُوْدِ

اور حبیب مکرم نبی امّی ہیں کہ جن کے نور اقدس کو حکم دیا گیا قیام و سجود کا

وَالْجُلُوْسِ وَالتَّشَهُّدِ فِيْ تِلْكَ الْمَقَامَاتِ فَعِيْدُ فِيْهَا اُلُوْفًا ثُمَّ كُرِّمَ

اور جلسہ اور تشہد کا ان مقامات میں جبکہ وہ مقیم تھے ان مقامات میں ہزاروں سال تک۔ پھر آپ کے نور اقدس کو عزت و کرامت

بِالْخَلْوَةِ الْخَاصَّةِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُ اَسْرَارَهَا اَحَدٌ مِّنَ الْمَخْلُوْقَاتِ ثُمَّ

دی گئی خلوت خاصہ کے ساتھ کہ جس کے اسرار کو مخلوقات میں سے کوئی بھی نہیں جانتا پھر اس نور اقدس کو اس صورت میں ڈھالا جو جسمانی طور پر دنیا میں ہونی تھی اور اسے

صُوِّرَ وَوُضِعَ الْقِنْدِيْلُ عَلَى الشَّجَرَةِ كَمَا مَرَّ تَفْصِيْلُهٗ هٰذَا مَا هُوَ

قندیل میں ودیعت کر کے (قندیل کو درخت پر رکھا گیا جیسے کہ اس کی تفصیل گزر چکی ہے اور یہی اس حقیقت کے بیان میں صحیح ترین

اَصَحُّ الرِّوَايَاتِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ اَخْبَرَهُمْ ثُمَّ بَعْدَ الْخِلْقَةِ

روایت ہے۔ اور آپ کی آل اور اصحاب پر درود بھیج کہ جنہیں آپ نے اس حقیقت سے خبر دی۔ پھر مخلوق کے کیفیات تخلیق کی تکمیل کے

عُلِّقَ الْقِنْدِيْلُ بِسَاقِ الْعَرْشِ فَوْقَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

بعد اس قندیل کو پایۂ عرش کے ساتھ معلق کر دیا گیا سات آسمانوں سے اوپر اور برکت و سلامتی نازل فرما

بِعَدَدِ مَا لَا يُدْرِكُهُ الْعَقْلُ وَمَا هُوَ خَارِجٌ عَنْ اِحَاطَةِ التَّصَوُّرَاتِ وَ

آپ پر ان تمام اشیاء کی مقدار جن کے احاطہ سے عقل قاصر ہے اور جو کہ باہر ہیں تصورات کے احاطہ سے۔ اور

زَائِدٌ عَنِ التَّصْدِيْقَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

تصدیقات کی رسائی اور پہنچ سے بالاتر ہیں۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو کہ تیرے عبد خاص۔

وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ حَفِظْتَ نُوْرَهٗ عَلٰى سَاقِ

رسول معظم اور حبیب مکرم نبی اُمّی ہیں جن کے نور کو تو نے محفوظ رکھا پایۂ

الْعَرْشِ حَتّٰى خَلَقْتَ اٰدَمَ فَوَضَعْتَهٗ فِيْ جَبِيْنِهٖ كَكَوْكَبٍ دُرِّيٍّ وَّيُمْكِنُ

عرش پر تا آنکہ آدم علیہ السلام کو پیدا کیا پس اسے ان کی جبین انور میں رکھا مانند چمکتے ستارے کے

اَنْ يَّكُوْنَ سُجُوْدُ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَيْهِ وَاِنْ كَانَ فِي الظَّاهِرِ لِقَرِيْنِهٖ ثُمَّ انْتُقِلَ

(تاکہ) ہو سکے ملائکہ کا سجدہ طرف اس نور کے اگرچہ بظاہر وہ سجدہ اس نور کے قرین یعنی آدم کی طرف تھا پھر منتقل ہوا

اِلٰٓى اٰبَآئِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صُلْبٍ اِلٰى رَحِمٍ وَّمِنَ الرَّحِمِ

وہ نور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے آباء و اجداد کی طرف یکے بعد دیگرے ایک پشت سے دوسرے رحم کی طرف اور رحم

اِلٰى جَبِيْنِهٖ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ بَذَلُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ لِاِعْلَاءِ

سے اس کے جبین کی طرف۔ اور (درود نازل فرما) آپ کے آل و اصحاب پر جنہوں نے صرف کر دیا اپنی جانوں اور مالوں کو تیرے

كَلِمَتِكَ وَتَرْجِيْحِ مِلَّتِهٖ وَدِيْنِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِي الْجِبَالِ

کلمۂ توحید کو بلند کرنے کے لیے اور آنحضرت کی ملت و شریعت کو غالب کرنے کے لیے۔ اور برکت و سلامتی عطا فرما آپ کو ان تمام اشیاء

وَالْبِحَارِ وَالْبِلَادِ وَالْاَمْصَارِ مِنَ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ وَالْحَيِّ وَالْمَيِّتِ وَمَنْ

کی تعداد کے مطابق جو پہاڑوں، سمندروں اور بلاد و امصار میں ہیں یعنی حجر و شجر اور زندہ و فوت شدہ اور جو

جَعَلْتَهٗ مِنْ طِيْنَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

پیدا کیے تو نے آپ کی طینت سے۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم

وَحَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ خَلَقْتَ نُوْرَهٗ اَيْ اَظْهَرْتَهٗ مِنْ نُّوْرِكَ

اور حبیب مکرم نبی امّی ہیں کہ پیدا فرمایا تو نے ان کے نور کو یعنی ظاہر کیا اسے اپنے نور کے عکس و پرتو سے

فَاللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ اَيْ هُوَ ظَاهِرٌ وَّمُظْهِرٌ

پس اللہ تعالیٰ نور ہے آسمانوں کا اور زمین کا۔ اس کے نور کی شان ایسے ہے کہ جیسے چراغ کے ساتھ سجا ہوا طاق ہو یعنی وہ خود بھی ظاہر ہے

فِیْ حُجُبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُنْتُ كَنْزًا مَّخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ

ظاہر کرنے والا بھی ہے (اشیاء کو) سماوی اور ارضی حجابات میں (جیسے کہ فرماتا ہے) میں مخفی خزانہ تھا تو مجھے اپنا پہچانا جانا پسند آیا

فَخَلَقْتُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَطُوْفُوْنَ

لہٰذا میں نے پیدا کر دیا جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے۔ اور درُود بھیج آپ کے آل و اصحاب پر کہ جو طواف کیا کرتے تھے

نُوْرَهٗ فِیْ زُجَاجَةِ بَدَنِهٖ بَعْدَ مَا وَصَلَ مَا وَصَلَ اِلَيْهِ مِنْ سَيْرِ السَّمٰوٰتِ

آپ کے نور اقدس کا بدن کے شیشہ میں ہوتے ہوئے بعد اس کے کہ پہنچا وہ نور جہاں تک کہ پہنچا یعنی آسمانوں کی اور زمین

وَالْاَرْضِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا خَلَقْتَ مِنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ مَا فِیْ اَطْبَاقِ

کی سیر و سیاحت سے (بعد ولادت کے) اور برکت و سلامتی عطا فرما آپ کو مطابق ان تمام اشیاء کے جو پیدا فرمائیں اس نور سے جو کہ ہیں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِيْهَا وَمَا تَحْتَهَا وَمَا فِی الْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

طبقات سماویہ میں۔ اور ان کے اندر اور نیچے اور جو کہ زمین میں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ

آقا محمد پر جو تیرے عبد خاص۔ رسول معظم اور حبیب مکرم نبی اُمّی ہیں کہ

اَوْصَلْتَ نُوْرَهٗ مِنْ اَصْلَابِ اٰبَآئِهٖ اِلٰی اَبِيْهِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُفْدٰی

پہنچایا تو نے ان کے نور اقدس کو آباء و اجداد کی اصلاب سے آپ کے والد عبداللہ تک جن کا فدیہ دیا گیا عظیم قربانی (سو اونٹ) کے ساتھ

بِالْقُرْبَانِ اِبْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَیِّ

جو بیٹے ہیں عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی

اِبْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ وَكَانَ ابْنُ كَعْبِ بْنِ لُؤَیِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ

بن کلاب بن مرہ کے اور مرہ بیٹے تھے کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن

مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ فِی الزَّمَانِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّهٗ

مالک بن نضر بن کنانہ کے (اور وہ معروف تھے) زمانہ میں۔ اور آپ کے آل و اصحاب پر صلوٰۃ بھیج کہ جنہوں نے کہا کہ وہ

ابْنُ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ ابْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعَدِّ بْنِ

کنانہ فرزند ہے خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن

عَدْنَانَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ اَبٍ وَّابْنٍ وَّكُلِّ نَسَبٍ وَّذِیْ نَسَبٍ

عدنان کا اور برکت و سلامتی نازل فرما آنحضرت پر موافق تعداد ہر باپ اور بیٹے کے اور ہر نسب اور نسب والے کے

وَقَدْ قِيْلَ كَذَبَ النَّسَّابُوْنَ فَوْقَ الْعَدْنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور تحقیق کہا گیا ہے کہ غلط بیانی سے کام لیا ہے نسب بیان کرنے والوں نے عدنان سے اُوپر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ فَوْقَ الْعَرْشِ

ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر جس آقا کا نام اللہ تعالےٰ نے لکھا عرش اعظم پر

قَبْلَ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ ط وَنَبَّاَهُ اللّٰهُ وَاٰدَمُ بَيْنَ الْمَآءِ وَ

آسمانوں اور زمینوں کی تخلیق سے پہلے۔ اور ان کو منصب نبوت عطا فرمایا جبکہ آدم علیہ السّلام ابھی آب و

الطِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

گل میں تھے۔ اے اللہ درُود و سلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ لَمَّا اهْتَزَّ الْعَرْشُ وَاضْطَرَبَ كُتِبَ عَلَيْهِ اسْمُهٗ فَسَكَنَ وَطَرِبَ

جس آقا کی شان یہ ہے کہ جب عرش اعظم لرزا اور مضطرب ہوا تو اس پر آپ کا نام نامی لکھا گیا پس اسے سکون اور طرب حاصل ہو گیا

وَاَوَّلُ مَا كَتَبَ الْقَلَمُ اسْمُهُ الْكَرِيْمُ وَاَعْلَنَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالتَّسْلِيْمُ

اور قلم نے سب سے پہلے انہیں کے اسم کرامت نشان کو تحریر کیا۔ اور اسی کو ظاہر فرمایا علیہ الصلواۃ والتسلیم

وَكَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهُ الْمَنْعُوْتَ ط عَلٰی فُصُوْصِ اللُّؤْلُؤِ وَالْيَاقُوْتِ ط

اور اللہ تعالےٰ نے لکھا آپ کے اسم موصوف کو لولؤ اور یاقوت کے نگینوں پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ درُود و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس

كَتَبَ اللّٰهُ اسْمَهٗ فِی الْاَلْوَاحِ وَالْكُتُبِ ط وَعَلٰی اَطْرَافِ الْحُجُبِ ط وَعَلٰی

(آقا) کا نام اللہ تعالےٰ نے لکھا نوری تختیوں اور صحیفوں میں اور حجابات کے اطراف پر

نُحُوْرِ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَبَيْنَ اَعْيُنِ الْمَلٰٓئِكَةِ الْحَآفِّيْنَ وَعَلٰی اَوْرَاقِ شَجَرِ

اور حور عین کے سینوں پر اور (عرش کے گرد) احاطہ کرنے والے ملائکہ کی آنکھوں میں۔ اور جنتوں کے درختوں کے پتوں پر

الْجِنَانِ ط وَعَلٰی وَرَقِ الْوَرْدِ وَالرَّيْحَانِ ط وَعَلٰی لِسَانِ الْقَلَمِ الْمَنْصُوْبِ

اور گل گلاب وریحان کی پتیوں پر۔ اور قلم کی زبان پر لکھا جو قلم کہ قائم و دائم ہے

وَعَلٰی قُنَّةِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ مَكْتُوْبٌ وَّعَلٰی وَرَقِ شَجَرَةِ طُوْبٰی وَسِدْرَةِ

اور لوح محفوظ کی (سطر) اعلیٰ و اول میں لکھا ہوا ہے۔ اور شجر طوبیٰ کے پتوں پر اور سدرۃ

الْمُنْتَهٰی وَعَلٰی مَفَارِقِ تِيْجَانِ النُّوْرِ وَالْبَهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا

المنتہیٰ کے پتوں پر۔ اور نورانی با رونق تاجوں کے درمیانی حصّہ پر لکھا ہوا ہے اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كُتِبَ اسْمُهٗ عَلٰی عَرْشِكَ قَبْلَ

محمّد اور آپ کی آل پر کہ جس (محبوب) کا نام لکھا گیا تیرے عرش پر قبل

خَلْقِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ فِیْ دِيْوَانِ الْمُؤَيِّدِيْنَ

پیدا کئے جانے اوّلین و آخرین کے۔ اور آپ کا اسم گرامی لکھا ہوا ہے قدرت ونصرت والے (ملائکہ) کے دیوان میں

وَعَلٰی اَطْرَافِ خِيَامِ اَهْلِ عِلِّيِّيْنَ وَعَلَی الْغُرُفَاتِ وَالْقُصُوْرِ وَعَلٰی

اور علیین والوں کے خیموں کے کناروں پر۔ جنت کے بالا خانوں اور محلات پر اور

قُبَابِ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ط وَعَلٰی فَنَنِ الْاَغْصَانِ وَالْاَشْجَارِ وَعَلٰی

بیت المعمور کے قبہ جات پر اور جنتی درختوں کی ٹہنیوں کے آغاز پر اور ان درختوں کے تنوں پر اور

طِرَازِ الْاَحْجَارِ وَالْاَنْهَارِ ط وَعَلٰی خَاتَمِ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلٰی اَكْنَافِ

(جنتی) پتھروں اور نہروں کے نقش ونگار میں۔ اور سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر۔ اور جنت کے اطراف وجوانب

الْجِنَانِ وَعَلٰی خَاتَمِ نُوْحٍ وَّاِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ وَعَلٰی خَاتَمِ دَاوٗدَ وَاِسْمٰعِيْلَ

پر۔ اور حضرت نوح اور ابراہیم خلیل علیہما السلام کی انگوٹھیوں پر، اور داؤد و اسماعیل علیہما السلام کی انگوٹھیوں پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ درود وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (آقا)

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰی جَانِبِ السَّفِيْنَةِ وَفِیْ لَوْحٍ مِّنْ ذَهَبٍ تَحْتَ جِدَارِ

کا اسم گرامی لکھا ہوا تھا (نوح علیہ السلام کی) کشتی کے کنارے پر اور سنہری تختی پر لکھا تھا جو تھی

الْغُلَامَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِی الْمَدِيْنَةِ وَمَكْتُوْبٌ بِالنُّوْرِ الْاَحْمَرِ عَلٰی شَاطِئِ

دو یتیم بچوں والی دیوار کے نیچے شہر کے اندر۔ اور لکھا ہوا ہے (وہ اسم گرامی) سُرخ نور کے ساتھ فرات

الْفُرَاتِ وَالْكَوْثَرِ وَبِالنُّوْرِ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَعَلٰی جِبَاهِ

اور کوثر کے کنارے پر۔ اور نور کے ساتھ (لکھا ہے) تورات۔ انجیل اور زبور میں۔ اور اُوپر

الْحُوْتِ وَعَلٰی جَبِيْنِ مَلَكِ الْمَوْتِ وَمَكْتُوْبٌ بِالْقَلَمِ الْمُنِيْرِ عَلٰی

مچھلیوں کی جبینوں کے اور ملک الموت کی پیشانی پر۔ اور (وہ نام نامی) لکھا ہوا ہے نورانی قلم کے ساتھ

لِسَانِ مُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ وَّعَلٰی جُيُوْبِ حُلَلِ السُّنْدُسِ وَعَلٰی اَبْوَابِ حَظَائِرِ

منکر ونکیر کی زبانوں پر۔ اور سبز ریشمی جوڑوں کے گریبانوں پر۔ اور محفوظ و مقدس محلات

الْقُدُسِ وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلَيْهِ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَاَزْكَی السَّلَامِ مِنْ

کے دروازوں پر۔ اور آپ کا نام نامی لکھا ہوا ہے (آپ پر افضل ترین درُود ہو اور پاکیزہ تر سلام)

قَبْلِ اَنْ يُّخْلَقَ جِبْرَآئِيْلُ بِاَلْفَیْ عَامٍ وَّمَكْتُوْبٌ عَلٰی كُلِّ عَلَمٍ فِی الْجَنَّةِ

جبرئیل علیہ السلام کی تخلیق سے دو ہزار سال پہلے۔ اور لکھا ہوا ہے جنّت کے ہر علم اور جھنڈے پر

وَكَانَ الْاِسْرَآءُ فِیْ رَجَبٍ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِسَنَةٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور تھا آپ کا اسراء (اور معراج) رجب المرجب میں ہجرت سے ایک سال قبل۔ اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِی اصْطَفَاهُ اللّٰهُ مِنْ وُّلْدِ

آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو اللہ تعالےٰ نے چن لیا اولادِ

اِسْمٰعِيْلَ وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰی جَبْهَةِ جِبْرَآئِيْلَ وَعَلَّمَهُ اللّٰهُ الْاَسْمَآءَ

اسماعیل علیہ السّلام سے۔ اور ان کا نام مقدس لکھا ہوا ہے جبرئیل علیہ السلام کی پیشانی پر اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے اسماء کا علم عطا فرمایا

وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰی بَابِ كُلِّ سَمَآءٍ وَّجَعَلَ اللّٰهُ ذِكْرَهٗ قُوْتًا وَّدَوَآءً

اور آپ کا اسم گرامی لکھا ہوا ہے ہر آسمان کے دروازہ پر۔ اور اللہ تعالےٰ نے آپ کے ذکر کو (اروحوں کی) روزی اور دوا وعلاج بنا دیا ہے

وَاسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ عَلٰی بَابِ جَنَّةِ الْمَاْوٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا

اور آپ کا اسم گرامی جنّت الماویٰ کے دروازے پر مرقوم ہے۔ اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْمَعْنِیِّ بِقَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ فِیْ مُحْکَمِ التَّنْزِیْلِ
محمد اور آپ کی آل پر جس محبوب کا ہی قصد اور ارادہ کیا گیا اللہ تعالیٰ کے اس قول سے جو اس کے ناقابلِ نسخ و تغییر کلام منزل میں موجود ہے

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَکْتُوْبًا عِنْدَهُمْ
جو لوگ اتباع کرتے ہیں اس رسول نبی امی کی جس (کے اوصاف اور کمالات کو) لکھا ہوا پاتے ہیں۔

فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اپنے ہاں تورات و انجیل میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمد اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ یَّخْلُقَهٗ مِنْ اَرْضَی
آپ کی آل پر جس محبوب کے متعلق اللہ تعالیٰ نے جب ارادہ فرمایا کہ پیدا کرے اس (کے لباس بشری) کو

الْاَرْضِ اَرْضٰی اَهْلِ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَمَرَ جِبْرَآئِیْلَ اَنْ یَّاْتِیَ
زمین کے انتہائی پسندیدہ حصہ سے اس شان کے ساتھ کہ وہ سب اہلِ ارض اور اہلِ سما سے پسندیدہ تر ہوں تو حکم دیا جبرئیل کو کہ لے آئے

بِالْقِطْعَةِ الْبَیْضَآءِ وَالطِّیْنَةِ الْبَیْضَآءِ وَخَلَقَ اللّٰهُ جَبِیْنَهٗ مِنَ الطِّیْنَةِ
(زمین سے) سفید ٹکڑا اور چمکیلی مٹی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی جبینِ اقدس کو اس ارضی خمیر سے پیدا فرمایا

الَّتِیْ هِیَ قَلْبُ الْاَرْضِ وَبَهَآؤُهَا وَنُوْرُهَا وَمَنَآؤُهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جو کہ زمین کا دل ہے اور اس کی بہار اور اس کا نور اور زینت ہے۔ اے اللہ درود بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَفَعَ جِبْرَآئِیْلُ
اور سلامتی نازل فرما ہمارے مخدوم محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (مخدومِ کائنات) کے خمیر کو اٹھایا جبرئیل علیہ السلام

طِیْنَتَهٗ مِنْ اَکْرَمِ بُقْعَةٍ بِاَشْرَفِ رُتْبَةٍ وَّرِفْعَةٍ ثُمَّ وَضَعَ جِبْرَآئِیْلُ
نے انتہائی عزت و کرامت والے قطعہ سے بلند ترین رتبہ اور رفعت سے ہمکنار کر کے اور ودیعت کیا جبرئیل علیہ السلام نے

طِیْنَتَهٗ بِمَوْضِعِ الْقَبْرِ الشَّرِیْفِ وَالْمِنْبَرِ الْعَالِی الْمُنِیْفِ وَوَضَعَ جِبْرَآئِیْلُ
اس مقدس خمیر کو قبر شریف والی جگہ میں اور بلند مرتبت منبر کے مقام پر اور رکھا جبرئیل علیہ السلام نے

طِیْنَتَهٗ بِاَشْرَفِ بِقَاعِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ بَعْدَ اَنْ طَافَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ
آپ کی طینت خمیر کو آسمانوں اور زمین کے قطعات میں سے افضل ترین قطعہ میں بعد اس کے کہ اسے طواف کرایا تمام

الْمَخْلُوْقَاتِ وَقَبَضَ جِبْرَآئِیْلُ تِلْكَ الطِّیْنَةَ الشَّهِیْرَةَ وَهِیَ بَیْضَآءُ مُنِیْرَةٌ
مخلوقات پر اور جبرئیل علیہ السلام نے اپنی مٹھی میں لیا اس معروف و مشہور طینت کو جبکہ وہ سفید نورانی تھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ طَافَتِ
اے اللہ درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد اور آپ کی آل پر کہ جن کے خمیر

الْمَلٰٓئِکَةُ بِطِیْنَتِهٖ حَوْلَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْکُرْسِیِّ الْکَرِیْمِ وَطَافَتِ الْمَلٰٓئِکَةُ
کو سیر کرائی ملائکہ نے عرشِ اعظم اور کرسئ اکرم کے گرد۔ اور سیر کرائی ملائکہ نے

بِطِیْنَتِهٖ فِیْ کُلِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ وَفِیْ مَعَاقِدِ الْعِزِّ وَالتَّمْکِیْنِ وَعُجِنَتْ
آپ کے (لباس بشری کے) جوہر کو تمام آسمانوں اور زمینوں میں اور عزت و تمکنت کے مقاماتِ قرار اور خزائن میں اور گوندھی گئی

طِیْنَتُهٗ بِمَآءِ التَّسْنِیْمِ وَغُمِسَتْ فِیْ مَعِیْنِ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آپ کی طینت بشری تسنیم کے پانیوں کے ساتھ۔ اور اسے غوطے دیئے گئے جناتِ نعیم کے صاف ستھرے پانیوں میں۔ اے اللہ درود

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بَدَاَ اللّٰهُ بِخَلْقِ
و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (آقا) کے نور کی تخلیق سے اللہ تعالیٰ نے آغاز و افتتاح فرمایا

نُوْرِهٖ وَخَتَمَ قَبْلَ خُرُوْجِ الْخَلْقِ مِنَ الْعَدَمِ ط وَلَمَّآ اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ الْاَنَامِ
مخلوق کے عدم سے نکلنے سے قبل اور آپ کے ساتھ ہی ختم فرمایا (سلسلۂ نبوت کو) اور جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا

بَدَاَ بِخَلْقِ نُوْرِهٖ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ وَسَوَّاهُ اَعْلَنَ
تو ابتدا کی آپ کے نور کی تخلیق سے (علیہ الصلوٰۃ والسلام) اور جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے نور کو پیدا کیا اور اس کی تکمیل صورت فرمائی

بِالسُّجُوْدِ لِمَوْلَاهُ وَاَکْثَرَ تَسْبِیْحَهٗ وَدُعَاهُ وَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ الْمَبْرُوْرَ
تو آپ نے علانیہ سجدہ کیا اپنے مولیٰ کے لیے اور اس کی بہت زیادہ تسبیح کہی اور اس سے دعا کی اور جب اللہ تعالیٰ نے مقبول بندے

اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ذٰلِكَ النُّوْرَ وَمِنْ اَجْلِ اَنْوَارِهِ الْمُتَدَارِکَةِ سَجَدَ لِاٰدَمَ
آدم کو پیدا کیا تو اللہ تعالیٰ نے ڈالا ان پر اس نور کے (عکس کو) بطور لباس و خلعت کے اور آپ ہی کے محیط انوار کی وجہ سے سجدہ کیا

الْمَلٰٓئِکَةُ وَکَانَ نُوْرُهٗ یَتَلَاْلَاُ فِیْ ظَهْرِ اٰدَمَ وَعَرَّفَ اللّٰهُ الْمَلٰٓئِکَةَ
ملائکہ نے آدم علیہ السلام کو۔ اور آپ کا نور ان کی پشتِ انور سے جھلکتا (چمکتا) تھا اور جتلایا اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو

فَضْلَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّعْرَفَ اٰدَمُ وَنَسْلُهٗ وَكَانَ اٰدَمُ يَتَعَجَّبُ مِنْ كَثْرَةِ

آپ کا فضل و شرف قبل اس کے کہ پہچانے جاتے آدم علیہ السلام اوران کی نسل اور آدم علیہ السلام تعجب کرتے تھے بکثرت

نَظْرِ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَيْهِ بِالْعُيُوْنِ مُنْذُ اَوْدَعَهُ اللّٰهُ نُوْرَهُ الْمَكْنُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ملائکہ کے ان کی طرف آنکھیں اٹھاکر دیکھنے سے جب سے کہ اللہ تعالیٰ نے ودیعت کیا آپکے نور مکنون ومستور کو ان میں۔ اے اللہ درود

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الصُّوْرَةِ الْمُقَدَّسَةِ

وسلام بھیج ہمارے آقا محمّد اور آپ کی آل پر جو آقا مالک ہیں ایسی صورت مقدسہ کے

الْمُنَزَّلَةِ مِنْ سَمَآءِ قُدُسِ غَيْبِ الْهُوِيَّةِ الْبَاطِنَةِ الْفَاتِحَةِ بِمِفْتَاحِهَا

جو نازل کی گئی ہے ہویت باطنہ کے مخفی آسمان مقدس سے کہ وہ صورت کھولنے والی ہے خداداد مفتاح نورانی کے

الْاِلٰهِيِّ لِاَبْوَابِ الْوُجُوْدِ الْقَآئِمِ بِهَا مِنْ مَّطْلَعِ ظُهُوْرِهَا الْقَدِيْمِ اِلَى اسْتِوَآءِ

ساتھ اس وجود کے ابواب کو جو اس صورت کی بدولت قائم و برقرار ہے اس کے ظہور قدیم کے آغاز سے لے کر اس کے بکثرت

اِظْهَارِهَا لِلْكَلِمٰتِ التَّآمَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

کلمات تامہ کو ظاہر کرنے تک ۔ اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے آقا محمّد اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَاَلَ اٰدَمُ رَبَّهٗ عَنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ وَالضِّيَآءِ

آپ کی آل اطہار پر کہ جس آقا کا شان یہ ہے کہ آدم علیہ السلام نے رب تعالیٰ سے آپکے اس نور وضیاء کے متعلق دریافت کیا تو اس

فَنَادَاهُ رَبُّهٗ ذٰلِكَ نُوْرُ خَاتَمِ الرُّسُلِ وَالْاَنْبِيَآءِ وَكَوَّنَهُ اللّٰهُ مِنْ نُّوْرِهِ الْمُبِيْنِ

نے فرمایا کہ وہ خاتم الرسل اور آخری الزمان نبی کا نور ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے نور مبین کے عکس و پرتو سے پیدا فرمایا

وَاٰدَمُ بَيْنَ الْمَآءِ وَالطِّيْنِ ؕ وَانْتَقَلَ نُوْرُهٗ اِلٰى وَجْهِ اٰدَمَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّخْلُقَ

جبکہ آدم علیہ السلام ابھی آب و گل میں تھے ۔ اور آپ کا نور آدم علیہ السلام کی پیشانی کی طرف منتقل ہوا قبل اس کے کہ پیدا کرے

اللّٰهُ الْعَوَالِمَ وَانْتَقَلَ نُوْرُهُ الْبَاهِرُ مِنْ كُلِّ صُلْبٍ طَيِّبٍ اِلٰى كُلِّ رَحِمٍ

اللہ تعالیٰ جہانوں کو۔ اور منتقل ہوا آپ کا روشن نور ہر پاکیزہ پشت سے طرف ہر پاک رحم کے۔

طَاهِرٍ وَّانْتَقَلَ نُوْرُهٗ وَاسْتَوٰى مِنْ وَجْهِ اٰدَمَ اِلٰى وَجْهِ اُمِّنَا حَوَّآءَ وَ

اور منتقل ہوا آپ کا نور اقدس اور سیدھا چلا آدم کی پیشانی سے ہماری ماں حواؑ کی پیشانی کی طرف اور

انْتَقَلَ نُوْرُهٗ اِلَى الْقَنَوَاتِ الطَّاهِرَةِ وَالْاَرْحَامِ الزَّكِيَّةِ الْفَاخِرَةِ وَلَمْ يَزَلْ

منتقل ہوا آپ کا نور انور پاکیزہ اصلاب اور پاکیزہ قابل فخر ارحام کی طرف اور ہمیشہ ظاہر

نُوْرُهٗ يَظْهَرُ فِيْ وُجُوْهِ اٰبَآئِهِ الْاَمَاجِدِ وَيَنْتَقِلُ مِنْ وَّاحِدٍ مِّنْهُمْ اِلٰى

اور نمایاں رہا آپ کا نور انور بزرگ آباء کے چہروں میں اور ان میں یکے بعد دیگرے منتقل ہوتا رہا

وَاحِدٍ وَّلَمْ يَزَلْ نُوْرُهٗ يَنْتَقِلُ بِاَمْرِ اللّٰهِ اِلٰى اَنِ اسْتَقَرَّ بِوَجْهِ اَبِيْهِ

اور ہمیشہ آپ کا نور منتقل ہوتا رہا اللہ تعالیٰ کے امر سے یہانتک کہ اس نے قرار پکڑا آپ کے والدگرامی عبداللہ کے چہرہ میں

عَبْدِ اللّٰهِ وَلَمَّا اسْتَقَرَّ نُوْرُهٗ فِيْ وَجْهِ اَبِيْهِ قَابَلَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ بِالتَّوْحِيْدِ

اور جب آپ کا نور آپ کے والدگرامی کی پیشانی میں قرار پذیر ہوا تو ملائکہ اس کے سامنے نمودار ہوئے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور

وَالتَّنْزِيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اس کی نزاہت بیان کرتے ہوئے۔ اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر

نِ الَّذِيْ اَبْرَزَ اللّٰهُ مِنْ ظَهْرِ اَبِيْهِ لِلْوُجُوْدِ سَيِّدَ اَهْلِ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَاَبْرَزَ

کہ ظاہر فرمایا اللہ تعالیٰ نے آپ کے باپ کی پشت سے عالم وجود کی طرف اہل جود وکرم کے سردار کو۔ اور ظاہر فرمایا

اللّٰهُ مِنْ ظَهْرِ اَبِيْهِ لِلْوَرٰى خَيْرَ الْعِبَادِ طُرًّا وَّسَادَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ وَسَمَا

اللہ تعالیٰ آپکے والدگرامی کی پشت سے سب مخلوق کے لیے تمام بندوں سے بہترین عبد کو۔ اور ان کا باپ ہونے کی بدولت سیادت پائی عبداللہ نے

وَافْتَخَرَ الْاَرْضُ بِظُهُوْرِهٖ عَلَى السَّمَآءِ وَتَنَاهٰى لِاَبِيْهِ الشَّرَفُ الْاَصِيْلُ

اور بلند مرتبت ہوئے۔ اور فخر کیا زمین نے آپکے ظہور کی وجہ سے آسمان پر۔ اور انتہاء کو پہنچ گیا ان کے والدگرامی کے لیے شرف اصیل اور دائمی

وَالْمَجْدُ الْاَثِيْلُ وَاَصْبَحَتْ قُرَيْشٌ فِيْ نَادِيْ اُمِّهٖ اٰمِنَةَ لَمَّا وَضَعَتْهُ وَهِيَ

مجد اور بزرگی۔ اور ہوگئے قریش امن پانے والے آپ کی والدہ ماجدہ کی مجلس اور سایہ عاطفت میں اور وہ اسم بامسمّٰی آمنہ ہے

اٰمِنَةٌ وَّاسْتَنَارَ بِهٖ بَدْرُ النُّبُوَّةِ وَاكْتَمَلَ وَبَلَغَتْ بِهٖ اُمُّهٗ غَايَةَ الْقَصْدِ وَالْاَمَلِ ؕ

اور چمک دمک پاگیا آپکے طفیل ماہتاب نبوت اور کامل ہوگیا۔ اور رسائی پالی آپ کی بدولت آپ کی والدہ نے منتہائے مقصود اور غایت امل و آرزو تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ عَلَا

اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر کہ جس (آقا) کی سرداری کا

نَجْمُ سِيَادَتِهٖ وَسَمَا فِیْ اٰفَاقِ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَتَمَّ بِهٖ لِاَبَوَيْهِ كُلُّ

ستارا بلندیوں پر پہنچا۔ اور آسمان و زمین کے اطراف و آفاق میں بلند ہوا اور کامل و مکمّل ہوگیا بسبب آپکے آپکے والدین کے لیے

فَخْرٍ وَّمَجَادَةٍ بِطُلُوْعِ نَجْمِ السَّعَادَةِ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِهِ النَّيِّرَاتُ وَمَاحَوَتْهُ

ہر فخر اور بزرگی بسبب طلوع ہونے اس نجم سعادت کے۔ اور روشن ہوگئے آپ کے نور انور سے اجرام نورانیہ اور ہر وہ شئی جس کو

اَقْطَارُ السَّمٰوٰتِ وَتَزَيَّنَتْ بِظُهُوْرِهِ الدُّنْيَا وَحَلَّ مِنَ الشَّرَفِ اَعْلٰى مَرْتَبَةٍ

آسمانوں کے اطراف وجوانب گھیرے میں لیے ہوئے ہیں۔ اور مزین و آراستہ ہوگئی آپکے ظہور سے ساری دنیا اور آپ متمکن ہوئے اگھیرے میں لیے ہوئے ہیں افضل و شرف کے بلند ترین

عُلْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

مقام پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا محمّد اور آپ کی آل اطہار پر جو (آقا)

روٹی کو اور نہ گوشت کو۔ اور نہ ہی جمع ہوا (بیک وقت) آپ کے پاس صبح کا کھانا اور شام کا ان دونوں سے مگر

ضُعْفٍ يَا حَيُّ اَنْتَ الَّذِيْ تُمِيْتُ الْاَحْيَاءَ وَتُحْيِ الْاَمْوَاتَ يَا حَيُّ يَا

قلیل مرتبہ۔ اے بہ تقاضائے ذات زندہ رہنے والے تو ہی فوت کرتا ہے زندوں کو اور زندہ کرتا ہے مردوں کو اے زندہ۔ اے

مُنْعِمُ اَنْتَ الَّذِيْ تَعْجِزُ الْخَلَائِقُ مِنْ شُكْرِ نِعْمَتِهٖ يَا مُنْعِمُ يَا غَفَّارُ

انعام فرمانے والے تو ہی ہے کہ تمام مخلوقات عاجز و قاصر ہے جس کے شکر نعمت سے اے انعام کرنے والے۔ اے بخشنے والے

اَنْتَ الَّذِيْ تَغْفِرُ ذُنُوْبَ عِبَادِهٖ بِفَضْلِهٖ وَتَعْفُوْ عَنْهَا بِرَحْمَتِهٖ يَا غَفَّارُ

تو ہی بخشتا ہے گناہ اپنے بندوں کے اپنے فضل سے اور درگزر کرتا ہے ان سے اپنی رحمت کے ساتھ۔ اے بخشنے والے

يَا مَالِكُ اَنْتَ الَّذِيْ تُؤْتِي الْمُلْكَ لِمَنْ تَشَاءُ بِلُطْفِهٖ يَا مَالِكُ يَا قَادِرُ

اے مالک تو ہی عطا کرتا ہے اپنا ملک جس کو چاہتا ہے ساتھ اپنے لطف و کرم کے۔ اے مالک۔ اے قادر

اَنْتَ الَّذِيْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ مَوْجُوْدًا بِالسُّرْعَةِ يَا

تو ہی ایسا قادر ہے کہ جب ارادہ کرے کسی شئی کا پس کہے اسے ہو جا تو وہ موجود ہو جاتی ہے فوری طور پر۔ اے

قَادِرُ يَا قَاهِرُ اَنْتَ الَّذِيْ تُفْنِيْ مَا شِئْتَ وَتُبْقِيْ مَا شِئْتَ بِمَشِيَّتِهٖ

قدرت والے اے قہار تو ہی ایسا قادر ہے کہ فنا کرتا ہے جسے چاہے اور باقی رکھتا ہے جسے چاہے اپنی مشیت کیساتھ

يَا قَاهِرُ يَا حَافِظُ اَنْتَ الَّذِيْ تَحْفَظُ لِمَنْ اَرَدْتَّ مِنْ اٰفَتِهٖ وَ

اے قاہر۔ اے حافظ تو ہی حفاظت فرماتا ہے جس کے لیے چاہے اپنی آفات اور بلیات سے

بَلِيَّتِهٖ بِرَحْمَتِهٖ يَا قُدُّوْسُ اَنْتَ الَّذِيْ تَقَدَّسَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ

ساتھ اپنی رحمت کے۔ اے قدوس تو ہی وہ پاک ذات ہے کہ مقدس ہوگئے ملائکہ مقربون

وَالْاَنْبِيَاءُ الْمُرْسَلُوْنَ بِقُدْسِهٖ يَا قُدُّوْسُ يَا وَكِيْلُ اَنْتَ الَّذِيْ تَرْفَعُ

اور انبیاء مرسلین اس کے تقدس وطہارت سے۔ اے قدوس اے کارساز تو ہی اٹھاتا ہے (ذمہ داری)

اُمُوْرَ الْمُتَوَكِّلِيْنَ عَلَيْكَ بِقُدْرَتِهٖ وَقُوَّتِهٖ يَا وَكِيْلُ يَا مُؤْمِنُ اَنْتَ

اپنی ذات پر توکل کرنے والوں کے امور کی اپنی قدرت اور قوت کے ساتھ اے کارساز۔ اے امن وایمان دینے والے تو ہی

الَّذِيْ تُعْطِي الْاِيْمَانَ وَالْاَمَانَ لِلْمُؤْمِنِ بِكَرَمِهٖ وَمَنِّهٖ يَا مُؤْمِنُ يَا حَلِيْمُ

عطا فرماتا ہے ایمان اور امان اہل ایمان کو اپنے کرم اور احسان سے۔ اے مومن۔ اے حکیم تو ہی وہ حکمت والا ہے کہ

اَنْتَ الَّذِيْ تَحَيَّرَتِ الْفُقَهَاءُ وَالْحُكَمَاءُ مِنْ حِلْمَتِهٖ يَا حَلِيْمُ يَا خَالِقُ

حیرت زدہ ہوچکے ہیں فقہاء اور حکماء جس کی حکمت سے اے حکیم۔ اے خالق

اَنْتَ الَّذِيْ تَخْلُقُ اَصْنَافَ الْخَلَائِقِ بِقُدْرَتِهٖ يَا خَالِقُ يَا كَرِيْمُ اَنْتَ

تو ہی پیدا فرماتا ہے مخلوقات کے انواع و اقسام کو اپنی قدرت سے اے خالق۔ اے کریم تو ہی

الَّذِيْ تُكَرِّمُ الْاِنْسَانَ عَلٰى سَائِرِ الْحَيَوَانَاتِ بِعِنَايَتِهٖ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ

کرامت دیتا ہے انسان کو تمام حیوانات پر اپنی عنایت سے اے کریم۔ اے ہبہ کرنے والے

اَنْتَ الَّذِيْ تَهَبُ لِمَنْ تَشَاءُ الذُّكُوْرَ بِعَوْنِهٖ يَا وَهَّابُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ

تو ہی ہبہ فرماتا ہے جس کو چاہے اولاد نرینہ اپنی اعانت سے اے ہبہ کرنے والے۔ اے مالک ملک

اَنْتَ الَّذِیْ لَمْ یَزَلْ مُلْکُہٗ وَلَا یَزَالُ عِزُّہٗ وَعُلُوُّہٗ یَا مَالِکُ یَا غَنِیُّ اَنْتَ

تو ہی وہ ذات ہے کہ ہمیشہ سے ہے ملک جس کا۔ اور ہمیشہ رہے گی عزت اور برتری جس کی اے مالک۔ اے غنی تو ہی

الَّذِیْ تُؤْتِی الْمُلْکَ لِمَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَلَمْ تَرَ الْاِحْتِیَاجَ بِحُکْمِہٖ

عطا کرتا ہے ملک جسے چاہے اپنے بندوں سے اور نہیں دیکھی تو نے محتاجی اور مجبوری اپنے حکم میں

یَا غَنِیُّ یَا صَمَدُ اَنْتَ الَّذِیْ تُثْبِتُ ضَمَآئِرَ عِبَادِہٖ عَلٰی وَحْدَانِیَّتِہٖ

اے غنی۔ اے صمد و بے نیاز تو ہی برقرار رکھتا ہے اپنے بندوں کے دلوں کو اپنی وحدانیت پر

بِلُطْفِہٖ یَا صَمَدُ یَا رَءُوْفُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَرُدُّ الْمُحْتَاجِیْنَ مَحْرُوْمًا

ساتھ اپنے لطف کے اے صمد۔ اے رؤوف تو ہی ہے جو نہیں لوٹاتا محتاجوں کو محرومی کی حالت میں

مِّنْ بَابِہٖ یَا رَءُوْفُ یَا رَشِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ تَرْزُقُ لِاَھْلِ مَعْرِفَتِہٖ

اپنے در والا سے اے رؤوف۔ اے رشد و ہدایت کے مالک تو ہی بخشتا ہے اپنے اہل معرفت کو اپنا

قُرْبَہٗ وَوِصَالَہٗ یَا رَشِیْدُ یَا قَدِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ لَمْ تَبْلُغِ الْاَوْھَامُ اِلٰی

قرب اور وصل۔ اے مالک رشد۔ اے قدیم تو ہی وہ ذات والا ہے کہ نہیں پہنچے مخلوق کے وہم و گمان

اَوَّلِہٖ وَاٰخِرِہٖ یَا قَدِیْمُ یَا ھَادِیْ اَنْتَ الَّذِیْ تَھْدِیْ اِلٰی مَعْرِفَتِہٖ لِمَنْ

جس کے اول و آخر کو اے قدیم۔ اے ہدایت دینے والے تو ہی رہنمائی فرماتا ہے اپنی معرفت کی طرف جس کو

تَشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ یَا ھَادِیْ یَا رَحِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ تُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ وَتُعِیْنُ

چاہتا ہے اپنے بندوں سے اے ہادی۔ اے رحیم تو ہی ہے جو مجبوروں کی دعا قبول فرماتا ہے اور مظلوموں کی اعانت فرماتا ہے

وَتُحِبُّ الْعِبَادَ بِرَاْفَتِہٖ لَا یَرْحَمُ اَحَدٌ وَّلَدَہٗ کَمَا رَحِمْتَ بِمَغْفِرَتِہٖ عَلٰی خَلْقِہٖ یَا رَحِیْمُ

اور محبت رکھتا ہے اپنے بندوں سے اپنی رأفت سے نہیں رحم کرتا کوئی اپنی اولاد پر جیسے تو نے رحم کیا ہے اپنی مغفرت کیساتھ اپنی مخلوق پر اے رحیم

یَا غَفُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُظْھِرُ الْحَسَنَاتِ وَتَسْتُرُ السَّیِّاٰتِ وَتَعْفُوْ عَنْھَا بِمَغْفِرَتِہٖ وَبِرَاْفَتِہٖ

اے غفور تو ہی ہے جو ظاہر فرماتا ہے (ہماری) نیکیوں کو اور چھپاتا ہے (ہماری) برائیوں کو اور درگزر کرتا ہے ان سے اپنی مغفرت اور رأفت کے ساتھ

یَا غَفُوْرُ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تَعَالٰی وَتَکَبَّرَتْ عَظْمَتُہٗ وَجَلَالُہٗ یَا کَبِیْرُ یَا عَلِیُّ اَنْتَ

اے غفور۔ اے کبریائی والے تو ہی ہے جو بلند و برتر ہے اور بڑی ہے عظمت اور جلالت کی اے کبریائی والے۔ اے بلند شان والے تو ہی ہے

الَّذِیْ اَعْلٰی شَانُہٗ وَاَعْظَمَ سُلْطَانُہٗ یَا عَلِیُّ یَا مُصَوِّرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُصَوِّرُ

کہ جس کی شان بلند ہے اور جس کی سلطنت عظیم ہے اے بلند شان والے۔ اے مصور تو ہی ہے جو بناتا ہے حسین ترین

اَحْسَنَ الصُّوَرِ بِکَمَالِ صُنْعَتِہٖ وَبَلَاغَتِہٖ یَا مُصَوِّرُ یَا جَلِیْلُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا

صورتیں اپنی صنعت کے انتہائی کمال و انجام کے ساتھ اے مصور اے جلیل تو ہی ہے جس کا

یَزَالُ جَلَالُہٗ وَمُلْکُہٗ وَبَقَآؤُہٗ یَا جَلِیْلُ یَا عَلِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ تَرْزُقُ الْعِلْمَ

جلال۔ ملک اور بقاء دائمی ہے اے جلیل۔ اے علیم تو ہی ہے جو عطا کرتا ہے علم

لِمَنْ تَشَآءُ بِکَرَمِہٖ یَا عَلِیْمُ یَا قَرِیْبُ اَنْتَ الَّذِیْ اَقْرَبُ مِنْ کُلِّ قَرِیْبٍ

جسے چاہے اپنے کرم سے اے علیم۔ اے قریب تو ہی ہے جو قریب تر ہے ہر قریب سے

بِعِلْمِہٖ وَقُدْرَتِہٖ یَا قَرِیْبُ یَا وَاحِدُ اَنْتَ الَّذِیْ عَذَّبْتَ لِمَنْ اَشْرَکَ وَاَنْکَرَ

اپنے علم اور قدرت کے ساتھ اے قریب۔ اے واحد تو ہی ہے جس نے عذاب دیا مشرکین کو اور اپنی وحدانیت کے

وَحْدَانِیَّتَہٗ بِعَدْلِہٖ یَا وَاحِدُ یَا عَظِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ لَمْ تَبْلُغْ خَطَرَاتُ الْمُوَحِّدِیْنَ

منکرین کو اپنے عدل کے ساتھ اے واحد۔ اے عظیم تو ہی ہے کہ نہیں پہنچے خطرات و خیالات موحدین کے

بِکُنْھِہٖ وَعَظْمَتِہٖ یَا عَظِیْمُ یَا وَلِیُّ اَنْتَ الَّذِیْ تَرْزُقُ لِوَلِیِّہٖ مَقَامَ الْوِلَایَۃِ

اس کی حقیقت اور عظمت تک اے عظیم۔ اے ولی و کارساز تو ہی ہے کہ بخشتا ہے اپنے ولیوں کیلئے مقام ولایت کا

بَیْنَ عِبَادِہٖ بِمَشِیَّتِہٖ یَا وَلِیُّ یَا نُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تُنَوِّرُ اَھْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اپنے بندوں کے درمیان اپنی مشیت سے اے ولی۔ اے نور تو ہی ہے جو منور کرتا ہے آسمان و زمین والوں کو

بِنُوْرِہٖ یَا نُوْرُ یَا عَزِیْزُ اَنْتَ الَّذِیْ تُذِلُّ الْکٰفِرِیْنَ بِعَدْلِہٖ وَتُعِزُّ الْمُؤْمِنِیْنَ بِفَضْلِہٖ

اپنے نور سے اے نور۔ اے عزیز و غالب تو ہی جو ذلیل کرتا ہے کفار کو اپنے عدل سے اور عزت دیتا ہے مومنین کو اپنے فضل سے

یَا عَزِیْزُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ بِعِزَّۃِ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ وَعَظَمَتِھَا وَشَرَفِھَا وَکَمَالِھَا وَ

اے عزیز۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ ان اسماء کی عزت و حرمت اور عظمت و شرافت اور کمال و

جَلَالِھَا وَسُلْطَانِھَا وَبُرْھَانِھَا وَذِکْرِھَا وَاُنْسِھَا وَنُوْرِھَا وَبِحَقِّ اَسْرَارِھَا وَ

جلال اور سطوت و سلطان اور ان کی حجت و برہان۔ اور ان کے ذکر اور انس و نور کے توسل سے۔ اور بطفیل ان کے حق اسرار و

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منّان تحفۂ عجائب وہدیۂ غرائب الی اللہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ
مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء الرابع

فی لباسہ وملبسہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی
حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ عبدالرحمن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

تَعْدَادِهَا وَكَبِيْرِهَا وَصَغِيْرِهَا وَدَرَجَاتِهَا وَدَعَوَاتِهَا وَخَوَاصِّهَا وَتَاثِيْرِهَا
تعداد کے اور ان کے کبیرو صغیر کے اور ان کے درجات و دعوات کے اور خواص وتاثیر کے

وَتَفْسِيْرِهَا وَمَعَانِيْهَا وَظَاهِرِهَا وَبَاطِنِهَا وَرُسُوْمِهَا وَكُسُوْرِهَا وَسَطْوَتِهَا وَ
اور بوسیلہ ان کی تفسیر ومعانی کے اور ظاہر و باطن کے اور ان کے رسوم اور نقشوں کے اور ان کے کسور اور عددی تقسیم کے صدقے میں اور

اَبْنَاتِهَا وَخُدَّامِهَا وَاَقْلَامِهَا وَعَظَمَةِ جَمِيْعِ اَسْمَآئِهَا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ
ان کی سطوت اور شدتوں اور ان کے خدام اور ان کے لکھنے والی قلموں کے طفیل اور تمام اسماء کی عظمت کے طفیل (سوال کرتا ہوں) کہ صلوٰۃ بھیجے تو

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَرْزُقَنِيْ دِيْنًا ثَابِتًا وَّيَقِيْنًا صَادِقًا وَّاِخْلَاصًا
محمد پر اور آل محمد پر اور عطا کرے مجھے پائیدار دین ۔ کامل یقین اور کامل اخلاص اور

كَامِلًا وَّشَوْقًا وَّ اشْتِيَاقًا غَالِبًا وَّارْزُقْنِيْ بِجَمِيْعِ اَوْلِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ
غالب آنے والا شوق واشتیاق اور رزق عطا فرما مجھے بطفیل اپنے تمام اولیاء واصفیاء کے

وَاحْفَظْنِيْ مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَالنَّفْسِ الْاَمَّارَةِ وَمِنْ شَرِّ جَمِيْعِ الْعُقُوْبَاتِ
اور محفوظ رکھ مجھے شیطان اور نفس امارہ کے شر سے ۔ اور تمام

الدُّنْيَوِيَّةِ وَالْاُخْرَوِيَّةِ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ وَرَحْمِكَ وَعَفْوِكَ يَا عَفُوُّ
دنیوی اور اخروی سزاؤں کے شر سے ساتھ اپنے فضل وکرم کے اور رحم وعفو کے اے درگزر فرمانے والے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِكَرَمِكَ التَّوْحِيْدَ وَرَحْمِكَ التَّوْحِيْدَ
اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے کرم کے صدقے میں توحید کا اور رحم کے صدقے میں توحید کا

وَعَفْوِكَ التَّوْحِيْدَ وَبِكَمَالِكَ التَّوْحِيْدَ وَبِوِصَالِكَ
اور عفو کے صدقے میں توحید کا ۔ اور تیرے کمال کے صدقے میں توحید کا اور تیرے وصال کے صدقے میں

التَّوْحِيْدَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ
توحید کے حصول کا ۔ فرمادیجئے وہ اللہ یکتا ہے ۔ اللہ بے نیاز ہے ۔ اس نے کسی کو جنم نہیں دیا

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
وہ کسی سے نہیں جنا گیا اور نہیں اس کے لیے رشتہ دار کوئی ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○
اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع جو بہت رحم کرنے والا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِصَدْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ وَبِحِرْزِ بِسْمِ
اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی صدارت اور شروع میں آنے کے اور بطفیل بسم
اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ وَبِخَضْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ وَبِسَتْرِ
اللہ الرحمٰن الرحیم کے حرز و پناہ کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی سرسبزی و شادابی کے۔ اور بطفیل
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○ الرَّحْمٰنِ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ستر و پردہ کے سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پالنے والا سب جہانوں کا ہے۔ بہت رحم کرنے والا
الرَّحِيْمِ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ○ اِهْدِنَا
مہربان ہے۔ مالک ہے روز جزا کا۔ (اے ان صفات کمال سے ممتاز و مختص) تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
راہ راست پر۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان لوگوں کی جن پر (تیری طرف سے) غضب
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ○ اٰمِيْنَ○ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ
کیا گیا ہے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہوئے کی۔ ایسے ہی ہو۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے اولاد آدم تحقیق
اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا وَّلِبَاسُ التَّقْوٰى
ہم نے نازل کیا ہے تم پر لباس جو چھپاتا ہے تمہاری شرمگاہوں کو اور تمہارے لیے سامان زینت و آرائش ہے اور تقویٰ کا لباس ہی
ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ○ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ
سب سے بہتر ہے وہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ اے اولاد آدم
لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا
ہرگز فتنہ میں نہ ڈالے تمہیں شیطان جیسے کہ اس نے نکالا تمہارے ماں باپ کو جنت سے جبکہ کھینچتا تھا (باعتبار سبب لغزش ہونے کے) ان
لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ
دونوں سے ان کا لباس جنت تاکہ دکھلائے انہیں ان کی شرمگاہیں اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ پس جب چکھا ان دونوں نے درخت ممنوعہ کو

بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ

تو ظاہر ہو گئیں ان کے لیے ان کی شرمگاہیں اور لپٹنے لگے اپنے اُوپر جنتی درختوں کے پتوں سے

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ حَقِّ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَهُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ

اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے مردوں اور عورتوں کے حق میں" اور وہ عورتیں لباس ہیں تمہارے لیے اور تم

لِبَاسٌ لَّهُنَّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ

لباس ہو ان کیلئے (ہر ایک کے گناہ سے بچاؤ کا سبب ہونے کی وجہ سے) اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے پہنائی پوشاک اور خلعت

التَّفْضِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ خَيْرِ مَنْ حَصَلَ لَهٗ

فضیلت و برتری کی۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو بہتر ہیں ان تمام حضرات سے جنہیں حاصل ہوا

جَزِيْلُ الثَّوَابِ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِىْ بِفَضْلِهٖ وَكَرَمِهٖ

عظیم ثواب رب الارباب کی طرف سے۔ اے اللہ عطا فرما مجھے اپنے محبوب کے فضل وکرم کے صدقے میں

تَغَطِّىَ لِبَاسِ التَّوْحِيْدِ وَالْمَعْرِفَةِ وَتَلَبُّسَ الْحُبِّ بِتَوْرِيَةِ الْعَارِفِ

پردہ پوشی توحید اور معرفت کے لباس سے۔ اور پوشش حب کی بسبب پہنانے عارف کے

بِكَمَالِ الْمَحَبَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ مَنْ

ساتھ کمال محبت کے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا " جو

لَبِسَ ثَوْبَ الشُّهْرَةِ فِى الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ثَوْبَ مَذَلَّةٍ يَّوْمَ

پہنے اور اوڑھے لباس شہرت والا دُنیا میں پہنائے گا اللہ تعالیٰ اسے لباس ذلت و رسوائی کا

الْقِيٰمَةِ ثُمَّ اَلْهَبَ فِيْهِ نَارًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

قیامت کے دن پھر اس میں بھڑکائے گا (اس پر) جہنم کی آگ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

اُدْرِجَ فِىْ بُرْدٍ حِبَرَةٍ وَّثَوْبَيْنِ اَبْيَضَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

لپیٹا گیا (بوقت تکفین) یمنی چادر میں اور دو سفید کپڑوں میں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كُفِّنَ فِىْ ثَلٰثَةِ اَثْوَابٍ بِيْضٍ سُحُوْلِيَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر جنہیں کفن دیا گیا تین سفید سوتی کپڑوں میں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کے نزدیک محبوب ترین کپڑا

اِلَيْهِ اَنْ يَّلْبَسَهَا الْحِبَرَةُ وَالنِّسَآءُ وَالْاَلْوَانُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

واسطے پہننے کے یمنی چادریں تھیں اور عورتیں اور کھانے کے مختلف اقسام اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِىْ لَبِسَ جُبَّةً رُّوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کہ جنہوں نے زیب تن فرمایا رومی جبہ جو تنگ آستینوں والا تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِىْ كَانَ فِرَاشُهُ الَّذِىْ يَنَامُ عَلَيْهِ اَدَمًا وَحَشْوُهٗ لِيْفٌ وَصَلِّ

کہ جن کا وہ بچھونا جس پر استراحت فرماتے تھے چمڑے سے تھا اور اس کی اندر کھجور کی چھال بھری تھی۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كَانَ وِسَادُهُ الَّذِىْ يَتَّكِئُ عَلَيْهِ مِنْ اَدَمٍ

سیدنا محمد پر جن کا تکیہ کہ جس پر اوٹ لگاتے تھے چمڑے سے تھا

وَّحَشْوُهٗ لِيْفٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ قَائِلٌ فِيْهِ

اور اس کی بھرائی کھجور کی چھال سے تھی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق کہا کہنے والے نے

لِاَبِىْ بَكْرٍ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا مُّتَقَنِّعًا

ابو بکر صدیق کو یہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں صلی اللہ علیہ وسلم جو ادھر تشریف لا رہے ہیں درآنحالیکہ منہ مبارک کو کپڑے سے ڈھانپے ہوئے ہیں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا" نہیں نظر فرمائے گا اللہ تعالیٰ روزِ قیامت (نظر رحمت) طرف

مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ بَيْنَمَا

اس شخص کے جو گھسیٹے اپنی چادر کو فخر وناز سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا" اس دوران کہ ایک آدمی

رَجُلٌ يَجُرُّ اِزَارَهٗ مِنَ الْخُيَلَآءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِى الْاَرْضِ

گھسیٹ رہا تھا اپنی چادر کو تکبر سے تو اسے زیر زمین دھنسا دیا گیا پس وہ حرکت کرتا رہے گا نیچے کی طرف زمین میں

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ مَنْ لَّبِسَ

قیامت تک۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا" جس شخص نے پہنا

الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ریشمی کپڑا دُنیا میں نہیں پہنے گا اسے آخرت میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِيْ قَالَ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَّا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَ

کہ جنہوں نے فرمایا "نہیں اوڑھنا پہننا ریشمی لباس دُنیا میں مگر وہی کہ نہیں ہے حصّہ اس کے لیے آخرت میں اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ اَلْاِسْبَالُ فِي الْاِزَارِ وَالْقَمِيْصِ وَ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا۔ کہ اسبال اور تجاوز چادر، قمیص اور

الْعِمَامَةِ مَنْ جَرَّ مِنْهَا شَيْئًا خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ

عمامہ تینوں میں ہے۔ جس نے گھسیٹا یا حد معروف سے تجاوز کیا ان میں از رہ تکبر نہیں نظر فرمائے گا اللہ تعالیٰ طرف اسکے قیامت کے دن

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ كِمَامُ اَصْحَابِهٖ بُطْحًا وَصَلِّ عَلٰى

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے اصحاب کرام کی آستینیں کشادہ ہوتی تھیں۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ كُمُّ قَمِيْصِهٖ اِلَى الرُّسْغِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیدنا محمد پر کہ جن کے قمیص کی آستین کلائی اور کف کے جوڑ تک ہوتی تھی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبِسَ قَمِيْصًا بَدَاَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ جو جب بھی قمیص اوڑھتے تو اوڑھنے کا آغاز فرماتے

بِمَيَامِنِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ يَقُوْلُ اِزَارُ الْمُؤْمِنِ اِلٰى

دائیں جانب (دائیں آستین) سے۔ اور صلواۃ بھیج سیّدنا محمد پر کہ جو فرماتے ہیں" مومن کی چادر اس کی

اَنْصَافِ سَاقَيْهِ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَمَا

آدھی پنڈلیوں تک ہونی چاہیئے (اور) نہیں حرج اس پر وہاں سے ٹخنوں تک اور جو

اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَفِي النَّارِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ

اس سے نیچے ہے تو وہ آگ میں (جلائے جانے کے لائق) ہے۔ فرمایا اسے تین مرتبہ۔ اور نہیں نظر فرمائے گا اللہ تعالیٰ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

قیامت کے دن طرف اس کے جو گھسیٹے اپنی چادر کو بطور فخر و ناز کے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ لَهٗ حِيْنَ ذَكَرَ الْاِزَارَ فَالْمَرْاَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ

حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا جبکہ آپ نے چادر کا ذکر کیا تو عورت (کے متعلق کیا حکم ہے) یا رسول اللہ تو آپ نے

تُرْخِيْ شِبْرًا فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعًا لَّا تَزِيْدُ

فرمایا وہ ایک بالشت تک لٹکائے۔ تو انہوں نے عرض کی تب تو اس سے ہٹ کر اسے برہنہ کردیگی تو فرمایا ایک ہاتھ تک لٹکائے اس

عَلَيْهِ ج فَقَالَتْ اِذًا تَنْكَشِفُ اَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَيُرْخِيْنَ ذِرَاعًا

پر زیادہ نہ کرے۔ تو انہوں نے عرض کیا تب بھی ان کے قدم ننگے ہو جائیں گے تو آپ نے فرمایا تو لٹکائیں ایک ہاتھ نہ زیادہ

لَّا يَزِدْنَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اِنَّهٗ لَمُطْلَقُ الْاَزْرَارِ

کریں اس پر۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو قمیص کے بٹن کھولے ہوئے تھے

قَالَ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ بْنُ قُرَّةَ فَاَدْخَلْتُ يَدِيْ فِيْ جَيْبِ قَمِيْصِهٖ فَمَسِسْتُ

کہا ابو معاویہ بن قرہ نے پس میں نے داخل کیا اپنا ہاتھ آپ کے قمیص کے گریبان میں پس چھوا میں نے

الْخَاتَمَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ

آپ کی خاتم نبوت کو۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ فرمایا عبد الرحمٰن بن عوف نے (رضی اللہ عنہ)

عَمَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَدَلَهَا بَيْنَ يَدَيَّ وَ

عمامہ باندھا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پس لٹکایا اس کا ایک شملہ میری اگلی کی جانب اور دوسرا

مِنْ خَلْفِيْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ

پچھلی جانب۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو خود دستار باندھتے تھے تو لٹکاتے عمامہ کے (دونوں شملے) اپنے

كَتِفَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ

دونوں کندھوں کے درمیان اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا" فرق وہ جو ہمارے درمیان اور مشرکین کے درمیان ہے

الْمُشْرِكِيْنَ الْعَمَآئِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

وہ ہے دستاروں کا ٹوپیوں پر (باندھنا اہل اسلام کے لیے اور بغیر ٹوپیوں کے مشرکین کے لیے) اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو

كَانَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهٖ عِمَامَةً اَوْ قَمِيْصًا اَوْ رِدَآءً ثُمَّ يَقُوْلُ

جدید کپڑا بناتے تو اس کا نام لیتے (کہ یہ) عمامہ یا چادر ہے۔ پھر فرماتے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُ

اے اللہ تیرے لیے حمد ہے جیسے کہ تو نے پہنایا مجھے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اس کی خیر و بھلائی کا اور جس کیلئے بنایا گیا ہے اسکی خیر کا۔ اور پناہ مانگتا ہوں

بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ حِيْنَ رَزَقَنِیَ اللّٰهُ اَوْ اَعْطَانِیْ اَوْ كَسَانِیْ هٰذِهِ

تجھ سے اس کے شر سے اور اس کے شر سے جس کے لیے بنایا گیا ہے جبکہ رزق دیا ہے مجھے اللہ نے یا عطا کیا یا پہنایا مجھے یہ

الْعِمَامَةَ اَوِ الْقَمِيْصَ اَوِ الرِّدَآءَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَتْ

عمامہ یا قمیص یا چادر اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق فرمایا

عَآئِشَةُ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَآئِشَةُ اِنْ

ام المومنین عائشہ نے کہ فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اے عائشہ اگر

اَرَدْتِّ اللُّحُوْقَ بِیْ فَلْيَكْفِيْكِ مِنَ الدُّنْيَا كَزَادِ الرَّاكِبِ وَاِيَّاكِ وَ

تو ارادہ رکھتی ہے لاحق ہونے کا ساتھ میرے (دار آخرت میں)، پس چاہیئے کہ کفایت کرے تجھے دُنیا سے مثل سوار کے سفر خرچ کے۔ اور بچانا

مُجَالَسَةَ الْاَغْنِيَآءِ وَلَا تَسْتَخْلِقِیْ ثَوْبًا حَتّٰى تُرَقِّعِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى

اپنے آپ کو اغنیاء کی ہمنشینی سے اور نہ بوسیدہ سمجھنا کسی استعمال میں لائے ہوئے کپڑے کو جبتک اسے پیوند نہ لگائے اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ مَنْ اَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ جس نے کھانا کھایا پھر کہا "سب تعریفیں اللہ تعالےٰ کے لیے ہیں جس نے

اَطْعَمَنِیْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ

مجھے یہ کھانا کھلایا اور رزق دیا بغیر میری محنت اور قوت کے" بخشے جائیں گے اس کے لیے

مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَنْ لَّبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ

جو گزر چکے اس کے گناہوں سے۔ اور جس نے پہنا کپڑا پس کہا حمد ہے اللہ کے لیے جس نے مجھے پہنایا

هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

یہ اور نصیب کیا میرے بغیر میری محنت و قوت کے" بخشے جائیں گے جو گزر چکے اس کے گناہوں سے

ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ الْبَسُوا الثِّيَابَ

اور جو آئندہ سرزد ہوں گے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ سفید کپڑے

الْبِيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ وَصَلِّ عَلٰى

استعمال کرو کیونکہ وہ زیادہ پاکیزہ اور صاف ستھرے ہیں اور کفن دو انہیں میں اپنے فوت شدگان کو۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ الْبَذَاذَةَ

سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا "کیا سنتے نہیں ہو کیا سنتے نہیں ہو بے شک شکستہ حالی

مِنَ الْاِيْمَانِ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

ایمان کا جزو ہے۔ بے شک شکستہ حالی ایمان کا جزو ہے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد

الَّذِیْ قَالَ مَنْ لَّبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِی الدُّنْيَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ

پر جنھوں نے فرمایا جس نے شہرت والا لباس پہنا دُنیا میں پہنائے گا اللہ تعالیٰ اس کو لباس

مَذَلَّةٍ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ مَنْ

ذلت کا قیامت کے دن۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ جس شخص نے

تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَّهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ وَفِیْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا

ترک کیا پہننا زیبائش و آرائش والے لباس کا حالانکہ وہ اس کے پہننے پر قادر ہو اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے اکبطور

كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ

تواضع کے پہنائے گا اللہ تعالیٰ اسے عزت و کرامت کی پوشاک اور جو شادی کرے اللہ کے لیے اللہ تعالیٰ پہنائے گا اسے ملک و سلطنت کا تاج

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے کہ دیکھا جائے اس کی نعمت کا اثر

نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ وَقَالَ اَبُو الْاَحْوَصِ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

ونشان اس کے بندے پر۔ اور کہا ابو الاحوص رضی اللہ عنہ نے میں حاضر ہوا بارگاہ رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ دُوْنٌ فَقَالَ لِیْ اَلَكَ مَالٌ قُلْتُ

اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم میں اور مجھ پر گھٹیا لباس تھا۔ تو آپ نے مجھے فرمایا۔ کیا تیرے پاس مال ہے؟ میں

نَعَمْ قَالَ مِنْ اَیِّ الْمَالِ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ اَعْطَانِیَ اللّٰهُ

نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا کس قسم کا مال ہے؟ میں نے عرض کیا تمام اقسام کا مال ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کر رکھے ہیں

مِنَ الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ قَالَ فَاِذَا اٰتَاكَ اللهُ

اونٹ اور گائیں۔ بھیڑیں بکریاں۔ گھوڑے اور غلام آپ نے فرمایا تو جب اللہ تعالٰے تجھے عطا کرے

مَالًا فَلْيُرَ اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلَيْكَ وَكَرَامَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

مال تو چاہیئے کہ اس کی نعمتوں کے اور کرامت وعنایت کے اثرات تجھ پر دیکھے جائیں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق

قَالَ جَابِرٌ اَتَانَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرًا فَرَاٰى رَجُلًا

حضرت جابر نے کہا۔ تشریف لائے ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیارت کے لیے تو دیکھا ایک آدمی

شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهٗ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ

پراگندہ بالوں والا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے تو فرمایا کیا نہیں پاتا یہ ایسی چیز جس کے ساتھ بٹھائے

رَاْسَهٗ وَرَاٰى رَجُلًا عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَّسِخَةٌ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا

اپنے سر (کے بالوں) کو اور دیکھا دوسرے شخص کو جس پر میلے کچیلے کپڑے تھے تو فرمایا کیا نہیں پاتا یہ ایسی چیز

مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ لَا اَرْكَبُ

جس سے دھوئے اپنے کپڑوں کو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا میں نہیں سوار ہوتا

الْاُرْجُوَانَ وَلَا يَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَلَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ الْمُكَفَّفَ

سرخ ریشمی گدیوں (والی زین) پر اور نہیں پہنتے تھے آپ زرد رنگ سے رنگا ہوا کپڑا اور نہ استعمال فرماتے وہ قمیص جس کی

بِالْحَرِيْرِ وَقَالَ اَلَا وَطِيْبُ الرِّجَالِ رِيْحٌ لَّا لَوْنَ لَهٗ وَطِيْبُ النِّسَآءِ

کفین ریشم کی ہوتیں اور فرمایا غور سے سنو مردوں کی خوشبو ایسی ہونی چاہیئے جس میں رنگ نہ ہو۔ اور عورتوں کی خوشبو ایسی ہو

لَوْنٌ لَا رِيْحَ لَهٗ وَمَرَّ رَجُلٌ وَّعَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَى

جو رنگ دے لیکن اس میں مہک نہیں ہونی چاہیئے۔ اور گزرا ایک آدمی جو دو سرخ کپڑے پہنے ہوئے تھا پس اس نے سلام پیش کیا

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ تو آپ نے اس کو جواب نہ دیا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نَهٰى عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَالْوَشْمِ وَالنَّتْفِ وَعَنْ

محمد پر کہ جنہوں نے دس چیزوں سے منع فرمایا دانت باریک کرانے اور جلد میں رنگ بھرانے سے، اور سفید بال اکھیڑنے سے

مُكَامَعَةِ الْمَرْاَةِ الْمَرْاَةَ بِغَيْرِ شِعَارٍ وَّاَنْ يَّجْعَلَ الرَّجُلُ فِيْ اَسْفَلِ

اور عورت کے عورت کے ساتھ بغیر حجاب وحائل کے لیٹنے سے اور یہ کہ کرے آدمی اپنے کپڑوں کے نیچے

ثِيَابِهٖ حَرِيْرًا مِّثْلَ الْاَعَاجِمِ اَوْ يَجْعَلَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ حَرِيْرًا مِّثْلَ

ریشم مثل عجمیوں کے یا (رکھے) کندھوں پر ریشم مثل

الْاَعَاجِمِ وَعَنِ النُّهْبٰى وَعَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَلُبْسِ الْخَاتَمِ اِلَّا لِذِيْ

عجمیوں کے اور لوٹ مار سے۔ اور چیتوں (کی کھالوں) پر سوار ہونے سے۔ اور انگوٹھی پہننے سے مگر ماسوائے

سُلْطَانٍ وَنَهٰى عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمَيَاثِرِ وَ

صاحب سلطنت کے۔ اور منع فرمایا سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور قس کے بنے ہوئے ریشمی کپڑے اوڑھنے سے۔ اور سرخ ریشمی

نَهٰى عَنِ الْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَآءِ وَقَالَ لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ وَلَا النِّمَارَ وَصَلِّ

گدوں سے اور منع فرمایا سرخ ریشمی گدوں سے۔ اور فرمایا کہ نہ سواری کرو ریشم پر اور نہ چیتوں کی کھالوں پر۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نَهَانَا اَنْ نَّشْرَبَ مِنْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَ

سیدنا محمد پر جنہوں نے منع فرمایا ہمیں کہ پئیں چاندی اور سونے کے برتنوں سے اور

الذَّهَبِ وَاَنْ نَّاْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ

ان میں کھانے سے۔ اور عام ریشم پہننے سے اور باریک نفیس ریشم اوڑھنے سے۔ اور اس پر

نَّجْلِسَ عَلَيْهِ وَنَهٰى اَنْ يَّاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ يَمْشِيَ فِيْ نَعْلٍ

بیٹھنے سے اور منع فرمایا اس سے کہ کھائے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے یا چلے صرف ایک پاؤں کے جوتے میں

وَّاحِدَةٍ وَاَنْ يَّشْتَمِلَ الصَّمَّآءَ اَوْ يَحْتَبِيَ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ كَاشِفًا

یا اپنے گرد چادر لپیٹے اس انداز میں کہ تکبیر کے لیے ہاتھ کانوں تک نہ لیجا سکے اور نہ رکوع میں گھٹنوں پر رکھ سکے یا احتباء[عسہ] کرے ایک ہی کپڑے میں درآں حالیکہ

عَنْ فَرْجِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَآءَ

منکشف کرنیوالا ہو اپنی شرمگاہ کو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے منع فرمایا مردوں اور عورتوں کو

عَنْ دُخُوْلِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ اَنْ يَّدْخُلُوْا بِالْمَيَازِرِ

حماموں میں داخل ہونے سے پھر رخصت دی مردوں کے لیے کہ چادریں باندھ کر ان میں داخل ہوں۔

عسہ احتباء یہ ہے کہ بیٹھے دونوں پنڈلیوں کے گرد کپڑا لپیٹ کر اپنے آپ کو سہارا دے جبکہ پنڈلیوں دونوں کو کھڑا کرے جس کو پنجابی میں گوڈھ مارنا کہتے ہیں۔

وَقَالَ سَتُفْتَحُ لَكُمْ اَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُوْنَ فِيْهَا بُيُوْتًا يُّقَالُ
اور فرمایا عنقریب فتح کی جائے گی تم پر عجم کی زمین اور تم پاؤ گے اس میں ایسے مکان
لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ اِلَّا بِالْاُزُرِ وَامْنَعُوْهَا النِّسَآءَ
جنہیں حمامات کہا جاتا ہے پس ہرگز نہ داخل ہوں اس میں مرد مگر چادریں باندھ کر اور دور رکھو ان سے عورتوں کو
اِلَّا مَرِيْضَةً اَوْ نُفَسَآءَ وَقَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
مگر بیمار اور نفاس والی کو۔ اور فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے
فَلَا يَدْخُلُ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ اِزَارٍ وَّمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
تو وہ نہ داخل ہو حمام میں بغیر تہمد کے۔ اور جو ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اور روزِ
الْاٰخِرِ فَلَا يُدْخِلُ حَلِيْلَتَهُ الْحَمَّامَ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ
قیامت پر پس نہ داخل کرے اپنی بیوی کو حمام میں۔ اور جو ایمان رکھتا ہے اللہ تعالےٰ اور
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَجْلِسْ عَلٰى مَآئِدَةٍ تُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ وَصَلِّ
روزِ قیامت پر پس نہ بیٹھے ایسے دسترخوان پر کہ جس پر گردش میں لائے جاتے ہوں (جام) شراب کے۔ اور صلواۃ بھیج
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سیّدنا محمد پر کہ جو رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم تشریف فرما تھے
فِى الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ ثَآئِرُ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ فَاَشَارَ اِلَيْهِ
مسجد میں کہ داخل ہوا ایک شخص جس کے سر اور ڈاڑھی کے بال پراگندہ تھے تو آپ نے اشارہ فرمایا طرف اسکے
بِيَدِهٖ كَاَنَّهٗ يَاْمُرُهٗ بِاِصْلَاحِ شَعْرِهٖ وَلِحْيَتِهٖ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ
اپنے ہاتھ سے گویا کہ آپ اسے حکم دیتے تھے سر اور ڈاڑھی کے بالوں کی اصلاح کا چنانچہ اس نے اس پر عمل کیا پھر لوٹ کر آیا
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ
تو آپ نے فرمایا کہ کیا یہ صورت اس سے بہتر نہیں ہے کہ
اَنْ يَّاْتِىَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَآئِرُ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ شَيْطَانٌ وَصَلِّ عَلٰى
آئے ایک تم میں سے اس حال میں کہ وہ پراگندہ سر والا ہو گویا کہ وہ جنوں میں سے ہے۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ لَهٗ اَبُوْ قَتَادَةَ اِنَّ لِىْ جُمَّةً فَاُرَجِّلُهَا
سیدنا محمد پر کہ جنہیں حضرت ابوقتادہ نے عرض کیا کہ میرے سر پر پٹے (اور کانوں تک پہنچے ہوئے بال) ہیں کیا میں انہیں کنگھی کروں
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ
تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اور ان کی عزت کر (راوی نے) کہا کہ
اَبُوْ قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِى الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ اَجْلِ قَوْلِهٖ نَعَمْ
حضرت ابوقتادہ بسا اوقات انہیں تیل لگاتے تھے دن میں دو مرتبہ آنحضرت کے تعمیل ارشاد میں کہ ہاں
وَاَكْرِمْهَا ح قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُّحِبُّ
اور ان کی عزت کر الحدیث۔ فرمایا رسول معظم نے جس کے بال ہوں تو وہ ان کی مناسب دیکھ بھال کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ پاکیزہ ہے پسند فرماتا ہے
الطَّيِّبَ نَظِيْفٌ يُّحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيْمٌ يُّحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُّحِبُّ الْجُوْدَ
پاکیزگی کو۔ نظیف ہے اور صفائی و نظافت کو پسند فرماتا ہے۔ کریم ہے کرم کو پسند فرماتا ہے اور صاحب جود ہے جود کو پسند فرماتا ہے
فَنَظِّفُوْا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ
پس صاف ستھرا رکھو (راوی کہتا ہے میرا گمان غالب ہے کہ آپ نے اس کے بعد فرمایا) اپنے صحنوں کو اور یہودیوں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ راوی نے کہا میں نے اس حدیث
لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِىِّ
کا تذکرہ مہاجر بن مسمار سے کیا تو اس نے کہا مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے عامر نے اپنے باپ سعد کے واسطہ سے نبی اکرم
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ نَظِّفُوْا اَفْنِيَتَكُمْ وَقَالَ الْوَلِيْدُ
صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح مگر انہوں نے (بغیر کسی تردد کے) کہا "صاف ستھرا رکھو اپنے صحنوں کو اور کہا ولید نے
لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ اَهْلُ مَكَّةَ
جب فتح کر لیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے مکّہ مکرمہ کو تو اہلِ مکّہ نے
يَاْتُوْنَهٗ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْ لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِىْءَ
آپ کے پاس لانا شروع کیا اپنے چھوٹے بچوں کو تو آپ ان کے لیے برکت کی دعا فرماتے تھے اور ہاتھ پھیرتے تھے ان کے سروں پر مجھے
بِىْ اِلَيْهِ وَاَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِىْ مِنْ اَجْلِ الْخَلُوْقِ ح وَقَالَ عُثْمَانُ
بھی آپ کی بارگاہ میں لایا گیا جبکہ میرے سر پر خلوق (مرکب خوشبو رنگ دار) لگی تھی تو آپ نے اس لیے مجھے ہاتھ نہ لگایا الحدیث۔ اور کہا عثمان

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ دَخَلْتُ عَلٰۤى اُمِّ سَلَمَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا شَعْرًا

بن عبد اللہ بن موہب سے کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے نکالا ہماری طرف بالوں کا گچھا

مِّنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوْبًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں سے جنہیں خضاب لگا ہوا تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ يَكُوْنُ قَوْمٌ فِىْ اٰخِرِ الزَّمَانِ يَخْضِبُوْنَ بِهٰذَا

محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ ہو گی ایک جماعت میرے بعد والے دور میں جو سیاہ خضاب لگائیں گے

السَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا يَجِدُوْنَ رَآئِحَةَ الْجَنَّةِ وَصَلِّ عَلٰى

مثل جنگلی کبوتروں کے سینے کی سیاہی کے نہیں پائیں گے جنت کی خوشبو سے (میدان قیامت میں جس سے مقربین مستفید ہونگے) اور صلواۃ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُيِّرَ بِهِ الشَّيْبُ الْحِنَّآءُ

بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا بیشک خوبترین چیز جس کے ساتھ سفیدی بالوں کی تبدیل کی جائے وہ مہندی

وَالْكَتَمُ ح وَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ النِّعَالَ

اور وسمہ ہے (جو سیاہ سرخی مائل رنگ دے) اور بے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہنتے تھے رنگے ہوئے

السِّبْتِيَّةَ وَيُصَفِّرُ لِحْيَتَهٗ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

چمڑے کے جوتے اور زرد خضاب لگاتے داڑھی مبارک کو ورس اور زعفران کے ساتھ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ قَالَ رَجُلٌ لِّفُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ مَا لِىْ اَرَاكَ شَعِثًا قَالَ اِنَّ

محمد پر کہ جن کے متعلق یہ کہا گیا ہے۔ ایک آدمی نے حضرت فضالہ بن عبید سے کہا کیا وجہ ہے کہ میں تجھے پراگندہ بال دیکھ رہا ہوں تو انہوں نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاِرْفَاهِ

کہا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں منع فرماتے تھے زیادہ کنگھی کرنے اور بننے سنورنے سے

قَالَ مَا لِىْ لَآ اَرٰى عَلَيْكَ حِذَآءً قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اس آدمی نے کہا کیا ہے مجھے کہ میں نہیں دیکھتا تمہارے پاؤں میں جوتے۔ تو انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اَنْ نَّحْتَفِىَ اَحْيَانًا ح نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

علیہ وسلم ہمیں حکم دیتے تھے کہ ہم ننگے پاؤں بھی چلیں۔ کبھی کبھی الحدیث۔ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے مگر کبھی کبھی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق

قَالَتْ عَآئِشَةُ اِذَا فَرَّقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهٗ

فرمایا ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہ جب میں کنگھی کرتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کو

صَدَعْتُ فَرْقَهٗ عَنْ يَافُوْخِهٖ وَاَرْسَلْتُ نَاصِيَتَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَعَنْهَا

تو نکالتی آپ کی مانگ آپ کے تالو سے اور سر کے اگلے حصے کے بال چھوڑ دیتی تھی آپ کے سامنے اور آپ سے مروی ہے

قَالَتْ كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا

کہ میں کنگھی کرتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اقدس کو باوجود یکہ میں

حَآئِضٌ ح وَقَالَتْ اُمُّ هَانِئٍ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

حالت حیض میں ہوتی تھی الحدیث۔ فرمایا حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے کہ تشریف لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ قَدْمَةً وَّلَهٗ اَرْبَعُ غَدَآئِرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

وسلم ہمارے ہاں مکہ مکرمہ میں ایک مرتبہ اور آپ کی چار مینڈھیاں تھیں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اَنَسٌ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

محمد پر کہ جن کے متعلق فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے

سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا ح وَقَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ

مخصوص خوشبو جس کو آپ استعمال فرماتے تھے الحدیث۔ اور حضرت انس نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات

دُهْنَ رَاْسِهٖ وَتَسْرِيْحَ لِحْيَتِهٖ وَيُكْثِرُ الْقِنَاعَ كَاَنَّ ثَوْبَهٗ ثَوْبُ زَيَّاتٍ

سر مبارک کو تیل لگاتے اور داڑھی مبارک کے بال کنگھی کرتے اور سر مبارک پر لبسا اوقات ایک خاص کپڑا لپیٹتے گویا وہ تیلی کا کپڑا تھا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ الْعَيْنُ حَقٌّ وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَنِ الْوَشْمِ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا نظر لگنا برحق ہے۔ اور منع فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گودنے یا گدوانے سے

ح وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ اَعْنِىْ عَلٰى

الحدیث اور منع فرمایا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ کوئی مرد زعفرانی رنگ لگائے یعنی

بَدَنِهٖ وَثَوْبِهٖ ح وَقَالَتْ عَائِشَةُ كُنْتُ اُطَيِّبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اپنے بدن پر اور کپڑوں پر۔ الحدیث۔ اور فرمایا ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہ میں خوشبو لگایا کرتی تھی نبی مکرم صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ بِاَطْيَبِ مَا نَجِدُ حَتّٰى اَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِيْ رَاْسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ ح

وسلم کو پاکیزہ ترین میسر آنے والی خوشبو سے حتیٰ کہ میں پاتی تھی اس خوشبو کی سفیدی اور چمک کو آپ کے سر ناز اور ڈاڑھی میں (الحدیث)

كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَجْمَرَ بِاُلُوَّةٍ غَيْرِ مُطَرَّاةٍ وَّبِكَافُوْرٍ يَّطْرَحُهٗ مَعَ

اور تھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہ جب سلگاتے خوشبودار لکڑی کو جو ٹکڑے ٹکڑے نہیں کی ہوتی تھی اس سے خوشبو حاصل کرنے

الْاُلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لیے اور کافور کو اس لکڑی کے ساتھ ڈال دیتے تھے پھر فرماتے۔ ایسے ہی تھے سلگایا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوشبو کیلیے

ح عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلَيْهِ

الحدیث۔ حضرت یعلی بن مرہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ان پر

خَلُوْقًا فَقَالَ اَلَكَ امْرَاَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ

خلوق کو تو دریافت فرمایا کیا تیری بیوی ہے میں نے عرض کیا نہیں تو فرمایا اس کو دھو ڈال۔ پھر دھو ڈال اور پھر

اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ

دھو ڈال اور اس کے بعد ایسی خوشبو نہ لگانا اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق کہا حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے

قَدِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْ مِنْ سَفَرٍ وَّقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَاىَ فَخَلَّقُوْنِيْ

میں اپنے گھر آیا ایک سفر سے جبکہ میرے دونوں ہاتھ پھٹ چکے تھے تو اہل خانہ نے مجھے زعفران ملی

بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ

خلوق لگا دی پس میں صبح کو بارگاہ نبوت میں حاضر ہوا صلی اللہ علیہ وسلم پس میں نے سلام

عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ ح قَالَ

عرض کیا مگر آپ نے جواب سلام مجھے نہ دیا اور فرمایا جایئے اور اس خوشبو کو دھو کر اپنے سے دور کیجیے۔ (الحدیث)

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيْبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مردوں کی خوشبو ایسی ہونی چاہیے کہ جس کی خوشبو تو ظاہر ہو

خَفِيَ لَوْنُهٗ وَطِيْبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ ح قَالَ

لیکن اس کا رنگ ظاہر نہ ہو اور عورتوں کی خوشبو کا رنگ نمایاں ہو اور مہک نمایاں نہ ہو۔ (الحدیث)۔ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ وَفِيْ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قبول فرماتا اللہ تعالیٰ نماز اس آدمی کی جس کے

جَسَدِهٖ شَيْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ الْفِطْرَةُ

بدن پر خلوق میں سے کچھ خوشبو لگی ہو۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا فطرت (کی مقتضی خصلتیں)

خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَ

پانچ ہیں۔ ختنہ۔ زیر ناف بال صاف کرنا۔ مونچھیں کاٹنا۔ ناخن تراشنا اور

نَتْفُ الْاِبْطِ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ

بغلوں کے بال اکھیڑنا۔ الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی مخالفت کرو

اَوْفِرُوا اللُّحٰى وَاَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنْهِكُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا

ڈاڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھوں کو پست کرو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ مونچھوں کو ہلکا کرو اور ڈاڑھیوں کو

اللُّحٰى ح قَالَ اَنَسٌ وُقِّتَ لَنَا فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ

دراز کرو۔ الحدیث۔ فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ہمارے لیے وقت معین کیا گیا مونچھیں کاٹنے۔ ناخن تراشنے اور بغل کے

الْاِبْطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ اَنْ لَّا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً وَصَلِّ عَلٰى

بال اکھیڑنے اور زیر ناف بال مونڈنے کے لیے کہ ہم انھیں نہ چھوڑیں چالیس دن سے زیادہ تک۔ اور صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ يَّنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيْلَ مَا الْقَزَعُ قَالَ يُحْلَقُ بَعْضُ

سیدنا محمد پر جنھوں نے منع فرمایا قزع سے عرض کیا گیا۔ کیا ہے قزع ؟ تو فرمایا کہ مونڈ لیا جائے

رَاْسِ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكُ بَعْضٌ ح رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيًّا

بچے کے سر کا کچھ حصہ اور چھوڑ دیا جائے کچھ حصہ الحدیث۔ دیکھا نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچے کو

قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَاْسِهٖ وَتُرِكَ بَعْضُهٗ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ احْلِقُوْا

جس کے سر کا کچھ حصہ مونڈا گیا تھا اور بعض اسی طرح چھوڑ دیا گیا تھا تو آپ نے انہیں اس سے منع فرمایا اور فرمایا سارا مونڈ دو

كُلَّهٗ اَوِ اتْرُكُوْا كُلَّهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ اُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

یا سارا چھوڑ دو۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بارگاہ میں لایا گیا ایسا شخص

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّآءِ فَقَالَ

جو بتکلف ہیجڑا بنا ہوا تھا جس نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگا رکھی تھی تو رسول اللہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَآءِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی کیا کیفیت ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یہ بتکلف عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار

فَاَمَرَ بِهٖ فَنُفِىَ اِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ اِنِّىْ

کرتا ہے تو آپ نے اس کے متعلق حکم دیا۔ تو اسے نقیع کی طرف نکال دیا گیا تو عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا ہم اسے قتل نہ کردیں تو آپ نے فرمایا

نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ ح قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَنَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

میں منع کیا گیا ہوں نماز پڑھنے والوں کے قتل کرنے سے الحدیث۔ حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ لعنت فرمائی نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَقَالَ

علیہ وسلم نے عورتوں کے روپ میں ڈھلنے والے مردوں پر اور مردوں کی ہیئت اختیار کرتے والی عورتوں پر اور فرمایا

اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

انھیں اپنے گھروں سے نکال دو۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی

سَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ

اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے مردوں میں سے عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والوں پر اور عورتوں میں سے

النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ وَلَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ

مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والیوں پر۔ اور لعنت فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد پر جو

يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ ح اَلنَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

پہنے عورتوں کی طرح لباس۔ اور عورتوں پر جو مردوں جیسا لباس استعمال کریں (الحدیث) نبی مکرم صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَ

علیہ وسلم نے فرمایا لعنت فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے واصلہ اور مستوصلہ پر (یعنی جو عورت بال بڑھانے کیلئے دوسرے بال ساتھ ملائے یا ملانے کو کہے اور

الْمُسْتَوْشِمَةَ ح قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ

گودنے والی پر اور گدوانے والی پر (الحدیث) فرمایا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے "اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے گودنے والی عورتوں پر

وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ وَالْمُغَيِّرَاتِ

اور گودوانے والیوں پر اور بال نوچنے والیوں پر اور دانت باریک کرکے ان میں حسن پیدا کرنے کیلئے کشادگی پیدا کرنے والیوں پر اور تبدیل

خَلْقَ اللّٰهِ فَجَآءَتْهُ اِمْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِىْ اِنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَ

کرانے والیوں پر اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو" تو آئی ان کے پاس ایک عورت جس نے کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے ایسے ایسے لعنت کی

كَيْتَ فَقَالَ مَالِىْ لَآ اَلْعَنُ مَنْ لَّعَنَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہے؟ تو آپ نے فرمایا مجھے کیا ہے کہ میں ان پر لعنت نہ کروں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ وَمَنْ هُوَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَاْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ

لعنت کی ہے اور جو لعنت اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے۔ تو اس نے کہا میں نے تلاوت کی ہے سارے قرآن کی

فَمَا وَجَدْتُّ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَاْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِّيْهِ

مگر میں نے تو اس میں نہیں پایا جو تم کہتے ہو۔ آپ نے فرمایا۔ اگر تو نے اسے پڑھا ہوتا تو ضرور پایا ہوتا میرے قول کو

اَمَا قَرَاْتِ مَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ

کیا نہیں پڑھا تو نے کہ (جو دیں تمہیں رسول اللہ تو اسے پکڑو۔ اور جس سے منع کریں تو اس سے رک جاؤ) اس نے کہا

بَلٰى قَالَ فَاِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ ح قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى

ہاں کیوں نہیں۔ آپ نے فرمایا تو بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا الحدیث۔ فرمایا ابن عباس رض کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْ يَاْخُذُ مِنْ شَارِبِهٖ وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ

وسلم کاٹتے تھے یا لیتے تھے اپنی مونچھوں سے۔ اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بھی

الرَّحْمٰنِ يَفْعَلُهٗ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ

اسی طرح کرتے تھے الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جس نے نہ

يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

لیا (اور کاٹا) مونچھوں سے تو وہ نہیں ہے ہم سے یعنی کامل طریقہ پر نہیں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے

قَالَ غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ ح قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ

فرمایا کہ (بڑھاپے کی) سفیدی کو تبدیل کرو۔ اور نہ مشابہت اختیار کرو ساتھ یہودیوں کے۔الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِی

وسلم نے کہ سفید بالوں کو نہ اکھیڑو کیونکہ وہ مسلمان کے لیے نور ہیں جو شخص سفید بالوں والا ہوا

الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً وَّكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا

اسلام میں لکھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے بسبب اس کے نیکی اور دور کرے گا اس کے بسبب اس کے گناہ اور بلند کریگا اس کے لیے

دَرَجَةً ح مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِی الْاِسْلَامِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ح

بسبب اس کے درجہ۔ الحدیث جو بوڑھا ہوا اسلام میں تو یہ بڑھاپا ہو گا اس کے لیے نور قیامت کے دن۔ ح

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمُ نِ الْاَسَدِیُّ

فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا مرد ہے خریم اسدی

لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِهٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَاَخَذَ شَفْرَةً

اگر نہ ہوتی اس کے سر کے بالوں کی حد سے تجاوز زیادتی۔ اور اس کا چادر کو گھسیٹنا تو کتنا اچھا ہوتا تو آپکا یہ فرمان خریم کو پہنچ گیا تو اس نے ایک چھری لی

فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ اِلٰى اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ اِزَارَهٗ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ اَللّٰهُمَّ

اور اس کے ساتھ بالوں کو کانوں تک کاٹ دیا اور بلند کیا اپنی چادر کو آدھی پنڈلیوں تک۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ اَنَسٌ كَانَتْ لِیْ ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِیْ اُمِّیْ لَا

صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے میری ایک مینڈھی تھی تو فرمایا مجھے میری ماں نے میں

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْوَدُوْدِ الْمُتَوَدِّدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر جو محبوب کہ بہت محبت رکھنے والے اور محبت کا اظہار فرمانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ الْکُلِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر جو آقا کہ سب کے حبیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّذْهِبِ الْغُلِّ وَ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو (غلاموں کی گردنوں سے) طوقِ غلامی اُتارنے والے ہیں اور

وَالذُّلِّ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذُّلِّ اِلَّا لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا

بے بسی و بیکسی کو دور کرنے والے ہیں۔ اے اللہ ہم پناہ تیری طلب کرتے ہیں عاجزی و بے بسی سے مگر واسطے تیرے اور خوف سے مگر

مِنْكَ وَمِنَ الْفَقْرِ اِلَّا اِلَيْكَ كَمَا صُنْتَ وُجُوْهَنَا اَنْ نَّسْجُدَ لِغَيْرِكَ

تجھ سے۔ اور محتاجی سے مگر طرف تیرے، جیسے تو نے محفوظ فرمایا ہمارے چہروں کو کہ سجدہ کریں تیرے ماسوا کسی کو

فَصُنْ اَيْدِيَنَا اَنْ تَمْتَدَّ بِالسُّؤَالِ لِغَيْرِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ

پس بچا ہمارے ہاتھوں کو بھی کہ وہ دراز ہوں واسطے سوال کے تیرے غیر کے آگے۔ نہیں کوئی معبود برحق مگر تو ہی۔ پاک ہے تو

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْغِلِّ وَالْغُلِّ

بیشک ہوں میں ظلم کرنے والوں سے۔ اے اللہ میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری کینہ سے اور طوقِ غلامی سے۔

وَمِنَ الْغِلَلِ وَالْغُلَلِ وَالْغَلَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ

اور خیانتوں سے۔ اور ریگستانوں میں بھٹکتے پھرنے سے اور شدتِ پیاس سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں تیری رضا کے طفیل تیری

وَسَخَطِ غَضَبِكَ وَغَضَبِ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ سَخَطِ غَضَبِ

ناراضگی سے اور شدتِ غضب سے اور غضب شدید سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں تیری ولایت کی شدتِ غضب سے

وِلَايَتِكَ وَوَلِيِّكَ وَاَوْلِيَآئِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ

اور تیرے ہر ولی کی شدتِ غضب سے اور تمام اولیاء کے شدتِ غضب سے اور تیری عفو کے صدقے میں تیری عقوبت اور

عُتُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ السَّحَجِ وَالسُّحُوْجِ وَالْحَرَجِ وَالْحُرُوْجِ

تیرے عتاب سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں چھلنے سے اور تمام قسم کی خراشوں سے۔ اور تنگی سے اور تمام طرح کی تنگیوں سے

وَالْهَرَجِ وَالْمَرَجِ وَالْمُرُوْجِ وَاَعْطِنِي السُّوْجَ وَالْمُزْدَوَجَ وَالْفَلَجَ

اور قتل سے۔ اور فساد سے اور تمام قسم کے فتنوں سے۔ اور عطا فرما مجھے انگوروں کے باہم متصل باغات اور کشائش و فراخی

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْنِ وَالشَّيْنِ وَالْهَيْنِ وَالْهَيْنِ وَالْغَيْنِ وَ

اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں مصیبت سے اور عیب و نقص سے۔ اور کمزوری سے اور ناتوانی سے۔ اور پردے چڑھنے سے اور

الْغَبْنِ وَالْمَيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْغِلْظِ وَالْغَلِيْظِ وَمِنَ الْغَيْظِ وَ

حجاب سے۔ اور جھوٹ سے۔ اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں سختی سے اور سخت لوگوں سے۔ اور ناراضگی سے اور بہت ناراض ہونے

الْغُيُوْظِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَظِّ وَالْفَظَظِ وَمِنَ الْغَمْطِ وَالْغُمُوْطِ اَللّٰهُمَّ

والوں سے اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں سخت مزاج سے اور بدخلقی سے۔ اور حقیر جاننے سے اور حقیر جاننے والے سے۔ اے اللہ

اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَجْعِ وَالْفَاجِعِ وَمِنَ الْفَضِيْحِ وَالْفُضُوْحِ اَللّٰهُمَّ

بیشک میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں غمزدہ ہونے سے اور غمزدہ کرنے والے سے اور رسوا کرنے والے سے اور رسوائی سے۔ اے اللہ

اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ عَنْ دِيَاجِ الظُّلُمَاتِ الْاَنَانِيَّةِ الْوَهْمِيَّةِ وَخِدَاجِ

بے شک تیری پناہ طلب کرتے ہیں انانیتِ موہومہ کی تاریک تر ظلمتوں سے اور بشری آلائشوں

الْقَاذُوْرَاتِ الْبَشَرِيَّةِ الْمَوْهُوْمِيَّةِ الْاَنَانِيَّةِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ

بشری آلائشوں کے نقصان سے جو موہوم انانیت و ہستی والی ہے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بُرے

الذِّكْرِ وَسُوْٓءِ الْفِكْرِ وَسُوْٓءِ الذَّوْقِ وَسُوْٓءِ الشَّوْقِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

ذکر سے۔ بُرے فکر سے۔ بُرے ذوق سے اور بُرے شوق سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں

سُوْٓءِ الْعِلْمِ وَسُوْٓءِ الْحِلْمِ وَسُوْٓءِ الْخَدْبِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْاَدَبِ

بُرے علم سے۔ بُرے حلم سے اور بُرے جھوٹ سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بُرے ادب اور طریقہ

وَسُوْٓءِ الْعَجَبِ وَسُوْٓءِ الْعُجْبِ وَسُوْٓءِ الْغَضَبِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ

سے اور بُرے تعجب سے۔ اور بُرے تکبر سے اور بُرے غضب سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بُرے

الْفَمِ وَسُوْٓءِ الْعَمِ وَسُوْٓءِ الْوَهْمِ وَسُوْٓءِ الْفَهْمِ وَسُوْٓءِ الزَّعْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ

مُنہ سے اور بُرے اندھے پن سے اور بُرے وہم سے اور سوءِ فہم اور بُری پندار سے اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْ سُوْٓءِ الظَّنِّ وَسُوْٓءِ الْفَنِّ وَسُوْٓءِ الْغَيْرِ وَسُوْٓءِ الضَّيْرِ وَسُوْٓءِ

بُرے گمان سے۔ اور بُرے اسلوب و انداز سے۔ اور بُری تبدیلی سے۔ اور بُرے ضرر و نقصان سے اور

الْمَيْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ الشَّيْبِ وَسُوْٓءِ الشَّيَّادِ وَسُوْٓءِ الْمَشْيُوْدِ

بُری خوراک سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بُرے مکر سے اور بدترین مکار سے۔ اور مکر کئے ہوئے سے

وَسُوْءِ الْكِيَادِ وَاَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِىْ اَضَآءَتْ لَهُ

اور بری مکاری سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بطفیل تیرے چہرۂ کریم کے نور کے کہ روشن ہوگئے بسبب اسکے

السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

سب آسمان اور جگمگا اٹھیں بسبب اس کے سب تاریکیاں۔ اور درست ہوگیا اسی پر معاملہ دنیا اور آخرت کا۔

اَنْ لَّا تُحِلَّ عَلَىَّ غَضَبَكَ وَلَا تُنْزِلَ عَلَىَّ سَخَطَكَ وَلَكَ الْعُتْبٰى

کہ تو نہ حلال ٹھہرائے مجھ پر اپنے غضب کو اور نہ نازل کرے مجھ پر اپنی ناراضگی کو اور تیرے شایان شان ہے عتاب کو روکے رکھنا

حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ وَمِنْكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

حتّٰی کہ تو راضی ہوجائے۔ اور نہیں پھرنا (معصیت سے) اور نہ طاقت (نیکی کی) مگر ساتھ تیرے اور تجھ سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں

فَسَادِ الزَّمَانِ وَتَسْمِيْعِهٖ وَظُلْمِ الْمُسْلِمِ وَتَرْوِيْعِهٖ وَمِنْ كُلِّ ظَالِمٍ وَّ

زمانہ کے فساد سے اور اس کی ریاکاری سے۔ اور اہل اسلام کے ظلم سے اور اس کے خوفزدہ کرنے سے۔ اور ہر ظالم اور

حَاسِدٍ وَّتَصْدِيْعِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَقْوَالِ

حاسد سے اور اس کی چیرہ دستی سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں برے اخلاق و اقوال سے

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَفْعَالِ وَالْاِسْتِدْلَالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ

اور برے اعمال و افعال سے، اور برے استدلال سے۔ اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس شئی کے شر سے کہ پناہ طلب کی

مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ اَنْتَ وَلِىِّ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِىْ

اس سے تیرے نیک بندوں نے، تو ہی میرا یار و مددگار ہے دنیا و آخرت میں مجھے وفات دینا

مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِىْ بِالصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

حالت اسلام میں۔ اور لاحق کرنا ساتھ نیک لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْهَيِّنِ اللَّيِّنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ باوقار انداز والے اور نرم طبیعت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الضِّيَآءِ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سراپا ضیاء ہیں

الْمُبِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

جو واضح و آشکار ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

نِ السَّهْلِ الطَّلْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّمْحِ

جو محبوب کہ نرم طبع اور ہنس مکھ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب جواد و سخی ہیں

الْمُتَخَلِّقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُوَقِّرِ

اور اعلیٰ اخلاق سے متصف ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب کہ (تیری) توقیر کرنے

الْوَقُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْخَيْرِ

والے ہیں اور بہت باوقار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سراسر خیر

الْمَبْرُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَامِعِ

مقبول ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ جامع ہیں

كُلِّ خُلُقٍ كَرِيْمٍ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ہر بزرگ خصلت کے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے بیشک تم حاوی و غالب ہو خلق عظیم پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّارِى الْمُدَّلِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ رات کو سیر فرمانے والے ہیں اور رہنمائی کئے ہوئے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُفَهَّمِ الْمُكَحَّلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ فہم عطا کئے ہوئے ہیں اور قدرتی سرمہ لگی آنکھوں والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَاضِى الْحَوَآئِجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ (باذن اللہ) حاجات کو پورا کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّتِيْجَةِ النَّتَائِجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سب نتائج و مقاصد کا نتیجہ اور حاصل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّافِضِ الدُّنْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب دنیا کو ترک کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّفَضِّلِ الْفَقْرِ عَلَى الْغِنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب ترجیح دینے والے ہیں فقر کو غنا پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الصَّوَّامِ الْقَوَّامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ بہت زیادہ روزے رکھنے والے اور قیام کرنے والے ہیں ۔ اے اللہ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَارِئِ الْبَسَّامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ (قرآن کے) قاری ہیں اور بہت مسکرانے والے ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَطِيْرَةِ الْخَطَائِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ بلند قدر ہیں تمام بلند قدروں سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَبْصِرَةِ اُولِى الْبَصَائِرِ اَللّٰهُمَّ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی جو محبوب کہ سراسر سامانِ بصیرت ہیں ارباب بصیرت کے لیے ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رُوْحِ اَرْوَاحِ الصُّوَرِ
صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ صورتوں کے ارواح کی روح ہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ اَوَائِلِ السُّوَرِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سورتہائے قرآنی کے حروف مقطعات کے راز پنہانی ہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّاطِقِ بِالْحَقِّ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ کلام فرمانے والے ہیں ساتھ حق کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فَاعِلِ الْخَيْرَاتِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ مخلوقات کے لیے بھلائیوں کا
فِى الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
سامان کرنے والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو
نِ الْحَرَمِ الْاٰمِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
محبوب کہ سراپا حرم ہیں امن وامان کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

لُبَابِ الْمَعَادِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جو محبوب کہ خلاصہ اور مغز ہیں تمام معادن کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
مَّسْلَكِ الْهُدٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جو آقا کہ ہدایت کا راہِ سلوک ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
عَلَمِ مَنْ هَدٰى وَاهْتَدٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
جو محبوب کہ علم اور بلند چوٹی ہیں ہدایت کرنے والوں اور ہدایت پانے والوں کے لیے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّلِيِّ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اہل اسلام کے یار و مددگار ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّاظِرِ عَيْنِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آل پر کہ جو محبوب کریم دین کی آنکھ کی پتلی ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَلْطُوْفِ بِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آل پر کہ جس محبوب پر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) لطف وکرم کیا گیا ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَشْغُوْفِ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آل پر کہ جس محبوب کی محبت لوگوں کے دلوں کے اندر سرایت کئے ہوئے ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَرْفُوْقِ بِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آل امجاد پر کہ جس محبوب کے ساتھ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) نرمی اور مدارات سے کام لیا گیا ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَنْظُوْرِ اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آل پر کہ جس محبوب کی طرف ہر ایک کی نظر لگی ہوئی ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِى الْعَرْشِ الْمَتِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
آل پر جو محبوب کہ مضبوط و مستحکم عرش والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّسْمُوْعِ الْقَوْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ مقبول قول والے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعُدَّةِ فِیْ كُلِّ شِدَّةٍ وَّهَوْلٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

اور سیّدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سروسامان ہیں (تسکین کا) ہر شدت اور دہشت میں۔ اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِحَاءِ الْحَمْدِ وَمِیْمِ الْحَمْدِ وَدَالِ الْحَمْدِ اَنْ تُخْرِجَ لِیْ مِنْ دَالِ دِیْنِكَ

حمد کی حاء اور حمد کی میم اور حمد کی دال کے طفیل کہ برآمد فرمائے میرے لیے اپنے دین کی دال سے

دَارَكَ وَدَاعِیَتَكَ وَدُعَاءً تُعِیْدُ بَرَكَتَهٗ عَلَیَّ وَتُنْجِیْنِیْ بِهٖ مِنْ كُلِّ مَكْرُوْهٍ

اپنا دارومکان اور داعیہ اپنا اور ایسی دُعا کہ لوٹائے تو اس کی برکت مجھ پر اور نجات دے مجھے ہر ناپسندیدہ چیز سے

لَّدَیَّ وَاَنْ تَقْضِیَ لِیْ حَاجَاتِیَ النَّازِلَةَ فِیَّ وَاَنْ تُخْرِجَ مِنْهُ اٰخِرَةً

نزدیک میرے۔ اور یہ کہ پورا فرمائے میرے اندر نازل ہونے والی حاجات کو اور بالآخر ظاہر فرمائے اس سے

مَّحْمُوْدَةً وَّدُنْیَانَا مَوْجُوْدَةً مَّشْهُوْدَةً وَّعَاقِبَةً جَمِیْلَةً مَّسْعُوْدَةً اَللّٰهُمَّ

محمود عاقبت وانجام کو۔ اور وہ دُنیا ہماری جو موجود و مشہود ہے اور اس عاقبت وانجام کو جو جمیل اور باسعادت ہے۔ اے اللہ

اجْعَلْ لِّیْ مِنْ حِرْزِكَ وَمُنَاجَاتِكَ وَدُعَائِكَ سَیْفًا قَاطِعًا وَّسِكِّیْنًا

بنا میرے لیے اپنے تعویذ، مناجات اور دُعا کو کاٹنے والی تلوار اور پار ہو جانے والی چھری اور

نَّافِذًا وَّقَوْسًا سَائِقًا وَّسَهْمًا صَائِبًا یُّدْفَعُ بِهَا الْعَدُوُّ الْمُتَمَرِّدُ وَالْحَسُوْدُ

تیر چلانے والی قوس اور نشانے پر بیٹھنے والا تیر کہ دور کیا جائے ساتھ اس کے سرکش دُشمن اور حاسد

وَالْمُنْكِرُ وَالْمُتَشَرِّدُ وَالْمُنْحَرِفُ وَالْمُتَرَدِّدُ وَیُضْرَبُ بِهَا اَعْنَاقُ الْاَعْدَاءِ

منکر اور دُور بھاگنے والا۔ اور ہٹنے والا اور تردد و تذبذب میں مبتلا اور ماری جائیں بسبب ان کے گردنیں اعداء کی۔

وَیُقْتَلُ بِهَا شَوَاكِلُ الْبَلَاءِ وَیُهْلَكُ بِهَا مَا لَیْسَ لِرَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ

اور قتل کی جائیں ساتھ ان کے مختلف الاقسام بلائیں اور ہلاک کیا جائے ساتھ ان کے جو نہیں ہے واسطے مالک ارض و سماء کے

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْمُصْطَفَی الْمَكِیْنِ وَاَسْئَلُكَ رِزْقًا حَلَالًا

بطفیل حق محمد کے جو سردار ہیں مرسلین کے اور اللہ تعالیٰ کا انتخاب ہیں اور بلند قدر ہیں اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے حلال و پاکیزہ

طَیِّبًا وَّلَا تُؤْمِنِّیْ مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنِیْ ذِكْرَكَ وَلَا تَكْشِفْ عَنِّیْ سِتْرَكَ وَلَا

رزق کا اور یہ کہ نہ بے خوف کرے تو مجھے اپنی خفیہ تدبیر سے اور نہ بھولنے دے ذکر اپنا اور نہ ہٹائے مجھ سے ستر اپنا۔ اور نہ

تُقَنِّطْنِیْ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَلَا تُبَعِّدْنِیْ مِنْ كَنَفِكَ وَجِوَارِكَ وَاَعِذْنِیْ مِنْ

ناامید کرے مجھے اپنی رحمت سے۔ اور نہ دور کرے مجھے اپنے پہلوئے رحمت سے اور پڑوس سے۔ اور مجھے بچائے

سَخَطِكَ وَغَضَبِكَ وَلَا تُوْیِسْنِیْ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَرَوْحِكَ وَكُنْ لِّیْ اَنِیْسًا

اپنے غصّے اور غضب سے۔ اور نہ مایوس کرے مجھے اپنی رحمت سے اور راحت و خوشی سے۔ اور ہو جا تو میرا انس مہیا

مِّنْ كُلِّ رَوْعَةٍ وَّوَحْشَةٍ وَّاعْصِمْنِیْ مِنْ كُلِّ هَلَكَةٍ وَّزَلْزَلَةٍ وَّغَمٍّ وَّهَمٍّ

کرنے والا ہر خوف اور وحشت سے۔ اور بچا مجھے ہر قسم کی ہلاکت اور زلزلہ سے اور غم و تفکر سے

وَّبَلَاءٍ وَّوَبَاءٍ وَّطَعْنٍ وَّطَاعُوْنٍ وَّحَرَقٍ وَّغَرَقٍ وَّحَرٍّ وَّبَرْدٍ وَّجُوْعٍ وَّ

اور بلاء و وباء سے۔ اور نیزوں کے زخم اور طاعون سے اور جل مرنے اور غرق ہونے سے اور گرمی و سردی سے۔ اور

عَطَشٍ وَّقَحْطٍ وَّغَارَةٍ وَّضِیْقٍ وَّنَجِّنِیْ مِنْ كُلِّ بَلِیَّةٍ وَّاٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ

بھوک و پیاس سے اور قحط سالی اور غارت سے اور تنگدستی سے اور نجات دے مجھے ہر آزمائش اور آفت سے اور عیب و نقص سے

وَّغُصَّةٍ وَّمِحْنَةٍ وَّشِدَّةٍ وَّزَلَلٍ وَّخَطَاءٍ وَّهَانَةٍ وَّكُرْبَةٍ وَّهَزَقٍ وَّهَدَمٍ

اور ہر غم و غصّہ سے۔ اور محنت و شدت سے اور لغزش و خطا سے اور حقارت اور کربت سے۔ بادل کی سخت گرج سے اور دب کر مرنے

وَّحَسَقٍ وَّسَرَقٍ فِی الدَّارَیْنِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

سے اور زمین میں دھنسنے سے اور ضعف و ناتوانی سے دونوں جہان میں۔ بے شک تو وعدہ کا خلاف نہیں کرتا۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ

بِعَدَدِ خَلْقِكَ بِعِزَّةِ عَرْشِكَ بِرِضَاءِ نَفْسِكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ بِمَبْلَغِ حِلْمِكَ

سے تیری مخلوق کی گنتی کے مطابق تیرے عرش کی عزت کے طفیل، تیری ذات کی رضامندی کے طفیل، تیرے نور ذات کے طفیل، تیرے بے انتہا

بِمُنْتَهٰی رَحْمَتِكَ بِاِدْرَاكِ مَشِیَّتِكَ بِكُلِّ صِفَاتِكَ بِنِهَایَاتِ اَسْمَائِكَ

حلم کے طفیل، تیری بے نہایت رحمت کے طفیل، تیری مشیت کے احاطہ کے طفیل، تیری تمام تر صفات کے طفیل، تیرے اسماء کی بے نہایتی کے طفیل۔

بِمَكْنُوْنِ سِرِّكَ بِجَمِیْلِ بِرِّكَ بِكَمَالِ مَنِّكَ بِفَیْضِ جُوْدِكَ بِسَبَاقِ رَحْمَتِكَ

تیرے راز مستور کے طفیل، تیرے جمیل احسان کے طفیل تیرے کمال امتنان کے طفیل، تیرے فیضانِ جود کے طفیل، تیری رحمت کے سبقت لیجانے کے

بِعَدَدِ كَلِمٰتِكَ بِتَوْحِیْدِ وَحْدَانِیَّتِكَ بِبَقَاءِ سَرْمَدِیَّةِ اَوْقَاتِكَ بِعِزَّةِ

طفیل، تیرے کلمات کی گنتی و شمار کے صدقے میں۔ تیری وحدانیت کے اقرار و اعتراف کے صدقے میں، تیرے اوقات کی سرمدیت و بقاء ابد کے صدقے میں تیری

رُبُوبِیَّتِکَ بِجَاهِکَ بِجَلَالِکَ بِکَمَالِکَ بِجَمَالِکَ بِاَفْعَالِکَ بِاِنْعَامِکَ

عزت ربوبیت کے صدقے میں تیرے جاہ و جلال کے صدقے ہیں۔ تیرے کمال و جمال کے صدقے ہیں۔ تیرے تمام افعال اور تیرے انعام کے صدقے ہیں۔

بِحَقِّکَ وَبِحَقِّ رَسُوْلِکَ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ

تیرے حق کے صدقے میں تیرے رسول مقبول محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَجْعَلَ لَنَا فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّشِفَآءً مِّنَ الْهُمُوْمِ وَ

کے حق کے صدقے میں (سوال کرتا ہوں کہ) بنائے تو ہمارے لیے کشائش اور جگہ خلاصی کی اور شفاء تفکرات اور

الْغُمُوْمِ وَالْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَالْعَنَآءِ وَمِنْ جَمِیْعِ

غمگینیوں سے۔ اور بلاء و وباء سے۔ اور طعن و طاعون سے اور مشقت و شدت اور جملہ

الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ وَالْبَلِیَّاتِ بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَیٰسٓ

آفات و نقائص سے اور بلیات سے بطفیل حق کہٰیعص اور بطفیل حق طٰہٰ اور یٰس۔

وَطٰسٓ وَحٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ

اور طٰسٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ کے اور بطفیل حق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ بے شک ہم نے فتح دی ہے آپ کو

فَتْحًا مُّبِیْنًا لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ

فتح آشکارا تاکہ بخش دے اللہ تمہارے وہ جو گزرے تمہارے ذنوب سے (تمہارے خیال میں) اور وہ جو بعد میں سرزد ہوں گے (تمہارے اندیشوں میں) اور

نِعْمَتَهٗ عَلَیْکَ وَیَهْدِیَکَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ۙ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ عِلْمَ

کامل کرے تم پر اپنی نعمت کو اور چلائے تمہیں راہِ راست پر۔ اے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں توحید کے

التَّوْحِیْدِ وَعَمَلَ التَّوْحِیْدِ وَقَوْلَ التَّوْحِیْدِ وَخَیَالَ التَّوْحِیْدِ وَحَالَ

علم کا۔ اور توحید پر عمل کا۔ اور توحید کے قول و اقرار کا۔ اور توحید کے خیال کا اور توحید کے

التَّوْحِیْدِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۞ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۞

حال کا۔ فرما دیجئے وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے کسی کو جنا، نہ وہ خود جنا گیا

وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۞

اور نہیں اس کے لیے کوئی بھی رشتہ دار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب و ہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء السادس

فی شرفہ وشرافتہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلانی

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ عبد الرحمٰن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُكَ بِحَظِيۡظِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ وَبِحَظِّ

اے اللہ بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل اقبال مندی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بطفیل نصیب

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ وَبِحُظُوۡظِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور بطفیل حصص خیر کے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ○ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ○

سب ستائش اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو سب جہانوں کا پروردگار ہے۔ بہت مہربان، رحم فرمانے والا ہے۔ مالک ہے یوم جزا کا۔

اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ○ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ○ صِرَاطَ

(اے ان صفات کمال والے) تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں ہم۔ چلا ہمیں راہ راست پر۔ راہ

الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ○ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ○

ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام کیا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ بھٹکے ہوئے لوگوں کی۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ قَيُّوۡمِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرَضِيۡنَ ۙ مُدَبِّرِ

سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں جو قائم و برپا رکھنے والا ہے آسمانوں کا اور زمینوں کا۔ تدبیر فرمانے والا ہے

الۡخَلَآئِقِ اَجۡمَعِيۡنَ مُنَوِّرِ اَبۡصَارِ بَصَآئِرِ الۡعَارِفِيۡنَ ۙ بِنُوۡرِ الۡمَعۡرِفَةِ

سب مخلوقات کی۔ روشن کرنے والا ہے آنکھیں عارفوں کی بصیرتوں کی۔ ساتھ معرفت

وَالۡيَقِيۡنِ ۙ جَاذِبِ اَسۡرَارِ الۡاَئِمَّةِ وَالۡمُحَقِّقِيۡنَ ۙ بِجَذۡبِ الۡقُرۡبِ

و یقین کے نور کے۔ کھینچنے والا ہے آئمہ اور اہل تحقیق کے بواطن و قلوب کو قرب اور بلندیٔ مرتبت کی

وَالتَّمۡكِيۡنِ ۙ وَفَاتِحِ قُلُوۡبِ الۡمُوَحِّدِيۡنَ ۙ بِمَفَاتِيۡحِ حَمۡدِ الشَّاكِرِيۡنَ ۙ

کشش سے۔ اور کھولنے والا ہے اہل توحید کے قلوب کو شکر گزاروں کی حمد کی چابیوں کے ساتھ

وَجَامِعِ اَشۡتَاتِ شَمۡلِ الۡمُحِبِّيۡنَ ۙ فِیۡ حَضَآئِرِ قُدۡسِهٖ وَاُنۡسِهٖ بِجَمۡعِ

اور جمع فرمانے والا ہے پراگندگیاں اہل محبت کی جمعیت کی اپنی بزم قدس و انس میں بسبب جمع کرنے

الْحِفْظِ وَالْيَقِيْنِ ۝ اَحْمَدُهٗ حَمْدًا يَّفُوْقُ وَيَعْلُوْا وَيَفْضُلُ حَمْدًا

حفظ اور یقین کے ۔ میں اس کی ثناء کرتا ہوں ایسی ثناء جو فائق اور بلند ہو اور برتر ہو تمام حمد

الْحَامِدِيْنَ ۝ حَمْدًا يَّكُوْنُ لِيْ رِضًا وَّفَيْضًا وَّحِفْظًا وَّحَظًّا وَّذُخْرًا

کرنے والوں کی حمد سے ۔ ایسی حمد کہ ہو میرے لیے سراسر رضا، فیضان اور حفاظت کا سامان اور حصۂ خیر اور ذخیرہ

وَّحِرْزًا عِنْدَ خَالِقِيْ وَخَالِقِ الْاَقَالِيْمِ وَالْجِهَاتِ وَالْاَقْطَارِ وَالْاَمْصَارِ

اور سبب حفاظت نزدیک میرے خالق کے ۔ اور تمام اقالیم وجہات کے خالق اور اطراف و بلاد اور

وَالْاَعْصَارِ وَالْاَمْلَاكِ وَالْاَفْلَاكِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

زمانوں کے خالق ۔ اور ملائکہ و افلاک کے خالق کے جو سب جہانوں کا رب ہے ۔ سب آسمانوں کا مالک

وَرَبِّ الْاَرَضِيْنَ وَرَبِّ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ وَرَبِّ الْاَبْعَدِيْنَ ۝ وَرَبِّ

اور سب زمینوں کا مالک ہے ۔ قریب ترین لوگوں کا پروردگار ہے اور بعید ترین کا پروردگار ہے ۔ اور اوّلین

الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَرَبِّ الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَرَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ وَرَبِّ

کا رب ہے اور آخرین کا رب ہے ۔ اور ملائکہ مقربین کا رب ہے ۔ تمام انبیاء و

الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَرَبِّ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ

مرسلین کا رب ہے ۔ اور رب ہے تمام مخلوقات کا ۔ رحمٰن

الرَّحِيْمِ الْاَزَلِيِّ الْقَدِيْمِ السَّمِيْعِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ

رحیم ہے ۔ ازلی ہے قدیم ہے ۔ ہمیشہ سے سننے والا، بلند شان اور مالک عظمت ہے ۔ دائمی عزت والا اور دائمی حکمت

الَّذِيْ دَحَى الْاَقَالِيْمَ ۝ وَاخْتَصَّ مُوْسَى الْكَلِيْمَ ۝ وَاخْتَارَ سَيِّدَنَا

والا ہے جس نے پھیلایا سب اقالیم کو ۔ اور مخصوص ٹھہرایا ۔ حضرت موسیٰ کلیم کو ۔ اور اختیار فرمایا سیدنا

مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبِيْبًا مِّنْ بَيْنِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۝

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بطور حبیب کے تمام انبیاء اور مرسلین میں سے ۔

وَسَمّٰى نَفْسَهُ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيْمَ ۝ فَهُمَا اِسْمَانِ عَظِيْمَانِ كَرِيْمَانِ

اور اپنی ذات کو موسوم کیا رحمٰن ورحیم کے ساتھ ۔ پس وہ دونوں عظمت وکرامت والے اور

جَلِيْلَانِ فِيْهِمَا شِفَآءٌ لِّكُلِّ سَقِيْمٍ وَّدَوَآءٌ لِّكُلِّ عَلِيْلٍ وَّغِنَآءٌ

جلالت والے نام ہیں ۔ ان دونوں میں شفاء ہے واسطے ہر مریض کے ۔ اور دوا ہے واسطے ہر بیمار کے اور دولتمندی ہے

لِّكُلِّ فَقِيْرٍ وَّعَدِيْمٍ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ لَيْسَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ

واسطے ہر فقیر اور تہی دامن کے، مالک ہے قیامت کے دن کا ۔ نہیں اس کے لیے اس کے ملک میں

مُنَازِعٌ وَّلَا شَرِيْكٌ وَّلَا ظَهِيْرٌ وَّلَا شَبِيْهٌ وَّلَا نَظِيْرٌ وَّلَا مُدَبِّرٌ وَّلَا وَزِيْرٌ

مخالفت کرنے والا ۔ اور نہ حصہ دار ۔ نہ مددگار اور نہ مشابہت رکھنے والا اور نہ کوئی مناسبت رکھنے والا ۔ نہ منتظم اور نہ وزیر

وَّلَا مُعِيْنٌ بَلْ كَانَ قَبْلَ وُجُوْدِ الْعٰلَمِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَلَمْ يَزَلْ

اور نہ کوئی اعانت کرنے والا ۔ بلکہ وہ موجود ہے پہلے اس کے کہ موجود ہوتے سب جہان ۔ اور ہمیشہ سے ہے

سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى مَلِيْكًا كَرِيْمًا قَيُّوْمًا اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَدَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ

اللہ سبحانہ وتعالیٰ صاحب ملک ۔ کریم ۔ قائم رہنے والا ہے قائم رہنے اور باقی رہنے والوں کے زمانہ تک بلکہ ہمیشہ کے لیے

فَهُوَ حَاطَتِيْ مِنْ جَمِيْعِ الشَّيَاطِيْنِ وَالسَّلَاطِيْنِ ۝ وَعَوْنٌ لِّيْ مِنْ

پس وہی میرا قلعہ ہے تمام شیاطین اور سلاطین سے ۔ اور میرا معاون ہے تمام تر

جَمِيْعِ الْاَقْرَبِيْنَ وَالْاَبْعَدِيْنَ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ يَا مَوْلٰنَا بِالْاِقْرَارِ وَ

لوگوں سے قریب ترین اور بعید ترین سے ۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اے ہمارے مولیٰ ساتھ اقرار (الوہیت)

نَعْتَرِفُ لَكَ اَيْضًا بِالْعَجْزِ وَالتَّقْصِيْرِ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ

کے اور اعتراف کرتے ہیں تیرے لیے عجز وقصور کا بھی ۔ اور ایمان لاتے ہیں ساتھ تیرے اور توکل کرتے ہیں

عَلَيْكَ فِيْ كُلِّ الْاُمُوْرِ ۝ وَنَعْتَصِمُ بِكَ مِنْ جَمِيْعِ الذُّنُوْبِ وَنَشْهَدُ

تجھ پر تمام امور میں ۔ بچاؤ حاصل کرتے ہیں تجھی سے تمام گناہوں سے ۔ اور شہادت دیتے ہیں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

کہ نہیں معبود برحق مگر تو ہی اے ذوالجلال والاکرام ۔ اور تجھی سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں ۔

نَسْتَعِيْنُ بِاللّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَاجَةٍ مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ ۝

توفیق طلب کرتے ہیں اللہ تعالےٰ سے ہر حاجت میں دُنیا و آخرت کے حاجات میں سے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَاجِ اَهْلِ الْبَدْوِ وَالْحَضَرِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر جو کہ بادشاہ ہیں دیہاتیوں اور شہریوں کے۔

وَمَنْ اَقَرَّ بِفَضْلِهٖ وَمَنْ نَّاٰى عَنْهُ وَمَنْ حَضَرَ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ
اور (ان تمام کے) جنہوں نے اقرار کیا آپ کی فضیلت کا۔ اور جو آپ سے دور رہے یا جو حاضر بارگاہ ہوئے۔ اے ہدایت دینے والے گمراہ

لَا هَادِيَ لَنَا غَيْرُكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ
کرنے والوں کے نہیں کوئی ہادی ہمارے لیے سوا تیرے۔ تو یکتا و بے ہمتا ہے۔ نہیں شریک واسطے تیرے۔ تو ہی بادشاہ ہے حق ہے

الْمُبِيْنُ ۝ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَهَادِيَنَا وَمُهْدِيَنَا مُحَمَّدًا
آشکارا کرنے والا ہے (حق کا) اور ہم شہادت دیتے ہیں کہ ہمارے سردار۔ نبی۔ ہادی اور معطی محمد

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَحَبِيْبُكَ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ
تیرے عبد خاص۔ تیرے رسول اور حبیب، نبی امی سچے وعدوں والے۔ امین و معتمد علیہ ہیں

الْمَبْعُوْثُ رَحْمَةً اِلٰى كَآفَّةِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
جو بھیجے ہوئے ہیں بطور رحمت مجسم ہونے کے طرف تمام خلائق کے۔ درود بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور

عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَشِيْعَتِهٖ وَوَارِثِيْهِ وَحِزْبِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ
ان کی آل اور اصحاب اور آپ کی جماعت اور آپ کے نائبین پر اور آپ کے گروہ پر جو پاکیزہ و منزہ ہیں

صَلٰوةً وَّسَلَامًا دَآئِمَيْنِ مُتَلَازِمَيْنِ بَاقِيَيْنِ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
ایسا درود و سلام کہ وہ دونوں دائم اور باہم لازم و ملزوم ہوں اور باقی رہنے والے ہوں قیامت کے دن تک

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ
چلا ہمیں راہ راست پر راہ ان لوگوں کی کہ تو نے انعام فرمایا ہے ان پر یعنی

النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ
انبیاء اور صدیقین اور شہداء و صالحین۔ اور بہت اچھے ہیں وہ حضرات از روئے

رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝ صِرَاطَ اَهْلِ
رفیق ہونے کے۔ وہ عظیم فضل اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور صاحب علم ہونے کے (چلا ہمیں) راہ

الْاِسْتِقَامَةِ وَالدِّيْنِ وَالتَّعْظِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّسْلِيْمِ
اہل استقامت اور اہل دین کی اور عظمت والوں کی۔ راہ اہل اخلاص اور ارباب تسلیم کی۔ راہ

صِرَاطَ الرَّاغِبِيْنَ اِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ ۝ صِرَاطَ الْمُسْتَاْنِسِيْنَ بِالنَّظَرِ
ان حضرات کی جو راغب ہیں طرف جنات نعیم کے۔ راہ طلب گاران انس کی بسبب نظر کے

اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ لَا تَغْضَبْ عَلَيْنَا
طرف تیرے وجہ کریم کے۔ نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے۔ اے اللہ نہ غضب فرما ہم پر

وَسَهِّلْ لَنَا طَرِيْقًا بَيِّنًا لِّمَا قَدْ نَطْلُبُهٗ مِنْكَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَ
اور آسان فرما ہمارے لیے راستہ آشکارا بسبب اس کے کہ ہم تجھ سے ہی طلب کرتے ہیں اے رب العالمین، اور

اُحْجُبْ عَنَّا كُلَّ قَاطِعٍ وَّمَانِعٍ وَّحَاسِدٍ وَّبَاغِضٍ مِّنَ الْخَلْقِ وَ
روک لے ہم سے ہر قطع کرنے والے اور منع کرنے والے۔ اور حسد و بغض رکھنے والے کو سب مخلوق میں سے بالعموم

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اور سب جنوں انسانوں میں سے بالخصوص۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ شَمَلَهُ الْمَجْدُ الْاَثِيْلُ وَلَمَّهٗ وَتَنَاهٰى
سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کا احاطہ کر رکھا ہے پائیدار بزرگی نے اور ان کے ہاں ڈیرہ لگا رکھا ہے۔ اور انتہا

اِلَيْهِ الشَّرَفُ الْمُنِيْفُ وَالشَّرَفُ الْخَيْفُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
کو پہنچا طرف انہیں کے شرف عالی اور مختلف النوع شرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ وَافَتْهُ الْمَهَابَةُ وَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس آقا کے ساتھ سازگاری کی قدرتی اور خداداد ہیبت اور

الْجَلَالُ وَتَمَّ لَهُ الْمَحَاسِنُ وَالْجَمَالُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
جلال نے۔ اور کامل ہوگئیں ان کے لیے خوبیاں اور جمال صورت۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الشَّرَفِ وَالْاَمَانِ وَالْبَيْعَةِ الرِّضْوَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد پر جو آقا کہ صاحب شرف اور صاحب امان ہیں اور بیعت الرضوان والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبَيَانِ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ صاحب بیان ہیں

وَالْفِطْرَةِ وَالْبَيْعَةِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور دین فطرت والے ہیں۔ اور درخت کے نیچے بیعت لینے والے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحِزْبَةِ وَالْقِرْبَةِ وَبَيْعَةِ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ ورد والے اور مشکیزہ والے اور بیعت

الْعَقَبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
عقبہ والے ہیں؎ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرَسِ الْجَوَادِ وَالْقَتْلِ وَالْجِهَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جو محبوب کہ عمدہ گھوڑے والے ہیں اور قتال و جہاد والے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقَوْلِ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ مقبول

الْمَسْمُوْعِ وَالسُّجُوْدِ وَالرُّكُوْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
قول والے ہیں اور سجود و رکوع والے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَوَائِدِ وَالْعَقَائِدِ وَالْاَعْلَامِ
اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ فوائد کے مالک ہیں۔ اور عقائد و اعلام

وَالْمَسَاجِدِ وَالْمَحَافِلِ الْجَلِيَّةِ وَالْمَشَاهِدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور مساجد کے مالک ہیں اور روشن و آشکار محافل و مشاہد والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الشَّوَاهِدِ وَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ علامات صدق اور دلائل حقانیت

الدَّلَائِلِ وَالْفَضَائِلِ وَالْمَسَائِلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
کے مالک ہیں اور فضائل کے سرچشمہ اور مسائل شرعیہ کے معلم ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

؎ جو اہل مدینہ سے میدان منیٰ ایام موسم میں معاہدۂ نصرت کے طور پر لے گئی تھی مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کی صورت میں۔

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقِبْلَةِ الْيَمَانِيَّةِ وَالْمَوَاهِبِ
محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ کعبہ یمانیہ اور ربانی عطیات کے مالک

الرَّبَّانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْوِتْرِ وَالضُّحٰى وَالْاُضْحِيَّةِ وَالْاَضْحٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جو کہ نماز وتر اور صلواۃ ضحیٰ کے ساتھ مختص ہیں اور قربانی اور عید الاضحیٰ والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ النَّامُوْسِ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر۔ اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ جبرئیل امین (جیسے مخلص خادم) والے ہیں

وَالْمَحَبَّةِ الْمُثْمِرَةِ فِى الْقُلُوْبِ وَالنُّفُوْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور ایسی محبت والے جو بار آور ہے قلوب اور نفوس میں (ساتھ نورانیت کے)۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الرُّتْبَةِ الْجَلِيَّةِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقائے خلق کہ روشن رتبہ

وَالدَّرَجَةِ الرَّفِيْعَةِ وَالْمَحَاسِنِ الْبَدِيْعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
بلند درجہ اور انوکھی خوبیوں کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ النَّجْدَةِ وَالْقُوَّةِ وَ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقائے نامدار عظیم طاقت وقوت کے مالک ہیں

الْمَكَانَةِ وَالْحُظْوَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور عظیم درجہ اور نصیبہ کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَنْزِلِ الْمُقَرَّبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
محمد کی آل پر جو محبوب مکرم کہ (تیرے ہاں) قریب ترین منزل ومقام پر فائز ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ النُّوْرِ وَالْبُرْهَانِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ نور و برہان کے مالک ہیں

وَالْحِكْمَةِ وَالْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور حکمت و قرآن کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ السَّبْعِ الْمَثَانِيْ وَالتَّحْقِيْقِ وَالْمَبَانِيْ اَللّٰهُمَّ

آل پر جو محبوب کہ سبع مثانی (سورۂ فاتحہ) کے ساتھ مختص فرمائے گئے ہیں اور حقائق کے ثابت کرنے اور (اسرار کو بطور) حروف تہجی بیان کرنے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَمَانَةِ

والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ امانت

وَالطَّاعَةِ وَالْبَلَاغَةِ وَالْبَرَاعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

و طاعت والے ہیں اور بلاغت و برتری والے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْقِبْلَتَيْنِ وَالْمَسْجِدَيْنِ وَالْمَقَامَيْنِ

اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ دونوں قبلوں اور دونوں مسجدوں (مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ) اور دونوں مقاموں (مقام ابراہیم اور

وَالْحَرَمَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

مقام محمود) اور دونوں حرموں (حرم مکہ اور حرام مدینہ) والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَظِّ الْاَوْفَرِ وَالْوَجْهِ الْاَقْمَرِ الْاَنْوَرِ وَالطَّرْفِ

پر جو محبوب کہ (تیرے ہاں) وافر ترین حصے والے ہیں اور چاند جیسے نورانی چہرے والے۔ اور آنکھ کے سفید حصہ

الْاَحْوَرِ وَالْجَبِيْنِ الْاَزْهَرِ وَالْجَمَالِ الْاَبْهَرِ وَالْمَقَامِ الْاَفْخَرِ الْاَنْوَرِ

کی زیادہ سفیدی والے۔ روشن جبین والے (عقول کو) حیرت زدہ کرنے والے جمال کے مالک اور بہت ہی قابل فخر نورانی مقام

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

والے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو

صَاحِبِ اللِّمَّةِ وَالشَّامَّةِ وَالْخَاتَمِ وَالْغَمَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محبوب کہ دراز زلفوں والے اور سونگھنے کی عظیم قوت والے اور مہر نبوت والے اور (سایہ فگن) بادل والے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ النَّاقَةِ وَالنَّجِيْبِ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا اونٹنی (کو سواری کا شرف بخشنے) والے ہیں اور شریف ترین خاندان والے۔

وَالْهِرَاوَةِ وَالْقَضِيْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور صاحب عصا اور صاحب سیف ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْجَيْشِ الْمَنْصُوْرِ وَالسِّوَاكِ وَالطُّهُوْرِ اَللّٰهُمَّ

آل پر جو محبوب کہ فتح یاب لشکر والے اور مسواک اور وضو والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ

الْوَفْرَةِ الْعَطِرَةِ وَالْوَجْنَةِ النَّضِيْرَةِ وَالطَّلْعَةِ السَّعِيْدَةِ وَالْحَالَةِ

عنبریں زلفوں والے۔ تروتازہ رخساروں والے۔ سعادت مند ستارے والے اور لائق ہزار ستائش

الْحَمِيْدَةِ وَالْخُفَّيْنِ وَالْوِسَادَةِ وَالزُّهْدِ وَالْعِبَادَةِ يَا جَمِيْلَ الْاَفْعَالِ

حالت و کیفیت والے ہیں اور موزوں، تکیہ اور زہد و عبادت والے ہیں۔ اے قابل ستائش افعال اور

ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفٍ اِجْعَلْنِيْ مَحْمُوْدًا مَّسْعُوْدًا بِكُلِّ

احسان و انعام فرمانے والے تمام مخلوق پر ساتھ لطف و کرم کے بنا دے مجھے بھی سزاوار ستائش اور سعادتمند ساتھ

اَفْعَالٍ وَّاَقْوَالٍ عِنْدَ كُلِّ نَفْسٍ مَّعَ حَرَكَةٍ وَّسُكُوْنٍ وَّاجْعَلْنِيْ عَلٰى

تمام افعال و اقوال کے نزدیک ہر نفس کے ساتھ ہر حرکت اور سکون کے بنا دے مجھے

اَقْصٰى طُرُقٍ مَّحْمُوْدَةٍ عِنْدَ الْعَارِفِيْنَ وَالْوَاصِلِيْنَ ثُمَّ مُنَّ عَلَيَّ

انتہائی محمود طریقہ پر نزدیک تمام عارفین و واصلین کے۔ پھر احسان فرما مجھ پر

مَنًّا بِعَطَاءٍ كَثِيْرٍ دِيْنِيٍّ وَّرُوْحِيٍّ فِيْ مَرْتَبَةِ تَكْمِيْلٍ اِضَافِيٍّ فَكُلَّمَا

دینی اور روحانی عظیم و کثیر عطا کے ساتھ ترقی پذیر تکمیل کے مرتبہ میں۔ پس ہر بار کہ

رَجَعَ الْمَنُّ بِجَبْرِ الْجَلَالِ الدَّاعِيْ اِلَى التَّجْرِيْدِ وَالْاِهْلَاكِ اَعِدْهُ

مراجعت فرما ہو احسان بسبب شان جبر و جلال کے جو باعث ہو انعامات سے محرومی کا اور ہلاکت کا تو اس کو لوٹا مجھ پر

بِلُطْفِ الْجَمَالِ الْعَرِيْقِ الْبَهِيْجِ النَّاظِرِ بِهٖ عِبَادُكَ الْمُخْلِصُوْنَ

ساتھ شان لطف و جمال کے جو راسخ و پائیدار اور خوش منظر ہے۔ دیکھنے والے ہوں ساتھ اس کے تیرے مخلص بندے طرف میرے

فاجعل لیلی ونهاری وکل من یتوجه الیك ورسولك وعبدك

پس بنادے تو مجھے میرے تمام شب و روز میں اور ہر اس شخص کو جو متوجہ ہو تیری طرف اور تیرے رسول کی طرف اور تیرے

المخلص ذات من مشرف جامع بکل خلق فاضل من کل

اس عبد مخلص کی طرف بہت بڑے اعلیٰ اور جامع احسان والے واسطے ہر فضیلت والی خصلت کے

عالم بالفعل والقوة الراجحة او المساویة امین ۞ یا سبوح

تمام جہان سے جو ان میں بالفعل ہے یا بالقوۃ وزنی استعداد کے ساتھ یا مساوی کے ساتھ آمین اے سبوح

المنزه ویا قدوس القادر طهرنی من الدنس الناسوتی فانت

پاکیزہ ترین۔ اے قدوس صاحب قدرت پاک فرما مجھے جسمانی میل سے پس تو ہی

الملقی الی العلوی بالجبر والقهر القوی الجرار من مادة دنیة

القاء کرنے والا ہے طرف بلندیوں والوں کے جبر اور شدید قہر کو جو کھینچنے والا ہے انہیں رذیل مادہ سے

الی عالم القرار ویا نقیا من کل لوث قولی او وهمی مرکوز

طرف دار قرار کے۔ اور اے کہ پاک ہے ہر آلائش قولی اور وہمی سے جو مرکوز ہے

فی ای حس واجعل قلبی ثم روحی عریجا علی سماء القدس

کسی بھی حس میں۔ اور بنا تو میرے دل کو پھر میری روح کو چڑھنے والا تقدس کے آسمان پر

وقدر لی ثمة مطویتین الجهات فی جهة واحدة والازمنة

اور میرے زیر تصرف فرما اس جگہ دو سمٹی ہوئی چیزیں۔ تمام جہات بمنزلہ ایک جہت کے ہوں اور زمانے (ماضی و مستقبل

فی نهج واحد حتی یصیر الشهر والجمعة والیوم یوما واحدا

اور حال) ایک انداز و طریق (حال) پر ہوں حتیٰ کہ ہو جائے مہینہ۔ ہفتہ اور دن مانند ایک دن کے

مطلعا علی الاسرار الغیبیة التی هی وراء المعقعقة فی الخلاء

در آنحالیکہ اطلاع پانے والا ہوں ان اسرار غیبیہ پر جو ماوراء ہیں بعید ترین خلاء میں

الابعد من غیر اطراف الجهات والازمنة المقیدة باشتغال

جو مکان و زمان کے حدود و اطراف سے پاک ہے جو کہ مقید ہیں بشری اشتغال کے ساتھ

البشریة الخامدة الحرارة النوریة الاشراقیة المؤلفة المعلقة

جو بشریت کہ بجھی ہوئی نورانی روشن حرارت والی ہے جس کی تالیف اور تعلق قائم کیا گیا ہے

بالهوائیة الیبسیة المخمرة مع الارضیة الکدرة اللهم انت

ساتھ مادۂ ہوائیہ کے جو خشک ہے اور اس کو ملایا گیا ہے ساتھ مادہ ارضیہ کے جو گدلا ہے اے اللہ تو ہی

تجیب دعوة الداعی اذا دعا الیك ولا حول ولا قوة الا بالله

قبول کرتا ہے دعا کرنے والے کی دعا جب وہ تیری طرف متوجہ ہو کر دعا کرے۔ اور نہیں طاقت اور قوت مگر ساتھ توفیق

العلی العظیم ۞ سبحان من علی بالعظمة والجلال واستحی

اللہ علی عظیم کے۔ پاک ہے وہ جو بلند و برتر ہوا ساتھ عظمت و جلال کے۔ اور باز رہے

اصحاب الکمال من الاتصاف بالتنزه فی ادنی نوره من فروع

اصحاب کمال متصف ہونے سے ساتھ نزاہت کاملہ کے اس ادنیٰ کرشمۂ نور میں جو فروع و آثار سے

علیه لاصله الذاتی المقدس المحرق خطور العباد و

ہے اس کے اصلی ذاتی مقدس نور کے جو جلا دینے والا ہے بندوں کے وسوسوں کو اور

الموجودات الاشخاصیة والانوار الملکیة السبوحیة ان

موجودات شخصیہ اور انوار ملکیہ سبوحیہ کے وساوس کو اگر

تنظرن الی اوجه عظمة الجلال والسائرین الی الاحدیة

نظر کریں طرف اس کی عظمت جلال کے وجوہ کے۔ اور (اس طرح) سیر کرنے والے طرف مقام احدیت کے

الممتنع السیر الیها فسبحان من خاف عنه اجسام صلبیة شاقة

کہ ممتنع ہے سیر طرف اس کے۔ پس پاک ہے وہ ذات کہ خوفزدہ ہیں اس سے سخت ٹھوس مشقت آزما اجسام

قویة علی الاصطدامات والاحتکاکات کالعهن المنفوش وهم ابین

یعنی پہاڑ جو قادر ہیں تصادمات اور ضربات سہنے پر (اور ہونے والے ہیں) مانند دھنی ہوئی اون کے حالانکہ انہوں نے انکار کیا

ان یحملنها واشفقن منها وحملها الانسان اللهم انی ظالم

تھا (امانت کا بوجھ) اٹھانے سے اور اس سے ڈر گئے تھے اور اٹھا لیا اس کو انسان نے۔ اے اللہ بیشک میں اپنے نفس پر

لِنَفْسِیْ وَاَنْتَ الْعَلِیُّ الْحَکِیْمُ لَا یَحْضُرُ فِی الْقَلْبِ شَیْءٌ اِلَّا وَ اَنْتَ

ظلم کرنے والا ہوں اور تو عالی شان، حکمت والا ہے۔ نہیں حاضر ہوتی دل میں کوئی شئ مگر تو ہی

الْفَعَّالُ وَلَقَدْ اَنْشَاْتَنَا فِی النَّشْاَۃِ الْاُوْلٰی بِغَیْرِ وَسَاطَۃِ اَعْمَالِنَا

اس میں مؤثر ہے اور البتہ تحقیق تو نے پیدا فرمایا ہمیں پہلی دفعہ بغیر ہمارے اعمال اور افعال کی

وَاَکْسَابِنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

وساطت کے (بلکہ محض اپنے فضل سے) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِیْ سَادَ جَمِیْعَ الْاَنَامِ وَحَقَّ لَہٗ اَنْ یَّسُوْدَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

پر جو آقا کہ سردار بنے ساری مخلوق کے اور حقدار ہیں سردار بننے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ عَبَقَ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ پھوٹا

عَرَقُ الْمَجْدِ مِنْ اَرْدَانِہٖ وَفَاحَ وَطَلَعَ طَالِعُ السَّعْدِ مِنْ وَّجْھِہٖ

پسینہ مجد و شرف کا جس محبوب کی آستینوں سے اور مہکا۔ اور طلوع ہوا ستارا سعادتمندی کا جن کے چہرہ اقدس سے

وَلَاحَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور چمکا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ الَّذِیْ تَرَقّٰی اِلٰی اَعْلٰی دَرَجَاتِ الشَّرَفِ وَفَاقَ شَرَفُہٗ مَنْ

آل پر کہ جس آقا نے ترقی فرمائی فضیلت کے اعلیٰ درجات تک اور فوقیت لے گیا ان کا شرف وفضل

یَّاْتِیْ مِنَ الْاُمَمِ وَمَنْ سَلَفَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

آنے والی امتوں پر اور گزر جانے والوں پر بھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ فَاضَ بَحْرُ یَمِیْنِہٖ فَاَخْجَلَ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس کریم کا بحر سخا جوش پر آیا تو اس نے شرمندہ کر دیا

الْاَنْھَارَ وَالْبُحُوْرَ وَقَلَّدَ اللّٰہُ جِیْدَہٗ اَبْدَعَ مِنْ دُرَرِ النُّحُوْرِ اَللّٰھُمَّ

تمام دریاؤں اور سمندروں کو اور ہار پہنایا ان کی گردن میں اللہ تعالیٰ نے سینوں کو مزین کرنے والے عمدہ انوکھے موتیوں سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ عَادَ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے رجوع فرمایا

عَلٰی قَوْمِہٖ بِعَوَائِدِ جُوْدِہٖ وَمَدَدِہٖ وَسُلِّطَ عَلٰی اَعْدَائِہٖ بِعَدَدِہٖ

اپنی قوم پر اپنے جود کی فیض رسانیوں اور مدد کے ساتھ اور مسلط کئے گئے اپنے اعداء پر اپنے کثیر تعداد لشکروں

وَعُدَدِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور سازو سامان کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِیْ طَلَعَ قَمَرُ نُوْرِہٖ فِیْ اُفُقِ السَّمَآءِ وَتَرَقّٰی عَلَی الْاَنْبِیَآءِ

پر کہ جس آقا کا ہلال نور طلوع فرما ہوا آسمان کے افق پر اور ترقی کر گیا انبیاء

وَالْمُرْسَلِیْنَ وَسَمَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

و مرسلین (کے انوار) سے۔ اور بلند ہوا۔ اے اللہ درود وسلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اسْتَخْرَجَہُ اللّٰہُ مِنْ اَشْرَفِ عُنْصُرِہٖ فِی

آل پر کہ جس آقا کو ظاہر فرمایا اللہ تعالیٰ نے عرب کے شریف ترین عنصر سے۔

الْعَرَبِ وَرَفَعَ عَلٰی رَاْسِہٖ تَاجَ الْمَحَاسِنِ وَعَلَیْہِ انْتَصَبَ اَللّٰھُمَّ

اور بلند کیا گیا ان کے سر ناز پر خوبیوں کا تاج اور انہیں پر نصب ہوگیا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جو آقا

تَجَلّٰی بِنُوْرِ حُلَّۃِ السِّیَادَۃِ فَنَالَھَا وَتُوِّجَ بِتَاجِ الْعِزَّۃِ فَاَدْرَکَ

جلوہ گر ہوئے خلعتِ سیادت کے نور کے ساتھ پس پا لیا اس کو۔ اور تاج پہنائے گئے عزت کا پس احاطہ

کَمَالَھَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

کر لیا اس کے کمال کا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِیْ رَتَعَ فِیْ رِیَاضِ الْعِزِّ جَوَادُ عَزْمِہٖ وَجَذَّ مَفْصَلَ

پر کہ چرنے لگا عزت کے سبزہ زاروں میں ان کے عزم کا رہوار۔ اور کاٹ دئیے (دوسروں کی)

اَنْقَذْتَ بِهِ الْغَرْقٰى وَاَنْجَيْتَ بِهِ الْهَلْكٰى وَاَحْرَسْتَ بِهٖ

بچایا بسبب اس کے غرق ہونے والوں کو۔ اور نجات دی ہلاکت سے دوچار ہونے والوں کو اور نگہبانی کی

الْاَلْسُنَ وَبِهٖ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ تَوَسَّلْتُ اِلَيْكَ

زبانوں کی بسبب اس کے اور بسبب اس کے عزت دیتا ہے تو جسے چاہے اور حقیر کرتا ہے جس کو چاہے۔ وسیلہ پکڑا میں نے تیری طرف

يَا حَىُّ يَا قَيُّوْمُ بِخَفِىِّ لُطْفِ اللّٰهِ وَبِجَمِيْلِ سَتْرِ اللّٰهِ دَخَلْتُ فِىْ

اے حی۔ اے قیوم ساتھ خبر گیری کرنے والے لطف خداوندی کے۔ اور ساتھ خوبصورت پردے خداوند تعالیٰ کے۔ میں داخل ہوا

كَنَفِ اللّٰهِ وَتَشَفَّعْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ اَنَا فِىْ حِصْنِ اللّٰهِ اَنَا فِىْ ذِمَّةِ

اللہ تعالیٰ کے پہلوئے رحمت میں اور شفاعت حاصل کی رسول اللہ کی۔ میں اللہ تعالیٰ کے قلعہ میں ہوں۔ میں اس کی ذمہ داری میں

اللّٰهِ اَنَا فِىْ قَبْضَةِ اللّٰهِ وَلَا يَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا قُوَّةَ لِخَلْقٍ

ہوں۔ میں اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہوں اور نہیں پھیرتا برائی یا شدت کو مگر اللہ تعالیٰ۔ اور نہیں طاقت مخلوق کیلئے (میری ضرر رسانی کی)

اِذَا كُنْتُ مَعَ اللّٰهِ وَحَمِدَ كُلُّ جَبَّارٍ بِسَطْوَةِ اللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا

جب کہ اللہ کی معیت میں ہوں۔ اور ستائش کی ہر جبار نے اللہ کی سطوت کی۔ ما شاء اللہ۔ نہیں

قوۃ الا باللہ ط الخیر کلہ بید اللہ ط ولا غالب الا اللہ ط اللھم

قوّت مگر ساتھ اللہ کے، تمام خیر اور بھلائی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اور نہیں غالب مگر اللہ۔ اے اللہ

احرسنا بعینک التی لا تنام واکنفنا بکنفک الذی لا یرام و

ہماری نگرانی فرما اپنی نگاہِ عنایت سے جو نیند سے پاک ہے اور جگہ عطا فرما اپنے پہلوئے رحمت میں سے کہ جس کا کوئی قصد نہیں کر سکتا اور

ارحمنا بقدرتک انک علی کل شیء قدیر ۃ یا حی یا قیوم

رحم فرما ہم پر ساتھ اپنی قدرت کے، بیشک تو ہر چیز پر ہمیشہ کے لیے بہت ہی قدرت والا ہے۔ اے حی، اے قیوم

تحصنا بک فاحمنا بحمایتک یا حلیم یا ستار و ادخلنا یا

ہم نے حفاظت حاصل کی ہے ساتھ تیرے پس ہماری حمایت فرما اپنی مخصوص حمایت کے ساتھ۔ اے حلم والے، اے پردہ پوش۔ اور

اول یا اخر فی مکنون غیب سر ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

داخل کر ہمیں۔ اے اول۔ اے آخر، ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ کے مکنون اور پنہانی غیب میں۔

و اجرنا من خزیک ومن شر عبادک واضرب علینا

اور ہمیں بچا اپنے ہاں رسوا ہونے سے۔ اور اپنے بندوں کے شر سے۔ اور قائم فرما ہم پر

سرادقات حفظک و ادخلنا فی حفظ عنایتک وجد علینا

اپنی حفاظت کے خیمے اور داخل فرما ہمیں اپنی عنایت میں اور سخاوت فرما ہم پر

بخیر منک یا ارحم الراحمین ۃ بسم اللہ احتجبنا وبحول

اپنی مخصوص خیرات سے اے ارحم الراحمین۔ اللہ کے نام کے ساتھ پردہ حاصل کیا ہم نے۔ اور اللہ تعالیٰ کی

اللہ اعتصمنا وبقوۃ اللہ استمسکنا فمن ارادنا بسوء او

طاقت کے ساتھ حفاظت حاصل کی ہم نے۔ اور اللہ کی قوت کے ساتھ چنگل مارا ہم نے۔ پس جس نے ارادہ کیا ہمارا ساتھ برائی کے۔ اور

کادنا بکید فباذن اللہ ممنوع مدفوع یا اللہ یا واحد

تدبیر کی ہمارے خلاف مکر کی پس وہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے محروم اور دھتکارا ہوا ہے۔ یا اللہ، یا واحد

یا احد یا جواد انفحنا منک بنفحۃ خیر اللھم یا من

یا احد، یا جواد۔ عطیہ دے ہمیں اپنی بارگاہ فیض سے عطیہ خیر کا۔ اے اللہ، اے کہ جس نے

لطفت بخلق السموت والارض ولطفت بالاجنۃ فی بطون

مہربانی فرمائی ساتھ پیدا کرنے آسمانوں اور زمین کے اور لطف فرمایا ساتھ ہر جنین کے انکی ماؤں کے ارحام

امھاتھا الطف بنا فی قضائک وقدرک لطفا یلیق بکرمک

میں لطف فرما ساتھ ہمارے اپنی قضاء و قدر میں ایسا لطف جو لائق ہے ساتھ تیرے کرم کے

یا ارحم الراحمین ۃ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد و

یا ارحم الراحمین۔ اے اللہ صلواۃ اور سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

علی ال سیدنا محمد الذی بہ اللہ کل المؤمنین ھدی و

آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت اللہ تعالیٰ نے سب مومنین کو ہدایت عطا فرمائی۔ اور

لہ اللہ فضلا بالاسلام بدی اللھم صل وسلم علی سیدنا

انھیں کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ازرہ فضل اسلام کو ظاہر فرمایا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی تنام عینہ ولا ینام

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی صرف آنکھیں سوتی ہیں اور دل انور نہیں

قلبہ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا

سوتا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

محمد الذی حرم اللہ علی الارض ان تاکل جسدہ الکریم

کہ جس آقا کے لیے حرام فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین پر کہ کھائے ان کے جسد کریم کو

وجعل اللہ المصلی علیہ تحت ظل عرشہ العظیم اللھم

اور کر دیا ہے اللہ نے ان پر درود بھیجنے والے کو اپنے عرش عظیم کے سایہ کے نیچے۔ اے اللہ

صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے

انفذ امرک واشاد ذکرک اللھم صل وسلم علی سیدنا

نافذ کیا تیرا امر اور عام کیا تیرا ذکر اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْمُخْتَارِ مِنْ اَطْيَبِ بُطُوْنِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو چنے گئے ہیں عرب قبائل کی شاخوں میں سے پاکیزہ ترین

الْعَرَبِ وَوَحْيُهٗ غَيْرُ مُكْتَسَبٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

شاخ سے اور ان کی وحی ان کی محنت اور کوشش سے نہیں (بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہے) اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ طَاعَتَهٗ نَجَاتًا

محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے عین نجات اور

وَّرِبْحًا وَّجَآءَ بِالْحَنِيْفِيَّةِ السَّمْحَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سراسر منفعت بنا دیا ہے۔ اور آپ لائے ہیں ایسی ملت جو سراسر حق ہے اور سہل۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ السَّكِيْنَةَ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب پر اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا سکینت کو

وَاَخَذَ اللّٰهُ الْمِيْثَاقَ عَلَى النَّبِيّٖنَ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ

اور اللہ تعالیٰ نے عہد لیا انبیاء علیہم السلام سے کہ ضرور بالضرور ایمان لائیں گے ساتھ آپ کے اور ضرور بالضرور امداد کریں گے ان کی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

ۣ الْمُتَقَلِّبِ فِىْٓ اَصْلَابِ النَّبِيّٖنَ وَيَجْلِسُ عَلٰى يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ

جو محبوب کہ منتقل ہوتے رہے ہیں (بعض) انبیاء علیہم السلام کی اصلاب میں بھی۔ اور بیٹھیں گے اللہ تعالیٰ کی دائیں جانب (وزارت عظمیٰ

وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

کی کرسی پر) اور اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ یمین ہیں (از روئے یمن و برکت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ اَوَّلِ مَنْ يَّسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّهٖ وَلَمْ يَرْضَ اللّٰهُ

آل پر جو محبوب پہلے شخص ہوں گے جو رب تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کے لیے اذن طلب کریں گے۔ اور نہیں پسند کیا اللہ تعالیٰ نے

دِيْنَ اَحَدٍ اِلَّا بِحُبِّهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کسی کا دین مگر بطفیل انہیں کی محبت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ جَعَلَهُ اللّٰهُ مُؤْتَمًّا بِهٖ وَبِدِيْنِهٖ

آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے مقتدیٰ بنایا اور ان کے دین کو لائق اقتداء بنایا

وَجَعَلَهُ اللّٰهُ مَتْبُوْعًا مِّنْ يَّوْمِ خَلْقِهٖ وَتَكْوِيْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور اللہ نے بنایا ان کو مقتداء ان کی تخلیق اور ایجاد کے دن سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْٓ اَمَرَ اللّٰهُ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے متعلق اللہ نے مخلوق کو

الْخَلْقَ اَنْ يَّهْتَدُوْا بِهَدْيِهٖ وَاَنْ يَّقِفُوْا عِنْدَ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ

حکم دیا ہے ہدایت حاصل کریں ان کی سیرت و کردار سے اور عمل پیرا ہوں ان کے امر و نہی پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

ۣ الَّذِىْ لَا يَرِثُهٗ مِنْ ذَوِىْ رَحِمِهٖ وَارِثٌ وَّاَحَلَّ اللّٰهُ لِاُمَّتِهٖ

کہ جس آقا سے ترکہ کا وارث نہیں ہو سکتا ان کے رشتہ داروں سے کوئی بھی۔ اور حلال ٹھہرایا اللہ تعالیٰ نے ان کی

الطَّيِّبَاتِ وَحَرَّمَ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اُمّت کے لیے پاکیزہ اشیاء کو اور حرام ٹھہرایا ان پر خبیث اشیاء کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ مَلٰٓئِكَةً عِنْدَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کے طفیل مقرر کئے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ نے ملائکہ بیت المعمور

الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ يُصَلُّوْنَ عَلٰٓى اَرْوَاحِ اُمَّتِهٖ عِنْدَ الْحُضُوْرِ اَللّٰهُمَّ

کے پاس جو درود بھیجتے ہیں آپ کی اُمّت کی روحوں پر وہاں حاضر ہونے پر (موت کے بعد) اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس

جَعَلَ اللّٰهُ اَصْحَابَهُ الْاَبْرَارَ رُحَمَآءَ بَيْنَهُمْ اَشِدَّآءَ عَلَى الْكُفَّارِ

آقا کے اصحاب ابرار کو اللہ نے بنایا ہے آپس میں رحیم و مہربان۔ کفار پر سخت اور شدید

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ كُلَّ سِحْرٍ يَّسْحَرُ بِهٖ اَحَدٌ مِّنَ الْاَنَامِ بَاطِلًا يَّوْمَ
کہ اللہ تعالیٰ نے کردیا ہر جادو کو جو کرتا تھا کوئی بھی شخص مخلوق سے باطل اور بے اثر ان کی

وِلَادَتِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
ولادت کے دن۔ علیہ السّلام۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ سَبَقَتْ رُوْحُهٗ اَرْوَاحَ الْاَنْبِيَآءِ وَ
آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی روح سبقت لے گئی تمام ارواح انبیاء و

الرُّسُلِ فِىْ مَيَادِيْنِ الْمَعْرِفَةِ اِلٰى رِيَاضِ الْوِصَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
مرسلین پر معرفت کے میدانوں میں طرف وصالِ خداوند تعالےٰ کے باغات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الَّذِىْ جَعَلَ
و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے طفیل اللہ تعالیٰ نے کردیا ہے

اللّٰهُ ثَوَابَ اُمَّتِهٖ فِىْ مَحَاسِنِ اَعْمَالِهَا الْحَسَنَةِ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا
ان کی اُمّت کے نیک اعمال کے ثواب کو (کم از کم) دس گنا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِىْٓ اَوْجَبَ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ عَلَيْهِ عِنْدَ ذِكْرِهٖ وَتُرْعَةُ الْفِرْدَوْسِ
کہ اللہ تعالیٰ نے جن کے لیے صلوٰۃ بھیجنا واجب کردیا ہے ان کا ذکر آنے پر اور جنت الفردوس کا باغیچہ

بَيْنَ مِنْبَرِهٖ وَقَبْرِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ
ان کے منبر شریف اور قبر انور کے درمیان ہے۔ پاک ہے تو اے اللہ اور تیری حمد کرتے ہیں، نہیں کوئی معبود برحق مگر

اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَىُّ يَا قَيُّوْمُ
تو ہی مہربان صاحبِ احسان، اے جلال و اکرام والے ۔ اے حی ۔ اے قیوم

يَا بَرُّ يَا سَلَامُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَ
اے نکوکار، اے سراسر سلامتی، اے از سرِ نو پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے۔ جاننے والے غیب اور

الشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
ظاہر کے، کبریائی اور برتری کے مالک۔ اے اللہ از سرِ نو پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے،

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِىْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا
اے مالکِ جلال و اکرام اور ایسے غلبہ کے جس (کے خاتمہ) کا قصد نہیں کیا جاسکتا۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے۔ اے اللہ اے

رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِىْ حِفْظَ كِتَابِكَ
رحمٰن بطفیل تیرے جلال اور نورِ ذات کے کہ لازم کردے میرے دل میں حفظ اپنی کتاب کا جیسے

كَمَا عَلَّمْتَنِىْ وَارْزُقْنِىْٓ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِىْ يُرْضِيْكَ
کہ تو نے مجھے تعلیم دی اور مجھے نصیب فرما اس کی "تلاوت ایسے انداز میں جو راضی کردے تجھے

عَنِّىْ اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِىْ وَاَنْ تُطْلِقَ
مجھ سے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ منور کردے ساتھ اپنی کتاب کے میری نگاہ کو اور روانی بخشے

بِهٖ لِسَانِىْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِىْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِىْ
ساتھ اس کے میری زبان کو اور کھول دے بسبب اس کے میرے دل سے (حجابات) اور وسیع کردے بسبب اس کے میرے سینے کو

وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ بَدَنِىْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِىْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ
اور عامل بنائے ساتھ اس کے میرے بدن کو کیونکہ نہیں اعانت کرتا میری حق پر سوائے تیرے کوئی بھی

وَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ؕ
اور نہیں کوئی معبود برحق مگر تو اور نہیں طاقت اور قوت مگر ساتھ اللہ علی عظیم کے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ وَلَآ اَسْئَلُ اِلٰى غَيْرِكَ وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ وَ
اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اور نہیں دامن سوال دراز کرتا تیرے غیر کی طرف اور رغبت کرتا ہوں طرف تیری

لَآ اَرْغَبُ اِلٰى غَيْرِكَ وَاَسْئَلُكَ يَآ اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ وَيَا جَارَ
اور نہیں رغبت رکھتا تیرے غیر کی طرف۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے خوف زدگان کو امان دینے والے اور طلبگارانِ پناہ

الْمُسْتَجِيرِينَ اَنْتَ الْفَتَّاحُ اِلَى الْخَيْرَاتِ وَمُقِيلُ الْعَثَرَاتِ

کو پناہ دینے والے تو ہی کھولنے والا ہے (دروازے) طرف خیرات کے۔ اور در گزر کرنے والا ہے لغزشوں سے

وَمَاحِي السَّيِّئَاتِ وَكَاتِبُ الْحَسَنَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجٰتِ وَمَانِعُ

اور مٹانے والا ہے برائیوں کا۔ اور ثابت رکھنے والا ہے حسنات کو اور بلند کرنے والا ہے درجات کا۔ اور روکنے والا ہے

الْبَلِيَّاتِ وَاَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ الْمَسَآئِلِ كُلِّهَا وَاَعْظَمِهَا وَاَنْجَحِهَا

مصائب کو اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ بہترین عظیم تر اور کامیاب ترین انداز سوال کے تمام تر سوالات میں سے کہ

الَّتِي لَا يَنْبَغِي لِلْعِبَادِ اَنْ يَسْئَلُوكَ اِلَّا بِهَا اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ

نہیں لائق بندوں کے کہ سوال کریں تجھ سے مگر ساتھ اس کے۔ اے اللہ بے شک ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے

الْقُرْبَةَ الْاَعْظَمِيَّةَ وَعَذَارَى الْمُشَرَّفَةَ بِشَرَفِهٖ وَشَرَافَتِهٖ صَلَّى

عظیم تر قربت کا اور مقبول معذرتوں کا بطفیل شرف اور شرافت محبوب صلّی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ

علیہ و سلّم کے اور سوال کرتے ہیں تجھ سے بطفیل تیرے اسماء حسنیٰ کے اور تیری بلند مرتبت

الْعُلْيَا وَكَلِمَاتِكَ التَّآمَّاتِ وَبِكُتُبِكَ الْمُنَزَّلَةِ وَبِكِتَابِكَ

صفات کے اور کلمات تامہ کے۔ اور نازل کردہ کتابوں کے اور کتاب

الْعَزِيزِ وَبِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدِكَ وَ

عزیز کے اور بطفیل سیّدنا محمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے جو تیرے عبد اور

رَسُولِكَ يَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَيَا مُنْزِلَ الْكِتَابِ يَا سَرِيعَ

رسول ہیں، اے رب الارباب، اے نازل کرنے والے کتاب کے۔ اے جلدی لینے والے

الْحِسَابِ يَا مَنْ اِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ يَا رَحِيمُ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا

حساب کے۔ اے کہ جب دعا کیا جائے تو قبول فرماتا ہے، اے مہربان۔ اے اللہ رحم فرما ہم پر

بِمَا رَحِمْتَ بِهِ الْمُضْطَرِّينَ وَاَجِبْنَا بِمَآ اَجَبْتَ بِهِ السَّآئِلِينَ

ساتھ اس رحمت خاصہ کے کہ رحم فرماتا ہے ساتھ اس کے مجبوروں پر۔ اور قبول فرما ہمیں ساتھ اس قبولیت کے کہ قبول کیا سائلین کو

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الْمَطْلَبُ فِي غَايَةِ الْحِقَارَةِ اِذَا نَظَرْتَ اِلٰى كَرَمِكَ

اے اللہ یہ مطلوب انتہائی حقیر ہے جب نظر فرمائے تو طرف اپنے کرم

وَرَحْمَتِكَ وَعِظَمِ الْوَسِيلَةِ اَللّٰهُمَّ صَحِّحْنِي وَاَوْصِلْنِي اِلٰى

اور رحمت کے اور طرف وسیلہ کی عظمت کے۔ اے اللہ مجھے صحت بخش اور مجھے واصل فرما اس

مَا اَوْصَلْتَ اِلَيْهِ اَوْلِيَآئَكَ وَهُوَ عَيْنُ الْمَقْصُودِ اَللّٰهُمَّ

مقام تک کہ واصل فرمایا تو نے طرف اس کے اپنے دوستوں کو اور وہی عین مقصود ہے۔ اے اللہ

رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ط رَبَّنَا وَرَبَّ

مالک ساتوں آسمانوں کے اور مالک عرش اعظم کے۔ اے رب ہمارے اور رب

كُلِّ شَيْءٍ مُنْزِلَ التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيلِ وَالزَّبُورِ وَالْفُرْقَانِ

ہر شئ کے، نازل کرنے والے توراۃ و انجیل کے اور زبور و فرقان

الْعَظِيمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

عظیم کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي شَمَّرَ عَنْ سَاقِهٖ فِي اللّٰهِ وَاجْتَهَدَ وَاَدْخَلَ

آل پر جنہوں نے اپنی سعی و کوشش کو صرف کیا اور جد وجہد فرمائی اللہ تعالیٰ کے لیے۔ اور داخل کیا

فِي دِينِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُدْخِلْهُ مِنَ الْاَنْبِيَآءِ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اللہ کے دین میں (اتنی کثیر تعداد کو) جسے نہیں داخل کیا انبیاء میں سے کسی نے بھی۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے طفیل

اشْتَدَّتْ بِهِ الدَّعْوَةُ وَعَزَّ ذُرَاهَا وَاَقَامَ اَوَدَ النُّبُوَّةِ وَشَدَّ

پختہ ہوگئی دعوت توحید و رسالت اور عزت والی ہوگئیں چوٹیاں اس کی۔ اور درست کیا نبوت کی مشقتوں کو اور مضبوط کیا

عُرَاهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اس کے ارکان کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْٓ اَعْجَزَ اللّٰہُ فِیْہِ الْمَحَامِدَ وَدَرَءَ اللّٰہُ بِہِ
آل پر کہ عاجز کر دیا اللہ تعالیٰ نے ان کو (عظیم کمالات دے کر مخلوق کو) ان کے محامد سے اور دور کیا بسبب ان کے

الْمَفَاسِدَ وَطَھَّرَ اللّٰہُ بِہِ الْمَحَارِیْبَ وَالْمَسَاجِدَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
مفاسد کو اور پاک فرمایا اللہ تعالے نے بسبب ان کے عبادت گاہوں اور مساجد کو۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب میں

اُلْقِیَتْ عَلَیْہِ الْمَھَابَۃُ وَلَبِسَ ثَوْبَ الْخُشُوْعِ وَالْاِنَابَۃِ اَللّٰھُمَّ
قدرتی ہیبت اور رعب پیدا کیا گیا (مگر انہوں نے اپنے طور پر) اوڑھا خشوع اور انابت کا لباس۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

فَاقَتْ مُعْجِزَاتُہٗ کُلَّ مُعْجِزَۃٍ وَّاَصْبَحَ بِہِ الْاِسْلَامُ فِیْ عِزَّۃٍ
فوقیت پائی اس محبوب کے معجزات نے ہر معجزہ پر اور ہو گیا بسبب ان کے اسلام کا بول بالا

وَّقُلُوْبُ اَعْدَآئِہٖ مُسْتَفِزَّۃٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اور ان کے اعداء کے دل (بوجہ خوف وہیبت) ترساں ولرزاں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُعَظَّمِ فِی الْقُلُوْبِ وَالنُّفُوْسِ
محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو کہ عظیم تر ہیں قلوب و نفوس میں۔

وَالْمُھَابِ فِیْ عُیُوْنِ اَعْدَآئِہٖ عِنْدَ الْبُؤُوْسِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور ہیبت والے ہیں اعداء کی نظروں میں لڑائیوں کے وقت۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الدَّاعِیْٓ اِلَی اللّٰہِ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب دعوت دینے والے ہیں طرف اللہ تعالیٰ کے اس کی توفیق سے

بِاِذْنِہٖ وَاَذَّنَ جِبْرَآئِیْلُ فِیْٓ اُذُنِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور آذان دی جبرئیل امین نے ان کے کان میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ طَافَ الْبَیْتَ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے طواف کیا بیت اللہ کا

مَحْبُوْرًا وَّکَانَ فِی الْحَرْبِ مُؤَیَّدًا وَّمَنْصُوْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ
یمنی چادروں کا احرام باندھ کر اور رہتے حرب میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق اور نصرت دیئے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ نُصِرَ
و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کو نصرت دی گئی

بِالرُّعْبِ مَسِیْرَۃَ شَھْرٍ وَّاُیِّدَ بِالْاِعْتِزَازِ وَالْقَھْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
ساتھ رعب و دبدبہ کے مہینہ کی راہ تک اور تقویت دیئے گئے ساتھ غلبہ اور قہر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ کَانَ
و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کے متعلق

لَا یَسْمَعُ بِہٖٓ اَحَدٌ مِّنْ اَعْدَآئِہٖ مِنَ الْخَلْقِ اِلَّا وَجِلَ قَلْبُہٗ
نہیں سنتا تھا ساری مخلوق میں سے کوئی دشمن مگر اس کا دل خوفزدہ ہو جاتا تھا

مِنْہُ وَخَفَقَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اور لرز جاتا تھا آپ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ زَالَتْ بِہِ النُّحُوْسُ وَاَصْبَحَ بِہٖ عَرْشُ
آل پر کہ جس محبوب کی بدولت نحوستیں زائل ہو گئیں اور ابلیس کا تخت

اِبْلِیْسَ مَنْکُوْسًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اوندھا ہو گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ یَطْمِسُ اللّٰہُ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَآئِہٖ
آپ کی آل پر کہ بے نور کردے گا اللہ تعالیٰ ان کے کافر دشمنوں کے

مِنَ الْکُفَّارِ فَیَتَسَاقَطُوْنَ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ فِی النَّارِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ
چہرے پس وہ منہ کے بل گر پڑیں گے آگ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْٓ اَخْفٰى

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس سراج منیر کے

نُوْرُهُ الْوَهَّاجُ ضَوْءَ الْبَدْرِ وَالسِّرَاجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

نورِ تاباں نے چھپا لیا (اپنے اندر) چودھویں کے چاند اور چراغ کے نور کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس نورانی محبوب کے روشن نور کو اللہ تعالیٰ نے

الْوَضَّاحَ اَوْضَحَ مِنْ ضَوْءِ الصَّبَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

صبح کے سپیدہ سے بھی زیادہ روشن بنایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس نورِ مجسّم کے نورِ غالب کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے

السَّاطِعَ اَشْرَقَ مِنَ الْهِلَالِ الطَّالِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

زیادہ روشن ہلال روشن سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ اَضَآءَ نُوْرُهٗ فِی الْاَكْوَانِ

محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کا نور جگمگایا سب جہانوں میں

وَانْتَشَرَ وَاَخْجَلَ نُوْرُهٗ ضَوْءَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور پھیلا۔ اور شرمندہ کر دیا ان کے نور نے سورج اور چاند کی روشنی کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ جَلَا عَرُوْسُ

بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے جمال دلربا کا عروسِ حسن

جَمَالِهِ الْمَبْرُوْرِ فِیْ خِلْعَةِ الْكَمَالِ وَالسُّرُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جلوہ نما ہوا کمال و سرور کی خلعت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّلِیِّ النَّفْسِ الْمُؤْمِنَةِ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو ہر ایمان دار نفس کے ولی و مولیٰ ہیں

وَمَوْلَاهَا وَمَلَا نُوْرُهُ الْبِقَاعَ وَكَسَاهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور پُر کر دیا ہے ان کے نورِ انور نے قطعاتِ ارض کو اور انھیں لباسِ نور پہنا دیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ هُوَ بَهْجَةُ

بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ بہار ہیں

الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَاسْتَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّشْرِقَةِ الضِّيَاءِ وَ

دین اور دُنیا کی۔ اور ظاہر فرمایا ہے انھیں اللہ تعالیٰ نے روشن نورانی شجرہ سے۔ اور

اَشْرَقَ نُوْرُهُ الْعُلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

چمکا ان کا نور بلندیوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ بُرْهَانُهٗ يَلُوْحُ وَنُوْرُهٗ وَاضِحُ الْوُضُوْحِ

کی آل پر کہ جس رسول کا برہانِ صدق چمکتا ہے اور ان کا نور بہت ہی واضح و آشکار ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

خَيْرِ مَنْ زَانَتِ الْحَسْنَآءُ مَحَاسِنَهٗ وَخَيْرِ مَنْ نَّشَا عَيْنُ الْاَكْوَانِ

جو محبوب کہ خوبتر ہیں ان تمام لوگوں سے کہ مزیّن کیا حسن و خوبی نے ان کے محاسن کو اور نشو و نما دی کائنات کے چشمہ نے

كَآئِنَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اس کے وجود کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ اَجْمَلِ اَجْمَلِ النَّاسِ عِزَّةً وَّيُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِیْٓ

آل پر جو محبوب کہ جمیل تر ہیں سب سے جمیل ترین لوگوں میں سے از روئے عزت کے اور مبعوث فرمائے جائیں گے قیامت کے

اَوَّلِ زُمْرَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

دن پہلے گروہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِیْ كَمُلَتْ مَحَاسِنُهٗ وَشَرُفَتْ مَوَاطِنُهٗ وَ

پر کہ جس محبوب کی خوبیاں کامل ہو گئیں۔ اور شرافت پا گئے ان کے مقاماتِ سکونت۔ اور

زَكَتْ مَعَادِنُهٗ وَعَظُمَتْ مَطَالِبُهٗ وَكَرُمَتْ مَوَاهِبُهٗ وَفَخُرَتْ

پاکیزہ ہوگئیں (اس گوہر یکتا) کی کانیں۔ اور عظیم ہوگئے ان کے مطالب اور بزرگتر ہوگئے ان کے عطیے اور قابل فخر ہوگئے

مَنَاصِبُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ان کے منصب۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ حُبُّهٗ مَشْرُوْعٌ وَّذِكْرُهٗ مَرْفُوْعٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر کہ جس محبوب کی محبت عین شریعت ہے اور ان کا ذکر بلند کیا ہوا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ شَرَّفَ اللّٰهُ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اللہ تعالےٰ نے شرف بخشا

بُنْيَانَهٗ وَعَظَّمَ اللّٰهُ شَانَهٗ وَاَظْهَرَ اللّٰهُ عِزَّهٗ وَبُرْهَانَهٗ وَعَمَّ

جن کے نسب و حسب کو اور عظیم بنایا ان کی شان کو۔ اور غالب فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان کی عزت اور دلیل حقانیت کو اور کثیر بنایا

اُمَّتَهٗ وَخَيْرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

ان کی اُمت کو اور عام کیا ان کے فیض کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَارَ بِاُمَّتِهٖ نَحْوَ الْمَسَرَّةِ سَيْرَهٗ وَعَمَّ

آپ کی آل پر کہ جس آقا نے چلایا اپنی اُمت کو مسرت کی جانب مانند اپنی سیر کے اور احاطہ کیا

الْعِبَادَ بِالْخَيْرِ طُرًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ساتھ خیر اور بھلائی کے سب بندگان خداوند کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَوْلَاهُ مَا رُفِعَتِ الْخَضْرَآءُ وَلَا

آپ کی آل پر کہ جس آقا محبوب کا وجود مسعود نہ ہوتا تو نہ بلند کیا جاتا سبز خیمہ افلاک کا اور نہ

بُسِطَتِ الْغَبْرَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

پھیلائی جاتی زمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ النَّارَ عَلٰٓى اُمَّتِهٖ بَرْدًا وَّ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی اُمت پر اللہ تعالیٰ نے نار جہنم کو ٹھنڈک اور

سَلَامًا وَّجَعَلَ اللّٰهُ اُمَّتَهٗ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاُمَمِ بِاَرْبَعِيْنَ

سلامتی بنادیا ہے۔ اور بنایا ان کی اُمت کو کہ داخل ہوں گے جنت میں تمام اُمتوں سے پہلے چالیس

عَامًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

سال۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اُعْطِیَ تَزْكِيَةَ اُمَّتِهٖ فِی الْمَحْشَرِ وَكَانَ وَجْهُهٗ فِی

پر کہ جس آقا کو عطا کیا گیا ہے مرتبہ اپنی اُمت کی صفائی بیان کرتے کا محشر میں۔ اور تھا آپ کا چہرہ انور

الْبَيْتِ كَالسِّرَاجِ يَظْهَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

گھر میں چمکتا مانند چراغ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ انْكَشَفَتْ بِسَمَاعِ ذِكْرِ مَدِيْحِهٖ

اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کا ذکر و مدح سننے سے مشکلات حل ہو جاتی

الْغُمَّةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِهٖ مِنَ الْاُمَّةِ مُنِعَ حِفْظَ الْحِكْمَةِ

پر کہ جو ایمان نہ لے آئے ساتھ اس آقا کے اُمت دعوت سے محروم کر دیا جاتا ہے حکمت کے حفظ کرنے سے

وَكَانَ نُوْرُهٗ عَلَيْهِ ظُلْمَةً اَللّٰهُمَّ حُلَّ هٰذِهِ الْعُقْدَةَ وَاَزِلْ هٰذِهِ

اور ہوگا اس کا (ظاہری) نور اس پر تاریکی حقیقت میں۔ اے اللہ اس عقدہ کو حل فرما اور زائل فرما اس

الْعُسْرَةَ وَلَقِّنِیْ حُسْنَ الْمَيْسُوْرِ وَقِنِیْ سُوْٓءَ الْمَقْدُوْرِ وَارْزُقْنِیْ

تنگی کو۔ اور سکھلا مجھے خوبتر آسان عمل۔ اور بچا مجھے بُرے عمل سے۔ اور مجھے نصیب فرما

حُسْنَ الطَّلَبِ وَاكْفِنِیْ شُوْمَ الْمُنْقَلَبِ اَللّٰهُمَّ حُجَّتِیْ حَاجَتِیْ

اچھا انداز طلب کا۔ اور کفایت فرما مجھے باز گشت کے بُرے منظر سے۔ اے اللہ میری دلیل و حجت میری محتاجی ہے

وَعُدَّتِیْ فَاقَتِیْ وَوَسِيْلَتِیْ انْقِطَاعُ حِيْلَتِیْ وَرَاْسُ مَالِیْ عَدَمُ

اور میرا ساز و سامان میرا فقر و فاقہ ہے۔ اور میرا وسیلہ میری تدابیر کا انقطاع اور بے اثری ہے اور میری پونجی میری

اِحْتِيَالِی وَشَفِيْعِی دُمُوْعِی وَكَنْزِی عَجْزِی اِلٰهِی قَطْرَةٌ مِّنْ بِحَارِ

بیچارگی ہے۔ اور میرے سفارشی میرے آنسو ہیں۔ اور میرا خزانہ میری عاجزی و بے بسی ہے۔ اے بار الٰہا ایک قطرہ تیرے

جُوْدِكَ تُغْنِيْنِی وَذَرَّةٌ مِّنْ تَيَّارِ عَفْوِكَ تَكْفِيْنِی فَارْزُقْنِی وَعَافِنِی

جود و نوال کے سمندر سے مجھے غنی کرسکتا ہے، اور ایک ذرہ تیری عفو کی موجزن لہر سے مجھے کافی ہوسکتا ہے پس مجھے عطا فرما اور عافیت

فَاعْفُ عَنِّی فَاغْفِرْ لِی وَاقْضِ حَاجَتِی وَنَفِّسْ كُرْبَتِی وَفَرِّجْ هَمِّی

بخش مجھ سے درگذر فرما پس مغفرت فرما، میری حاجت پوری فرما اور میری مشکل دور فرما

وَاكْشِفْ غَمِّی وَاَهْلِكْ عَدُوِّی وَارْزُقْنِی خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور میرا تفکر دور فرما۔ اور میرا غم غلط فرما۔ اور میرے دشمن کو ہلاک فرما۔ اور مجھے دنیا و آخرت کی بہتری نصیب فرما

اَللّٰهُمَّ يَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ يَا حَیُّ حِيْنَ لَا حَیَّ

اے اللہ کہ جس کے الطاف (غمزدگان کی) خبرگیری کرنے والے ہیں نجات دے ہمیں ہر خوفناک شئے سے۔ اے زندہ جبکہ نہیں ہوگا

فِیْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَاجْبُرْ

کوئی زندہ مع اس کے دوام و بقاءِ ملک کے۔ اے میرے رب میں مغلوب ہوں پس میرا بدلہ لے۔ اور درست فرما

قَلْبِیَ الْمُنْكَسِرَ وَاجْمَعْ شَمْلِیَ الْمُنْتَشِرَ اِنَّكَ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الْمُقْتَدِرُ

میرے ٹوٹے دل کو اور جمعیت بخش میری پراگندگیٔ خاطر کو۔ بے شک تو ہی بہت رحم کرنے والا صاحب اقتدار ہے

اِكْفِنِیْ يَا كَافِیْ وَهُوَ الْعَبْدُ الْمُفْتَقِرُ وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ؕ اِنَّ الشِّرْكَ

مجھے کفایت فرما اے کفایت فرمانے والے اور یہ بندۂ محتاج ہے۔ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ از روئے مددگاری کے۔ بے شک شرک

لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ؕ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ

البتہ ظلم عظیم ہے۔ اور نہیں ارادہ فرماتا اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کا۔ پس قطع کردیا گیا اثر و نشان

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ يَا مَنْ سَبَّحَتْ وَقَدَّسَتْ

ظالم قوم کا۔ اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پروردگار عالمین ہے۔ اے کہ تسبیح و تقدیس

وَعَظَّمَتْ وَكَبَّرَتْ وَمَجَّدَتْ لِجَلَالِ جَمَالِ كَمَالِ اَقْدَامِ

اور عظمت و کبریائی اور مجد بیان کی بسبب اس کے غلبہ و جبروت کے مضبوط اور عظیم اقدامات کے

اَقْوَامِ اَعْظَامِ عِزِّهٖ وَجَبَرُوْتِهٖ مَلَآئِكُ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ اِجْعَلْنَا فِیْ

جلال و جمال اور کمال کے ساتوں آسمانوں کے ملائکہ نے بنادے ہمیں

هٰذَا الْعَامِ وَهٰذَا الشَّهْرِ وَفِیْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَ

اس سال۔ اس۔ مہینے۔ اس دن اور اس ساعت میں اور

فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ الْمُبَارَكِ مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَسَاَلَكَ

اس مبارک وقت میں ان پیاروں سے جنہوں نے دعا کی پس تونے قبول فرمائی اور تجھ سے سوال کیا

فَاَعْطَيْتَهٗ وَتَضَرَّعَ اِلَيْكَ فَرَحِمْتَهٗ وَاِلٰى دَارِكَ دَارِ السَّلَامِ

پس تونے انھیں عطا کیا۔ اور تیری طرف زاری کی پس تونے ان پر رحم کیا اور اپنے مخصوص دارالسلام کی طرف

اَدْنَيْتَهٗ بِفَضْلِكَ يَا جَوَادُ يَا جَوَادُ يَا جَوَادُ جُدْ عَلَيْنَا وَعَامِلْنَا

قریب کیا اپنے فضل سے۔ یا جواد۔ یا جواد۔ یا جواد ہمیں جود و کرم سے نواز اور سلوک فرما ساتھ ہمارے

بِمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تُقَابِلْنَا بِمَا نَحْنُ اَهْلُهٗ اِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰى

جیسا کہ تیری شان کے لائق ہے اور نہ ہمارے سامنے لاوہ عذاب و عقاب جس کے ہم سزاوار ہیں، بے شک تو ہی اس کا اہل ہے کہ تجھ سے ڈرا

وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَرَفْتُ رَجَآئِیْ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَ

جائے اور تو ہی بخشنے والا ہے۔ اے اللہ میں نے اپنی امیدوں کو تیرے وجہ کریم کی طرف پھیرا ہے۔ اور

اَحْسَنْتُ ظَنِّیْ فِیْ عَفْوِكَ الْعَظِيْمِ فَارْحَمْنِیْ وَارْحَمْ وَالِدَیَّ وَ

میں نے حسن ظن سے کام لیا ہے تیری عفو عظیم میں پس رحم فرما مجھ پر اور میرے والدین پر۔ اور

اِخْوَانِیْ وَالْمُنْتَسِبِيْنَ اِلَیَّ وَارْضَ عَنِّیْ وَعَنِ الْمُنْعِمِيْنَ عَلَیَّ

میرے بھائیوں اور مجھ سے نسبت رکھنے والوں پر۔ مجھ سے اور مجھ پر انعام و احسان کرنے والوں پر راضی ہو

اَللّٰهُمَّ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا

اے اللہ تیری رحمت کے ساتھ ہم استغاثہ کرتے ہیں اے فریادیوں کے فریادرس ہماری امداد فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ هُوَ زَعِيْمُ الْاَرْكَانِ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر جو کہ تیرے ارکان دولت کے سردار ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

عَلَا فِى الْجَلَالَةِ فَرْعُهٗ وَاَظْهَرَ اللّٰهُ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَدْيَانِ دِيْنَهٗ وَ
بلند ہوئی بزرگی میں اولاد (نسبی و معنوی) ان کی اور غالب کیا اللہ تعالیٰ نے تمام ادیان پر ان کے دین اور

شَرْعَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
شریعت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَصْبَحَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِعِزَّتِهٖ ذَلِيْلًا اَللّٰهُمَّ
ہو گیا ہر جبار و معاند اس محبوب کی عزت کے صدقے میں ذلیل۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَرْشَدِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ سب سے زیادہ رہنمائی

النَّاسِ لِطُرُقِ الْقَوَامِ وَاَعْدَلِ مَنْ قَامَ بِرِعَايَةِ الْاَحْكَامِ
فرمانے والے ہیں استقامت کی راہوں کی اور سب سے زیادہ عادل ہیں احکام خداوند تعالیٰ کی رعایت و نگہبانی کرنے والوں سے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب

اَفْضَلِ مَنْ سَاقَ الْمَطِىَّ بِهٖ وَخَيْرِ مُؤْتَمَنٍ اَدّٰى اَمَانَةَ رَبِّهٖ
کہ افضل ہیں ان تمام حضرات سے کہ سواریاں جن کو لے کر چلیں اور سب سے بہتر معتمد علیہ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی امانت کو ادا کیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

اَبَرِّ مَنْ لَقِىَ الْوُفُوْدَ بِنَفْسِهٖ وَفَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلٰى جَمِيْعِ جِنْسِهٖ
جو محبوب ان سب سے محسن ہیں جو در پر آنے والوں کو بنفس نفیس ملے۔ اور فضیلت دی انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے تمام اہل جنس پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

خَيْرِ مَنْ وَّطِئَ التُّرَابَ بِنَعْلِهٖ وَاسْتَمَدَّ الْفَضْلُ مِنْ جُوْدِهٖ
جو محبوب کہ بہتر ہیں ان تمام لوگوں سے جنہوں نے پامال کیا مٹی کو اپنے جوتوں سے اور مدد و افزونی حاصل کی فضل و

وَفَضْلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
کمال نے ان کے جود و نوال سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَعْظَمِ النَّاسِ فِى الْبَرِيَّةِ حَقًّا وَّخَيْرِ الْبَرِيَّةِ
محمد کی آل پر جو محبوب کہ ساری مخلوق میں سب سے عظیم تر ہیں از روئے حقوق کے۔ اور ساری مخلوق سے بہتر ہیں

طُرًّا سُؤْدَدًا وَّتُقًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
از روئے سیادت اور تقویٰ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَسْنَى الْمَذَاهِبِ مَذْهَبًا وَّاَعْلَى الْمَنَاصِبِ
اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ سب سے قوی اور مستحکم ہیں از روئے مذہب کے۔ اور سب سے برتر ہیں از روئے

مَنْصَبًا وَّاَفْضَلِ الْخَلْقِ كَهْلًا وَّطِفْلًا وَّمُحْتَلِمًا وَّمَا اشْتَمَلَتْ قَطُّ
منصب کے۔ اور ساری مخلوق سے افضل ہیں کہولت بچپن میں اور بلوغت میں۔ اور نہیں مشتمل ہوا کبھی

عَلٰى مِثْلِهٖ رَحِمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
ان جیسی بلند مرتبت ذات پر کوئی بطن و رحم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ هَدَى اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْخِلَافِ وَبَيَّنَ اللّٰهُ
کی آل پر کہ جس ہادیٔ برحق کے ذریعے ہدایت دی اللہ تعالیٰ نے اختلافی امور میں۔ اور واضح کیا ان کے ذریعے

بِهٖ سَبِيْلَ الْعَفَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
عفت و پاکیزگی کا راستہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ زَانَتْ بِهِ الْاِمَامَةُ وَبَشَّرَتْ بِهٖ وَرَقَآءُ
آل پر کہ زینت پائی اس محبوب کی بدولت امامت نے۔ اور بشارت دی آپ کے متعلق ورقاءِ

الْيَمَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
یمامہ نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ الْمُخْلِصِ لِلّٰهِ بِالشَّهَادَةِ وَالْاِقْرَارِ وَالْمُسَبِّحِ لِلّٰهِ بِحَمْدِهٖ

جو محبوب کہ اللہ کے لیے اخلاص کا اظہار کرنے والے ہیں ساتھ شہادت و اقرار کے ۔ اور اس کی تسبیح کہنے والے ہیں بمع حمد کے

فِی الْعَشِیِّ وَالْاِبْكَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

ہر شام اور صبح ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَاعِی الْخَلْقِ اِلٰی اِرَادَتِهٖ بِنُبُوَّتِهٖ وَقَائِدِ الْخَلْقِ

کی آل پر جو محبوب کہ دعوت دینے والے ہیں مخلوق کو طرف اپنے مقاصد کے ساتھ نبوت کے اور قائد ہیں

اِلٰی شَرِیْعَتِهٖ بِرِسَالَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مخلوق کے طرف اپنی شریعت کے ساتھ رسالت کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْۤ اَظْهَرَ اللّٰهُ شَرِیْعَتَهٗ فِی الْعٰلَمِیْنَ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ غالب کیا اللہ تعالیٰ نے اس آقا کی شریعت کو تمام جہانوں میں

عَلٰی جَمِیْعِ شَرَآئِعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سب انبیاء و مرسلین کی شریعتوں پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَلِفِ الْاِبْتِدَاعِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ ابتداع (ایجاد) کی الف یعنی مبداء ہیں

وَبَآءِ بِدَایَةِ الْاِخْتِرَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور باء ہیں بدایت یعنی آغاز تخلیق کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَآءِ تَمَامِ الْفَوَآئِدِ وَثَآءِ ثُبُوْتِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ تاء ہیں تمام فوائد اور ان کے کمال کی اور ثاء ہیں ثبوت

الْعَقَآئِدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

عقائد کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ جِیْمِ جَمَالِ الْاَكْوَانِ وَحَآءِ حَیَاتِ الْاَعْیَانِ

آل پر جو محبوب کہ جیم ہیں جمالِ کائنات کی اور حاء ہیں حیاتِ اعیان کی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ خَآءِ خُلُوْصِ الْاِخْلَاصِ وَدَالِ دُعَآءِ الْخَوَآصِّ

آل پر جو محبوب کہ خاء ہیں خلوصِ اخلاص کی ۔ اور دال ہیں دعاء خواص کی ۔

وَذَالِ ذُوَابَةِ الْفَخْرِ وَالْعُلَآءِ وَرَآءِ رَحْمَةِ الْمَلِكِ الْمَوْلٰی

اور ذال ہیں فخر اور علو کے ذوابہ (چوٹی) کی ۔ اور راء ہیں ملک و مولیٰ جل وعلیٰ کی رحمت کی ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ زَآءِ زِیْنَةِ الْمَقَامَاتِ وَطَآءِ طَهَارَةِ الْقُلُوْبِ وَالذَّوَاتِ

آل پر جو محبوب کہ زاء ہیں مقامات و مراتب کی زینت کی اور طاء ہیں قلوب و ذوات کی طہارت کی ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ ظَآءِ ظُهُوْرِ الْاَوَاخِرِ وَالْاَوَآئِلِ وَظِلَالِ الْاٰمَالِ وَ

آل پر جو محبوب کہ ظاء ہیں اوائل و اواخر کے ظہور کی اور آمال و آرزوؤں کے ظلال (سایوں) کی اور

كَافِ كَمَالِ الْاَكْمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کاف ہیں کمال اکمال کی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ لَامِ لُبَابِ النَّعْمَآءِ وَمِیْمِ مَعَانِی الْاَسْمَآءِ

اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ لام ہیں نعمتوں کے لباب (خلاصہ) کا ۔ اور میم ہیں اسماء کے معانی کا ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ

نُوْنِ نِهَایَةِ الْمَطَالِبِ وَصَادِ صَفَآءِ الْمَشَارِبِ وَوَاوِ وُرُوْدِ اَهْلِ

نون ہیں مطالب کی نہایت کا ۔ اور صاد ہیں مشارب اور گھاٹوں کی صفاء کا اور واؤ ہیں اس

الْمَشَارِبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

مشارب کے ورود کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ ضَادِ ضِيَآءِ الْمَحَافِلِ وَعَيْنِ عَنَاصِرِ الْفَضَآئِلِ اَللّٰهُمَّ

آل پر جو محبوب کہ ضاد ہیں محافل کی ضیاء کا اور عین ہیں فضائل کے عناصر (ارکان) کا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ غَيْنِ غِذَآءِ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ غین ہیں ارواح

الْمُهَجِ وَفَآءِ فَضِيْلَةِ الْفَرَجِ وَقَافِ قُرْبَانِ الْقُرُبَاتِ وَسِيْنِ سِرِّ

ونفوس کی غذاء کا۔ اور فاء ہیں کشائش و فراخی کی فضیلت کی۔ اور قاف ہیں قربات و عبادات کے قربان و قرب کا اور سین

الْاَسْرَارِ وَالْعِنَايَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہیں اسرار و عنایات کے سر (اور راز) کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ شِيْنِ شَرَفِ الْاَبْرَارِ وَهَآءِ هِدَايَةِ الْاَخْيَارِ

اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ شین ہیں ابرار کے شرف کا۔ اور ہاء ہیں اعلیٰ کردار والوں کی ہدایت کی

وَصَادِ صَفَآءِ قُلُوْبِ الْاَخْيَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور صاد ہیں اعلیٰ سیرت والوں کے قلوب کی صفاء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاوِ وِلَايَةِ النُّهٰى وَلَامِ اَلِفِ الْاِبْتِدَآءِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ واو ہیں عقول و اذہان کی ولایت کے اور لام ہیں ابتداء

وَالْاِنْتِهَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

وانتہاء کی الف کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ يَآءِ يَنَابِيْعِ الْاِمْتِنَانِ الْمُوْصِلَةِ اِلَى الرِّضَآءِ وَالرِّضْوَانِ

جو محبوب کہ یاء ہیں امتنان و احسان کے ینابیع (سرچشموں) کی جو پہنچانے والے ہیں طرف رضاء و رضوان کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَلٰوةً تُبَلِّغُ حَرْفَ الْيَآءِ وَحَقِيْقَةَ النِّدَآءِ اِلٰٓى اَهْلِ الْاِصْطِفَآءِ

ایسی صلوٰۃ جو پہنچائے حرف یا اور حقیقت نداء کو اہل اصطفاء

وَالْاِجْتِبَآءِ وَتُوْصِلُ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارَ وَبِحُرْمَةِ اَسْمَآءِ اَصْحَابِ

واہل اجتباء تک اور واصل کرے مہاجرین و انصار کو اور بطفیل حرمت و عزت اصحاب بدر

الْبَدْرِيَّةِ وَالْاُحُدِيَّةِ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الْمَقْبُوْلِيْنَ الْمَرْضِيِّيْنَ رِضْوَانُ

اور اصحاب احد کے اسماء کے اور دیگر مقبولان و پسندیدگان بارگاہ خداوند تعالیٰ کے اسماء کے رضوان اللہ

اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ

تعالیٰ علیہم اجمعین۔ پہنچائے بارگاہ الوہیت اور بارگاہ رسالت تک۔ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

علیہ و سلّم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ دَعَا الْخَلِيْقَةَ عِنْدَ خَلْقِ الْاَرْوَاحِ كَمَا دَعَاهُمْ عِنْدَ

آل پر جس محبوب نے دعوتِ توحید و رسالت دی مخلوق کو اپنے نورانی وجود کے ساتھ ارواح کی تخلیق کے وقت جیسے کہ دعوت

خَلْقِ الْاَشْبَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

دی انھیں وقت پیدا کئے جانے اجسام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ بُعِثَ وَالْخَلْقُ فِىْ ظُلْمَةٍ وَّعَمًا وَلَمْ يَزَلْ

آل پر کہ جو محبوب اس وقت مبعوث ہوئے جبکہ مخلوق ابھی ظلمت اور پردۂ عدم میں تھی۔ اور آپ ہمیشہ

يُخْرِجُ الْخَلْقَ بِنُوْرِهٖ مِنَ الظُّلُمٰتِ طَوْعًا وَّكَرْهًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

نکالتے رہے اپنے نور کی بدولت انہیں ظلمتوں سے (طرف نور ایمان کے) طوعاً و کرہاً۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ فَتَحَ اللّٰهُ بِهٖ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس مرشد کریم کی بدولت کھول دیئے اللہ تعالیٰ نے

اَبْوَابَ الْهِدَايَةِ وَسَدَّ اللّٰهُ اَبْوَابَ الضَّلَالَةِ وَالْغَوَايَةِ اَللّٰهُمَّ

دروازے ہدایت کے اور بند فرما دیئے دروازے ضلالت و غوایت کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الدَّاعِیْ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ دعوت دینے والے ہیں

اِلَی الْاِیْمَانِ فِی السِّرِّ وَالْاِعْلَانِ وَبَوَّاَهُ اللّٰهُ اَعْلٰی دَرَجَاتِ

طرف ایمان کے پنہانی اور علانیہ طریقہ پر۔ اور جگہ دی انھیں اللہ تعالیٰ نے جنات کے اعلیٰ درجات

الْجِنَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ یَبْدَءُ بِهِ الذِّكْرُ الْجَمِیْلُ وَیَخْتِمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ جس محبوب کی بدولت آغاز ہوا ذکر جمیل کا (عالم ارواح میں) اور انھیں (کے ذکر) پر اسکی انتہا ہوئی (عالم اشباح میں)

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی

اٰیَاتُهٗ اَضْوَءُ الْاٰیَاتِ وَاَجْلٰی وَاَعْلَی اللّٰهُ قَدْرَهٗ عَلٰی كُلِّ مَنِ

آیات سب آیات و معجزات سے روشن تر اور واضح تر ہیں اور بلند فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کی قدر کو ہر

اعْتَلٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

بلند و بالا مرتبت پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَقَلَّدَ بِسَیْفِ الرِّسَالَةِ وَمَحَا اللّٰهُ بِهُدٰی اٰیَتِهٖ كُلَّ

پر کہ جس آقا نے گلے میں لٹکائی رسالت کی تلوار اور مٹایا اللہ تعالیٰ نے آپ کی ہدایت کی بدولت

شُبْهَةٍ وَّضَلَالَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

ہر شبہ اور گمراہی کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَعَتَهُ اللّٰهُ فِیْ كُلِّ كِتَابٍ اَنْزَلَ وَفَضَّلَ

آل پر جس محبوب کی نعت بیان فرمائی اللہ تعالیٰ نے ہر اس کتاب میں جس کو اس نے نازل فرمایا

اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ رَسُوْلٍ اَرْسَلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور فضیلت دی انہیں ہر اس رسول پر جسے ارسال فرمایا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ هَدَی اللّٰهُ بِهٖ مَنِ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت اللہ نے ہدایت عطا فرمائی ہر ہدایت

اهْتَدٰی وَبَاطِنُهٗ نُوْرٌ وَّظَاهِرُهٗ هُدًی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پانے والے کو اور اس محبوب کا باطن سراسر نور ہے اور ظاہر سراسر ہدایت۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ اَفْضَلِ مَبْعُوْثٍ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو بذات خود افضل ہیں اور مبعوث ہوئے ہیں

بِاَفْضَلِ مِلَّةٍ وَّتَحَلَّلَ الْاَنَامُ بِهٖ اَحْسَنَ حُلَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ساتھ افضل ترین ملت کے اور مخلوق نے زیب تن کیا ان کے طفیل خوبترین حلہ و خلعت کو۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ تَمَامِ نِظَامِ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ متمم ہیں سلسلۂ

النَّبِیِّیْنَ وَنَزَلَ عَلَیْهِ جِبْرَآئِیْلُ الْاَمِیْنُ بِالرِّسَالَةِ مِنْ رَّبِّ

انبیاء علیہم السلام کے اور نازل ہوئے ان پر جبرئیل امین ساتھ احکام رسالت کے

الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

رب العالمین کی طرف سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَا جُوْدَ اِلَّا مِنْ بَنَانِ یَمِیْنِهٖ وَتَلَاْلَاَ الْبَرْقُ فَوْقَ

آل پر کہ نہیں ہے جود و عطا مگر اس محبوب کے دست راست کی انگلیوں سے اور چمکا نور مانند برق کے ان کی

جَبِیْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

پیشانی مبارک پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ رَقِیَ السَّبْعَ الطِّبَاقَ بِجِسْمِهٖ وَفَضَّلَهُ

آل پر کہ جو محبوب چڑھے آسمانوں کے ساتوں طبقات پر جسم اقدس کے ساتھ اور فضیلت بخشی ہے انہیں

اللّٰهُ فِیْ غَیْبِ سَابِقِ عِلْمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سابق اور علم غیب ازلی میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَادَ مَنْ یَّاْتِیْ وَمَنْ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ سردار ہیں آنے والوں کے اور گزرے

مَّضٰی وَجَعَلَهُ اللّٰهُ لِلرِّسَالَةِ مُرْتَضٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ہوؤں کے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں رسالت کے لیے منتخب کیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَمَّلَ اللّٰهُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے لیے اللہ تعالیٰ نے کامل فرمایا ہے

لَهُ الْمَجْدَ وَالْعُلٰی وَتَلَقَّتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّسُلُ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی

بزرگی و برتری کو۔ اور استقبال کیا ان کا ملائکہ اور رسل کرام نے ملاء اعلےٰ میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ

نِ الَّذِیْ شَیَّدَ اللّٰهُ ارْتِقَآءَهٗ وَكَسَاهُ اللّٰهُ نُوْرَهٗ وَبَهَآئَهٗ اَللّٰهُمَّ

پختہ کر دیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے ارتقاء و بلندی کو اور خلعت پہنائی انھیں اپنے نور اور حسن کی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت

سَلِمَ بِهِ الدِّیْنُ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَّلَا تَعْتَرِیْ حَدَّ سُیُوْفِهٖ مَذَلَّةٌ

دین محفوظ ہو گیا ہر آفت سے اور نہیں پیش آتی ان کی تلواروں کی دھار کو ذلت

وَّلَا مَخَافَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور نہ ہی خوف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَافَقَهٗ جِبْرَآئِیْلُ وَمِیْكَآئِیْلُ وَلَبِسَ

آل پر کہ جس محبوب کے ساتھ رفاقت کا شرف حاصل کیا جبرئیل و میکائیل نے اور پہنا انہوں نے

تَاجَ الْمَهَابَةِ وَالتَّبْجِیْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

رعب و دبدبہ اور تعظیم و تکریم کا تاج۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَطْلَعَ شَمْسَ نَهَارِ الدِّیْنِ وَ

اور آپ کی آل پر جس محبوب نے دین کے روز روشن کا آفتاب بلند اور

اَشْرَقَهٗ وَاَخْفٰی لَیْلَ ظَلَامِ الْكُفْرِ وَاَمْحَقَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

روشن کیا۔ اور کفر کی شب تاریک کو روپوش اور نیست و نابود کیا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ بِالْفَضْلِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کو مختص ٹھہرایا گیا ہے ساتھ فضل و کمال کے

فِی الْاَزَلِ وَسَدَّدَهُ اللّٰهُ فِی الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ازل میں اور راسخ و مستحکم فرمایا گیا انھیں قول و عمل میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ هَدَی اللّٰهُ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کی بدولت ہدایت دی اللہ تعالیٰ نے

بِهِ الْخَلْقَ اِنْسَهٗ وَجِنَّهٗ وَاَظْهَرَ شَرْعَ اللّٰهِ فِیْنَا وَسَنَّهٗ

سب مخلوق جن و انس کو اور ظاہر کیا ہمارے اندر شرع خداوندی کو اور اسے جاری فرمایا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَكْرَمَ اللّٰهُ مَثْوَاهُ وَاَظْهَرَ سِرَّهٗ وَشَرَحَ

جس محبوب کے ٹھکانے کو اللہ نے عزت والا بنایا اور ان کے راز ہستی کو ظاہر فرمایا۔ اور کشادہ فرمایا

اللّٰهُ لِلْحَقِّ صَدْرَهٗ وَشَرَّفَ اللّٰهُ قَدْرَهٗ وَشَرَافَتَهٗ

حق کے لیے ان کے سینہ کو۔ اور بزرگی دی ان کی قدر و منزلت اور شرافت و

وَفَخْرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

فخر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ بِالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰی فِی الْوَرٰی

کی آل پر جنھیں مخصوص کیا گیا ہے شفاعت کبریٰ کے ساتھ مخلوق کے لیے

وَاَعْجَزَتْ مُعْجِزَاتُهُ الْاَنَامَ طُرًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور عاجز کر دیا ہے ان کے معجزات نے ساری مخلوق کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ شَرَحَ اللّٰهُ بِهِ الْهُدٰى

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ہدایت کو واضح کیا

وَاَقَامَهٗ وَسَارَتْ بِهٖ رِيَاحُ النَّصْرِ شَهْرًا خَلْفَهٗ وَشَهْرًا

اور اسے قائم فرمایا اور چلیں ان کی بدولت نصرت کی تند ہوائیں ایک مہینہ کی راہ تک ان کے پیچھے اور ایک مہینہ کی راہ تک

اَمَامَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ان کے آگے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ خَضَعَتْ لَهٗ فُنُوْنُ الْاَمْلَاكِ وَاَطْفَاَ

آل پر کہ جس محبوب کے لیے نیازمندی ظاہر کی تمام اقسام کے ملائکہ نے اور بجھا دیا

نُوْرُ نُبُوَّتِهٖ ظَلَامَ الْاِشْرَاكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے نور نبوت نے شرک کی ظلمتوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَنْجَحَ اللّٰهُ قَصْدَهٗ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے قصد و ارادہ کو اللہ نے کامیاب فرمایا

وَنَصَرَ اللّٰهُ حِزْبَهٗ وَاَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَكَمَّلَ اللّٰهُ لَهٗ وَصْفَهٗ

اور آپ کی جماعت کی امداد فرمائی اور اپنا وعدہ پورا کیا اور کامل کیا آپ کے لیے آپ کے ہر وصف کو

وَصَلّٰى اِمَامًا وَّالنَّبِيُّوْنَ خَلْفَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور آپ نے نماز ادا فرمائی بطور امام ہونے کے جبکہ سبھی انبیاء آپ کے پیچھے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَتِ الْبُشْرٰى

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ مسرت و خوشی

تَلُوْحُ فِىْ وَجْهِهٖ وَلَا يَاْتِى الزَّمَانُ بِشِبْهِهٖ وَلَا يَقُوْمُ بِكُنْهِهٖ

چمکتی تھی ان کے چہرۂ اقدس میں اور نہیں لاسکے گا زمانہ آپ کے مشابہ شخص کو (جیسے نہ لاسکا) اور نہ ہی موجود کر سکے گا ان کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

مجانس کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اتَّضَحَتْ بِهٖ لِلْعٰلَمِيْنَ الْمَعَالِمُ وَاَحَلَّ اللّٰهُ

کہ جس محبوب کی بدولت واضح ہوئے سب اہل جہاں کے لیے معالم دین۔ اور حلال ٹھہرایا اللہ تعالیٰ نے ان کی خاطر

لَهٗ مَا كَانَ حَرَامًا مِّنَ النَّفْلِ وَالْغَنَآئِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اموال فے اور غنیمت کو جو کہ پہلے حرام تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ اِمَامِ الْاَنْبِيَآءِ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ انبیاء علیہم السلام کے امام و

وَخَطِيْبِهَا وَدَوَآءِ الْاَدْوَآءِ وَطَبِيْبِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

خطیب ہیں اور سب بیماریوں کی دوا اور طبیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ حَيَّاهُ اللّٰهُ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا کو تحفہ دیا اللہ تعالیٰ نے

بِاَشْرَفِ الْمَكَارِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بزرگ و برتر خوبیوں کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ نَشَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِكْمَةَ فَجَمَعَهَا

اور آپ کی آل پر جس محبوب پر اللہ تعالیٰ نے حکمت کو پھیلایا پس انہوں نے اس کو اپنے دامنِ قلب میں اسمیٹ لیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

نِ الَّذِىْ جَعَلَهُ اللّٰهُ اَفْضَلَ قُدْوَةٍ وَّعُرْوَتَهٗ فِى الدِّيْنِ اَوْثَقَ

جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے بنایا افضل ترین مقتداء اور ان کے دین کی گرہ کو اور اسباب تمسک کو مضبوط ترین

عُرْوَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

گرہ اور ذریعہ تمسک بنایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ دَعْوَتُهٗ فِی الْمَحْشَرِ اَنْفَعُ دَعْوَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ جس محبوب کی دُعا محشر میں سب سے زیادہ نافع ہو گی۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَحَنَّثَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے عبادت کی غار میں

فِی الْغَارِ قَبْلَ اَنْ یُّوْحٰٓی اِلَیْهِ وَجَعَلَ اللّٰهُ کُلَّ خَیْرٍ فِی الصَّلٰوةِ

قبل اس کے کہ ان پر وحی نازل کی جائے اور بنائی ہے اللہ تعالیٰ نے ہر خیر ان پر درود بھیجنے

عَلَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بِعْثَتُهٗ اَمَانٌ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْوَجَلِ اَللّٰهُمَّ

محبوب کی بعثت امان ہے خوف و خطر سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب نے

جَدَّ فِیْ مَحْوِ الضَّلَالَةِ وَمَحْقِهٖ وَتَمَّمَ اللّٰهُ بِهٖ تَمَامَ خُلُقِهٖ اَللّٰهُمَّ

کوشش فرمائی گمراہی کے مٹانے اور بے نام ونشان کرنے میں اور تکمیل فرمائی اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعے اپنے تمام پسندیدہ اخلاق کی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کے

فَازَ مَنْ اَلْقٰی اِلَیْهِ زِمَامَهٗ وَشَرَحَ اللّٰهُ بِهِ الْهُدٰی وَاَقَامَهٗ اَللّٰهُمَّ

حوالے کیا جس نے اپنی باگ ڈور کو تو وہ کامیاب ہوگیا اور واضح کیا اللہ نے ان کے طفیل ہدایت کو اور مستحکم فرمایا۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو

دَعَاهُ اللّٰهُ لِمُنَاجَاتِهٖ وَفَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلٰی جَمِیْعِ مَخْلُوْقَاتِهٖ مِنْ

اللہ تعالیٰ نے بلایا اپنی ہمکلامی کے لیے اور انھیں فضیلت دی اپنی تمام مخلوق پر

اَهْلِ اَرْضِهٖ وَسَمٰوٰتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

خواہ اہل ارض سے ہے یا اہل سمٰوات سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَعْلَی اللّٰهُ عَلَی الْاَدْیَانِ دِیْنَهٗ

اور آپ کی آل پر کہ جس آقا کا دین اللہ نے سب ادیان پر بلند فرمایا

وَیُحْشَرُ تَحْتَ لِوَآئِهٖ اٰدَمُ فَمَنْ دُوْنَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور جمع کئے جائیں گے ان کے پرچم کے نیچے آدم علیہ السلام اور ان کے بعد والے انبیاء۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ فَضَّلَ اللّٰهُ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی صنف کو فضیلت دی اللہ تعالیٰ

مِنْ صِنْفِ النَّبِیِّیْنَ صِنْفَهٗ وَحَسَّنَ اللّٰهُ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ مَرْاٰهُ

نے انبیاء علیہم السلام کے اصناف اور فروع پر اور حسین بنایا تمام اوّلین سے ان کے منظر کو

وَلَیَّنَ عِطْفَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اور نرم بنایا ان کے پہلو کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِی اسْتَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْ سُلَالَةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

سیّدنا محمّد کی آل پر جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا۔ عبد المطلب

ابْنِ هَاشِمٍ وَّحَمَا اللّٰهُ بِهٖٓ اَهْلَ الدُّنْیَا وَالدِّیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بن ہاشم کی نسل سے اور محفوظ فرمایا ان کے طفیل دُنیا والوں کو اور دینداروں کو۔ اے اللہ رحمت

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَمَحَ

و سلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس آقا نے

غَمَامَ الْجُوْدِ مِنْ یَّمِیْنِهٖ وَجَعَلَهُ اللّٰهُ مُقْتَدًی بِهٖ وَبِدِیْنِهٖ

جود و نوال کے ابر کو جاری فرمایا اپنے دائیں ہاتھ سے۔ اور اللہ نے ان کو مقتدیٰ بنایا اور ان کے دین کو لائق اقتدا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ الَّذِیْ صَدَّقَهٗ اَهْلُ الصِّدْقِ وَالْفَضَآئِلِ وَقَامَتْ
جس رسول برحق کی تصدیق کی اہل صدق اور باب فضائل نے اور قائم ہوئے
بِصِدْقِهِ الْاٰیَاتُ وَالدَّلَآئِلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
ان کے صدق و حقانیت کے ساتھ آیات اور دلائل۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ تُقْضٰی بِعَظِیْمِ شَانِهٖ
محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ فیصلے صادر کئے جاتے ہیں اس محبوب کی عظمت شان کیساتھ
وَتُلُقِّیَ الْقُرْاٰنُ مِنْ فَصِیْحِ لِسَانِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور حاصل کیا جاتا ہے قرآن ان کی فصیح و بلیغ زبان سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اَعْظَمَ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ عطا کیا اللہ تعالیٰ نے ان کو عظیم تر
وَسَآئِلَ وَشَفَّعَهُ اللّٰهُ فِیْ کُلِّ خَآئِفٍ وَّنَاعِلٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وسیلہ۔ اور شفیع بنایا انھیں ہر خوفزدہ اور خشیت والے میں۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ ذَلَّ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ تابعدار بنایا
کُلَّ الْعِدٰی بِحُسَامِهٖ وَاَعْطَاهُ اللّٰهُ مِنْ خَیْرِ الدَّارَیْنِ فَوْقَ مَطْلَبِهٖ
جس آقا نے تمام دشمنوں کو اپنی تلوار سے۔ اور عطا کیا اللہ تعالیٰ نے ان کو دارین کی خیر سے ان کے مقصد و مرام
وَمَرَامِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
سے زیادہ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِ الَّذِیْ بِدَایَتُهٗ لِلْمُرْسَلِیْنَ نِهَایَةٌ وَّلَهٗ مِنَ اللّٰهِ
پر کہ جس آقائے خلق کی ابتداء مرسلین کے مقامات کی انتہاء ہے۔ اور ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے
کِفَایَةٌ وَّحَوْطَةٌ وَّحِمَایَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
کفایت و حفاظت اور حمایت حاصل ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ کَسَاهُ اللّٰهُ نُوْرَهٗ وَبَهَآئَهٗ
محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ پہنایا اللہ تعالےٰ نے انہیں نور اور حسن
وَطَهَّرَ اللّٰهُ مَکَانَهٗ وَمَثْوَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
اور پاک کیا ان کے مکان اور ٹھکانے کو۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ نُهِیَ عَنْ زَخَارِفِ
محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو روک دیا گیا دُنیا کی آرائشوں (کی طرف نظر کرنے)
الدُّنْیَا وَاَقَرَّ لَهٗ بِالْفَضْلِ مَنْ کَانَ قَبْلَهٗ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ
سے اور اقرار کیا ان کے فضل و کمال کا پہلے مرسلین اور
الْاَنْبِیَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
انبیاء علیہم السلام نے۔ اے اللہ رحمت وسلامتی نازل فرما سیّدنا محمّد اور سیّدنا محمّد کی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ خُصَّ بِالْحَوْضِ وَاللِّوَاءِ وَاَرْسَلَهُ اللّٰهُ
آل پر کہ جو محبوب مخصوص ٹھہرائے گئے حوض کوثر اور لواء حمد کے ساتھ اور مبعوث فرمایا انہیں اللہ
اِلٰی کَآفَّةِ الْخَلْقِ بِالسَّوَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
نے تمام مخلوق کی طرف ساتھ راہ اعتدال کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ طَبَعَهُ اللّٰهُ عَلٰی مَکَارِمِ الْاَخْلَاقِ
اور آپ کی آل پر کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے اس محبوب کو مکارم اخلاق پر
وَاَعْطَاهُ اللّٰهُ سُؤْلَهٗ یَوْمَ التَّلَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور عطا کرے گا انھیں ان کا مطلوب قیامت کے دن۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَغَاثَ اللّٰهُ
سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے فریاد رسی فرمائی
بِهِ الْوَرٰی وَرَحِمَ اللّٰهُ بِهِ الْعِبَادَ طُرًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
ان کی بدولت سب مخلوق کی اور ان کے طفیل رحم فرمایا سب بندوں پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَحْیَ اللّٰہُ بِہٖ
سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے زندہ فرمایا ان کی بدولت

رُسُوْمَ الدِّیْنِ وَاَذَلَّ اللّٰہُ بِہٖ رِقَابَ الْکَفَرَۃِ الْجَاحِدِیْنَ
دین کے آثار کو اور ذلیل کیا ان کے ذریعے کفار و منکرین کو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

نِ الَّذِیْ ھُوَ بِکُلِّ خَیْرٍ یُّوْصَفُ وَھُوَ بِالصِّدْقِ قَبْلَ النُّبُوَّۃِ
جو محبوب کہ ہر خیر و خوبی کے ساتھ موصوف ہیں۔ اور اعلان نبوّت سے قبل صدق کے ساتھ

یُعْرَفُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
معروف تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ احْتُرِمَتْ بِہِ النُّفُوْسُ وَرَفَعَ اللّٰہُ بِہِ
آل پر کہ احترام کیا گیا ان کے صدقے میں نفوس کا اور اُٹھا لیا اللہ تعالیٰ نے ان کے طفیل

الضَّرَّآءَ وَالْبُؤُوْسَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
نقصانات اور شدائد کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَرْسَلَہُ اللّٰہُ لِلْاِسْلَامِ دَاعِیًا
اور آپ کی آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے ارسال فرمایا اس محبوب کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے

وَّبَعَثَہُ اللّٰہُ لِلْکُفْرِ مَاحِیًا وَّعَنِ الْبُھْتَانِ نَاھِیًا اَللّٰھُمَّ
اور مبعوث فرمایا انھیں کفر کو مٹانے کے لیے۔ اور بہتان تراشی سے منع کرنے کے لیے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

نِ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰہُ زِمَامَ الْمَعَالِیْ فِیْ یَدَیْہِ وَحَرَمًا اٰمِنًا لِّمَنْ
کہ اللہ تعالیٰ نے دے دی برتریوں کی لگام اس محبوب کے ہاتھوں میں۔ اور بنایا انھیں امن والا حرم واسطے

یَّلْجَاُ اِلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
پناہ طلب کرنے والے کے طرف ان کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ کَانَ لَمْ یَزَلْ مَکِیْنًا اَمِیْنًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ
آل پر جو محبوب کہ ہمیشہ سے برتری اور امانت کے مالک رہے۔ اے اللہ رحمت

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ الطَّاھِرِیْنَ
اور سلامتی نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ فرزندارجمند ہیں پاکباز مردوں

وَالطَّاھِرَاتِ وَالْمُحْصِنِیْنَ وَالْمُحْصِنَاتِ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ یَّعْلَمُ
اور عورتوں کے اور نکاح والے مردوں اور عورتوں کے۔ اے اللہ، اے کہ جانتا ہے

مُرَادَ الْمُرِیْدِیْنَ وَیَا مَنْ یَّعْلَمُ ضَمِیْرَ الصَّامِتِیْنَ یَا مَنْ
مراد مراد والوں کی، اے کہ جانتا ہے خاموش لوگوں کے قلبی معاملات کو۔ اے کہ

یَّسْمَعُ اَنِیْنَ الْوَاھِنِیْنَ یَا مَنْ یَّرٰی بُکَآءَ الْخَآئِفِیْنَ یَا مَنْ
سنتا ہے کمزوروں کی آہوں کو۔ اے کہ دیکھتا ہے رونا خوفزدگان کا۔ اے کہ

یَّمْلِکُ حَوَآئِجَ السَّآئِلِیْنَ یَا مَنْ یَّقْبَلُ عُذْرَ التَّآئِبِیْنَ یَا مَنْ
مالک ہے سائلوں کی حاجات کا۔ اے کہ قبول فرماتا ہے معذرت توبہ کرنے والوں کی۔ اے کہ

لَّا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ اَللّٰھُمَّ یَا صَانِعَ کُلِّ مَصْنُوْعٍ وَّیَا
نہیں ضائع کرتا اجر نکوکاروں کا۔ اے اللہ، اے بنانے والے ہر شئ کے۔ اور اے

جَابِرَ کُلِّ کَسِیْرٍ وَّیَا حَاضِرَ کُلِّ خَآئِفٍ وَّیَا مُؤْنِسَ کُلِّ فَقِیْرٍ
درست کرنے والے ہر ٹوٹی شئ کے۔ اے موجود ہونے والے پاس ہر خوفزدہ کے اے انس دینے والے ہر

وَّیَا خَالِقَ کُلِّ مَخْلُوْقٍ وَّیَا فَاتِحَ کُلِّ مَفْتُوْحٍ وَّیَا حَافِظَ کُلِّ
فقیر کے۔ اے پیدا کرنے والے ہر مخلوق کے۔ اے فتح کرنے والے ہر مفتوح کے۔ اے حفاظت کرنے والے ہر

مَحْفُوْظٍ وَّیَا غَالِبَ کُلِّ مَغْلُوْبٍ وَّیَا مَالِکَ کُلِّ مَمْلُوْکٍ وَّیَا
محفوظ کے۔ اے غالب ہر مغلوب کے اے مالک ہر مملوک۔ اے

شَاهِدَ كُلِّ مَشْهُوْدٍ اجْعَلْ مِنْ اَمْرِىْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاقْذِفْ

شاہد ہر مشہود کے بنا میرے لیے کشائش اور خلاص کی راہ میرے امور میں۔ اور ڈال دے

فِىْ قَلْبِىْ اَنْ لَّآ اَرْجُوْا اَحَدًا سِوَاكَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ

میرے دل میں (اپنی رجا اس حد تک) کہ نہ امید رکھوں تیرے سوا کسی سے۔ اے دلوں کو پھیرنے والے پھیر دے

قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ يَا دَآئِمَ الْاَبَدِ الْمُحْصِىَ الْمُهْدِىْ بِعَدَدِ

ہمارے دلوں کو (اپنی طرف) اے اللہ اے ہمیشہ رہنے والے، اے احاطہ کرنے والے، ہدیہ دینے والے بمطابق گنتی

الْحَصَى الْحُنَفَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

کنکریوں کے حق کی طرف مائل ہونے والوں کو، اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

نِ الَّذِىْ يُنَادٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِكْرَامًا لِّعُلُوِّ شَرَفِ قَدْرِهٖ وَشَرَافَةِ

کہ ندا دی جائے گی قیامت کے دن ان کی قدر و منزلت کی بلندی اور عظمت و شرافت

عَظَمِهٖ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مَنْ يُّسَمّٰى بِاسْمِهٖ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا

کے اکرام کے لیے کہ ضرور داخل ہوں گے جنت میں جو موسوم کیے گئے ہیں اس محبوب کے اسم پاک کے ساتھ۔ اے اللہ ہمیں محفوظ

مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْقَضَآءِ بِمَآ اَهْلَكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْدَآءِ وَبِمَا يُهِيْجُ

فرما تمام بلیات سے اور قضاء سے ساتھ اس شئی کے جو ہلاک کرے یعنی اعداء کے شر سے اور ساتھ اس شئی کے جس کو بھڑکائے

الْحَمْرَآءُ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بَيْنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ

گرما کی شدت یعنی شر ہر اس شئی کا جسے پیدا کیا زمین اور آسمان کے درمیان بحق خاتم سلیمان بن

بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَبِحَقِّ تَمْخِيْثًا يَا تَمْخِيْثًا يَا مُوْشَطِيْثًا يَا

داؤد علیہما السلام اور بحق تمخیثا یا تمخیثا یا موشیطیثا یا

كَهِيْجُ يَا كَهْكَهِيْجُ يَا رَبَّاهُ يَا سَيِّدَاهُ يَا مَوْلَاهُ يَا غَايَةَ رَغْبَتَا بِشَرَفِ

کھیج یا کھکھیج، اے رب۔ اے سید، اے مولیٰ اے میرے منتہائے رغبت بطفیل اپنے شرف

رَغْبَتِهٖ وَمَحَبَّتِهٖ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ يَا

رغبت و محبت کے۔ اے فریادیوں کے فریاد رس۔ اے خوفزدگان کی امان۔ اے

مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ يَا قَاضِىَ الْحَاجَاتِ اسْتَجِبْ دُعَآئِىْ بِحَقِّ اٰدَمَ

دعاؤں کو قبول کرنے والے، اے حاجات کے پورا کرنے والے قبول فرما میری دعا کو بطفیل حق آدم

صَفِىِّ اللّٰهِ وَنُوْحٍ نَّبِىِّ اللّٰهِ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ وَمُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ وَ

صفی اللہ کے اور نوح نبی اللہ، ابراہیم خلیل اللہ اور موسیٰ کلیم اللہ کے اور

عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ جِبْرَآئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ

عیسیٰ روح اللہ اور محمد رسول اللہ کے اور بحق جبرائیل و میکائیل

وَاِسْرَافِيْلَ وَعَزْرَآئِيْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِىِّ وَالْكَرُوْبِيِّيْنَ

اور اسرافیل و عزرائیل کے اور حاملین عرش و کرسی اور کروبیون

وَالرُّوْحَانِيِّيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَبِحَقِّ سَفَرَةِ الْبَرَرَةِ وَالْكِرَامِ

اور روحانیوں کے اور ملائکہ مقربین کے اور بحق ان ملائکہ کرام کے جو کاتبان (صحف و کتب ہیں) اور بزرگ

الْكَاتِبِيْنَ وَبِحَقِّ تَوْرَاةِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ

ملائکہ کے جو کاتبان اعمال ہیں۔ اور بحق تورات موسیٰ و انجیل عیسیٰ و زبور داؤد اور فرقان

مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِىْ شَرَفًا

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ و صحبہ وسلم۔ اے اللہ مجھے عطا فرما شرف

وَّشَرَافَةً بِشَرَفِهٖ وَشَرَافَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور بزرگی بطفیل شرف اور شرافت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَوَّنَهُ اللّٰهُ

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ بنایا اس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے ہر موجود سے

قَبْلَ كُلِّ وُجُوْدٍ وَّكَانَ اٰدَمُ غَيْرَ مَوْجُوْدٍ وَّلَاذَ بِهٖ اٰدَمُ فَتِيْبَ عَلَيْهِ

پہلے جبکہ حضرت آدم بھی موجود نہیں ہوئے تھے۔ اور پناہ پکڑی ساتھ ان کے آدم علیہ السلام نے پس ان پر توبہ کی گئی

وَبَوَّا اِدْرِيْسَ مَكَانَ صِدْقٍ لَّدَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور جگہ دی ادریس علیہ السلام کو مکان صدق میں پاس اپنے (انھیں کے طفیل) اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ نَالَ بِهٖ نُوْحٌ فِى

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ پایا انہیں کے طفیل نوح علیہ السلام نے

السَّفِيْنَةِ اَمْنًا وَّخُصَّ بِهٖ صَالِحٌ بِالْمَقَامِ الْاَسْنٰى وَعَزَّ بِهٖ

کشتی میں امن ۔ اور خاص کئے گئے بطفیل ان کے صالح علیہ السلام ساتھ بلند مرتبت کے ۔ اور عزت پائی بطفیل ان کے

شُعَيْبٌ وَّهُوْدٌ وَّجَاهَدَ بِهٖ مُوْسَى الْيَهُوْدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

شعیب اور ہود علیہما السلام نے ۔ اور جہاد کیا انھیں کے طفیل موسیٰ علیہ السلام نے یہود سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ نَجٰى بِهٖ اٰدَمُ مِنْ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ نجات پائی بطفیل ان کے آدم علیہ السلام نے اپنی

ذَنْبِهِ الَّذِىْ كَانَ وَنُوْحٌ مِّنَ الطُّوْفَانِ وَالْكَلِيْمُ بِشَقِّ الْبَحْرِ مِنْ

خطاء اجتہادی کے اثر مترتب سے اور نوح علیہ السلام نے طوفان سے ۔ اور حضرت کلیم نے بطفیل ان کے سمندر کے پھٹ جانے کے

فِرْعَوْنَ وَجُنُوْدِهٖ وَرَفَعَ اللّٰهُ بِهٖ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ فَنَجٰى مِنْ يَّهُوْدِهٖ

بعد فرعون سے اور اس کے لشکروں سے ۔ اور اُٹھا لیا انھیں کے طفیل اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو پس نجات پائی انھوں نے یہود سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اسی محبوب کے طفیل

بِهٖ صَيَّرَ النَّارَ بَعْدَ الضِّرَامِ عَلَى الْخَلِيْلِ بَرْدًا وَّسَلَامًا وَّاُعْطِىَ بِهٖ

کر دیا اللہ نے آگ کے بھڑکنے کے بعد حضرت خلیل علیہ السلام پر ٹھنڈک اور سلامتی اور عطا کئے گئے انھیں کے

دَاوٗدُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ وَاُوْتِىَ بِهٖ سُلَيْمَانُ الْمُلْكَ وَحُسْنَ

طفیل داؤد علیہ السلام حکمت اور فصل خطاب اور دیا گیا انھیں کے طفیل سلیمان علیہ السلام کو ملک اور اچھا

الْمَاٰبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ٹھکانہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ اُفْدِىَ بِهِ الذَّبِيْحُ وَكَانَ بِهٖ دُعَاۤءُ الْمَسِيْحِ ط وَ

کہ جس محبوب کے طفیل فدیہ دیئے گئے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور تھی انہیں کے صدقے میں دُعا مسیح علیہ السلام کی مقبول ۔ اور

كَشَفَ اللّٰهُ بِهِ الضُّرَّ عَنْ اَيُّوْبَ وَبِاسْمِهٖ رُدَّ يُوْسُفُ اِلٰى

دور کیا اللہ تعالیٰ نے بطفیل ان کے ایوب علیہ السلام سے بیماری کو ۔ اور انہیں کے نام کے صدقے میں لوٹایا گیا یوسف علیہ السلام کو

يَعْقُوْبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

طرف یعقوب علیہ السلام کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ نَالَ الصَّبْرَ وَالرِّضٰى زَكَرِيَّا بِعُلَاهُ وَاٰنَسَ ذُو النُّوْنِ

کہ پایا صبر ورضا کو زکریا علیہ السلام نے ان کی برتری کے صدقے میں ۔ اور انس حاصل کیا ذوالنون علیہ السلام نے

مِنْ سَنَاهُ وَنَجَّى اللّٰهُ بِهٖ لُوْطًا وَّلَمْ يَكُنْ نَّبِىٌّ وَّهُوَ بِهٖ مَنُوْطٌ اَللّٰهُمَّ

ان کے نور وضیاء سے اور نجات دی ان کے صدقے لوط علیہ السلام کو اور نہیں موجود ہوا کوئی نبی مگر وہ آپ کے ساتھ متعلق تھا ۔ اے اللہ

اعْصِمْنِىْ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِعِصْمَةِ شَرَفِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

مجھے بچا شیطان رجیم سے اس محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی عصمت و شرف کے

وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ وَلَا يَهْدِىْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّآ

طفیل ۔ اے اللہ مجھے ہدایت دے اچھے اخلاق کی اور نہیں ہدایت دیتا ان کی مگر

اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّىْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّىْ سَيِّئَهَا اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰهُمَّ

تو ہی اور دور کر مجھ سے بُرے اخلاق کو اور نہیں دور کرتا انہیں مگر تو ہی ۔ اے اللہ

بَاعِدْ بَيْنِىْ وَبَيْنَ خَطَايَاىَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

دوری پیدا فرما درمیان میرے اور میری خطاؤں کے جیسے کہ تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری پیدا کی

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَاىَ بِالْمَاۤءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّنِىْ مِنَ الْخَطَايَا

اے اللہ دھو ڈال میرے گناہوں کو ساتھ پانی، برف اور اولوں کے اور پاک کر مجھے گناہوں سے

كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ ذَنْبِىْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ

جیسے پاک کیا جاتا ہے کپڑا میل سے ۔ اے اللہ بخش دے میرے گناہ تمام چھوٹے اور بڑے

وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ نَفْسِىْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا

اوّل و آخر اور علانیہ و خفیہ ۔ اے اللہ عطا کر میرے نفس کو تقویٰ اور اسے پاک فرما

اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکّٰهَا اَنْتَ وَلِیُّهَا وَمَوْلٰهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

تو ہی بہترین پاک کرنے والا ہے اس کا۔ تو ہی اس کا ولی اور مولیٰ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مِنْ مَّقَامِهِ الْاَنْبِیَآءُ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اسی محبوب کے مرتبہ ومقام کی بدولت انبیاء نے بلندی پائی

سَمَتْ وَمِنْ بِحَارِ جُوْدِهٖ غَرَفَتْ وَمَا نَالَ اَحَدٌ مِّنْهُمْ مِنْحَةً اِلَّا بِهٖ

اور انھیں کے جود و عطا کے سمندروں سے چلو بھرے۔ اور جس نے جو انعام پایا انھیں کے ذریعے پایا اور انھیں پر

وَاِلَیْهِ انْتَهَتْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

ان انعامات کی انتہاء ہوئی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَدْرِ الْاَنْبِیَآءِ وَقُدْوَتِهِمْ وَصَفْوَةِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخِیْرَتِهِمْ

جو محبوب کہ انبیاء علیہم السلام کے صدر اور مقتدار ہیں اور مرسلین سے منتخب اور افضل ہیں

وَسَمَكِ صُعُوْدِهِمْ وَسَبَبِ وُجُوْدِهِمْ وَعَیْنِ کَمَالِهِمْ وَرِیَاضِ

ان کی ترقی کی انتہاء اور معراج ہیں۔ ان کا سبب وجود اور عین کمال ہیں۔ اور ان کے جمال

جَمَالِهِمْ وَمَهَبِّ رِیَاحِهِمْ وَعَنْبَرِ اَرْیَاحِهِمْ وَعِزَّةِ یُمْنِهِمْ وَ

کے باغات اور ان کے لیے اُٹھنے والی ہواؤں کا منبع ہیں اور ان کی خوشبوؤں کے لیے عنبر۔ ان کی برکتوں کی عزّت

بَهْجَةِ حُسْنِهِمْ وَمَحْضِ هِدَایَتِهِمْ وَعَیْنِ عِنَایَتِهِمْ وَقِبْلَةِ

ان کے حسن کی بہار۔ خالص ہدایت اور مجسّم عنایت، قبلۂ

صَلَاتِهِمْ وَمَدَدِ صِلَاتِهِمْ وَکَعْبَةِ طَوَافِهِمْ وَدَعْوَةِ اَسْلَافِهِمْ

صلوٰۃ اور ان کی عطیات کی افزائش (برکات) ان کے طواف کا کعبہ۔ ان کے اسلاف کی دعوت

وَمِفْتَاحِ خَزَآئِنِهِمْ وَیَنْبُوْعِ مَعَادِنِهِمْ وَنُوْرِ اَنْوَارِهِمْ وَسِرِّ

ان کے خزائن کی چابی۔ ان کے معادن کا سرچشمہ۔ ان کا نور انوار اور سر الاسرار

اَسْرَارِهِمْ وَتَاجِ رُءُوْسِهِمْ وَغِذَآءِ نُفُوْسِهِمْ وَعَلَمِ اَعْلَامِهِمْ

ان کے سروں کا تاج۔ نفوس کی غذاء، ان کے پرچموں کی زینت ہیں

وَمِسْکَةِ خِتَامِهِمْ وَعِقْدِ سِلْکِهِمْ وَشِرَاعِ فُلْکِهِمْ وَفَیْضِ مَنْهَلِهِمْ

ان کی مہر کی کستوری اور ان کی لڑی کا ہار ہیں۔ ان کی کشتی کا بادبان۔ ان کے گھاٹ کا فیضان

وَبَابِ مَدْخَلِهِمْ وَظِلِّهِمُ الْمَدِیْدِ وَحِصْنِهِمُ الْمَشِیْدِ وَفَجْرِهِمُ

ان کے داخل ہونے کا دروازہ۔ اور ان پر دراز سایہ۔ ان کا مضبوط قلعہ۔ ان کی چمکتی فجر

اللَّامِعِ وَطُوْرِهِمُ الْمَانِعِ وَحَجِّهِمُ الْمَبْرُوْرِ وَسَعْیِهِمُ الْمَشْکُوْرِ وَ

اور ان کا محافظ طور۔ ان کا مقبول حج۔ ان کی قابل شکر یہ سعی

حَظِّهِمُ الْوَافِیْ وَدَوَآئِهِمُ الشَّافِیْ وَسِرَاجِهِمُ الزَّاهِیْ وَطِرَازِهِمُ

ان کا خط کامل۔ ان کی دواء شافی۔ ان کا چمکتا چراغ۔ اور ان کا قابل فخر نقش و نگار

الْبَاهِیْ وَغُرَّةِ اٰفَاقِهِمْ وَلُبَابَةِ اَعْرَاقِهِمْ وَهُدٰی صَلَاحِهِمْ وَرُشْدِ

ان کے آفاق کی روشنی۔ ان کی ہڈیوں کا مغز۔ ان کی بہتری کی ہدایت۔ اور کامیابی کی

فَلَاحِهِمْ وَوُصْلَةِ مَوْصُوْلِهِمْ وَسُلَّمِ وُصُوْلِهِمْ وَحُلِیِّ اَجْیَادِهِمْ

رہنمائی۔ ان کی پیوستگی کا ذریعۂ وصل۔ اور ان کے وصول کی سیڑھی۔ اور ان کی گردنوں کے ہار اور زیورات

وَمَدَدِ اَمْدَادِهِمْ وَجَامِعِ شَمْلِهِمْ وَخِتَامِ مَحْفَلِهِمْ وَمَبْلَغِ شُیُوْنِهِمْ

ان کی امدادوں کا ذریعہ و وسیلہ۔ ان کی جمعیت کا سامان۔ ان کی محافل کا انجام اور ان کے اوصاف و کمالات کا منتہا

وَاِنْسَانِ عُیُوْنِهِمْ وَاُنْسِ اُنْسِهِمْ وَضِیَآءِ شَمْسِهِمْ وَذِرْوَةِ سَنَامِهِمْ

ان کی آنکھوں کی پتلی۔ ان کے انس کا موجب۔ ان کے آفتاب کی ضیاء۔ اور ان کی بلندیوں کی چوٹی اور غایت

وَاِمَامِ اِمَامِهِمْ وَمِسْکَةِ حَبِیْبِهِمْ وَذَرِیْرَةِ طَبِیْبِهِمْ وَ

اور ان کے اماموں کے امام۔ ان کے حبیب کے کنگن۔ اور ان کے طبیب کی چھڑکنے والی دوائی اور

ضَوْءِ سِرَاجِهِمْ وَسُمُوِّ مِعْرَاجِهِمْ وَصَدْرِ صُدُوْرِهِمْ وَبَدْرِ

ان کے چراغ کی روشنی۔ ان کے معراج کی بلندی اور ان کے صدر الصدور۔ اور ان کے ماہتابوں کے

بُدُوْرِهِمْ وَمَشْرَعِ شَرْعِهِمْ وَمَجْمَعِ جَمْعِهِمْ وَقُطْبِ فَلَکِهِمْ وَ

ماہتاب۔ ان کے شرائع کا گھاٹ۔ اور ان کے اجتماع کا محل و مقام۔ ان کے فلک کا قطب اور

عَيْنِ كَتِيْبَتِهِمْ وَوَاسِطَةِ قِلَادَتِهِمْ وَبَيْتِ قَصِيْدَتِهِمْ وَنُقْطَةِ

ان کے لشکروں کے نگران۔ اوران کے ہار کا درمیانی قیمتی جوہر۔ ان کے قصیدہ کا بیت۔ ان کے دائرہ نبوت

دَائِرَتِهِمْ وَشَمْسِ عُلَاهُمْ وَهِلَالِ لَيْلَتِهِمْ وَرَأْسِ مَشْرَبِهِمْ

کا مرکز۔ ان کی بلندی و برتری کا آفتاب اور ان کی رات کا ہلال۔ ان کے مشرب کا اصل

وَغَايَةِ مَطْلَبِهِمْ وَبَدْرِ هُدَاهُمْ وَنَجْمِ عُلَاهُمْ وَنُوْرِ بَهَاهُمْ

اوران کے مطلب کی غایت۔ ان کی ہدایت کا بدر منیر۔ اور ان کی برتری کا ستارا اوران کے حسن کا نور

وَضَوْءِ سَنَاهُمْ وَيُمْنِ طَرِيْقَتِهِمْ وَغُصْنِ حَدِيْقَتِهِمْ وَمَرْكَزِ

ان کی روشنی کی ضو۔ ان کے طریقہ کی برکت۔ ان کے باغ کی تازہ شاخ۔ اور ان کے وجود کا

وُجُوْدِهِمْ وَفَلَكِ صُعُوْدِهِمْ وَمَدَدِ جَمَالِهِمْ وَسُؤْدَدِ كَمَالِهِمْ

مرکز۔ ان کی بلندیوں کا آسمان۔ ان کے جمال کا موجب افزائش اور ان کے کمال کی سیادت

وَمَنْهَلِ وُرُوْدِهِمْ وَخَالِصِ وُدِّهِمْ وَمَطْلَعِ أَنْوَارِهِمْ وَرَوْضَةِ

ان کا دریا، پیاس بجھانے کیلئے وارد ہونے اور وصول کا گھاٹ۔ ان کی محبت کا خلاصہ ان کے انوار کا افق مشرق ان کے پھولوں کا باغ

أَزْهَارِهِمْ وَعَرْشِ أَكْنَافِهِمْ وَجَوْهَرِ أَصْدَافِهِمْ وَحَبْلِ اعْتِصَامِهِمْ

ان کے اطراف و جوانب کے (محیط) عرش۔ ان کی سیپیوں کے جوہر۔ ان کے تمسک کے قابل حبل متین

وَنَتِيْجَةِ أَفْهَامِهِمْ وَرُكْنِهِمُ السَّدِيْدِ وَطَالِعِهِمُ السَّعِيْدِ وَصُبْحِهِمُ

ان کے افہام و عقول کا نتیجہ و ثمرہ۔ اور ان کا مضبوط سہارا۔ ان کا سعادت مند ستارا۔ ان کی واضح صبح سعادت

الْأَبْلَجِ وَحُسْنِهِمُ الْأَبْهَجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اوران کا رونق افزا حسن۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ أُعْطِيَ خُلُقَ اٰدَمَ وَمَعْرِفَةَ شِيْثَ

اور آپ کی آل پر جس محبوب کو عطا کیا گیا ہے آدم علیہ السلام کا خلق۔ حضرت شیث کی معرفت

وَشُجَاعَةَ نُوْحٍ وَّشِدَّةَ مُوْسٰى وَخُلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ وَلِسَانَ

حضرت نوح کی شجاعت۔ حضرت موسیٰ کی شدت حضرت ابراہیم کی خلت۔ حضرت اسماعیل کی

إِسْمٰعِيْلَ وَحُبَّ دَانِيَالَ وَرِضٰى إِسْحَاقَ وَزُهْدَ عِيْسٰى وَ

زبان فصیح۔ حضرت دانیال کی محبت۔ حضرت اسحاق کی رضا۔ حضرت عیسیٰ کا زہد

فَصَاحَةَ صَالِحٍ وَّحِكْمَةَ لُوْطٍ وَّجَمَالَ يُوْسُفَ وَبُشْرٰى يَعْقُوْبَ

حضرت صالح کی فصاحت۔ حضرت لوط کی حکمت۔ حضرت یوسف کا جمال۔ حضرت یعقوب کی بشارت

وَطَاعَةَ يُوْنُسَ وَجِهَادَ يُوْشَعَ وَصَوْتَ دَاوٗدَ وَعِصْمَةَ يَحْيٰى

حضرت یونس کی طاعت۔ حضرت یوشع کا جہاد۔ حضرت داؤد کی سریلی آواز۔ حضرت یحییٰ کی پاکدامنی

وَصَبْرَ أَيُّوْبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور حضرت ایوب کا صبر علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ مَنْظَرُهٗ يَدُلُّ عَلٰى نُبُوَّتِهٖ وَخُلُقُهٗ

آل پر جن کا چہرہ اقدس ان کی نبوت پر دلالت کرتا تھا اور جن کا خلق حسن

يَدُلُّ عَلٰى حُسْنِ سِيْرَتِهٖ وَسَرِيْرَتِهٖ وَظَهَرَتْ أَنْوَارُ النُّبُوَّةِ عَلٰى

ان کے حسن کردار اور حسن باطن پر دلالت کرتا تھا اور ظاہر ہوئے نبوت کے انوار ان کی جبین اقدس پر

جَبِيْنِهٖ قَبْلَ الْبِعْثَةِ وَلَمْ يَتْرُكْ دِيْنَارًا وَّلَا دِرْهَمًا يَّرِثُهٗ وَرَثَتُهٗ

ان کی بعثت سے قبل۔ اور انہوں نے ترکہ میں نہ چھوڑا درہم و دینار کو جس کے وارث بنتے ان کے قریبی رشتہ دار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو

أُوْتِيَ مَقَالِيْدَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَلٰى فَرَسٍ أَبْلَقَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عطا کی گئیں آسمانوں اور زمینوں (کے خزائن) کی جابیاں چتکبرے گھوڑے پر (لادکر)۔ اے اللہ رحمت

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ هُوَ عِمَادُ

اور سلامتی نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ ستون ہیں

الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَأَتَمَّ اللّٰهُ بِهِ الْكَلِمَةَ الْعُلْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

دین و دنیا کے اور کامل فرمایا ان کی بدولت اللہ تعالیٰ نے کلمہ علیا (کلمہ توحید) کو۔ اے اللہ رحمت و سلامتی نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بُغِضَتْ اِلَیْهِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ مبغوض ٹھہرائے گئے طرف اس محبوب کے

فِیْ حَالِ صِغْرِهِ الْاَوْثَانُ وَاُعْطِیَ اَلْفَ قَصْرٍ مِّنْ لُّؤْلُؤٍ تُرَابُهَا

بچپن میں ہی اصنام اور عطا کئے گئے آپ کو ہزار محلات موتی سے جن کے صحن کی تراب (کی جگہ)

الْمِسْكُ وَالزَّعْفَرَانُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کستوری اور زعفران بچھا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ الْاَنْبِیَآءَ فِی الْمَعَادِ

سیدنا محمد کی آل پر کہ کر دیا ہے اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو آخرت میں

تَلْجَاُ اِلَیْهِ وَجَعَلَ اللّٰهُ الْمَلٰٓئِکَةَ تُبَلِّغُهٗ صَلٰوةَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ

پناہ پکڑنے والے طرف ان کے اور متعین کر دیا ہے ملائکہ کو جو پہنچاتے ہیں انھیں درود و سلام درود و سلام

وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

بھیجنے والوں کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ یَتَزَوَّجُ مَرْیَمَ وَاٰسِیَةَ فِی الْجَنَّةِ الْعَالِیَةِ اَللّٰهُمَّ

جو محبوب کہ نکاح فرمائیں گے حضرت مریم اور حضرت آسیہ کے ساتھ جنت عالیہ میں۔ اے اللہ

اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِیْمٌ اِنَّكَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اِنَّكَ

تو عظیم خالق ہے، تو ہی سننے جاننے والا ہے۔ تو ہی بخشنے رحم کرنے والا ہے۔ تو ہی

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّیْلِ

عرش عظیم کا مالک ہے۔ اے اللہ پھاڑنے والے صبح کے (شب تار کے بطن سے) اور بنانے والے

سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ

رات کو وقت سکون و استراحت کا۔ اور سورج و چاند کو ذریعہ حساب کا۔ ادا کر ہم سے قرض اور غنی کر ہمیں

مِنَ الْفَقْرِ وَقَوِّنِیْ عَلَی الْجِهَادِ فِیْ سَبِیْلِكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ

فقر سے۔ اور مجھے قوت دے اپنی راہ میں جہاد پر۔ اے اللہ۔ اے رب

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ

ساتوں آسمانوں کے اور رب عرش عظیم کے۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے

لَا شَرِیْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ لَكَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ

نہیں شریک تیرے لیے۔ اور تو ہی یکتا ہے نہیں ند مقابل تیرے لیے۔ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے ماسوائے تیری ذات کے

لَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰی اِلَّا بِعِلْمِكَ تُطَاعُ فَتَشْكُرُ

تیری ہر گز اطاعت نہیں کی جاسکتی مگر تیری توفیق سے۔ اور ہر گز نافرمانبرداری نہیں کی جاسکتی مگر تیرے علم سے۔ تیری اطاعت کی جاتی ہے پس تو جزائے خیر عطا فرماتا

وَتُعْصٰی فَتَغْفِرُ اَقْرَبُ شَهِیْدٍ وَّاَدْنٰی حَفِیْظٍ حُلْتَ دُوْنَ

ہے اور تیری نافرمانبرداری کی جاتی ہے پس تو بخش دیتا ہے۔ قریب ترین گواہ ہے۔ اور قریب ترین گواہ ہے۔ اور قریب ترین

النُّفُوْسِ وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِیْ وَكَتَبْتَ الْاٰثَارَ وَنَسَخْتَ الْاٰجَالَ

محافظ، تو حائل ہو گیا نفوس کے آگے اور تو نے پکڑ لیا ہے سب کی پیشانیوں کو اور تو نے لکھوا دیا ہے آثار اور نشانات کو اور لکھوا دیا ہے عمروں کو

اَلْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِیَةٌ وَّالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِیَةٌ اَلْحَلَالُ مَآ اَحْلَلْتَ

قلوب تیرے لیے پہنچانے والے ہیں (رازہائے دروں کو) اور پنہاں تیرے نزدیک آشکار ہے۔ حلال وہی ہے جس کو تو نے حلال ٹھہرایا

وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ وَالدِّیْنُ مَا شَرَعْتَ وَالْاَمْرُ مَا قَضَیْتَ وَ

اور حرام وہ ہے جس کو تو نے حرام ٹھہرایا اور دین وہی ہے جس کو تو نے جاری کیا۔ اور امر وہی ہے جس کی قضا تو نے فرمائی۔ اور

الْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَاَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ الرَّحِیْمُ

مخلوق تیری ہی مخلوق ہے۔ اور بندہ تیرا ہی بندہ ہے اور تو ہی اللہ ہے جو بہت مہربان رحم فرمانے والا ہے

اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیرے وجہ کریم کے نور کے جس کی بدولت روشن ہو گئے آسمان اور زمین

وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ اَنْ تَقْبَلَنِیْ فِیْ

اور بطفیل ہر اس حق کے جو تیرے لیے ہے۔ اور بطفیل حق ان کے جو تیری بارگاہ کے سوالی ہیں کہ تو قبول فرمائے مجھے

هٰذِهِ الْغَدَاةِ وَالْعَشِیَّةِ وَاَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ

اس صبح اور شام اور بچائے مجھے آگ سے اپنی قدرت کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَا

اے اللہ اسے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے غیب وشہادت کے

الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاِنِّیْٓ اَشْهَدُ اِلَيْكَ فِیْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اے جلال و اکرام والے۔ میں شہادت دیتا ہوں طرف تیری اس حیات دُنیا میں

وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا اِنِّیْٓ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور تجھے گواہ بناتا ہوں" اور تو کافی ہے بطور گواہ کے" کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود برحق مگر تو ہی

وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ عَلٰى

واحد و یکتا نہیں شریک تیرے لیے۔ ملک تیرا ہی ہے۔ اور حمد تیرے ہی لیے ہے۔ اور تو

كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل تیرے اسم اعظم کے

الْمَكْتُوْبِ مِنْ نُّوْرِ وَجْهِكَ الْاَعْلٰى الْمُؤَيِّدِ الدَّآئِمِ الْبَاقِیْ

جو لکھا ہوا ہے تیرے وجہ اعلیٰ کے نور سے، جو تائید و تقویت دینے والا ہے اور دائم و باقی اور

الْمُخَلَّدِ فِیْ قَلْبِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

ہمیشہ رکھا جانے والا ہے تیرے نبی محمد کے قلب انور میں۔ میں سوال کرتا ہوں بطفیل تیرے اسم اعظم کے

الْوَاحِدِ بِوَحْدَةِ الْاَحَدِ الْمُتَعَالِیْ عَنْ وَحْدَةِ الْكَمِّ وَالْعَدَدِ

جو متصف ہے احدیت والی وحدت کے ساتھ بالاتر ہے کمیت اور عدد والی وحدت سے

الْمُقَدَّسِ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ ۞ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۞

اور مقدس و پاکیزہ ہے ہر ایک کے (رشتہ و تعلق) سے فرما دیجئے وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۞ وَلَمْ يَكُنْ

نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ تھا

لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۞

اس کے لیے کوئی رشتہ دار اور ہم پلہ